GOVERNMENT OF TAMIL NADU

ہائرسکنڈری-سالِ دوّم

HIGHER SECONDARY SECOND YEAR

اقتصادیات (معاشیات)

(ECONOMICS)

(Urdu Medium)

Department of School Education

Untouchability is Inhuman and a Crime

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:29 PM

Government of Tamil Nadu

First Edition - 2021

Revised Edition - 2023

Reprint - 2022, 2024

(Published under New Syllabus)

Content Creation

State Council of Educational Research and Training

© SCERT 2021

Printing & Publishing

Tamil NaduTextbook and Educational Services Corporation

www.textbooksonline.tn.nic.in

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:29 PM

HOW TO USE THE BOOK

Chapter content	It presents a complete overview of the chapter
Introduction	Summary of the presentation in every chapter
Objectives	Goals to transform the class room processes into learner centric with a list of bench marks
Think and Do	Amazing facts and rhetorical questions to lead students to economic inquiries
Boxes	Additional inputs to the content is provided
Activity	Directions are provided to students to conduct activities in order to explore and enrich the concept.
	To motivate the students to further explore and enrich the concept
ICT	The use of ICT for improving the teaching – learning skills is given
Schedules	Give the values derived from functions which are graphed in the diagrams
Concept Diagrams	Conceptual diagrams that depict relationships between concepts to enable students to learn the content schematically.
Figures	To illustrate the situations.
Glossary	Explanation of scientific terms
Model Question Papers	Evaluation
References	List of related books for further details of the topic
Web links	List of digital resources

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:29 PM

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:30 PM

Jobs in Economics Field

An array of employment opportunities is available in economics field. Meritorious candidates can get excellent job opportunities after successfully completing their BA or MA in economics.

Government Sectors

Economics graduates can get prestigious jobs in the government sectors like

- **Indian Civil Services**
- **Indian Economic Services**
- **Reserve Bank of India**
- **National Sample Survey**
- **Ministry of Economic Affairs**
- **Planning Board**
- **Planning Commission (State & Central)**
- **National Council for Applied Economic Research and**
- **National Institute of Public Finance and Policy.**

Other than Government Sectors

Job opportunities are also waiting in the private sectors, NGOs and International Aid Agencies. The firms like World Bank, Asian Development Bank, IMF, and other Development Banks, Aid agencies, Financial Consultancy firms are hiring the economic graduates for their various positions. One can assume in these organisations as economist, economic advisor, executive, analyst, consultant, researcher, financial analyst, business analyst, economic research analyst and stock market analyst. As far as salary is concerned, lots of candidates are hired through campus placement. The average salary is Rs. 4 to 8 lakh per annum. But for the deserving candidates, the field opens plethora of options and remuneration is also beyond expectation. The filed like accountancy, actuarial, banking, insurance also open many jobs opportunities.

Economics Employment Opportunities

The various fields are offering better job opportunity after passing BA or MA in economics. Some of the high demand sectors are given below where job prospects are huge.

CAREERS FOR AN ECONOMIST			
Banking and Finance	**Government and Public Sector**	**Education and Communications**	**Business**
Commodities Broker	Claims Examiner	Professor	Market Research Analyst
Bank Management Trainee	Foreign Trade analyst	Technical Writer	Retail Buyer
Financial Analyst	Tax Auditor	Journalist/Columnist	Staff Training and Development Specialist
Economic Forecaster	Public Administrator	Teacher	Insurance Underwriting Trainee
Investment Banker	Legislative Assistant	Higher Education, Administration	Management Consultant
Loan Counsellor	Regional/Urban Planner	Educational Television Advisor	Strategic Planner
Securities Analyst	Financial Planner	Information Analyst	Business Administrator

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:31 PM

CAREER GUIDANCE

CAREER PROSPECTS IN ECONOMICS

The career prospects for economics graduates are many. Numerous fields are waiting for economic graduates both in public as well as private sectors. In the government sector, one may try for Indian Economic Services, jobs in Reserve Bank of India, PSUs and other public sector banks. All these jobs have wonderful career options. These jobs give social prestige along with financial stability. Private sector also offers jobs for economic graduates in the fields like private banks, MNCs, BPOs, KPOs, Business journals and newspapers. A good opportunity is also waiting for economic students in higher education. One can pursue Ph.D. in economics to enter into the field of teaching in schools, colleges and universities and research in hundreds of Research Institutes and funding agencies – national & international.

One makes a successful career as a Corporate Lawyer after BA in economics followed by LLB. BA in economics and MBA placed one at a better position in the private sector. Economic Journalism is another shining area for job perspective.

FAMOUS UNIVERSITIES AND COLLEGES OFFERING ECONOMICS

There are many institutes, colleges and universities that have economics in its BA, MA and Ph.D. level courses. Here are the lists of institutions offering economics. One can easily see other information related with the respective universities/colleges/institutes with their given website.

Delhi School of Economics www.econdse.org	**Sri Ram College of Commerce** www.srcc.edu	**University of Delhi, South Campus** www.south.du.ac.in	**University of Agriculture Science** www.uasbangalore.edu.in
Jawaharlal Nehru University, Delhi www.jnu.ac.in	**St. Stephen College, Delhi** www.ststephens.edu	**University of Bombay** www.mu.ac.in	**Ravenshaw University, Cuttack** www. ravenshawuniversity.ac.in
IIT Kanpur www.jnu.ac.in	**Madras School of Economics** www.mse.ac.in	**BITS –Pilani** www.bits-pilani.ac.in	**Gokhale Institute of Economics & Politics, Pune** www.gipe.ac.in
IIT Madras https://www.iitm.ac.in	**Presidency College, Kolkata** www.presiuniv.ac.in	**Indian Statistical Institute, Kolkata Bangalore** www. isical.ac.in	**Symbiosis School of Economics** www.sse.ac.in
Banaras Hindu University www.bhu.ac.in	**University of Hyderabad** www.uohyd.ernet.in	**IGIDR-Mumbai** www.igidr.ac.in	**Centre for Development Studies Thiruvananthapuram** www.cds.edu

For world recognised institution in the field of economics, everybody wishes to join London School of Economics

مضامین کی جدول (Table of Contents)

اقتصادیات (معاشیات) (ECONOMICS)

اسباق	مضامین	صفحہ نمبر	مہینہ
باب 1	کلی معاشیات کا تعارف Introduction to Macro Economics	1	جون
باب 2	قومی آمدنی National Income	19	جون
باب 3	روزگار اور آمدنی کے نظریے Theories of Employment and Income	37	جون
باب 4	صَرف (استعمال) اور سرمایہ کاری کے افعال Consumption and Investment Functions	52	جولائی
باب 5	مالیاتی معاشیات Monetary Economics	76	جولائی
	برائے پہلی درمیانی میعاد (اسباق 1 سے 5 تک) First Mid-Term 1 to 5 Chapters		
باب 6	بینکنگ (صرّافہ) Banking	95	اگست
باب 7	بین الاقوامی اقتصادیات (معاشیات) International Economics	125	اگست
باب 8	بین الاقوامی اقتصادی تنظیمیں International Economic Organisations	154	ستمبر
	برائے سہ ماہی امتحان (اسباق 1 سے 8 تک) Quarterly 1 to 8 Chapters		
باب 9	مالی معاشیات Fiscal Economics	176	اکتوبر
باب 10	ماحولیاتی معاشیات Environmental Economics	212	اکتوبر
باب 11	ترقی اور منصوبہ بندی کی اقتصادیات Economics of Development and Planning	237	نومبر
	برائے دوسری درمیانی میعاد (اسباق 9 سے 11 تک) Second Mid-Term 9 to 11 Chapters		
باب 12	شماریاتی طریقوں اور اقتصادی شماریات کا تعارف Introduction to Statistical Methods and Econometrics	257	نومبر

4HRF3

E - book

JVZA5

Assessment

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:31 PM

باب
1

کلی معاشیات کا تعارف
(Introduction to Macro Economics)

"Macro economics is very much about tying together facts and theories".

- Dorn Busch, Fischer and Startz

سیکھنے کے مقاصد

1 کلی معاشیات کی ارتقاء، اہمیت اور بنیادی تصورات کو روشناس کرنا۔

2 اقتصادیات کے افعال کو سمجھنا ۔

1.1 تعارف (Introduction)

مضمون '' اقتصادیات (معاشیات)'' کو دو شاخوں میں درجہ بندی کی گئی ہے یعنی کلی معاشیات (Macro Economics) اور جزوی معاشیات (Micro Economics)۔ Norwegian ماہر اور اقتصادی سائنس میں پہلا نوبل انعام حاصل کرنے والے Ragnar Frisch، نے سال 1933 میں ''جزوی'' یعنی چھوٹا اور ''کلی'' یعنی بڑا کے الفاظ استعمال کئے۔ تاہم کلی معاشیات کو اس کی جدید شکل میں جان مینارڈ کینس (John Maynard Keynes) اور ان کی کتاب The General Theory of Employment, Interest and Money، کو 1936 میں شائع کیا۔ کینس نے عظیم اقتصادی زوال کی وجہ کی وضاحت پیش کی، جب کہ اشیاء فروخت نہ ہونے پائے اور مزدور بے روزگار رہے۔ لہذا، کینس کو ''جدید کلی معاشیات کا باپ'' (Father of Modern Macro Economics) سمجھا جاتا ہے۔



جان مینارڈ کینس ۔ جدید کلی معاشیات کا باپ

1.2 کلی معاشیات کے معنی (Meaning of Macro Economics)

اصطلاح ''macro'' یونانی لفظ "Makros" سے لی گئی ہے، جس کا مطلب ''بڑا'' ہے۔ لہذا، کل معاشیا پورے طور پر

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:32 PM

معاشیات کا مطالعہ ہے۔دوسرے الفاظ میں کلی معاشیات مجموعی طور پر قومی آمدنی، روزگار اور ماحصل جیسے معاملات سے متعلق ہے ۔ کلی معاشیات کو ''آمدنی کے نظریہ'' کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔



کلی معاشیات میں شامل موضوعات جیسے روزگار، قومی آمدنی، افراط زر، کاروبار کا دور، غربت، عدم مساوات، فرق، سرمایہ کاری اور بچت، سرمایہ کاری کی تشکیل، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، بین الاقوامی تجارت، تجارت کا توازن اور ادائیگوں کا توازن، مبادلہ کی شرح اور معاشی نشونما شامل ہیں۔

1.3 کلی معاشیات کی اہمیت
(Importance of Macro Economics)

کلی معاشیات کے نظریہ کو متعارف کرانے کی اہمیت اور اس کی ضرورت ذیل میں دی گئی ہے :

- مجموعی سطح پر معاشیات کی مناسب صلاحیتوں کو فروغ دینے اور ایک معیشت (Economy) میں موجودہ بنیادی مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔
- معاشیات کے مستقبل کے مسائل، ضروریات اور مقابلہ کو سمجھنے کے لئے احتیاطی پیمائش کو فروغ دینا ضروری ہے۔
- کلی معاشیات، حقیقت کو سمجھنے کے لئے سائنسی تحقیقات کے استعمال میں کافی امکانات فراہم کرتا ہے۔
- کلی اقتصادیات، معاشی اشارے کے معنی مقابلے اور تجزیہ کرنے میں معاون ہے۔
- کلی معاشیات، مستقبل کے بارے میں بہتر پیشین گوئی میں مدد کرتا ہے اور اقتصادی بحران سے بچنے کے لئے موزوں پالیسیوں کو تشکیل دیتا ہے۔

1.4 کلی معاشیات کا دائرہ عمل
(Scope of Macro Economics)

کل معاشیت کا مطالعہ وسیع پیمانے پر ہے اور اس طرح کے اہم علاقوں پر مشتمل ہے۔

- قومی آمدنی (National Income)

قومی آمدنی کی پیمائش اور شعبوں کے ذریعہ اس کی تشکیل کل معاشی تجزیہ کے بنیادی منظر میں ہے ۔قومی آمدنی کے رجحانات اور اس کی ترکیب ایک اقتصادی نشونما کے عمل کو طویل مدتی تفہیم فراہم کرتی ہے۔

- افراطِ زر (Inflation)

افراط زر عام قیمت کی سطح میں اضافہ کا مطالعہ کرتا ہے ۔مختلف قیمتوں کا اشاریہ (Price Index Number) جیسے مکمل فروشی

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:32 PM

(تھوک فروشی) کا اشاریہ (Wholesale price Index)، صارفین کی قیمت کا اشاریہ (Consumer Price Index) وغیرہ سے عام قیمت کی سطح کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

■ کاروباری دور (Business cycle)

تقریباً تمام معاشیتوں کے کاروبار میں اتار چڑھاؤ اور کاروباری دور کے مسئلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ معاشیات میں دوری حرکات جیسے ترقی، (Boom)، کساد بازاری (گراوٹ) (recession)، بحران (Depression) اور بحالی (Recovery)، ان سب کا مجموعی اقتصادی متغیر (aggregate economic variable) کی بنیاد پر احتیاط سے مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔

■ غربت اور بے روزگاری

(Poverty and unemployment)

سب سے زیادہ وسائل والے ممالک کے اہم مسائل غربت اور بے روزگاری ہیں۔ یہ اقتصادی اختلافات میں سے ایک ہے۔ غربت اور بے روزگاری کی جسامت کے بارے میں سمجھنے سے وسائل کی تقسیم اور صحیح اصلاحاتی اقدامات اٹھانے میں مدد ملتی ہے۔

■ اقتصادی ترقی (Economic growth)

ایک معیشت کی نشوونما اور ترقی کا تعین کرنے والے عوامل کو صرف کل معاشیات ہی کے ذریعہ سے سمجھا جاسکتا ہے۔

■ اقتصادی پالیسیاں (Economic policies)

مناسب اقتصادی پالیسیوں کو فروغ دینے کے لئے کل معاشیات اہم ہے۔ رکاوٹوں پر قابو پانے اور ترقی کو حاصل کرنے کے لئے بنیادی مسائل کو حل کرنے کے لئے اقتصادی پالیسی لازمی ہیں۔

1.5 حد بندیاں
(Limitations)

کلی معاشیات کی چند حد بندیاں یہ ہیں۔

1۔ مجموعی طور پر معیشت کو ضرورت سے زیادہ عام کرنے کا خطرہ بھی ہے۔

2۔ یہ انفرادی اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی کا حامل ہے۔

3۔ ساخت کی غلط فہمی ہے۔ جو چیز کسی فرد کے لئے بہتر ہو، اس کا ملک کے لئے بہتر ہونا صحیح نہیں ہے۔ اس کا برعکس بھی ایسا ہی ہے۔ جو چیز کسی ملک کے لئے بہتر ہے وہ دوسرے ملک اور کسی دوسرے وقت کے لئے اچھا ہونا درست نہیں ہے۔

4۔ بہت سے غیر معاشی عوامل معاشی سرگرمیوں کا تعین کرتے ہیں۔ لیکن انہیں کلی معاشی کتابوں میں جگہ نہیں مل پاتی۔

1.6 معاشیات اور اس کے اقسام
(Economy and its Types)

اصطلاح معاشیات کی تعریف A.J.Brown نے اس طرح کی ہے ''ایک ایسا نظام جس کے ذریعہ لوگوں کو ان کی کمائی حاصل ہوتی ہے''۔ "JR. hicks" نے کہا کہ ''اشیاء اور خدمات کی تیاری کے لئے پیدا کرنے والے اور مزدور کے باہمی تعاون ہونا تاکہ صارفین کی ضروریات کو پورا کیا جاسکتے، اس کو ایک معاشیات کہتے ہیں''۔

مختصر طور پر ایک معاشیات کا بھی نظام یا علاقہ کو حوالہ دیا جاتا ہے جہاں اقتصادی سرگرمیاں کی جاتی ہیں۔ ہر معاشیات کا اپنا ایک خاص کردار ہے۔ اس کے مطابق، افعال یا سرگرمیاں بھی مختلف ہوتی ہے۔ اس کی سرگرمیوں کے ذریعہ ایک معاشیات کا عمل فلوچارٹ 1 (Flow Chart) میں بیان کیا گیا ہے۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:33 PM

Flow Chart: 1 فلوچارٹ 1

سرگرمیوں پر مبنی ایک معیشت کا عمل

Functioning of an Economy Based on Activities



ایک معیشت میں ، بنیادی معاشی سرگرمیاں پیداوار (production) اور استعمال (صَرف) (کھپت) (Consumption) ہیں ۔ یہ دو سرگرمیاں کئی دیگر سرگرمیوں کی طرف سے حمایت کرتی ہیں ۔ان سرگرمیوں کا بنیادی مقصد حاصل کرنا ہے ۔ تبادلہ کی سرگرمی(exchange activity) پیداوار اور صَرف کی سرگرمیوں کی حمایت کرتے ہیں ۔ یہ سرگرمیاں کئی اقتصادی اور غیر اقتصادی سرگرمیوں کو متاثر کرتی ہیں ۔ اہم معاشی سرگرمیوں میں نقل وحمل ، بینکنگ ، اشتہارات ، منصوبہ بندی ، سرکاری پالیسی اور دیگر چیزیں شامل ہیں ۔ اہم غیر معاشی سرگرمیوں میں ماحولیات ، صحت ، تعلیم ، تفریح ، حکومت اور قوانین وغیرہ شامل ہیں ۔ ان معاون سرگرمیوں کے علاوہ دوسری معیشتوں کی بیرونی سرگرمیاں جیسے درآمد ، برآمد ، بین الاقوامی تعلقات ، غیر ملکی سرمایہ کاری ، غیر ملکی کرنسی آمدنی وغیرہ ، معیشت کے پورے عمل کو متاثر کرتی ہیں ۔

معیشتوں کی بنیاد پر مختلف اقسام میں درجہ بندی کی جاسکتی ہے ۔

1۔ ترقی کی حیثیت : ترقی یافتہ ، غیر ترقی یافتہ ، غیر ترقی یافتہ اور ترقی پذیر معیشتیں (developing economies)

2۔ سرگرمیوں کا نظام : سرمایہ دارانہ ، سماجی اور مخلوط معیشتیں

3۔ سرگرمیوں کا پیمانہ : چھوٹی اور بڑی معیشتیں

4۔ عمل کرنے کی نوعیت : جامد اور حرکی معیشتیں

5۔ کام کرنے کی نوعیت : بند اور آزاد معیشتیں

6۔ ترقی کی نوعیت : روایتی اور جدید معیشتیں

7۔ قومی آمدنی کی سطح : کم آمدنی ، درمیانی آمدنی اور زیادہ آمدنی والی معیشتیں

1.7 اقتصادی نظام (Economic Systems)

معاشی نظام سے مراد یہ انداز ہے کہ جس میں افراد اور ادارے کسی خاص علاقے میں معاشی سرگرمیاں انجام دینے کے لئے مل کر جڑے ہوئے ہیں ۔ سماجی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے معاشی سرگرمیاں کرنے کا یہ طریقہ کار ہے ۔ معاشی نظام کی تین بڑے اقسام یہ ہیں ۔

1۔ Capitalist economy (Capitalism)
سرمایہ دارانہ معیشت

2۔ Socialist Economy (Socialism)
اشتراکی معیشت

3۔ Mixed Economy (Mixedism)
مخلوط معیشت

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:33 PM

عالمگیریت (Globalism)

یہ اصطلاح مین فریڈ ڈی اسٹیجر (Manfred D Steger) 2002، نے پیش کی۔ عالمگیریت کے نئے تجارتی نظریہ کی نشاندہی کرنے کے لئے ہے، جو بین الاقوامی تجارت کے ذریعہ قوموں کو آپس میں جوڑتی ہے اور اس کا مقصد عالمی ترقی ہے۔ اس نظریہ کو ''توسیعی سرمایہ داری'' (Extended capitalism) بھی کہا جاتا ہے۔

سرمایہ داری نظام اور سوشلزم دو انتہائی اور مخالف طریقہ کار ہیں۔ سرمایہ داری نظام میں، پیداوار کے ذریعہ کی پوری آزادی اور نجی ملکیت ہے۔ اشتراکیت میں، نجی آزدی نہیں ہے اور ذرائع پیداوار، عوامی ملکیت ہے۔ مخلوطیت (Mixedism) سرمایہ داری اور اشتراکیت کے باہمی وجود کی نشاندہی کرتی ہے۔ ذیل میں مختلف معاشی نظاموں کی خصوصیات، خوبیوں اور خامیوں پر تبادلۂ خیال کیا گیا ہے۔



1.7.1 سرمایہ دارانہ معیشت (سرمایہ داری) (Capitalism)

آدم اسمتھ (Adam smith) کو سرمایہ دارانہ نظام کا باپ (Father of capitalism) کہا جاتا ہے۔ سرمایہ دارانہ معیشت کو ایک آزاد معیشت (عدم مداخلت۔ لاطینی زبان میں Laissez faire) یا مارکیٹ کی معیشت بھی کہا جاتا ہے۔ جہاں حکومت کا کردار کم از کم ہے اور اقتصادی سرگرمیوں کو مارکیٹ تعین کرتا ہے۔



آدم اسمتھ

سرمایہ دارانہ معیشت میں پیداوار کے ذرائع نجی ملکیت ہیں۔ صنعت کار منافع بخش مقصد کے ساتھ اشیاء اور خدمات تیار کرتے ہیں۔ نجی افراد کو قبضہ کرنے اور کسی بھی مہارت کو تیار کرنے کی آزادی ہے۔ امریکہ، مغربی جرمنی، آسٹریا اور جاپان سرمایہ دارانہ معیشتوں کی بہترین مثال ہے۔ مگر وہ پسماندہ لوگوں کے تحفظ کی خاطر سماجی فلاح و بہبود کے بڑے اقدامات انجام دیتے ہیں۔

سرمایہ دارانہ معاشیات کی خصوصیات
(Features of capitalist economy)

1۔ جائیداد کی نجی ملکیت اور وراثت کا قانون :
(Private ownership of property and law of inheritance)

سرمایہ داری کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ تمام وسائل یعنی زمین، سرمایہ، مشین، معدن (mines) وغیرہ نجی افراد کی ملکیت ہیں۔ مالک ان وسائل کو اپنی مرضی کے مطابق رکھنے، بیچنے یا استعمال کرنے کا حق رکھتا ہے۔ املاک مرنے کے بعد اس کے ورثاء میں منتقل ہوسکتی ہے

2۔ انتخاب اور کاروباری کی آزادی
(Freedom of choice and enterprise)

ہر فرد کسی بھی جگہ پر کسی بھی قبضے یا تجارت اور کسی بھی اشیاء تیار کرنے کی آزادی ہے۔ اس طرح صارفین اپنی پسند کے مطابق کسی بھی اشیاء کو خریدنے کے لئے آزاد ہیں۔

3۔ منافع کا مقصد (Profit motive)

سرمایہ دارانہ معیشت میں معاشی سرگرمیوں کے پیچھے منافع ایک اہم مقصد ہے۔ ہر فرد اور تنظیم صرف وہی اشیاء تیار کرتی ہے جو زیادہ منافع کو یقینی بناتی ہے۔ ایڈوانس ٹکنالوجی، مزدوری کی تقسیم اور مخصوص عمل کیا جاتا ہے۔ سرمایہ داری کے تحت ایک پیدا کرنے والے کے لئے سنہری اصول ہے ''زیادہ سے زیادہ منافع کمانا''۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:34 PM

4۔ آزادمقابلہ (Free competition)

مصنوعات کے مارکیٹ اورعنصر کے مارکیٹ(factor market) دونوں میں آزاد مقابلہ ہے۔حکومت یا کوئی بھی اتھارٹی فرموں کو مارکیٹ میں خرید وفروخت سے نہیں روک سکتی۔خریداروں اورفروخت کاروں کے درمیان مابین مقابلہ ہے۔

5۔ قیمت کامیکانزم (Price mechanism)

قیمت کا طریقہ کار کسی بھی سرمایہ دارانہ معیشت کا دل ہوتا ہے۔ تمام معاشی سرگرمیوں کو قیمت کے طریقہ کار یعنی طلب اور رسد کی مارکیٹ کے ذریعہ کنٹرول کیا جاتا ہے۔

6۔ حکومت کا کردار (Role of Government)

چونکہ قیمت کا طریقۂ کار معاشی سرگرمیوں کو منظّم کرتا ہے، سرمایہ دارانہ معیشت میں حکومت کا محدود کردار ہوتا ہے۔حکومت بنیادی خدمات جیسے دفاع (defense)، صحت عامہ، تعلیم وغیرہ فراہم کرتی ہے۔

7۔آمدنی کی عدم مساوات(Inequalities of Income)

ایک سرمایہ دارانہ سماج کو دوطبقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔"haves" وہ لوگ ہیں جوملکیت کے مالک ہیں اور "Have not" وہ لوگ جو ملکیت کے مالک نہیں ہیں اوراپنے گزارے کے لئے کام کرتے ہیں۔ اس صورت حال کا نتیجہ یہ ہے کہ امیر، امیر ترین اورغریب، غریب ترین ہوتا جاتا ہے۔ یہاں معاشی عدم مساوات میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

سرمایہ داری کی خوبیاں (Merits of capitalism)

1۔ خودکارکام کرنا (Automatic working)

بغیر کسی حکومت کی مداخلت کے، معیشت خودبخود کام کرتی ہے۔

2۔وسائل کا مؤثر استعمال (Efficient use of resources)

تمام وسائل کو زیادہ سے زیادہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔

3۔ سخت محنت کے لئے حوصلہ افزائی

(Incentives for Hard work)

کاروباری کو زیادہ کارکردگی کے سبب زیادہ منافع حاصل ہوتا ہے۔

4۔ معاشی ترقی (Economic progress)

سرمایہ دارانہ معیشتوں میں پیداوار اور پیداوری کی سطح بہت زیادہ ہے۔

5۔صارفین کی خودمختاری(Consumers Sovereignty)

تمام تر پیداوار کی سرگرمیوں کا مقصد صارفین کو مطمئن کرنا ہے۔

6۔ سرمایہ کی تشکیل کی اعلیٰ شرح

(Higher rates of capital formation)

بچت اور سرمایہ کاری کے اضافہ سے سرمایہ (capital) کی تشکیل کی اعلیٰ شرحوں کا باعث بنا ہے۔

7۔ نئی ٹکنالوجی کی ترقی:

(Development of New Technology)

چونکہ مقصد منافع کمانے کا ہے، اس لئے صنعت کار نئی ٹکنالوجی پر سرمایہ کاری کرتے ہیں اور معیاری اشیا تیار کرتے ہیں۔

سرمایہ داری نظام کی خامیاں (Demerits of capitalism)

1۔ دولت اور آمدنی کا ایک جگہ جمع ہونا

(Concentration of wealth and income)

سرمایہ داری نظام سے چند ہاتھوں میں دولت اور آمدنی جمع ہونے کا سبب بنتی ہے اور اس طرح آمدنی کے عدم مساوات میں اضافہ ہوتا ہے۔

2۔ وسائل کی بربادی (Wastage of resources)

مسابقتی اشتہارات اور مصنوعات کی نقل پر بہت سارے وسائل ضائع ہوتے ہیں۔

3۔ طبقاتی جدوجہد: (Class struggle)

سرمایہ داری نظام، طبقاتی جدوجہد کا باعث بنتی ہے کیونکہ یہ سماج کو سرمایہ داروں اور مزدوروں میں تقسیم کردیتی ہے۔

4۔ کاروباری دور: (Business cycle)

آزاد مارکیٹ کا نظام، اکثر سخت معاشی اتار چڑھاؤ اور بحران کا باعث بنتا ہے۔

5۔ غیرضروری اشیاء کی پیداوار

(Production of non essential goods)

اگر منافع کمانے کا امکان ہو، یہاں تک کہ نقصان دہ اشیاء بھی پیدا ہوتے ہیں

1.7.2 اشتراکی معیشت (اشتراکیت) (Socialist Economy) (Socialism)

اشتراکیت(socialism) کا باپ کارل مارکس(Karlmarx) ہے۔ سوشلزم سے مراد پوری منصوبہ بندی، عوامی ملکیت اور معاشی سرگرمیوں پر ریاستی قابو کا ایک نظام ہے۔سوشلزم کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے کہ یہ سماج کو منظّم کرنے کا ایک طریقہ قرار دیا گیا ہے جس میں بڑی صنعتیں حکومت کے قابو میں ہوتی ہیں ۔اشتراکی معیشت کو

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:34 PM

''منصوبہ بند معیشت'' *(planned economy)* یا کمانڈ کرنے والی (حکم آور) معیشت *(command economy)* کہا جاتا ہے



کارل مارکس - اشتراکیت کا باپ
Karl Marx - Father of Socialism

اشتراکی معیشت میں تمام وسائل حکومت کی ملکیت میں ہوتے ہیں اور حکومت انہیں استعمال کرتی ہے۔ تمام معاشی سرگرمیوں کے پیچھے عوامی فلاح و بہبود کا بنیادی مقصد ہے۔ اس کا مقصد آمدنی اور دولت کی تقسیم میں مساوات اور سب کے لئے مساوی مواقع ہونا چاہئے۔ روس، چین و یت نام (Vietnam)، پولینڈ اور کیوبا اشتراکی معیشتوں کی مثالیں ہیں، لیکن اب بالکل اشتراکی معیشت نہیں ہیں۔



ایک مرکزی اقتدار کے ذریعہ پوری طرح قابو پایا گیا ہے

اشتراکیت کی خصوصیت (Features of socialism)

1۔ ذرائع پیداوار کی عوامی ملکیت:
(Public ownership of means of production)

تمام وسائل حکومت کی ملکیت ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پیداوار کے تمام عوامل کو قومی اور عوامی اقتدار کے ذریعہ منظّم کیا جاتا ہے۔

2۔ مرکزی منصوبہ بندی: (Central planning)

اشتراکیت معیشت کا لازمی جز، منصوبہ بندی ہے۔ اس نظام میں، تمام فیصلے مرکزی منصوبہ بندی اقتدار کے ذریعہ کئے جاتے ہیں۔

3۔ زیادہ سے زیادہ سماجی فائدہ (Maximum social benefit)

سماجی فلاح و بہبود ہی تمام معاشی سرگرمی کے پیچھے رہنما اصول ہیں سرمایہ کاری کا منصوبہ اس طرح بنایا گیا ہے کہ فوائد بڑے پیمانہ پر سماج میں تقسیم کئے جائیں۔

4۔ مقابلہ کا عدم وجود
(Non-existence of competition)

اشتراکی معیشت کے تحت مارکیٹ میں مسابقت کی عدم موجودگی ہے۔ اشیاء اور خدمت کی تقسیم اور پیداوار پر حکومت کا مکمل قابو ہے۔ صارفین کے پاس محدود انتخاب ہوگا۔

5۔ قیمت میکانزم کی عدم موجودگی
(Absence of price mechanism)

قیمتوں کو تعین کرنے والا نظام مرکزی منصوبہ بندی اقتدار کے قابو میں کام کرتا ہے۔

6۔ آمدنی میں مساوات: (Equality of income)

اشتراکیت کی ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ سماجی نامساوات کا خاتمہ اور معاشی نامساوات کی کمی ہے۔ اشتراکیت کے تحت نجی املاک اور وراثت کا قانون موجود نہیں ہے۔

7۔ مواقع میں مساوات (Equality of opportunity)

مفت صحت عامہ، تعلیم اور پیشہ وارانہ تربیت کے ذریعہ سوشلزم سب کے لئے مساوی مواقع فراہم کرتا ہے۔

8۔ بغیر طبقوں والا سماج: (Classless society)

اشتراکیت کے تحت، ایک بغیر طبقوں والے سماج کا قیام ہے۔ لہذا طبقاتی مسائل نہیں ہوں گے ہے۔ ایک حقیقی اشتراکی سماج میں ہر شخص اقتصادی طور پر برابر ہے۔

اشتراکیت کی خوبیاں: (Merits of Socialism)

1۔ نامساوات میں کمی (Reduction in equalities)

دوسروں کا استحصال کرنے کے لئے کسی کو بھی نجی ملکیت کے مالک ہونے اور استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:35 PM

2۔ وسائل کی عقلی تجویز:
(Rational allocation of Resources)

مرکزی منصوبہ بندی اقتدار، ایک منصوبہ انداز میں وسائل کو تجویز کرتی ہے۔فضول کو کم کیا جاتا ہے اور سرمایہ کاری کو پہلے سے طے شدہ انداز میں کی جاتی ہے۔

3۔ طبقاتی تنازعات کی عدم موجودگی:
(Absence of class conflicts)

چونکہ نا مساوات کم ہوتی ہے، اس لئے امیر اور غریب طبقے کے درمیان کوئی تنازعہ نہیں ہے۔سماج ہم ساز انداز میں کام کرتا ہے۔

4۔ تجارتی دور کا اختتام (End of trade cycles)

منصوبہ بندی اقتدار اشیاء اور خدمات کی پیداوار اور تقسیم پر قابو پاتی ہیں۔لہذا معاشی اتار چڑھاؤ سے بچایا جاسکتا ہے۔

5۔ سماجی بہبودی کو فروغ دیتا ہے
(Promotes social welfare)

استحصال کی عدم موجودگی ،معاشی نامساوات میں کمی، تجارتی دوروں سے اجتناب اور پیداوار کی کارکردگی میں اضافہ،سماجی بہبودی کو فروغ دینے میں معاون ہے۔

اشتراکیت کی خامیاں: (Demerits of socialism)

1۔ افسر شاہی کاروائی اور سرکاری ملازم:
(Red Tapism and bureaucracy)

چونکہ حکومتی اداروں کے ذریعہ فیصلہ لیا جاتا ہے، بہت سے عہدیداروں کی منظوری اور فائلوں کو ایک میز سے دوسرے میز میں منتقل کرنے میں وقت لگتا ہے اور یہ افسر شاہی (Red tapism) کی طرف لے جاتا ہے۔

2۔حوصلہ افزائی کی غیر موجودگی (Absence of Incentive)

اشتراکیت کی بڑی خامی یہ ہے کہ یہ نظام کارکردگی کے لئے کوئی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔ لہذا پیداوار پر اثر پڑتا ہے۔

3۔ انتخاب کی محدود آزادی
(Limited freedom of choice)

اشیاء اور خدمات کے استعمال پر صارفین انتخاب کی آزادی سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے ہیں۔

4۔ طاقت کا ایک طرف جمع ہونا:
(Concentration of power)

ریاست تمام بڑے فیصلے لیتی ہے، نجی فیصلے کرنے میں کوئی اقدام نہیں کرتا ہے۔لہذا، ریاست زیادہ طاقتور ہے اور طاقت کا غلط استعمال بھی ہوسکتا ہے۔

1.7.3 مخلوط معاشی (مخلوطیت) :Mixed Economy (Mixedism)



مخلوط معیشت کے نظام میں نجی اور عوامی دونوں شعبے باہم موجود ہیں اور معاشی ترقی کی جانب مل کر کام کرتے ہیں۔یہ سرمایہ داری اور اشتراکیت دونوں کا مجموعہ ہے۔اس سے سرمایہ داری اور اشتراکیت دونوں کی برائیوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:36 PM

ان معیشتوں میں وسائل افراد اور حکومت کی ملکیت ہے۔ ہندوستان، انگلینڈ، فرانس اور برازیل مخلوط معاشیات کی مثال ہیں۔

مخلوط معیشت کی خصوصیات:
(Features of mixed economy)

1۔ جائیداد کی ملکیت اور پیداوار کے وسائل (Ownership of property and means of production)

پیداوار اور جائیداد، نجی اور عوام دونوں کی ملکیت ہے۔ عوامی اور نجی شعبے اپنے وسائل کو خریدنے، استعمال کرنے یا منتقل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

2۔ عوامی اور نجی شعبوں کا ایک ساتھ ہونا

(Coexistence of public and private sectors)

مخلوط معیشتوں میں، نجی اور عوامی دونوں شعبے ایک ساتھ رہتے ہیں۔ نجی صنعتیں بنیادی طور پر منافع کمانے کے لئے سرگرمیاں کرتی ہے۔ سماجی فلاح و بہبودی کو بڑھانے کی خاطر عوامی شعبے حکومت کی ملکیت کے طرف سے ہوتے ہیں۔

3۔ معاشی منصوبہ بندی: (Economic planning)

مرکزی منصوبہ بندی اقتدار، معاشی منصوبہ تیار کرتی ہے۔ قومی منصوبہ بندی حکومت تیار کرتی ہے اور عوامی اور نجی شعبے دونوں اس پر عمل کرتے ہیں۔ عام طور پر، معاشیات کے تمام شعبے منصوبے میں رکھے گئے مقاصد، ترجیحات اور نشانہ کے مطابق کام کرتے ہیں۔

4۔ معاشی مسائل کا حل:

(Solution to economic problems)

کیا پیدا کیا جائے؟ کس طرح پیدا کیا جائے؟ کس کے لئے پیدا کیا جائے؟ اور کس طرح تقسیم کیا جائے؟ اس طرح کے بنیادی مسائل قیمتوں کے طریقہ کار کے ساتھ ساتھ ریاستی مداخلت کے ذریعہ حل کئے جاتے ہیں۔

5۔ آزادی اور قابو: (Freedom and control)

اگر چہ نجی وسائل کی ملکیت، اشیاء اور خدمات تیار کرنے اور اس کو تقسیم کرنے کی آزادی رہنے کے باوجود معاشی سرگرمیوں پر حکومت مکمل قابو رکھتی ہے۔

مخلوط معیشت کی خوبیاں (Merits of mixed economy)

1۔ تیز اقتصادی ترقی (Rapid economic growth)

مخلوط معیشت کا بہترین فائدہ یہ ہے کہ وہ تیز معاشی نشونما کو فروغ دیتا ہے۔ اس طرح، عوامی ضروریات اور نجی ضروریات دونوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔

2۔ متوازن معاشی نشونما (Balanced economic growth)

مخلوطیت (Mixedism) متوازن معیشت کی نشونما کو فروغ دیتا ہے۔ یہ زراعت اور صنعت، صارفین کی اشیاء اور راس المال، دیہی اور شہری وغیرہ کے درمیان متوازن معاشی نشونما کو فروغ دیتا ہے۔

3۔ وسائل کا مناسب استعمال

(Proper utilization of resources)

مخلوط معیشت میں حکومت وسائل کے مناسب استعمال کو یقینی بنا سکتی ہے۔ حکومت اہم سرگرمیوں کو براہ راست اور نجی شعبوں کو بلا راست طور پر قابو کرتی ہے۔

4۔ معاشی مساوات (Economic equality)

معاشی مساوات لانے کے لئے حکومت آمدنی ٹیکس عائد کرنے کے لئے ٹیکس کی ترقی کی شرحوں کا استعمال کرتی ہے۔

5۔ سماج کے خصوصی فوائد

(Special advantages to the society)

حکومت مزدوروں اور کمزور طبقات کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ کم سے کم اجرت کا قانون بنایا جاتا ہے، راشن مہیا کیا جاتا ہے اور مناسب قیمت کی دوکانیں قائم کی جائیں اور سماجی فلاح و بہبودی کے اقدامات مرتب کئے جاتے ہیں۔

مخلوط معیشت کی خامیاں:
(Demerits of mixed economy)

1۔ باہمی تعاون میں کمی: (Lack of co-ordination)

مخلوطیت کی سب سے بڑی خرابی سرکاری شعبے اور نجی شعبے کے درمیان تعاون کی کمی ہے۔ چونکہ دونوں مختلف مقاصد کے ساتھ کام کرتے ہیں اس لئے تعاون سے متعلق بہت ساری پریشانی پیدا ہوتی ہے۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:36 PM

2۔ مسابقتی رویہ (Competitive attitude)

یہ امید کی جاتی ہے کہ عوامی اور نجی دونوں شعبے، سماج کی فلاح و بہبود کے لئے ایک تکمیلی جذبے کے ساتھ کام کریں، لیکن حقیقت میں وہ اپنی سرگرمیوں میں مسابقتی ہیں۔

3۔ نااہلیت (Inefficiency)

سست سرکاری ملازموں، افسر شاہی اور حوصلہ افزائی کی کمی عوامی سیکٹر کے اداروں میں رہنے کی وجہ سے اکثر نااہل پائے جاتے ہیں۔

4۔ قومیانے کا خوف (Fear of Nationalization)

مخلوط معیشت میں قومیانے کا خوف نجی کاروباریوں کو اپنے کاروباری کاموں اور جدید اقدامات کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔

5۔ نامساوات کو بڑھانا (Widening inequality)

وسائل کی ملکیت، وراثت کے قوانین اور لوگوں کے منافع کا مقصد امیر اور غریب کے درمیان فاصلہ کو بڑھاتا ہے۔

بالآخر سرمایہ دارانہ نظام کی نامساوات اور اشتراکیت کی نااہلی مخلوط معیشتوں میں پائی جاتی ہے۔

مختلف معاشی نظاموں کا موازنہ

سیریل	خصوصیت	سرمایہ کاری	اشتراکیت	مخلوطیت
1	پیداوار کے ذرائع کی ملکیت	نجی ملکیت	عوامی ملکیت	نجی ملکیت اور عوامی ملکیت
2	اقتصادی مقصد	منافع	سماجی فلاح و بہبود	سماجی بہبود اور مرکزی منصوبہ بندی
3	مرکزی مسائل کا حل	آزاد مارکیٹ کا نظام	مرکزی منصوبہ بندی کا نظام	مرکزی منصوبہ بندی کا نظام اور آزاد مارکیٹ کا نظام
4	سرکاری کردار	صرف اندرونی قوانین	مکمل وابستگی	محدود کردار
5	آمدنی کی تقسیم	غیر مساوی	مساوی	کم غیر مساوی
6	کاروبار کی نوعیت	نجی کاروباری	حکومتی کاروباری	نجی اور ریاستی دونوں
7	اقتصادی آزادی	مکمل آزادی	آزادی کی کمی	محدود آزادی
8	بڑے مسائل	نامساوات	ناقابلیت	عدم مساوات اور ناقابلیت

1.8 کلی معاشیات کے تصورات (نظریات)
(Concepts of Macro Economics)

کلی معاشیات میں استعمال ہونے والے اہم تصورات ذیل میں پیش کئے گئے ہیں۔

1.8.1. اسٹاک اور بہاؤ کے متغیرات :
(Stock and Flow variables)

معاشی تجزیہ میں استعمال ہونے والے متغیرات کو اسٹاک اور بہاؤ میں درجہ بند کیا جاتا ہے۔ اسٹاک اور بہاؤ متغیر دونوں وقت کے ساتھ بڑھ سکتے ہیں یا کم ہو سکتے ہیں۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:37 PM

■ اسٹاک (Stock)

اسٹاک سے مراد کسی وقت کے موقع پر ایک شئے کی مقدار کی پیمائش ہے۔کل معاشیات میں،رقم کی فراہمی، بے روزگاری کی سطح،زر مبادلہ کے ذخائر، راس المال وغیرہ اسٹاک متغیر کی مثالیں ہیں۔

■ بہاؤ کے متغیرات (Flow variables)

بہاؤ کے متغیرات کسی مدت کے دوران پیمائش کی جاتی ہیں۔ قومی آمدنی، درآمدات، برآمدات، کھپت (صرف)، سرمایہ کاری وغیرہ بہاؤ کے متغیر کی مثالیں ہیں۔

■ معاشی نمونے (Economic models)

ایک نمونہ اصلی صورت حال کی حقیقی نمائندگی ہے ۔ ماہرین اقتصادیات معاشی سرگرمیوں، ان کے تعلقات اور ان کے رویوں کی وضاحت کرنے کے لئے ان نمونوں کو استعمال کرتے ہیں۔ایک نمونے کی وضاحت یہ ہے کہ معاشیات یا معاشیات کا ایک حصہ، کیسے کام کرتا ہے؟ زیادہ تر معاشی نمونے ریاضی، گراف اور مساوات کے ساتھ بنائے جاتے ہیں اور معاشی متغیر کے مابین تعلقات کی وضاحت کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ عام طور پر استعمال شدہ معاشی نمونہ فراہمی -مانگ کا نمونہ اور سرکلر فلو ماڈل اور اسمتھ ماڈل ہیں۔

1.9 آمدنی کا دائرہ نما بہاؤ (Circular flow of Income)

آمدنی کا دائرہ نما بہاؤ ایک ایسی معاشیات کا نمونہ ہے، جو معاشیات کے مختلف شعبوں کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہے ۔ یہ فرموں، گھریلو خدمات، حکومت اور قوموں جیسے معاشی ایجنٹوں کے درمیان آمدنی، اشیاء اور خدمات اور پیداوار کے عوامل کے بہاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔دائرہ نما بہاؤ قومی حساب کتاب اور مکمل معاشیات کا تجزیہ کرتا ہے۔

آمدنی کا دائرہ نما کے تین ماڈل ہیں جو بڑے معاشی نظام کی نمائندگی کرتے ہیں۔

1۔ دوشعبے والے نمونے (Two Sector Model)
یہ گھریلو خدمات اور فرموں کے لئے ہے۔

2۔ تین شعبے والے نمونے (Three sector Model)
یہ گھریلوں، فرموں اور حکومت کے ساتھ مخلوط اور بند معاشیات کے لئے ہے۔

3۔ چار شعبے والے نمونے (Four Sector Model)
یہ گھریلو خدمات، فرموں، حکومت اور باقی دنیا (بیرونی شعبے) کے ساتھ کھلی معاشیات کے لئے ہے۔

1.9.1 دوشعبے والی معاشیات میں آمدنی کے بہاؤ کا دائرہ (Circular Flow of income in a two sector economy)

گھریلو شعبے اور فرم یعنی صرف دو شعبے ہیں۔

(i) گھریلو شعبے: (House hold sector)

گھریلو شعبے اشیاء اور خدمات کا واحد خریدار ہے اور پیداوار کے عوامل یعنی زمین، مزدوری، سرمایہ اور تنظیم کا واحد فراہم کرنے والا ہے۔ یہ پوری آمدنی کو کاروباری شعبے کے ذریعہ تیار کردہ اشیاء اور خدمات کی خریداری پر خرچ کرتی ہے ۔ گھریلو شعبے یعنی اپنی پیداوار کی عوامل کی فراہمی کے ذریعہ فرم شعبے سے آمدنی حاصل کرتا ہے۔

(ii) فرم (Firms)

فرم کے شعبے گھریلو شعبے کو اشیاء اور خدمات کو فروخت کر کے اپنی آمدنی پیدا کرتا ہے۔گھریلو شعبوں کی ملکیت یعنی زمین، مزدوری، راس المال اور تنظیم والے، پیداوار کے عوامل سے اجرت حاصل کرتے ہیں فرم کے شعبے اپنی مکمل پیداوار کو گھریلو شعبوں میں فروخت کرتے ہیں۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:37 PM

دوشعبوں والی معیشت میں پیداوار اور فروخت مساوی ہوگا اور آمدنی اور اشیاء میں بہاؤ کا دائرہ ہوگا۔ بیرونی حلقہ حقیقی بہاؤ (عوامل اور اشیاء) کی نمائندگی کرتا ہے اور اندرونی حلقہ مالیاتی بہاؤ (عوامل کی کیفیت اور اشیاء کی قیمت) کی نمائندگی کرتا ہے۔ حقیقی بہاؤ گھریلو شعبے سے کاروباری شعبے میں عوامل کی خدمات کی نشاندہی کرتا ہے اور اشیاء اور خدمات کاروباری شعبے سے گھریلو بہاؤ تک پہنچتی ہیں۔ دوشعبوں کی معاشیات کی بنیادی شناختیں (تماثلات) اس طرح ہیں۔

$$Y = C + I$$

جس میں Y آمدنی، C صرف (استعمال)،

I سرمایہ کاری ہے۔



1.9.2. تین شعبے کی معیشت میں آمدنی کا دائرہ بہاؤ (Circular Flow of Income in a Three-Sector Economy)



گھریلو اور فرموں کے علاوہ، سرکاری شعبے کو شامل کرنے سے تین شعبے کا نمونہ بنتا ہے۔ حکومت گھروں اور فرموں پر ٹیکس عائد کرتی ہے۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:38 PM

فرموں سے اشیاء اور خدمات خریدتی ہے اور گھریلو شعبے سے پیداوار کے عوامل وصول کرتی ہے ۔ دوسری طرف حکومت پنشن ، راحت کاری (Relief)، گھروں کے لئے امدادی رقم جیسے سماجی منتقلی بھی فرموں کو ادا کرتی ہے۔ یہ فلوچارٹ تین شعبے کی معاشیات کو ظاہر کرتا ہے۔

تین شعبے نمونہ کے تحت ، قومی آمدنی (Y) صرف (اخراجات) (C)، سرمایہ کاری کے اخراجات (I) اور سرکاری اخراجات (G) کو شامل کر کے حاصل کی جاتی ہے۔

یہاں:

$$Y = C + I + G$$

1.9.3 چار شعبہ والی معیشت میں آمدنی کے بہاؤ کا دائرہ (Circular Flow of Income in a Four-Sector Economy:)



چار شعبے کی معیشت میں گھریلو، فرموں اور حکومت کے علاوہ چوتھے شعبے یعنی بیرونی شعبہ بھی شامل ہے۔ حقیقی زندگی میں صرف چار شعبہ کی معیشت موجود ہے۔ یہ نمونہ چوتھے شعبوں پر مشتمل ہے۔

(i) گھریلو (ii) فرم

(iii) حکومت (iv) بیرونی شعبے

بیرونی شعبے میں برآمد اور درآمد شامل ہیں ۔ اس کی وضاحت فلوچارٹ میں کی گئی ہے۔

چوتھے شعبے کی معیشت میں ، پوری معاشیات کے اخراجات میں گھریلو اخراجات C+I+G اور اصلی برآمد X–M شامل ہیں۔

لہذا

$$Y = C + I + G + (X - M)$$

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:38 PM

خلاصہ (summary)

کل معاشیات مجموعی طور پر معاشیات کے طرز عمل اور کارکردگی کا مطالعہ ہے۔ یہ ایک معیشت کا اختیار، کارکردگی اور نشونما کا احاطہ کرتا ہے ۔ یہ روزگار، قومی آمدنی، افراط زر، کاروباری دور، غربت، نامساوات، اختلاف، سرمایہ کاری اور بچت، راس المال کی تشکیل، بنیادی ڈھانچہ کی ترقی، بینکنگ، عوامی مال، بین الاقوامی تجارت، تجارت کا توازن، ادائیگی کا توازن، تبادلہ شرح اور معاشی نشونما وغیرہ کو کل شکل میں اظہار کرتا ہے۔ معاشی متغیرات پر مبنی ایک معاشی نمونہ ہے، جس میں ایک معیشت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ دائری فلو ماڈل، ایک کل معیشت کو سمجھنے کے لئے ایک بنیاد ثابت ہوتی ہے۔

سرمایہ دارانہ معیشت، اشتراکی معیشت اور مخلوط معیشت کی بنیاد پر ایک معیشت کی درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔ تاہم، آج کل 100 فی صد سرمایہ دارانہ نظام، اشتراکی نظام یا بالکل مخلوط معیشت کو تلاش کرنا مشکل ہے۔

اصطلاحات (Glossary)

کل معاشیات (Macroeconomics) معاشیات کی ایک شاخ جو مجموعی طور پر کسی معیشت کے طرز عمل اور کارکردگی کا مطالعہ کرتی ہے۔

معاشی نظام (Economic system) ایک خاص علاقے پر کسی طرح افراد اور ادارہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کو انجام دیتے ہیں۔

سرمایہ داری نظام (Capitalism): اس نظام میں پیداوار کے ذرائع، نجی ملکیت میں ہوتے ہیں اور معاشی سرگرمیوں کو مارکیٹ تعین کرتی ہے۔

اشتراکیت (Socialism) یہاں پر معاشی سرگرمیوں کو حکومت زیر اقتدار قابو کر کے سماج کو منظم کرتی ہے۔

مخلوطیت (Mixedism) ایک ایسا نظریہ جو معاشیات میں سرمایہ داری (نجی کردار) اور اشتراکیت (قومی کردار) کے اصولوں کو جوڑتا ہے۔

عالمگیریت (Globalism) : ایک ایسا معاشی نظام جہاں کسی قوم کی معاشی سرگرمیاں ایک دوسرے سے منسلک اور ایک دوسرے پر منحصر ہوتی ہے۔

اسٹاک (stock): کسی اشیاء کی ایک مقدار جو وقت پر مستقل رہتی ہے۔

بہاؤ (Flow): متغیر کی مدت کے دوران پیائش کی جاتی ہے۔

متحرک (dynamic)

اقتصادی نمونہ (Economic model) : یہ اس کی وضاحت کرتا ہے کہ معیشت یا معیشت کا ایک حصہ، کس طرح عمل کرتا ہے۔

دائرہ نما بہاؤ (Cirular Flow):

یہ فرموں، گھریلو، حکومتی اور ممالک جیسے معاشی ایجنٹوں کے درمیان آمدنی، اشیاء اور خدمات اور پیداور کے عوامل کے بہاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔

100
95
75
25
5
0

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:39 PM

MODEL QUESTIONS

سوالوں کا نمونہ

Part-A

کثیر انتخابی سوالات :

1۔ معاشیات کی شاخیں یہ ہیں۔
(a) دولت اور فلاح و بہبود
(b) پیداوار اور صرف
(c) مانگ اور فراہمی
(d) جزوی اور کل

2۔ اصطلاح ''کُلی'' (Macro) کس نے بنائی۔
(a) آدم اسمتھ
(b) جے ایم کینس
(c) راگنر فرائش
(d) کارل مارکس

3۔ جدید کلی معاشیات کا باپ کسے کہا جاتا ہے۔
(a) آدم اسمتھ
(b) جے ایم کینس
(c) راگنر فرائش
(d) کارل مارکس

4۔ کلی معاشیات کے دوسرے نام کی شناخت کریں
(a) قیمت کا نظریہ
(b) آمدنی کا نظریہ
(c) مارکیٹ کا نظریہ
(d) جزوی نظریہ

5۔ کلی معاشیات کا مطالعہ ..... ہے۔
(a) افراد
(b) فرم
(c) ایک ملک
(d) مجموعات

6۔ معاشیات میں جے ایم کینس کی شراکت کی نشاندہی کریں۔
(a) ملک کی دولت
(b) عام نظریہ
(c) راس المال (Capital)
(d) عوامی مال

7۔ عام قیمت کی سطح میں مستقل اضافے کو .....کہا جاتا ہے
(a) تھوک قیمت کا اشاریہ
(b) کاروباری دور
(c) افراط زر
(d) قومی آمدنی

8۔ معاشی پالیسیوں کے ضرورت کی شناخت کریں۔
(a) بنیادی مسائل کو حل کرنا
(b) رکاوٹ کو دور کرنا
(c) نشونما حاصل کرنا
(d) اوپر کے تمام

9۔ معیشت کے بنیادی معاشی سرگرمیوں کی نشاندہی کریں۔
(a) پیداوار اور تقسیم
(b) پیداوار اور تبادلہ
(c) پیداوار اور صرف (استعمال)
(d) پیداوار اور مارکیٹنگ

10۔ ایک معیشت ان پر مشتمل ہے۔
(a) صرف (استعمال) کا شعبہ
(b) پیداوار کا شعبہ
(c) حکومت کا شعبہ
(d) اوپر کے تمام

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:39 PM

11۔اس معاشی نظام کی نشاندہی کریں جہاں پیداوار صرف نجی ملکیت پر مبنی ہو۔

(a) سرمایہ دارانہ معیشت

(b) اشتراکی معیشت

(c) عالمگیری معیشت

(d) مخلوط معیشت

12۔ وہ معاشی نظام جو تقسیم میں مساوات کی نمائندگی کرتا ہے۔

(a) سرمایہ کاری

(b) عالمگیریت

(c) مخلوطیت

(d) اشتراکیت

13۔ کس کو ''سرمایہ داری کا باپ'' کہا جاتا ہے۔

(a) آدم اسمتھ

(b) کارل مارکس

(c) ٹھاکرے

(d) جے ایم کینس

14۔ سرمایہ کاری پر عمل کرنے والا ملک ..... ہے۔

(a) روس

(b) امریکہ

(c) ہندوستان

(d) چین

15۔ اشتراکیت کے باپ کو شناخت کریں۔

(a) جے۔یم۔کینس (b) کارل مارکس

(c) آدم اسمتھ (d) سیموئل سن

16۔ ایک ایسا معاشی نظام جہاں کسی قوم کی معاشی سرگرمیاں نجی اور عوام دونوں مل کر کرتے ہیں، اسے .....کہا جاتا ہے۔

(a) سرمایہ دارانہ معیشت

(b) اشتراکی معیشت

(c) عالمگیری معیشت

(d) مخلوط معیشت

17۔ کسی وقت میں جمع ہونے والی کسی شئے کی مقدار کو ..... کہا جاتا ہے۔

(a) پیداوار

(b) اسٹاک

(c) متغیر

(d) بہاؤ

18۔ بہاؤ کے متغیر کی شناخت کریں۔

(a) رقم کی فراہمی

(b) اثاثے

(c) آمدنی

(d) زرمبادلہ کے ذخائر

19۔ دوشعبے کے نمونہ کے شعبوں کی شناخت کریں۔

(a) گھریلو اور فرموں (b) نجی اور عوامی

(c) اندرونی اور بیرونی (d) فرموں اور حکومت

20۔ دائرہ نما بہاؤ نمونہ جو کھلی معیشت کی نمائندگی کرتا ہے۔

(a) دوشعبہ نما (b) تین شعبہ نما

(c) چوتھا شعبہ نمونہ (d) مندرجہ بالا سبھی

جواب: Answers

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
d	c	b	b	d	b	c	d	c	d
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
a	d	a	b	b	d	b	c	a	c

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:39 PM

Part - B

مندرجۂ ذیل سوالات کے ایک یا دو جملوں میں جواب لکھئے۔

21۔ کلی معاشیات (Macro economics) کی وضاحت کیجئے۔

22۔ اصطلاح ''افراطِ زر'' (Inflation) کی وضاحت کیجئے۔

23۔ معیشت (Economy) سے کیا مراد ہے ؟

24۔ ترقی کی حیثیت (status of development) کی بنیاد پر معیشتوں کی درجہ بندی کیجئے۔

25۔ سرمایہ دارانہ نظام (Capitalism) کا کیا مطلب ہے؟

26۔ معاشی نمونہ (Economic model) کی وضاحت کیجئے۔

27۔ آمدنی کا دائرہ نما بہاؤ (Circular flow of income) کی وضاحت کیجئے۔

Part - C

مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

28۔ کلی معاشیات کی اہمیت(importance of macro economics) بیان کیجئے۔

29۔ معاشی نظام کے مختلف اقسام کو بیان کیجئے۔

30۔ سرمایہ داری کی اہم خوبیوں (major merits of capitalism) کا خاکہ پیش کیجئے۔

31۔ اشتراکیت کے خامیوں (demerits of socialism) کی نشاندہی کیجئے۔

32۔ مخلوط معاشیات (mixed economy) کی خصوصیات کو بیان کیجئے۔

33۔ سرمایہ داری اور عالمگیریت (Capitalism and globalism) کے درمیان فرق کیجئے۔

34۔ دو شعبے والی معیشت کے دائرہ نما بہاؤ کے نمونے(two sector circular flow model) کو مختصر بیان کیجئے۔

Part - D

مندرجۂ ذیل سوالات کے جواب ایک صفحے میں دیں۔

35۔ کلی معاشیات کے دائرۂ عمل (scope of macro economics) پر تبادلہ خیال کریں۔

36۔ ایک معیشت کے افعال (functions of an economy) کو اس کے سرگرمیوں کی بنیاد پر وضاحت کریں۔

37۔ سرمایہ داری اور اشتراکیت کی خصوصیات (features of capitalism and socialism) کا موازنہ کریں۔

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:39 PM

سرگرمی (Activity)

1۔ انٹرنٹ کے ذریعہ سرگرمی:

ہر طالب علم کو چار ممالک دئے جائیں۔طلباء کو ہر ملک کے بارے میں بنیادی معلومات اکٹھا کرنے اور چارٹ پیپر میں پیش کرنے کی ذمہ داری دی جاسکتی ہے۔جغرافیائی، سیاسی، سماجی، اقتصادی اور دیگر معلومات کی فہرست تیار کر کے اساتذہ کے ذریعہ درج کی جاسکتی ہیں۔طلباء کو ان ممالک میں اپنائے گئے معاشی نظام کی نشاندہی کرنے کے لئے کہا جائے۔اس سرگرمی کے لئے انٹرنیٹ کے ذرائع کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

2۔ کردار ادا کرنے کی سرگرمی:

طلباء کو چار گروپوں میں تقسیم کیا جائے۔ ہر ایک گروپ ایک شعبہ کے نمونے کی نمائندگی کرتا ہے۔مخصوص گھریلو شعبے، کاروباری شعبے، حکومتی شعبے اور بیرونی شعبے۔ ہر شعبہ اپنی سرگرمیوں کے بارے میں فیصلہ کرسکتا ہے اور سمجھ سکتا ہے کہ شعبوں کے درمیان، آمدنی اور اشیاء اور خدمات کا بہاؤ کس طرح ہوتا ہے۔ استاد سرگرمیاں شروع کرسکتے ہیں اور معتدل کردار ادا کرسکتے ہیں۔

حوالہ جات (References)

Dhas A.C (2016): Economics, an Economy, and the Role of Information in Economic Decisions, International Journal of Exclusive Global Research, Vol. 1, Issue 9 September.

Dornbusch, Fischer and Startz (2004): Macro Economics, Tata Mc Graw Hill Education Private Limited, New Delhi.

Edward Shapiro (1998): Macro Economic Analysis, Galgotia Publications (P) Ltd. New Delhi.

Gupta G.S. (2016): Macro Economics: Theory and Applications, Tata McGraw-Hill Publishing Company, New Delhi.

Karl Marx (1920): Capital: A Critical Analysis of Capitalist Production, William Glaisher Limited, London.

Lord Rollof Ipsden(1982): The Mixed Economy, Macmillan Press, London.

Manfred B.Steger (2002) : Globalism: The New Market Ideology, Rowan and Littlefield Publishers, USA.

Maria John Kennedy M(2013): Macro Economic Theory, PHI Learning Private Ltd, New Delhi.

Paul A Samuelson and William D.Nordhuaus (2012): Macro Economics, Tata Mc Graw Hill Education Private Limited, New Delhi.

12th eco CH 1 Introduction to macro economics urdu
Saturday, April 10, 2021 3:08:40 PM

باب
2
قومی آمدنی
(National Income)

"The concept of national income is an indispensable preparation for tackling the great issues of unemployment, inflation and growth".
- *Samuelson*

سیکھنے کے مقاصد

1 قومی آمدنی کے معنی اور قومی آمدنی کے کچھ بنیادی تصورات کو سمجھنا۔

2 قومی آمدنی کے پیمائش کے طریقوں کو جاننا۔

2.1 تعارف (Introduction)

قومی آمدنی کسی ملک کی معاشی سرگرمیوں کا جامع پیمانہ فراہم کرتی ہے۔ یہ ملک کی قوت خرید کو ظاہر کرتی ہے۔ معیشت کی نمو کی شرح اس پیمائش سے کی جاتی ہے، جس کے ساتھ ساتھ وقت گزرنے کے ساتھ اس کی اصلی قومی آمدنی بڑھ جاتی ہے۔ قومی آمدنی معاشی منصوبہ بندی کا ایک ذریعہ ہے۔ مزید یہ کہ قومی آمدنی سب سے اہم کل معاشی متغیر میں سے ایک ہے۔ لہذا قومی آمدنی کے مفہوم، تصورات، پیمائش اور اس کے استعمال کی واضح تفہیم ضروری ہے۔

نوبل انعام یافتہ سائمن کوزنٹس نے سب سے پہلے قومی آمدنی کے تصور کو پیش کیا۔

2.2 قومی آمدنی کے معنی (Meaning of National Income)

مشترکہ طور پر، قومی آمدنی کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ایک خاص مدت کے دوران (ایک سال کے دوران ملک میں پیدا ہونے والی تمام قسم کے اشیاء اور خدمات کی کل رقم کی قیمت ہے۔



12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:27 PM

2.3 تعریفیں (Definitions)

ایک ملک کا مزدور اور سرمایہ جو قدرتی وسائل پر کام کرتا ہے، ہر سال ہر قسم کی خدمات جملہ اجناس، مادیت اور غیر فطری چیزوں کی ایک مجموعی پیداوار کرتا ہے۔ یہ ملک کی حقیقی خالص سالانہ آمدنی یا محصول یا قومی منافع ہے۔

الفرڈ مارشل

مجموعی ملکی پیداوار اور اس کو رد کرنے والے (GDP and its detractors)



سائمن کوزنٹس
(اصطلاح GDP دینے والا) 1932

کسی ملک کی ملکی پیداوار کے ذریعہ قومی آمدنی کی پیائش سے اس ملک کی فلاح و بہبود کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ زیادہ ترقی کے اہداف کی وضاحت کی جانی چاہئے کہ وہ کیا اور کس کے لئے ہے۔

"ملک کے پیداواری نظام سے سال کے دوران بہنے والی اشیاء اور خدمات کی خالص پیداوار حتمی صارفین کے ہاتھوں میں آجاتی ہے۔ یا ملک کے سرمائی اشیاء کے ذخیرے میں مجموعی طور پر جمع ہوسکتی ہے"۔

سائمن کوزنیٹس

2.4 قومی آمدنی کے بنیادی تصورات (Basic concepts of national Income)

قومی آمدنی کی پیائش کے لئے مندرجۂ ذیل کچھ تصورات استعمال کئے گئے ہیں۔

2.4.1 GDP مجموعی ملکی پیداوار یا مجموعی گھریلو پیداوار

2.4.2 GNP کل قومی پیداوار

2.4.3 NNP اصلی قومی پیداوار

2.4.5 ذاتی آمدنی (Personal income)

2.4.6 قابل فروخت آمدنی (Disposable Income)

2.4.7 فی کس آمدنی (Per capita income)

2.4.8 حقیقی آمدنی (Real income)

2.4.9 مجموعی ملکی پیداوار کو اصلی قیمت پر لے جانا (GDP deflator)

2.4.1. مجموعی ملکی (گھریلو) پیداوار (GDP)

GDP ایک سال کے دوران ملک کے اندر پیدا ہونے والی حتمی سامان اور خدمات کی کل بازاری قیمت ہے۔ اس کا حساب بازار کی قیمتوں پر لیا جاتا ہے اور اسے بازار کی قیمتوں میں مجموعی ملکی پیداوار کے نام سے جانا جاتا ہے۔

مارکٹ کے قیمتوں پر اخراجات کے طریقہ کار کے ذریعہ
GDP مجموعی ملکی (گھریلو) پیداوار = C + I + G + (X – M)

جہاں C۔ صرف (استعمال) اشیاء
I۔ سرمایہ داری کی اشیاء
G۔ حکومت کی خریداری
X۔ برآمدات
M۔ درآمدات
(X–M) اصلی برآمد ہے مثبت یا منفی ہوسکتی ہے

(a) اصلی ملکی (گھریلو) پیداوار (NDP)

اصلی ملکی (گھریلو پیداوار سال کے دوران معیشت کی خالص پیداوار کی قدر ہے۔ ملک کے کچھ سرمایہ کا سامان پیداواری عمل کے دوران ہر سال فرسودہ ہوجاتا ہے یا پرانا ہوجاتا ہے یا اس کی قیمت گر جاتی ہے۔ لہٰذا

اصلی ملکی پیداوار = GDP – (Depreciation) کم قدری

2.4.2 مجموعی قومی پیداوار (GNP)

مجموعی قومی پیداوار ایک سال کے دوران کسی ملک میں موجودہ پیداوار کے نتیجہ میں بازاری قیمت پر حتمی سامان اور خدمات کے بہاؤ کا کل اقدام ہے۔ جس میں کل بیرونی ملک سے خام آمدنی شامل ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:28 PM

GNP میں پانچ قسم کے حتمی سامان اور خدمات شامل ہیں۔

1۔ لوگوں کے فوری خواہشات اور خدمات کی قیمت جسے (C) صرف (استعمال) (Consumption) کہتے ہیں۔

2۔ کل نجی اندرونی (گھریلو) سرمایہ کاری جس میں مستحکم سرمایہ کی تشکیل، رہائشی تعمیرات اور تیار کردہ اور نامکمل اشیاء کی فہرست ہو جس کو مجموعی سرمایہ (I) کہا جاتا ہے۔

3۔ حکومت کی طرف سے تیار کردہ یا خریدی جانے والی اشیاء اور خدمات جو (G) کے ذریعہ اظہار کی گئی ہیں۔

4۔ کل برآمدی اشیاء اور خدمات یعنی برآمدات کی قیمت اور اشیاء خدمات کی درآمد کے درمیانی فرق نام سے جانا جاتا ہے کہ (X-M)، فرق سے آنے والی خالص عامل (Factor) کی آمدنی جو ہندوستان کے عام باشندوں کے ذریعہ بیرونی ملک سے حاصل کی جانے والی عامل کی آمدنی (اجرت، سود، منافع) اور غیر ملکی رہائشوں کو ان کے ذریعہ ہندوستان میں اندرونی علاقے میں پیش کی جانے والی عالمی خدمات کے لئے فرق کا اظہار (R-P) سے کیا جاتا ہے۔

5۔ بازاری قیمتوں پر GNP کا مطلب، کسی ملک میں سالانہ پیداوار میں حتمی سامان (final goods) اور خدمات کی مجموعی قیمت کے علاوہ بیرونی ملک سے حاصل ہونے والے خالص عامل کی آمدنی

$$(C + I + G + (X-M) + (R-P)).$$

بازاری قیمتوں میں GDP = بازاری قیمتوں پر GDP + بیرونی ملکوں سے حاصل ہونے والا کل عاملوں کی آمدنی

2.4.3 اصلی قومی پیداوار (NNP) (بازاری قیمت پر) (Net National Product)

اصلی قومی پیداوار سے مراد ایک سال کے اندر معیشت کی خالص پیداوار کی قدر ہے۔ اصلی قومی پیداوار کو کل قومی پیداوار سے کم قدری کی قیمت یا سرمایہ کے اثاثوں کے متبادل منصب کی کٹوتی کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کا اظہار

NNP = GNP – depreciation allowance.

قدم ری کو capital consumption allowance بھی کہا جاتا ہے۔

2.4.4 خالص قومی پیداوار، عامل کی لاگت پر (NNP at factor cost)

NNP سے مراد پیداوار کی بازاری قیمت ہے جب کہ عامل کی لاگت پر NNP کے عوامل کو دی جانے والی کل آمدنی کی ادائیگی ہے۔ اس طرح بازاری قیمت پر NNP کی روپیوں کی قیمت سے، ہم بالواسطہ ٹیکسوں کی رقم کو کم کرتے ہیں اور امدادی رقم (Subsidies) شامل کرتے ہیں تا کہ عامل کی لاگت سے خالص قومی آمدنی تک پہنچ سکیں۔

NNP at factor cost = NNP at Market prices – Indirect taxes + Subsidies.

2.4.5 ذاتی آمدنی (Personal income)

ذاتی آمدنی ایک سال میں براہ راست محصول کی ادائیگی سے پہلے کسی ملک کے افراد کو تمام ذرائع سے حاصل ہونے والی کل آمدنی ہے۔ ذاتی آمدنی کبھی بھی قومی آمدنی کے برابر نہیں ہوتی، کیونکہ سابقہ میں منتقلی کی ادائیگی شامل ہوتی ہے، جب کہ وہ قومی آمدنی میں شامل نہیں ہوتے ہیں۔ ذاتی آمدنی کا عامل غیر منقسم کارپوریٹ منافع اور ملازمین کی سماجی تحفظ کی منصوبوں میں شراکت میں کمی اور منتقلی کی ادائیگی (transfer payments) میں اضافہ سے حاصل ہوتی ہے۔

Personal Income = National Income – (Social Security Contribution and undistributed corporate profits) + Transfer payments

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:29 PM

2.4.6 قابل فروخت آمدنی (Disposable income)

قابل فروخت آمدنی کو قابل فروخت ذاتی آمدنی بھی کہا جاتا ہے۔ انکم ٹیکس کی ادائیگی کے بعد یہ انفرادی آمدنی ہے۔ یہ وہ رقم ہے جو گھریلو استعمال کے لئے دستیاب ہے۔

Disposable Income = Personal income – Direct Tax.

چونکہ ساری قابل فروخت آمدنی صرف (استعمال) پر خرچ نہیں کی جاتی۔

Disposal income = consumption + saving.

2.4.7 فی کس آمدنی (Per Capita income)

کسی سال میں کسی ملک کے فرد کی اوسط آمدنی کو فی کس آمدنی کہا جاتا ہے۔ قومی آمدنی کو آبادی کے لحاظ سے تقسیم کر کے فی کس آمدنی حاصل کی جاتی ہے



2.4.8 حقیقی آمدنی (Real income)

برائے نام (Nominal) آمدنی ایک قومی آمدنی ہے جو کسی دوسرے سال کے کسی خاص سال کی قیمت کے لحاظ سے ظاہر کی جاتی ہے۔ حقیقی آمدنی برائے نام آمدنی کی قوت خرید ہے۔ قومی آمدنی اشیاء اور خدمات کی حتمی قیمت ہے جو موجودہ قیمتوں میں رقم کے معاملے میں تیار کی جاتی ہے۔ لیکن یہ معیشت کی اصلی حالت کی نشاندہی نہیں کرتا۔ حقیقی آمدنی اس طرح سے ہے

Real Income at constant price = National Income at current price ÷ P_1 / P_0

P_1 – موجودہ سال کے دوران قیمت اشاریہ

P_0 – بنیادی سال کے دوران قیمت اشاریہ

2.4.9 GDP کو اصل قیمت پر لے جانا (GDP Deflator)

GDP کو اصلی قیمت پر لے جانا، GDP میں شامل اشیاء اور خدمات کی قیمتوں میں بدلاؤ کا ایک اشاریہ ہے۔ یہ ایک قیمت کا اشاریہ ہے جس کو ایک سال میں برائے نام (خیالی) GDP کو اس سال کے لئے حقیقی GDP میں تقسیم کر کے اور اسے 100 سے ضرب کیا جاتا ہے۔

$$\text{GDP deflator} = \frac{\text{Nominal GDP}}{\text{Real GDP}} \times 100$$

2.5 قومی آمدنی کی پیمائش کے طریقے (Methods of measuring national income)

ایک سال کے دوران ملک میں پیدا ہونے والی تمام اشیاء اور خدمات کی گنتی کرنی ہوگی اور زرکی قیمت (Money value) کے مقابلہ میں اسے تبدیل کرنا چاہئے۔ اس طرح جو بھی پیداوار ہوتی ہے، وہ بچت یا استعمال (Consumption) کے طور پر ہوتا ہے



۔اس طرح قومی پیداوار کی پیداوار تین سطحوں میں سے کسی ایک پر کی جاسکتی ہے۔ یعنی پیداوار، آمدنی اور اخراجات۔ اس کے مطابق یہاں تین طریقے ہیں جو قومی آمدنی کی پیمائش کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

1۔ پیداوار یا اضافی قدر کا طریقہ
(Production or value added method)

2۔ آمدنی کا طریقہ یا عامل کی آمدنی کا طریقہ
(Income method or factor earning method)

3۔ اخراجات کا طریقہ (Expenditure method)

اور اگر یہ طریقے صحیح طور سے انجام دئے گئے ہیں تو مندرجۂ ذیل مساوات کو لازمی طور پر رکھنا چاہئے۔

Output = Income = Expenditure

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:29 PM

مجموعی گھریلو پیداوار - اخراجات، عاملوں کی آمدنیاں یا ماحصل کو جمع کرنا

GDP - By Sum of Spending, Factor Incomes or Output

GDP (اخراجات) (Expenditure)	GDP (عاملوں کی آمدنیاں) (factor incomes)	کل داخلی پیداوار (ماحصل کی قیمت) (Value of output)
● صرف (استعمال)	● لوگوں کی ملازمت اور خود روزگار سے حاصل ہونے والی آمدنی (جیسے: اجرت اور تنخواہیں)	● اہم معاشی شعبوں میں سے ہر ایک کی جمع شدہ قیمت
● سرکاری اخراجات	● نجی شعبوں کے کاروبار سے حاصل ہونے والا منافع	● شعبے یہ ہیں :
● سرمایہ کاری کے اخراجات	● زمین کے مالکوں سے حاصل ہونے والا کرایہ	• ابتدائی (Primary)
● زخیرہ کی قیمت میں تبدیلی		• ثانوی (secondary)
● برآمدات		• تیار کرنا (Manufacturing)
● – برآمدات		• چوتھائی سیکٹر (Quaternary)
● GDP = (مجموعہ مانگ بھی کہا جاتا ہے)		

اس کی وجہ یہ ہے کہ تینوں طریقے فطرت میں دائری ہیں۔اس کی شروعات پیداوار کے عوامل کی بھرکی آمدنی پیدا کرنے اور پیداوار کے عوامل کی آمدنی کے طور پر ہوتی ہے۔

2.5.1 پیداوار کا طریقہ (Product Method)

پیداوار کا طریقہ کار ملکی پیداوار کی پیائش کرتا ہے۔اسے فہرست کا طریقہ (inventory method) بھی کہا جاتا ہے۔اس طریقہ کار کے تحت زراعت، صنعت، تجارت اور سوداگری تجارت وغیرہ جیسے مختلف شعبوں کی پیداوار کی مجموعی قیمت ایک سال کے دوران پوری معیشت کے لئے حاصل کی جاتی ہے۔حاصل کردہ قیمت، دراصل بازار کی قیمتوں کی GNP ہے۔دوہری گنتی ہونے سے بچنے کے لئے احتیاط برتنا چاہئے۔

پیداواری عمل کی تمام قیمتوں کو جمع کر کے حتمی مصنوع (Final product) کی قیمت حاصل کی جاتی ہے۔دوہری گنتی سے بچنے کے لئے یا تو حتمی پیداوار کی قدر میں GNP کا تخمینہ یا شامل کردہ اقدار کا مجموعہ لیا جانا چاہئے۔

ہندوستان میں، زرعی پیداوار کی مجموعی قیمت اس طرح حاصل کی جاتی ہے۔

(i) 64 زرعی اشیاء کی مجموعی پیداوار کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ہر فصل کی پیداوار فی ہیکٹر کی اوسط پیداوار کے رقبے کو ضرب کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

(ii) ہر شئے کی کل پیداوار کی قیمت بازار کی قیمتوں پر ہے۔

(iii) ان 64 اشیاء کی مجموعی پیداوار کی مجموعی قیمت زرعی پیداوار کی مجموعی قیمت سے لی گئی ہے۔۔

(iv) زرعی پیداوار کی اصلی قیمت، مجموعی قیمت سے بیج، کھاد، کیمیائی کھاد کی قیمت، منڈی کے معاوضے، مرمت اور کم قدری وغیرہ کی قیمت تفریق کر کے حاصل کی جاتی ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:30 PM

اسی طرح پالتومویشی، جنگلاتی اشیاء، ماہی گیری، کان کنی اور کارخانوں کی مجموعی قدروں کو بازار کی قیمتوں کے ساتھ ان کی کل پیداوار کے تخمینے کو ضرب کر کے حاصل کی جاتی ہے۔ ان شعبوں میں پیداوار کی اصلی قیمت، پیداوار اور کم قدری کے اخراجات، استعمال ہونے والے مواد کی لاگت وغیرہ کو ماحصل کی مجموعی قیمت سے تفریق کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

ہر شعبے کی خالص قیمت اس طرح سے پیمائش کر کے قومی آمدنی محسوب کی جاتی ہے۔

احتیاطی تدابیر (Precautions)

زیر ترقی یافتہ ممالک میں پیداوار کے طریقہ کار کو استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ کم قابل اعتماد ہے، کیونکہ اس طریقہ کار میں غلطی کی گنجائش زیادہ ہے۔ ہندوستان میں یہ طریقہ زراعت، کان کنی اور کاریگری میں عمل پیرا ہوتا ہے جس میں دستکاری بھی شامل ہے۔

1۔ اضافی قدری طریقہ (Value added method) کے تحت دوہری گنتی سے گریز کیا جائے۔ کسی بھی شئے کو جو خام مال کی حالت میں ہو یا پیداوار کے مرحلے میں ہو، اس کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔ مثال کے طور پر کپاس کی قیمت سوت کی قیمت کے طور پر درج ہوتی ہے اور کپڑوں میں سوت کی قیمت لاگت کی طرح درج ہونی چاہئے اور لباس بننے کے بعد صرف کپڑے کی قیمت کو لیا جانا چاہئے۔ ہر مرحلے میں شامل کی گئی اضافی قدر کا حساب کرنا چاہئے۔

2۔ قومی آمدنی کی پیمائش کرتے وقت خود کے استعمال (self consumption) ہونے والے ماحصل کی قیمت کا شمار بھی کرنا چاہئے۔

3۔ پائیدار سامان (Durable goods)، استعمال شدہ اشیاء (Second hand goods) کی فروخت اور خریداری (مثال کے طور پر استعمال شدہ کاروں (Pre-owned cars)) کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔

2.5.2. آمدنی کا طریقہ (عامل کی آمدنی کا طریقہ) (Income method)(Factor earning method)

یہ طریقہ کار تقسیم کے ذریعہ قومی آمدنی تک پہنچتا ہے۔ اس طریقہ کار کے تحت قومی آمدنی کا تخمینہ، قومی پیداوار پیدا کرنے کے دوران پیدا ہونے والی تمام آمدنی کو شامل کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

درپیش مرحلے (Steps involved)

(1) کاروباری اداروں کو مختلف صنعتی گروپوں میں درجہ بندی کیا جاتا ہے۔

(2) عنصر کی آمدنی، مزدوری کی آمدنی، سرمائی آمدنی اور مخلوط آمدنی کے تحت درجہ بندی کی جاتی ہے۔

(i) مزدور کی آمدنی - اجرت اور تنخواہ، پیداوار کی صلاحیت کے منافع (Fringe benefits)، سماجی تحفظ میں مالک کی امداد

(ii) سرمایہ کی آمدنی - منافع، سود، حصص اور رائلٹی (royalty)

(iii) مخلوط آمدنی - کاشتکاری، واحد ملکیت اور دوسرے پیشے

(3) قومی آمدنی کو بیرونی ملک سے گھریلو عنصر کی آمدنی کے علاوہ خالص عنصر کی آمدنی کے طور پر محسوب کیا جاتا ہے۔ مختصراً

$$Y = w + r + i + \pi + (R-P)$$

اجرت = w ; کرایہ = r ; سود = i

منافع = π ; برآمدات = R ; درآمدات = P

یہ طریقہ باقی شعبوں جیسے چھوٹے کاروباری اداروں، بینکنگ اور بیمہ (insurance)، تجارت اور نقل وحمل، پیشوں، فنون درسی، گھریلو خدمات، عوامی افسر، مکان کی جائیداد اور غیر ملکی شعبے کے لین دین کی شراکت کا اندازہ لگانے کے لئے اپنایا گیا ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:30 PM

بیرونی ملک سے آمدنی سے متعلق اعداد وشمار (باقی دنیا کے شعبے یا غیر ملکی شعبے) ملک کی ادائیگی کے توازن کے کھاتے سے حاصل کئے جاتے ہیں۔

احتیاطی تدابیر (Precautions)

آمدنی کے طریقہ کار کے ذریعہ قومی آمدنی کا اندازہ لگاتے وقت درج ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے چاہئے۔

ان اشیاء کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے

Items not to be included

(1) قومی آمدنی کے تخمینہ میں منتقلی کی ادائیگیوں کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے، کیونکہ موجودہ سال میں فراہم کردہ کسی بھی خدمت جیسے وظیفہ، سماج، بیمہ وغیرہ کے لئے یہ ادائیگیاں موصول نہیں ہوتی ہیں۔

(2) استعمال شدہ سامان (Second hand goods) کی فروخت سے حاصل ہونے والی رسیدوں کو قومی آمدنی کا حصہ نہیں سمجھنا چاہئے کیونکہ وہ موجودہ سال میں اشیاء یا خدمات کا نیا بہاؤ پیدا نہیں کرتے ہیں۔

(3) بیٹھے بٹھائے ملنے والا فائدہ (wind fall gains) جیسے لاٹری (lotteries) کو بھی شامل نہیں کیا جانا چاہئے، کیونکہ وہ کسی بھی موجودہ پیداواری سرگرمی سے وصولیاں پیش نہیں کرتے ہیں۔

(4) کارپوریٹ (Corporate) منافع ٹیکس کو علاحدہ سے شامل نہیں کیا جانا چاہئے، کیونکہ یہ کمپنی کے منافع کے حصے کے طور پر پہلے ہی شامل کیا جاچکا ہے۔

اشیاء جن کو شامل کیا جانا چاہئے
(Items to be included)

(1) خود کے (خاص) مکانات یا دفاتر کے کرایے کی منسوب شدہ قیمت (imputed value) کو شامل کیا جانا چاہئے۔

(2) پروڈکشن یونٹوں (خاندانی مزدور) کے مالکان کی فراہم کردہ خدمات کی نامناسب قیمت کو شامل کرنا ہے۔

2.5.3. اخراجات کا طریقہ (اختتامی طریقہ)

اس طریقہ کار کے تحت، ایک مخصوص سال میں سماج کے ذریعہ ہونے والے کل اخراجات کو ایک ساتھ شامل کیا جاتا ہے۔ کسی معاشرے کے اخراجات، اس میں ذاتی استعمال خرچ کا شمار، خالص گھریلو سرمایہ کاری، صرف (استعمال) پر سرکاری اخراجات کے علاوہ راس المال کی اشیاء (Capital goods) اور خالص برآمدات شامل ہیں۔

علامتی طور پر

$$GNP = C + I + G + (X-M)$$

C۔ نجی کھپت (صرف) کے اخراجات

I۔ نجی سرمایہ کاری کا خرچ

G۔ سرکاری اخراجات

X–M = خالص برآمدات

احتیاطی تدابیر (Precautions)

1۔ استعمال شدہ اشیاء (Second hand goods) پر ہونے والے اخراجات کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔

2 ۔ حصص اور دستاویزات کی خریداری
(Purchase of shares and bonds)

ثانوی مارکٹ میں پرانے حصص اور دستاویز (bonds) کی خریداری پر اخراجات کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔

3۔ ادائیگی کی منتقلی : (Transfer of Payments)

حکومت کے طرف سے عمر رسیدہ لوگوں کا وظیفہ (Pension) جیسے ادائیگی کے لئے اخراجات کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔

4۔ (پیداوار کے دوران) درمیانی اشیاء پر خرچ
(Expenditure on intermediate goods)

پارچہ بافی کی صنعتوں کے ذریعہ کاشتکاروں، کپاس اور سوت کے بیج اور کھاد کا خرچ شامل نہیں کیا جانا چاہئے تاکہ دوہری گنتی سے بچا جاسکے۔ اس میں صرف حتمی اشیاء پر آنے والے اخراجات کو شامل کیا جانا چاہئے

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:31 PM

عوامل کی لاگت (FC) (Factor cost)

اشیاء اور خدمات کی تیاری کے دوران بہت سارے داخلی اشیاء (inputs) کو ایک پیداکاری کے عمل میں شامل کیا جاتا ہے۔ ان داخلی اشیاء کو عام طور پر پیداوار کے عوامل (factors of production) کے طور پر جانا جاتا ہے اور ان میں زمین، مزدوری، سرمایہ اور کاروباری جیسی چیزیں شامل ہیں۔

اشیاء اور خدمات پیدا کرنے والے کاروباری کو، پیداوار کے عوامل کو استعمال کرنے میں خرچ آتا ہے۔ ان اخراجات کو آخر کار اشیاء کی قیمت میں شامل کیا جاتا ہے۔

شئے اور خدمات کی تیاری کے دوران کسی تجارتی ادارہ کے ذریعہ اٹھایا جانے والا خرچ، عامل کی لاگت (factor cost) کہلاتا ہے۔

مشینوں کو کرایہ پر لینا، زمین اور مشینوں کو خریدنا، مزدوری اور تنخواہ ادا کرنا، راس المال (capital) حاصل کرنے میں ہونے والا خرچ، اور تاجروں کو حاصل ہونے والا نفع وغیرہ پیداوار کی لاگت (production costs) کی مثالیں ہیں۔

عامل کی لاگت کو حکومت کو ادا کئے جانے والے ٹیکس میں شامل نہیں کر سکتے ہیں۔ کیونکہ ٹیکس، براہ راست پیداواری کاروائیوں میں حصہ نہیں لیتے۔ اس لئے، وہ براہ راست پیداواری (production cost) کا حصہ نہیں ہوسکتا۔

لیکن حاصل ہونے والی امدادی رقم (subsidy) کو عامل کے خرچ میں شامل کیا جائے گا، کیونکہ امدادی رقم براہِ راست پیداوار پر اثر کرتی ہے۔

بازار کی قیمت (MP) (Market Price)

اشیاء اور خدمات تیار ہونے کے بعد بازاری قیمت پر بازار میں فروخت کئے جاتے ہیں۔

بازار کی قیمت وہ قیمت ہے جو صارفین، فروخت کرنے والے سے حاصل کر کے اس کی قیمت ادا کریں گے۔

بازار کی قیمت کو تعین کرتے وقت، عامل کی قیمت کے ساتھ حکومت کی طرف سے عائد کئے جانے والے محصول کو شامل کیا جانا چاہئے، جب کہ حکومت کی جانب سے دی گئی امدادی رقم (Subsidies) کو عامل کی قیمت سے تفریق کر لیا جائے۔

ٹیکس کو شامل کر دینا چاہئے، کیونکہ ٹیکس وہ لاگت ہے، جو قیمت میں اضافہ لاتی ہے اور امدادی رقم (Subsidy) کم کرتے ہیں، کیوں کہ امدادی رقم کو پہلے ہی عامل کی لاگت (factor cost) میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اس لئے مارکٹ کی قیمت محسوب کرتے وقت، اسے دوہرے طور پر شمار نہیں کیا جائے گا۔

لہٰذا مساوات (1) MP = FC + بلاراست ٹیکس − امدادی رقم

مساوات (2) FC = MP − بلاراست ٹیکس + امدادی رقم

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:31 PM

کسی ملک کے اندرونی علاقے کے اندر موجود تمام پیداواری کاروباری اداروں کے ذریعہ شامل کی گئی = (NNP_{FC}) قومی آمدنی
مجموعی قیمت - کم قدری - اصلی بلاراست ٹیکس + بیرونی ملک سے اصل عامل کی آمدنی

جس میں (بالواسطہ ٹیکس - امدادی رقم = اصلی بلاراست ٹیکس)

(ماحصل کی قیمت - درمیانی استعمال (صرف) = مجموعی شامل کردہ قیمت)

اسٹاک (ذخیرہ) میں تبدیلی + فروخت = ماحصل کی قیمت

جس میں ابتدائی ذخیرہ - اختتامی ذخیرہ = ذخیرہ (stock) میں تبدیلی

نوٹ : اگر ایک سال کے اندر پیداوار کے تمام اشیاء فروخت کئے جائیں تو، کل پیداوار فروخت کے مساوی ہوگی۔

یا

فروخت شدہ مقدار × قیمت = پیداوار کی قیمت

مجموعی اندرونی سرمایہ سازی + حکومت کا حتمی صرف + نجی حتمی صرف = GDP_{MP} مجموعی گھریلو پیداوار
(درآمدات - برآمدات) اصلی برآمدات +

2.6 قومی آمدنی کے تجزیہ کی اہمیت
(Importance of national income Analysis)

ایک ملک کی معاشی ترقی میں قومی آمدنی کا اہم کردار ہے۔ آج کل قومی آمدنی کو معیشت کے کھاتوں کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ جسے معاشرتی کھاتوں (social accounts) کے نام سے جانا جاتا ہے، یہ ہمیں اس قابل بناتا ہے۔

1۔ معیشت کے مختلف شعبوں کی نسبت کی اہمیت اور قومی آمدنی میں ان کی شراکت کے بارے میں جاننا، قومی آمدنی کے حساب سے ہمیں معلوم ہوسکتا ہے کہ آمدنی کی پیداوار کس طرح کی جاتی ہے، اسے کیسے تقسیم کیا جاتا ہے، کتنا خرچ کیا جاتا ہے، بچایا جاسکتا ہے یا ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔

2۔ قومی پالیسیاں جیسے مالی پالیسی اور عام مالیاتی پالیسی اور دیگر پالیسیاں مرتب کرنا، معیشت کو صحیح راستے میں لانے کے لئے، قومی آمدنی کے اعداد و شمار جمع کرنے کی مدد سے مناسب اقدامات کو اپنایا جاسکتا ہے۔

3۔ منصوبہ بندی مرتب کرنے اور منصوبہ بندی کی ترقی کا جائزہ لینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اعداد و شمار معاشی منصوبہ بندی کے لئے کسی ملک کی مجموعی آمدنی، پیداوار، بچت اور مختلف ذرائع سے صرف (استعمال) (Consumption) سے متعلق ہونا چاہئے۔

4۔ قلیل اور طویل المدت کے دونوں معاشیاتی نمونے تیار کئے جائیں۔

5۔ بین الاقوامی موازنہ کے لئے مختلف ادوار کے دوران، بین علاقائی موازنہ اور معیشت کی ترقی کے لئے بین دنیاوی موازنہ ضروری ہے۔

6۔ کسی ملک کی فی کس آمدنی جاننے کے لئے جو ملک کی معاشی بہبود کی عکاسی کرتے ہیں۔ (بشرطیکہ آمدنی برابر تقسیم کی جاتی ہو)

7۔ ملک میں پیداوار کے مختلف عوامل کے لئے آمدنی کی تقسیم کو جاننا ہے۔

8۔ بہت سارے کل معاشیاتی متغیرات تک پہنچنے کے لئے یعنی، ٹیکس-GDP تناسب، موجودہ کھاتے کا خسارہ-GDP تناسب، مالی خسارہ-GDP تناسب، قرض-GDP تناسب، وغیرہ

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:32 PM

2.7 قومی آمدنی کی پیمائش میں درپیش مشکلات
(Difficulties in measuring national income)

ہندوستان میں ایک خاص نظریاتی مسئلہ بڑے غیر منظّم اور غیر مالیاتی (non-monitised) بقاء کے شعبے کے وجود سے پیدا ہوا ہے، جہاں اشیاء اور خدمات کی خرید و فروخت کے لئے اشیاء کے تبادلہ کا طریقہ موجود ہے۔ یہاں پیداوار کی مناسب تشخیص کرنا بہت مشکل ہے۔





2.7.1 ادائیگی کی منتقلی (Transfer of Payments)

حکومت عمر رسیدہ لوگوں کا وظیفہ، بے روزگاروں کا وظیفہ، امداد، وغیرہ کی شکل میں ادائیگی کرتی ہے۔ یہ سرکاری اخراجات ہیں۔ لیکن وہ قومی آمدنی میں شامل نہیں ہیں۔ کیونکہ انہیں پیداوار کے عمل میں کچھ شامل کئے بغیر ادا کیا جاتا ہے۔

ایک سال کے دوران، قومی قرض پر سود کو ادائیگی کی منتقلی پر بھی غور کیا جاتا ہے، کیونکہ حکومت، افراد کے طرف سے افراد اور تجارتی اداروں کو بغیر کسی نتیجہ خیز کام کئے اپنی گذشتہ بچت پر ادائیگی کرتی ہے۔

2.7.2 کم قدری کے الاؤنس کا اندازہ کرنے میں مشکلات
(Difficulties in assessing depreciation allowance)

کم قدری کے الاؤنس، حادثاتی نقصانات، مرمت اور متبادل اخراجات میں کٹوتی کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ کم قدری کے الاؤنس اور دیگر معاوضوں کا اندازہ لگانے کے لئے اعلیٰ درجہ کے فیصلہ کی ضرورت ہے۔

2.7.3 بلا معاوضہ کی خدمات (Unpaid Services)

ایک گھریلو خاتون متعدد مفید خدمات پیش کرتی ہے جیسے کھانا تیار کرنا، خدمت کرنا، سلائی کرنا، مرمت کرنا، دھلائی، صفائی ستھرائی، بچپن کی پرورش کرنا، وغیرہ۔ اس کے لئے انہیں ادائیگی نہیں کی جاتی ہے اور اس کی خدمات براہ راست قومی آمدنی میں شامل نہیں ہیں۔ تنخواہ دار نوکروں کے ذریعہ انجام دی جانے والی ایسی خدمات قومی آمدنی میں شامل ہیں۔ ان کی خدمات کو قومی آمدنی سے خارج کرنے کی وجہ یہ ہے کہ گھریلو ملازمت سے اپنے گھریلو کام انجام دینے میں پیار اور محبت کی مالیاتی لحاظ سے پیمائش نہیں کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح بہت ساری اشیاء اور خدمات ہیں، جن کو اوپر بیان کئے جانے والی کی وجہ سے، رقم کے لحاظ سے اندازہ کرنا مشکل ہے۔ جیسے اپنے دوستوں کو خدمات پیش کرنا، مصوری کرنا، گانا گانا، ناچنا وغیرہ۔

2.7.4 غیر قانونی سرگرمیوں سے آمدنی
(Income From illegal activities)

جوّا، اسمگلنگ، شراب، غیر قانونی طریقہ سے نکالی ہوئی شراب، وغیرہ کی غیر قانونی سرگرمیوں کے ذریعہ حاصل ہونے والی آمدنی کو قومی

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:32 PM

آمدنی میں شمار نہیں کیا جاتا۔ اس طرح کی سرگرمیوں میں لوگوں کی قدر کی جاتی ہے اور ان کی خواہش کو پورا کیا جاتا ہے، لیکن معاشرے کے نقطہ نظر سے انہیں نتیجہ خیز (تعمیری) (پیداوار) نہیں سمجھا جاتا ہے۔

2.7.5 خود کے استعمال کے لئے پیداوار اور بدلتی ہوئی قیمت
(Production for Self consumption and changing Price)

کاشتکار، پیداوار کا ایک حصہ خود کے استعمال کے لئے رکھ لیتے ہیں ۔ بازار میں فروخت کئے بغیر رکھی ہوئی پیداوار کو قومی آمدنی میں شامل کیا گیا ہے یا نہیں، یہ جاننا مشکل ہے۔

پیداوار کے طریقہ میں قومی آمدنی کو حتمی اشیاء اور خدمات کی قیمت موجودہ بازار کی قیمتوں سے اندازہ کیا جاتا ہے۔ لیکن قیمتیں مستحکم نہیں رہتی ہیں۔ وہ بڑھتی اور کم ہوتی رہتی ہیں۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ماہرین معاشیات صارف کے قیمت کا اشاریہ (consumer price index) کے ذریعہ مستحکم قیمت کی سطح پر حقیقی قومی آمدنی کا حساب لگاتے ہیں۔

2.7.6 راس المال کی بڑھوتری (Capital Gains)

راس المال کی بڑھوتری کے سلسلہ میں بھی مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ راس المال میں بڑھوتری، اسی وقت حاصل ہوتی ہے، جب مکان، دوسری جائیداد، اسٹاک (Stock) یا حصص جیسے راس المال کے اثاثے فروخت کرتے وقت قیمت خرید سے زیادہ قیمت پر فروخت ہوتے ہیں۔ قومی آمدنی کو محسوب کرنے وقت راس المال کی بڑھوتری کو شمار نہیں کیا جاتا۔

2.7.7 شماریاتی مسائل (Statistical problems)

یہاں شماریاتی مسائل بھی ہیں۔ دوہری گنتی سے بچنے کے لئے بڑی ہوشیاری کی ضرورت ہے۔ اعداد و شمار کو متعدد ذرائع سے مرتب کیا جائے تو اعداد و شمار بالکل قابل اعتبار نہیں ہوں گے۔ شماریاتی عملے کی مہارت اور کارکردگی اور بڑے پیمانے پر لوگوں کا تعاون بھی قومی آمدنی کا تخمینہ لگانے میں اتنا ہی اہم ہے۔

اعداد و شمار میں کچھ مسائل مندرجۂ ذیل ہیں :

1۔ درست اور قابل اعتماد اعداد و شمار کافی نہیں ہیں۔ کیونکہ غذا کے شعبے میں کھیت کی پیداوار کو پوری طرح سے شمار نہیں کیا گیا ہے۔ پالتو جانوروں کے لئے کوئی خاص مدلل پیداوار کے معطیات موجود نہیں ہیں

2۔ مختلف زبانیں، رواج وغیرہ کے اعداد و شمار کا اندازہ لگانے میں بھی مسائل پیش آتے ہیں۔

3۔ سرکاری افسروں اور عوام کے تعلقات، ملک میں زیادہ تر ناخوشگوار ہونے کی وجہ سے اعداد و شمار کو جمع کرنے میں مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ عوام صحیح اعداد و شمار نہیں دیتے۔

4۔ بیشتر شماریاتی ملازم غیر تربیت یافتہ اور نااہل ہوتے ہیں۔

اس لئے ہمارے ملک میں بالکل درست قومی آمدنی کا اندازہ لگانا آسان نہیں ہے۔ یہاں دس فیصد کم یا زیادہ اندازہ لگایا جاتا ہے یعنی قومی آمدنی کو دس فیصد زیادہ یا کم پیمائی کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کی داخلی پیداوار کا تخمینہ، دو کھرب (trillion) امریکی ڈالر سے پانچ کھرب (trillion) امریکی ڈالر ہے۔

2.8 قومی آمدنی اور سماج کا شمار کرنا
(National income and social Accounting)

سماج کے شمار کرنے کے طریقہ سے بھی قومی آمدنی کا حساب لگایا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار میں مختلف شعبوں، گھریلو (داخلی)، حکومت وغیرہ کے مابین لین دین کو درج کیا جاتا ہے اور ان کے درمیان کے باہمی تعلقات کا پتہ چلتا ہے۔ معاشی ماہرین کے ساتھ ساتھ پالیسی سازوں کے لئے سماج کے شمار کی ساخت مفید ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:33 PM

کیونکہ یہ معاشی نظام کے مختلف شعبوں کے درمیان بڑے معاشی بہاؤ اور شماریاتی تعلقات کی نمائندگی کرتی ہے۔ معیشت کے رجحانات کی پیشن گوئی زیادہ درست طریقہ سے ممکن ہے۔

2.8.1 سماج کا شمار کرنا اور شعبہ جات (Social Accounting and Sectors)

اس طریقہ کار کے تحت اقتصادیات کو کئی شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک شعبہ انفرادیوں یا اداروں کا ایک گروہ ہے جو مشترکہ باہمی اقتصادی لین دین رکھتے ہیں۔ معیشت کو مندرجۂ ذیل شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(i) تجارتی ادارہ (Firms)

(ii) گھریلو (داخلی) (Households)

(iii) حکومت (Government)

(iv) باقی دنیا اور (Rest of the world)

(v) سرمایہ کا شعبہ (Firms)

■ تجارتی ادارے (Firms)

تجارتی ادارے پیداواری سرگرمیاں کرتے ہیں۔ اس طرح وہ تمام تنظیمیں ہیں جو اشیاء اور خدمات کی تیاری کے لئے پیداوری عوامل کو ملازمت دیتے ہیں۔

■ گھریلو شعبہ (House hold)

گھریلو شعبے، استعمال کرنے والی اکائیاں ہیں جو پیداوار کے عوامل کی نمائندگی کرتے ہیں، جو تجارتی ادارہ کو فراہم کردہ خدمات کا معاوضہ وصول کرتے ہیں۔ گھریلو شعبہ اشیاء اور خدمات کا استعمال کرتے ہیں، جو تجارتی اداروں کے ذریعہ تیار کئے جاتے ہیں۔

اس طرح تجارتی ادارہ گھریلو شعبوں کو اپنی خدمات کے لئے معاوضہ دیتی ہیں۔ گھریلو شعبہ اپنی آمدنی کے روپیوں کو ان فرموں کے ذریعہ تیار کردہ اشیاء اور خدمات پر خرچ کرتے ہیں۔ یہاں دو گروہوں کے درمیان رقم کا ایک دائری بہاؤ (Circular Flow) ہے۔

■ حکومت کے شعبے (The Government Sector)

حکومت کے شعبے سے مراد مرکز، ریاست اور مقامی سطح پر عوامی اداروں کے معاشی لین دین ہوتے ہیں۔ سماجی اعداد و شمار سے متعلق اپنے کام میں ''ایڈی اور پی کاک'' (Edey and Peacock) نے حکومت کو ایک مجموعی شخص کے طور پر بیان کیا ہے، جو تجارتی اداروں سے اشیاء اور خدمات خریدتی ہے۔ ان خریداروں کو ٹیکس، عوامی قرض یا کسی دوسرے مسائل کے ذریعہ مالی اعانت فراہم کی جاسکتی ہے۔ حکومت کا بنیادی عمل معاشرتی اشیاء جیسے دفاع، صحت عامہ، تعلیم وغیرہ کی فراہمی ہے۔ اس کا مطلب معاشرے کی اجتماعی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ تاہم عوامی کاروباری اداروں جیسے ڈاک خانہ (Post Office) اور ریلوے سرکاری شعبے سے الگ کیا جاتا ہے اور تجارتی ادارہ کے طور پر شامل کیا جاتا ہے۔

■ باقی دنیا کے شعبے (Rest of the World sector)

اس کا تعلق ملک کے بین الاقوامی معاشی کاروائی سے ہے۔ اس میں آمدنی، برآمدی اور درآمدی کارروائی، بیرونی قرضوں کی کارروائی اور ان سے وابستہ بیرونی ممالک میں سرمایہ کاری کی آمدنی اور ادائیگی شامل ہے۔

■ راس المال کا شعبہ (Capital sector)

اس سے مراد بچت اور سرمایہ کاری کی سرگرمیاں ہیں۔ اس میں بینکوں (banks)، بیمہ کاری (Insurance)، بلدیہ (Corporations)، مالیاتی ادارے اور نقدی کے مارکیٹ کی دیگر ایجنسیوں کی کارروائی شامل ہے۔ یہ تجارتی اداروں (firms) میں شامل نہیں ہیں۔ یہ ایجنسیاں Agencies محض تجارتی اداروں کی سرگرمیوں کو مالی اعانت فراہم کرتی ہیں۔

کل داخلی پیداوار (GDP) میں شعبہ واری Sectoral شراکت کا اندازہ کرتے ہوئے معیشت کو ابتدائی، ثانوی اور تیسرے شعبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:34 PM

2.8.2 قومی آمدنی اور فلاح و بہبود (National income and Welfare)

قومی آمدنی کو کسی ملک کی معاشی فلاح و بہبود کے اشاریہ کے طور پر مانا جاتا ہے۔ ممالک کی معاشی ترقی ان کے فی کس مجموعی گھریلو پیداوار (GDP per capita) اور ان کی سالانہ ترقی کی شرح کے حساب سے اندازہ کیا جاتا ہے۔ ایک ملک جس کی فی کس آمدنی زیادہ ہوتی ہے، اس معاشرے کی زندگی کا معیار اعلیٰ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ وہاں معاشی فلاح و بہبود بھی زیادہ ہوتا ہے۔

لیکن مجموعی گھریلو پیداوار (GDP) میں اضافہ یا فی کس آمدنی ہمیشہ معاشی فلاح و بہبود کو فروغ دینے کے لئے نہیں ہوتی۔ فی کس آمدنی معاشی فلاح و بہبود کا ایک اشاریہ ہے، جس کی درج ذیل حد بندیاں ہیں۔

(1) معاشی فلاح و بہبود کا انحصار اشیاء اور خدمات کی تشکیل پر ہوتا ہے۔ صارفین کی اشیاء (consumer goods) پر راس المال کی اشیاء (capital goods) کا تناسب جتنا زیادہ ہوگا، معاشی فلاح و بہبودی اتنی ہی کم ہوگی۔ اسی طرح عیش و آرام کے اشیاء کی پیداوار صرف امیر طبقہ کے لئے ہے۔

(2) اعلیٰ GDP سے زیادہ ماحولیاتی خطرات جیسے ہوا، پانی اور مٹی کی آلودگی زیادہ ہوگی اور معاشی فلاح و بہبودی کم ہوگی۔

(3) جنگی ساز و سامان کی پیداوار سے قومی پیداوار میں اضافہ ہوگا، لیکن فلاح و بہبودی نہیں ہوگی۔

(4) فی کس آمدنی میں اضافہ سے خواتین اور بچوں کی ملازمت کی وجہ سے ہوسکتا ہے یا مزدوروں کو زیادہ گھنٹے کام کرنے پر مجبور کرنے کی وجہ سے ہوسکتا ہے، لیکن اس سے معاشی فلاح و بہبود کو ترقی نہیں ملے گی۔

لہذا فزیکل کوالٹی آف لائف انڈیکس (Physical Quality of life Index (PQLI) کو معاشی فلاح و بہبودی کا ایک بہترین اشارہ سمجھا جاتا ہے۔ اس میں معیار زندگی، پیدائش کے وقت متوقع عمر اور خواندگی شامل ہے۔

2.8.3 قومی آمدنی اور قومی دولت کا خاتمہ (National income and Erosion of National Wealth)

اعلیٰ GDP کے حصول کے لئے اہم قدرتی وسائل کو ختم یا ان کا استحصال کیا جارہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مستقبل میں ہونے والی ترقی کی صلاحیت میں کمی ہوتی ہے۔ لہذا یہ تجویز رکھی گئی ہے کہ قومی آمدنی کو شمار کرتے ہوئے، قدرتی وسائل کے نقصان کو قومی آمدنی سے تفریق کیا جائے۔

2.8.4 امریکی ڈالر کے حساب سے قومی آمدنی (National income in terms of USA)

جب ہندوستانی قومی آمدنی کا اظہار امریکی ڈالر کے حساب سے ہوتا ہے تو بہت کم لگتا ہے۔ اگر خریداری کی قوت مساوات (PPP) (Purchasing power parity) کا طریقہ اختیار کیا جائے تو ہندوستان بہتر نظر آئے گا۔

2.8.5 سماجی اور ماحولیاتی خرچ (Social and environmental cost)

معاشی اشیاء تیار کرتے وقت بہت سے ماحولیاتی اور معاشرتی خرابیاں (Social bads) بھی پیدا ہوتی ہیں۔ لہذا، قومی آمدنی کو شمار کرتے وقت ان پر بھی غور کرنا چاہئے۔

خلاصہ: (Summary)

کسی ملک کی قومی آمدنی کسی ملک کی معاشی کارکردگی یا پیداوار کی کارکردگی کو بیان کرتی ہے۔ ماہرین معاشیات، منصوبہ سازی کرنے والے، حکومت، تاجر اور بین الاقوامی ایجنسیاں (World bank, IMF)، وغیرہ قومی آمدنی کے اعداد و شمار کا استعمال کرتے ہیں اور مختلف مقاصد کے لئے ان کا تجزیہ کرتے ہیں۔ قومی آمدنی کے اعداد و شمار وقت کے ساتھ ساتھ معیار زندگی میں تبدیلی کا اندازہ کرنے میں بھی ہماری مدد کرتے ہیں۔ قومی آمدنی کے اعداد و شمار کا استعمال کر کے کسی ملک کی ترقی کی سطح کا بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:34 PM

فرہنگ (Glossary)

- **GNP** : مجموعی قومی پیداوار: کسی ملک میں کسی مخصوص سال (ایک سال) کے دوران پیدا ہونے والی حتمی اشیاء اور خدمات کی کل نقدی کی قیمت جس میں کم قدری اور خالص برآمدات شامل ہیں۔
- **NNP** : اصلی قومی پیداوار : کسی مخصوص سال (ایک سال) کے دوران کسی ملک میں پیدا ہونے والی حتمی اشیاء اور خدمات کی کل نقدی کی قیمت میں کم قدری کو تفریق کر کے اصلی برآمدات کو جمع کرنا ہے۔
- **NNP at Factor cost** : عامل کی لاگت پر اصلی قومی پیداوار
  پیداواری عوامل کے لئے ادا کی گئی کل آمدنی کا حصہ ہے۔
- **Personal income** : ذاتی آمدنی: کسی ملک کے انفرادی لوگوں سے براہِ راست ٹیکس ادا کرنے سے پہلے حاصل ہونے والی کل آمدنی ہے۔
- **Disposable income**: قابل خرچ آمدنی : ٹیکس ادا کرنے کے بعد ایک شخص کے انفرادی استعمال (صَرف) اور بچت کا مجموعہ ہے
- **Per capital Income** : فی کس آمدنی:
  کسی شخص کی سالانہ اوسط آمدنی ہے۔
- **Social accounts** : سماجی کھاتے:
  معاشرتی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے معاشرتی خرچ کا کھاتہ، جسے قومی آمدنی محسوب کرتے وقت شمار کیا جاتا ہے۔
- **Un paid Services** : بغیر معاوضہ کی خدمات:
  مفید خدمات جیسے کھانا تیار کرنا، دھونا، سیکھنا، بچوں کی پرورش کرنا، اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے خدمات بغیر معاوضہ کے مہیا کرنا ہے۔
- **Capital sector** : راس المال کا شعبہ
  اس میں بچت اور سرمایہ کاری کی سرگرمیاں شامل ہیں۔
- **Transfer of Payments** : ادائیگی کی منتقلی:
  حکومت وظیفے Pensions، بے روزگاری کے الاؤنس، امدادی رقم وغیرہ کی شکل میں ادائیگی کرتی ہے۔

سوالوں کا نمونہ

حصہ - A

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ عامل کی لاگت پر اصلی قومی پیداوار کو یہ بھی کہا جاتا ہے۔
(a) قومی آمدنی
(b) داخلی آمدنی
(c) فی کس آمدنی
(d) تنخواہ

HCWP6

2۔ ابتدائی شعبہ یہ ہے۔
(a) کارخانہ (b) تجارت
(c) زراعت (d) تعمیرات

3۔ قومی آمدنی کی پیمائش .....طریقوں کے استعمال سے شمار کرتے ہیں۔
(a) دو (b) تین
(c) پانچ (d) چار

4۔ ان تمام .....کی شکلوں سے جمع کر کے آمدنی کے طریقہ کی پیمائش کی جاتی ہے۔
(a) پیداوار (b) محصول
(c) اخراجات (d) آمدنی

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:35 PM

5۔ سب سے بڑی علامت (عدد) (figure) کون سی ہے ؟

(a) قابل خرچ آمدنی (b) ذاتی آمدنی

(c) NNP (d) GNP

6۔ ..... میں اخراجات کے طریقہ سے قومی آمدنی کو شمار کیا جاتا ہے۔

(a) تعمیرات کا شعبہ (b) زرعی شعبہ

(c) خدماتی شعبہ (d) بینکنگ شعبہ

7۔ ..... تیسرے درجہ کا شعبہ (ثالثی شعبہ) بھی کہلاتا ہے۔

(a) خدمات (b) آمدنی

(c) صنعتی (d) پیداواری

8۔ ایک معیشت کی ..... کارکردگی کی پیمائش قومی آمدنی ہے۔

(a) صنعتی (b) زراعتی

(c) معاشیاتی (d) صَرف (استعمال)

9۔ قومی آمدنی کو .....سے تقسیم کرنے پر فی کس آمدنی حاصل ہوتی ہے

(a) پیداوار (b) ملک کی آبادی

(c) اخراجات (d) GNP

10۔ بیرونی ممالک سے حاصل + ... +GNP

(a) NNP (b) NDP

(c) GDP (d) ذاتی آمدنی

11۔ NNP سے مراد

(a) Net National product

(b) National Net product

(c) National Net provident

(d) Net National provident

12۔ کل قیمت سے ..... کو وضع کرنے سے خالص قیمت حاصل ہوتی ہے۔

(a) آمدنی

(b) فرسودگی

(c) اخراجات

(d) حتمی اشیاء کی قیمت

13۔ ہندوستان میں مالیاتی سال .....

(a) یکم اپریل سے 31 مارچ

(b) یکم مارچ سے 30 اپریل

(c) یکم مارچ سے 16 مارچ

(d) یکم جنوری سے 31 ڈسمبر

14۔ NNP سے بیرونی ممالک کے خالص عنصر قیمت آمدنی کو وضع کرنے سے ..... خالص قیمت حاصل ہوتی ہے۔

(a) مجموعی قومی پیداوار (b) قابل خرچ آمدنی

(c) اصلی اندرونی پیداوار (d) ذاتی آمدنی

15۔ صنعتی مقام میں NNP کی قیمت .....کہلاتی ہے

(a) NNP عنصر خرچ پر

(b) NNP بازار کی قیمت پر

(c) GNP عنصر خرچ پر

(d) فی کس آمدنی

16۔ ایک ملک کی اوسط آمدنی .....

(a) ذاتی آمدنی

(b) فی کس آمدنی

(c) افراط زر کی شرح (مہنگائی کی شرح)

(d) قابل خرچ آمدنی

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:35 PM

17۔ افراط زر کو ترتیب دینے (adjust) کے لئے قومی آمدنی کی قیمت ..... کہلاتی ہے۔

(a) افراطِ زر کی شرح (b) قابل خرچ آمدنی

(c) GNP (d) اصلی قومی آمدنی

18۔ بہاؤ کا تصور (flow Concept) کون سا ہے ؟

(a) قیمتوں کی تعداد (b) کل جائیداد

(c) ماہانہ آمدنی (d) نقدی کی فراہمی

19۔ PQLI ..... کا اشارہ ہے

(a) معیشت کی نشونما Economic growth

(b) معیشت کی بہبودی Economic Welfare

(c) معیشت کی ترقی Economic Progress

(d) معیشت کی ارتقاء Economic development

20۔ قومی آمدنی کا کثیر حصہ .....سے حاصل ہوتا ہے

(a) نجی شعبہ (b) مقامی شعبہ

(c) عوامی شعبہ (d) اس میں سے کوئی بھی نہیں

جوابات

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
a	c	b	d	d	a	a	c	b	c
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
a	b	a	c	a	b	d	c	b	a

Part - B

II۔ درج ذیل سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

21۔ قومی آمدنی کی تعریف کیجئے۔

22۔ GNP محسوب کرنے کے لئے ضابطہ لکھئے۔

23۔ NNP اور NDP کے درمیان کا فرق بتائیے۔

24۔ GNP اور NNP کے درمیانی تعلقات کو ظاہر کیجئے۔

25۔ ذاتی آمدنی سے کیا مراد ہے؟

26۔ GDP deflator (مجموعی ملکی پیداوار کو اصلی قیمت پر لے جانا) کی تعریف کیجئے۔

27۔ قومی آمدنی محسوب کرتے وقت خود کا استعمال (self consumption) میں کیوں دشواری آتی ہے ؟

Part - C

III۔ درج ذیل کے سوالات کے جوابات ایک ایک پیریگراف میں لکھئے۔

28۔ فی کس آمدنی پر مختصر نوٹ لکھئے۔

29۔ ذاتی اور قابل خرچ (Disposable) آمدنی کے درمیان فرق بتائیے۔

30۔ عامل کی لاگت پر NNP (NNP at factor cost) کی وضاحت کیجئے۔

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:35 PM

31۔ اخراجات کے طریقہ پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

32۔ قومی آمدنی کی پیمائش میں دوہری گنتی کے مسئلہ کا حل کیا ہے؟

33۔ قومی آمدنی اور فلاح و بہبود پر مختصر نوٹ لکھئے۔

34۔ قومی آمدنی کے استعمالات کو بیان کیجئے۔

Part - D

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

35۔ قومی آمدنی کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

36۔ کسی ملک کی قومی آمدنی کی پیمائش کے مختلف طریقوں پر بحث کیجئے۔

37۔ قومی آمدنی کی پیمائش میں پیش آنے والی دشواریاں کیا ہیں؟

38۔ معاشیاتی تجزیہ میں سماج کو شمار کرنے کی اہمیت پر بحث کیجئے۔

کارروائی

2001 سے مختلف ممالک کی GDP کا موازنہ کیجئے۔

References

1. Jhingan M.L. Macro Economic Theory, Vrinda Publication LTD.
2. Keshava.S.R. Economics, New Age Internatonal Publishers, 2010
3. Mitani D.M. Macroeconomics, Himalaya Publishing House,
4. www.articlelibrary.com

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:35 PM

ICT CORNER

National Income

This activity enables the students to calculate the National Income.



Steps 1:

- Open the Browser and type the URL given (or) Scan the QR Code. Work sheet named "Factor Cost and Market price" will open

Steps 2:

- You can change your values by typing in the boxes given in Left hand side. Right hand side all the values are calculated and shown. Check the output values. For detailed formula scroll down to next page.



Step1



Step2

Pictures are indicatives only

URL:

https://ggbm.at/dx7bamzw

(or) scan the QR Code

12th eco CH 2 national income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:12:36 PM

باب
3

روزگار اور آمدنی کے نظریے

(Theories of Employment and income)

بے روزگار افراد بداخلاقی، مایوسی، خودداری کا نقصان اور خوداعتمادی کے ضیاع کا شکار ہیں جو نافذ کاہلی کو برداشت کرتے ہیں۔

Wonnacolt. P and wonnacott . R

سیکھنے کے مقاصد

1. مکمل ملازمت اور بے روزگاری کے معنی اور اس کے اقسام کو سمجھنا۔
2. روزگار کے روایتی نظریہ (Classical Theory) کو سیکھنا۔
3. کینس کے نظریہ (Keynes Theory) آمدنی اور روزگار کی اہمیت کو جاننا۔

3.1 تعارف (Introduction)

اقتصادیات کی تاریخ میں بہت سارے ممالک کو معاشی مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ان مسائل میں سے بے روزگاری سب سے زیادہ پریشان کن ہے۔ روایتی معاشی ماہرین اور کینس دونوں نے روزگار اور آمدنی کے مابین تعلقات کی وضاحت کی ہے۔ روایتی ماہر معاشیات فرانسیسی ماہر اقتصادیات J.B Say کی طرف سے بیان کردہ بازاری قانون پر کافی اعتماد تھا۔ J.M.Keynes، 20ویں صدی کے وسط کے سب سے بڑے اور بااثر معاشی ماہرین میں سے ایک ہیں۔

3.2 مکمل ملازمت کے معنی (Meaning of full employment)

مکمل ملازمت سے مراد ایسی صورت حال ہوتی ہے جس میں ہر قابل صحت مند شخص جو موجودہ اجرت کی شرح پر کام کرنے کو تیار ہے۔ وہ ملازم ہے۔ دوسرے الفاظ میں مکمل ملازمت کا مطلب یہ ہے کہ وہ افراد جو کام کرنے کے لئے راضی ہیں اور کام کرنے کے قابل ہیں۔ ان کے پاس ملازمت یا کام کا ہونا ضروری ہے۔ کینس کے مطابق ''غیر ارادی بے روزگاری کی غیر موجودگی مکمل ملازمت کہلاتی ہے''۔

Lorner نے مکمل ملازمت کی تعریف اس طرح کی ہے کہ ''روزگار کی وہ سطح جس میں اخراجات میں مزید اضافے کے نتیجہ میں اجرت اور قیمتوں میں پیچیدار افراط زر ہو جائے گا''۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:21 PM

دنیا کی ہر معیشت کا مقصد پوری ملازمت کے توازن کی سطح کو حاصل کرنا ہے ۔اپنے ملک کے قدرتی وسائل کو مکمل طور پر استعمال کرکے خاطر خواہ پیداوار کو حاصل کرنے کی کوششیں کرتے ہیں مگر حقیقت میں مکمل ملازمت کا تصور عام طور پر کسی ملک کی مزدور قوت کے مکمل ملازمت سے مراد ہے۔

3.3 بے روزگاری اور اس کے اقسام
(Unemployment and its types)

بے روزگاری کا سامنا اس قت ہوتا ہے جب ایسے افراد موجود ہوں جو کام کرنے کے لئے راضی ہوں اور کام کرنے کے قابل ہوں لیکن مناسب ملازمتیں نہیں مل پاتیں۔



جب کہ ہندوستان میں بے روزگاری کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے پالیسیاں مرتب کرتے ہوئے، ہمیں دیہی علاقوں اور ہندوستان کے شہری علاقوں میں بے روزگاری کی نوعیت کے درمیان فرق کی ضرورت ہے۔ ہندوستان کی دیہی معیشت میں بے روزگاری اور جزوی ملازمت دونوں موجود ہیں۔ دیہی بے روزگاری کی بڑی خصوصیت مخفی بے روزگاری اور موسمی بے روزگاری ہے۔ ہندوستان میں شہری علاقوں میں باضابطہ، ساختی اور کھلی بے روزگاری موجود ہے۔ شہر کاری کی وجہ سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد دیہی علاقوں سے شہری علاقوں میں مزدور قوت کی تعداد میں اضافہ میں ہجرت شہری علاقوں میں مزدور قوت میں اضافہ کرتی ہے۔

بے روزگاری کے اقسام
(Types of Unemployment)

ہندوستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں بے روزگاری کی نوعیت ترقی یافتہ ممالک سے مختلف ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں بے روزگاری مکمل طور پر عارضی (temporary) یا دَوری (cyclical) یا فرکی (frictional) ہے۔ مگر ترقی پذیر ممالک میں یہ بڑی حد تک ساختی بے روزگاری ہے، جس کی وجہ سے راس المال کی تشکیل کی شرح (rate of capital formation) کم ہے۔

بے روزگاری کے اقسام مندرجۂ ذیل ہیں۔



دَوری بے روزگاری (Cyclical Unemployment)

یہ بے روزگاری، معیشت میں تجارتی دور کی بدحالی کے مرحلے کے دوران پیش آتی ہے۔ کساد بازاری (recession) اور صنعتی زوال (depression) کی مدت کے دوران کاروباری چکر میں، آمدنی اور پیداوار میں کمی بیشی کا نتیجہ ہیں۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:22 PM

یہ مؤثر مانگ کی کمی کی وجہ سے ہے۔ دوری بے روزگاری کو عوامی سرمایہ کاری (public investment) یا توسیع مالیاتی پالیسی (Expansionary monetary policy) کے ذریعہ ٹھیک کیا جاسکتا ہے۔

2۔ موسمی بے روزگاری (Seasonal Unemployment)

اس قسم کی بے روزگاری سال کے مخصوص موسموں کے دوران ہوتی ہے۔ زراعت اور زراعت پر مبنی صنعتوں جیسے شکر وغیرہ میں، پیداوار کی سرگرمیاں صرف کچھ موسموں میں کی جاتی ہیں۔ یہ صنعتیں صرف ایک سال میں اس موسم کے دوران ملازمت فراہم کرتی ہیں۔ لہذا لوگ مندی (بند موسم) (offseason) کے دوران بے روزگار رہ سکتے ہیں۔ موسمی بے روزگاری بھی طلب کی طرف سے ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر آئس کریم کی صنعت، چھٹی کے تفریح گاہ وغیرہ۔

3۔ فرکی یا عارضی بے روزگاری
Frictional Unemployment
(Temporary Unemployment)

مزدور کی فراہمی اور مزدور مانگ کے درمیان عدم توازن کی وجہ سے عارضی بے روزگاری پیدا ہوتی ہے۔ اس کی وجہ مزدور کا غیر مستحکم ہونا، ضروری صلاحیتوں کی کمی، مشینری کی خرابی، خام مال کی کمی وغیرہ ہے۔ جو افراد ملازمت سے محروم ہوجاتے ہیں اور نوکریوں سے محروم ہوجاتے ہیں اور نوکریوں کی تلاش میں رہتے ہیں وہ بھی عارضی بے روزگاری کے دائرے میں آتے ہیں۔

4۔ تعلیم یافتہ بے روزگاری
(Educated Unemployment)

بعض اوقات تعلیم یافتہ افراد کو ملازمت نہیں ملتی۔ ان کے ملازمت کے مواقع کم ہوجاتے یا وہ بے روزگار ہوجاتے ہیں۔ جب قابلیت ملازمت سے مماثل نہیں ہوتی ہے تو وہ بے روزگاری پیدا ہوتی ہے۔ ناقص تعلیمی نظام، ملازمت کی مہارت میں کمی، بڑے پیمانے پر طلباء کی کامیابی اور جسمانی مشقت کم ہونے والا روزگار (white Collar jobs) کی ترجیح وغیرہ، ہندوستان میں تعلیم یافتہ بے روزگاری کے لئے انتہائی ذمہ دار ہیں۔

5۔ تکنیکی بے روزگاری (Technical Unemployment)

جدید ٹکنالوجی سرمایہ زیادہ ہونے سے کم مزدور کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور اس ٹکنالوجی سے بے روزگاری میں مدد ملتی ہے۔ آج کل جدید ایجادات اور ٹکنالوجی کی وجہ سے وہاں موجود کارکنوں کے ذریعہ نئی تکنیکوں کو اپنانے کا راستہ اختیار کیا گیا۔ مزدور کی بچت کے آلات تکنیکی بے روزگاری کے ذمہ ہیں۔

6۔ ساختی بے روزگاری
(Structural Unemployment)

ساختی بے روزگاری معاشرے کے ڈھانچہ میں زبردست تبدیلی کی وجہ سے ہے۔ پیداواری مانگ کا فقدان یا دوسری مصنوعات کی ضرورت میں تبدیلی اس طرح کی بے روزگاری کا باعث ہے۔ مثال کے طور پر موبائل فون کی مانگ میں اضافہ نے کیمروں، ٹیپ ریکارڈ وغیرہ کی مانگ کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ اس طرح کی بے روزگاری معاشیات کی ساخت میں بڑی اور گہری بنیادی تبدیلی لاتی ہے۔

7۔ مخفی بے روزگاری
(Disguised Unemployment)



مخفی بے روزگاری اس وقت ہوتی ہے جب وہاں واقعی ضرورت سے زیادہ افراد موجود ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر چہ کچھ ملازموں کو واپس لیا جاتا ہے تو پیداوار کو نقصان نہیں پہنچتا ہے۔ اس قسم کی بے روزگاری زراعت کے شعبہ میں پائی جاتی ہے۔ ایک روز میں ایک شخص، اس کے کام کرنے کے گھنٹوں میں اپنے پیداوار کے جملہ حصے سے کم ماحصل دیتا ہے تو یہ کہا جائے گا کہ اس کا روزگار مخفی ہے۔ ایسی صورت میں اس کی پیداوار صفر یا کم یا منفی ہے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:23 PM

3.4 روزگار کا روایتی نظریہ
(Classical Theory of Employment)

اب تک کوئی بھی ایک ایسا نظریہ نہیں تھا جس کو ملازمت کی روایتی نظریہ کا نام دیا جاسکتا تھا۔ روزگار کا روایتی نظریہ معیشت میں آمدنی اور ملازمت کے معاملہ پر روایتی معاشی ماہرین کے مختلف خیالات پر مشتمل ہے۔ آدم اسمتھ (Adam smith) نے "An enquiry in to the Nature and Cause of the Wealth of Nations" نامی کتاب 1776 میں لکھی۔ اس کتاب کی اشاعت کے بعد سے ہی روایتی نظریہ کو J.B.Say, A.C.Pigoo, David Ricardo,J.S.Mill , وغیرہ نے مزید ترقی دی۔

روایتی ماہرین معاشیات نے فرض کیا کہ معیشت طویل عرصہ میں افراط زر (inflation) کے بغیر مکمل ملازمت کی سطح پر چلتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی فرض کیا کہ مسابقتی مارکٹ میں اشیاء کی قیمت اور اجرت لچکدار ہیں اور معیشت (lassez- Fair economy) میں عدم مداخلت موجود ہے۔

3.4.1 Say کے مارکٹ کا کلیہ (Say's law of market)



J.B.Say

Say کے مارکٹ کا کلیہ، روزگار کے روایتی نظریہ کا بنیادی مرکز ہے۔ J.B.Say (1776-1862) ایک فرانسیسی ماہر معاشیات اور صنعت کار تھے۔ وہ آدم اسمتھ (Adam smith) اور ڈیوڈ ریکارڈو (David Ricordo)، جے۔پی سے (J.B. Say) نے اس بیان کو پیش کیا کہ ''فراہمی (رسد) اپنی مانگ کو پیدا کرتی ہے۔''

(Supply creates its own demand)

لہذا معیشت میں پیداوار یا بے وزگاری کا مسئلہ عام نہیں ہوسکتا ہے۔ Say کے قول کے مطابق ''جب کسی معیشت میں اشیاء فرم کے ذریعہ تیار کئے جاتے ہیں تو وہ پیداوار کے عوامل کو معاوضہ ادا کرتے ہیں۔ پیداواری عوامل کے معاوضہ حاصل کرنے کے بعد گھریلو تیار کردہ اشیاء اور خدمات کی خریداری پر رقم خرچ کرتے ہیں۔ لہذا معیشت میں تیار کی جانے والی ہر مصنوعات بازار میں اس کی قیمت کے برابر مانگ پیدا کرتی ہے۔

Say کے مارکٹ کا کلیہ



مختصراً یہ روایتی نظریہ کی وضاحت کرتا ہے کہ ایک شخص اپنی پیداوار سے اپنی آمدنی حاصل کرتا ہے جو دوسروں کے ذریعہ تیار کردہ اشیاء اور خدمات کی خریداری پر خرچ ہوتا ہے۔ لہذا مجموعی طور پر معیشت کی کل پیداوار، جملہ آمدنی کے برابر ہے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:23 PM

Say کے قانون میں سابقہ اور بعداز وقوع
Ex ante and Expost in Says' Law

''فراہمی (رسد) اپنی مانگ کو پیدا کرتی ہے۔''

بیان جو فراہمی کو پیدا کرتا ہے، اس سے اپنی مانگ پیدا ہوتی ہے یا اس کے مساوی طور پر کہ مجموعی سرمایہ کاری مجموعی بچت کے برابر ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ بعد از وقوع اشیاء کے لئے مناسب ہے، جب کہ یہ محض ایک محاسبہ کی اکائی ہے۔ تاہم، Say's کے مارکٹ کے کلیہ کے مطابق یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ دونوں سابقہ معنی میں یکساں ہیں۔ یعنی کل مقدار جس میں لوگ تیار کرتے ہیں یعنی مجموعی طور پر فراہمی کل مقدار کے برابر ہونی چاہئے جس کو خریدنے کا ادارہ رکھتے ہیں، یعنی مجموعی مانگ ہے۔

say کا کلیہ قانون درج ذیل مفروضوں پر مبنی ہے۔
(Assumptions of the Say's law of market)

1۔ کوئی بھی خریدار یا اشیاء کو فروخت کرنے والا، قیمت کو متاثر نہیں کرسکتا۔

2۔ مکمل ملازمت۔

3۔ لوگ خود اپنی دلچسپی سے ابھر رہے ہیں اور عوام خود دلچسپی سے معاشی فیصلے طے کرتے ہیں۔

4۔ مکمل ملازمت کے توازن کے لئے خودکار اور ہم آہنگ عدم مداخلت (Laissz fair) پالیسی ضروری ہے۔ بازار کی قوتیں ہر چیز کو درست متعین کرتی ہے۔

5۔ مزدور اور مصنوعات کی منڈی میں کامل مقابلہ ہوگا۔

6۔ اجرت- قیمت میں لچک پائی جاتی ہے۔

7۔ نقدی (Money) صرف تبادلہ کے ذریعہ کا کام کرتی ہے۔

8۔ طویل مدت کا تجزیہ۔

9۔ زیادہ پیداوار یا بے روزگاری کا کوئی امکان نہیں۔

10۔ جب تک مکمل ملازمت حاصل نہ ہوگی۔ اس وقت تک غیر استعمال شدہ وسائل استعمال کئے جاتے ہیں۔

11۔ کوئی حکومتی مداخلت نہیں۔ قیمتوں میں ہم آہنگی کا عمل خود بخود ہوتا ہے۔

12۔ سود کی شرح میں لچک، بچت کا باعث بنتا ہے- سرمایہ کاری کی مساوات۔

Say's Law کے مضمرات:
(Implications of say's Law)

1۔ زیادہ پیداوار یا بے روزگاری کا کوئی امکان نہیں ہے۔

2۔ اگر معاشی نظام میں غیر استعمال شدہ وسائل موجود ہیں تو ان کو مکمل ملازمت تک استعمال کرنا فائدہ مند ہے۔ یہ اس شرط کے تحت درست ہے کہ عوامل اپنی پیداواری صلاحیت کے برابر معاوضہ قبول کرنے پر راضی ہوں۔

3۔ چونکہ معیشت میں قیمت خودکار ترکیب سے چلتی ہے۔ لہذا حکومت کی مداخلت کی ضرورت نہیں ہے۔ (تاہم، J.M.Keynes نے ریاست کے کردار پر زور دیا ہے۔)

4۔ سود کی لچک، بچت دار اور سرمایہ کاری کے مابین مساوات لاتی ہے۔

5۔ نقدی معیشت میں زر مبادلہ کا واحد ذریعہ بن کر عمل کرتی ہے۔ کیونکہ لوگ نقدی کو استعمال کے بغیر نہیں رکھیں گے۔

Say's Law کی تنقید (خامیاں)
(Criticisms of Say's Law)

Say کے قانون کے خلاف تنقید درج ذیل ہیں۔

1۔ Keynes کے مطابق فراہمی اپنی مانگ کو پیدا نہیں کرتی ہے۔ یہ قابل مناسب نہیں ہے جہاں مانگ میں اضافہ نہیں ہوتا، جتنا پیداوار بڑھتا ہے۔

2۔ خودکار ہم آہنگی کا عمل بے روزگاری کو دور نہیں کرے گی۔ سرمایہ کاری کی شرح میں اضافے سے بے روزگاری کو دور کیا جاسکتا ہے۔

3۔ نقدی غیر جانبدار نہیں ہے۔ عوام اتفاقی ہنگامی حالات کے لئے رقم رکھتے ہیں جب کہ تاجر مستقبل کی سرگرمیوں کے لئے نقد رقم محفوظ رکھتے ہیں۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:24 PM

4۔ Say کا قانون اس بیان پر مبنی ہے کہ ''فراہمی اپنی مانگ کو پیدا کرتی ہے اور اس میں زیادہ پیداوار نہیں ہے''۔Keynes نے کہا کہ زیادہ پیداوار ممکن ہے۔

5۔ keynes مکمل ملازمت کو بطورِ خاص معاملہ قرار دیتے ہیں کیونکہ سرمایہ دار اور معیشتوں میں روزگار کم ہے۔

6۔ عام طور پر زیادہ پیداوار اور بڑے پیمانہ پر بے روزگاری کے معاملے میں ریاستی مداخلت کی ضرورت پیدا ہوتی ہے۔

3.5 3.5۔کینس کا نظریہ روزگار اور آمدنی (Keynes' Theory of employment and income)





جان مین یارڈ کینس
John Maynard Keynes

The general theory of Keynes کی کتاب Employment, Interest and Money، 1936 میں شائع ایک نمایاں کام ہے، جو جدید اقتصادی نظریہ (modern economic theory) کی ترقی میں ایک اہم موڑ ہے۔

Keynes کا روایتی نظریہ معاشی ماہرین کے اس خیال کے خلاف تھا کہ سرمایہ دارانہ معیشت میں منڈی کی طاقتیں توازن حاصل کرنے کے لئے خود کو موافق کرتی ہیں۔Keynes نے روایتی معاشی ماہرین کو نہ صرف تنقید کا نشانہ بنایا، بلکہ نظریہ روزگار کی بھی حمایت کی۔

Keynes کا نظریہ ملازمت مختصر مدت کے نظریہ پر مبنی تھا۔ان کے بقول، روزگار کی سطح کا تعین پیداواری عوامل جیسے سرمائی اشیاء(capital goods)، مزدوروں کی فراہمی، ٹکنالوجی اور مزدور کی قابلیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

John Maynerd Keynes، 20ویں صدی کے سب سے زیادہ بارسوخ ماہر معاشیات تھے۔ وہ 1883 میں Cambridge میں پیدا ہوئے۔ایک ماہر معاشیات کی حیثیت سے اپنے کام کے علاوہ وہ سرکاری ملازمین کے طور پر بینک آف انگلینڈ (Bank of England) کے ناظم (director) اور بیٹن ووڈ (Bretton woods) سیول کانفرنس میں برطانوی وفد کے نکات پر فیصلہ کرنے کے رہنما رہے ہیں۔ان کے خیال پر مبنی معاشی نظریہ کو کینسی معاشیات (Keynesian Economics) کے نام سے جانا جاتا ہے اور آج بھی خاص طور پر کلی معاشیات (Macro Economics) کے میدان میں اہمیت کا حامل ہے۔

3.6 موثر مانگ (Effective demand)

Keynes کے نظریہ کا نقطۂ آغاز روزگار اور آمدنی کے مؤثر مانگ کا اصول ہے۔مؤثر مانگ صنعت کی مصنوعات پر لوگوں کے ذریعہ خرچ کی جانے والی رقم کی نشاندہی کرتی ہے۔تاجروں کو جو رقم ملتی ہے وہ کرایہ، اجرت، سود اور منافع کی شکل میں ادا کی جاتی ہے۔لہذا موثر مانگ، قومی آمدنی کے برابر ہے۔



12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:25 PM

مجموعی طور پر مؤثر مانگ میں اضافے سے روزگار کی سطح میں اضافہ ہوگا۔کل مؤثر مانگ میں کمی بے روزگاری کا باعث بنے گی۔ لہذا ملک کی کل ملازمت کا تقاضا کسی ملک کے کل مانگ کی مدد سے کیا جاسکتا ہے۔

کینس (keynes) کے نظریہ ملازمت کے مطابق مؤثر مانگ، اشیاء اور خدمات کے استعمال (صَرف)(Consumption) اور سرمایہ کاری پر خرچ ہونے والی رقم کی نشاندہی کرتی ہے۔کل خرچ قومی آمدنی کے برابر ہے جو قومی پیداوار کے برابر ہے۔معیشت کے روزگار اور پیداوار کے مابین تعلقات کا انحصار مؤثر مانگ کی سطح پر ہوتا ہے، جس کا تعین مجموعی فراہمی اور مجموعی مانگ کی قوتوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔

$$ED = Y = C + I = \frac{\text{پیداوار}}{\text{Output}} = \frac{\text{روزگار}}{\text{Employment}}$$

موثر مانگ (طلب) (رسد)، معیشت میں روزگار کی سطح کا تعین کرتی ہے۔جب مؤثر مانگ میں اضافہ ہوگا، تو روزگار میں اضافہ ہوگا۔ جب مؤثر مانگ کم ہوجائے گی تو سطح کی ملازمت میں کمی آئے گی۔ مؤثر مطالبہ کا تعین دو عزم یعنی صَرف اور سرمایہ کاری کے اخراجات کے ذریعہ کیا جائے گا۔صَرف لوگوں کی آمدنی اور استعمال کرنے کی معمولی شرح پر منحصر ہے۔Keynes کے مطابق اگر آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے تو صَرف (استعمال) میں بھی اضافہ ہوگا، لیکن آمدنی کے اضافہ کے مقابلہ میں کم ہوگا۔

سود کی شرح اور سرمایہ کی معمولی کارکردگی، راس المال (سرمایہ کاری)(Capital) کی سطح کا تعین کرتی ہے۔شرح سودی انحصار رقم کی فراہمی اور سیّال اثاثے (رقت) (Liquidity) کی ترجیح پر ہے۔

Keynes نے رقت کی ترجیح کے نظریے (Liquidity preference theory) کو زیادہ اہمیت دی ہے (رقت) Liquidity کی ترجیح تین معاملات پر مبنی ہے۔یعنی لین دین کا مقصد، احتیاطی مقاصد اور قیاس کا مقصد ہے۔MEC دوعوامل پر مبنی ہے، یعنی سرمائے کے اثاثوں کی متوقع پیداوار اور سرمائے کی فراہمی قیمت ہے۔

(مزید تفصیلات کے لئے باب 4 کا مطالعہ کریں)

3.6.1 مجموعی مانگ کا تفاعل (Aggregate Demand Function)(ADF)

کینس کے نمونہ (Keynesian model) میں پیداوار کا تعین بنیادی طور پر مجموعی مانگ سے ہوتا ہے۔مجموعی مانگ، نقدی کی وہ مقدار ہے جو ملازمین کی تعداد کے ذریعہ تیار کردہ پیداوار کو فروخت کرکے ایک کاروباری حاصل کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔ لہذا یہ ملازمت کی مختلف سطحوں پر پیداوار کی فروخت سے متوقع آمدنی یا محصول ہے۔

مجموعی طلب میں مندرجۂ ذیل چار اجزاء ہیں۔

1۔ استعمال کی مانگ (Consumption demand)

2۔ سرمایہ کاری کی مانگ (Investment demand)

3۔ سرکاری اخراجات او(Government expenditure)

4۔ خالص برآمد (درآمد-برآمد) (Net Export)

مطلوبہ یا منصوبہ بند مانگ (اخراجات) وہ رقم ہے جو گھریلو، فرم اور، حکومت غیر ملکی خریدار گھریلو پیدوار (domestic output) پر خرچ کرنا چاہیں گے۔ جو دوسرے الفاظ میں، معیشت میں مطلوبہ مانگ، مطلوبہ نجی استعمال کے اخراجات، مطلوبہ سرمایہ کاری کے اخراجات، مطلوبہ سرکاری اخراجات اور مطلوبہ خاص برآمدات (برآمدات اور درآمدات کے درمیان فرق) کی کل رقم ہے۔ لہذا مطلوبہ اخراجات کو مجموعی اخراجات (طلب) کہا جاتا ہے اور اس کا اظہار اس طرح کیا جاسکتا ہے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:26 PM

$$AD = C + I + G + (X - M)$$



خاکہ 3.1

خاکہ 3.1 یہ وضاحت کرتا ہے کہ ملازمت کے حجم میں اضافے کے ساتھ مجموعی مانگ کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے یا کمی کے ساتھ قیمت میں کمی واقع ہوتی ہے۔شروع میں بڑھتی ہوئی شرح سے مجموعی مانگ کی منحنی خط بڑھتا ہے اور پھر کم ہوتی شرح پر بڑھتی ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملازمت میں اضافہ کی وجہ سے آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے ۔ معیشت کے اخراجات کم ہوتی شرح سے بڑھتے ہیں۔

3.6.2 مجموعی فراہمی کا تفاعل (ASF)

(Aggregate supply Function) (ASF)

مجموعی فراہمی کا تفاعل روزگار کی سطح کا ایک بڑھتا ہوا فعل ہے ۔ مجموعی فراہمی سے مراد ایک سال میں معیشت میں پیدا ہونے والے اشیاء اور خدمات کی کل پیداوار کی قیمت ہے۔دوسرے الفاظ میں مجموعی طور پر فراہمی قومی محصول کی قیمت کے برابر ہے یعنی قومی آمدنی

دوسرے لفظوں میں، مجموعی فراہمی سے مراد، مزدوروں اور سامان کی مطلوبہ مقدار کو حاصل کیا جانا ہے، تاکہ ضروری پیداوار پیدا ہو۔ تاجر ،اجرت کے مزدوروں (hire labourers) کی خدمات حاصل کرتے ہیں ۔اشیاء تیار کرنے کے لئے مختلف ذرائع inputs اور خام مال کی خریداری کرتے ہیں ۔اس طرح پیداوار میں لاگت شامل ہوتی ہے ۔اگر پیداوار کی فروخت سے حاصل ہونے والا محصول روزگار اور اوار کی ایک رہ سطح ر اوار کی لاگت سے وزکرتا ہے تو صنعت کار کو زیادہ مزدوری اور زیادہ پیداوار کے لئے دوسرے ذرائع input اور زیادہ مزدور کو استعمال میں لانا ہوگا۔

مجموعی طور پر فراہمی کی قیمت ،نقدی کی کل رقم ہے جو معیشت کے تمام کاروباری افراد کو ملازمین کی دی گئی تعداد کے ذریعہ تیار کردہ پیداوار کی فروخت سے حاصل ہونے کی توقع ہے ۔اصطلاح قیمت (price) سے مراد ''پیداوار کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم (فروخت کی آمدنی)'' ہے۔ لہذا ملازمت کی مختلف سطحوں کے لئے مجموعی قیمتیں ہیں۔

مجموعی فراہمی کے اجزاء یہ ہیں۔

1۔ مجموعی (مطلوبہ) کھپت (صَرف) استعمال کے اخراجات (C)
(Aggregate consumption expenditure)

2۔ مجموعی (مطلوبہ) نجی بچت (S)
(Aggregate (desired) private savings)

3۔ اصلی ٹیکس کی ادائیگی (T) (Net tax payments)
(حکومت کو حاصل ہونے والی ٹیکس کی رقم سے رقموں کی ادائیگی (Transfer Payments) وظیفہ، امدادی حکومت سے دئے جانے والے سود کی رقم وغیرہ کو نکال کر حاصل ہونے والی رقم) اور

4۔ غیر ملکیوں (Rf) کے لئے ذاتی (مطلوبہ) ادائیگی کی منتقلی (جیسے بین الاقوامی امدادی (راحتی) سرگرمیوں میں عطیہ وغیرہ)

$$\text{مجموعی فراہمی} = C + S + T + Rf =$$
معیشت میں مجموعی آمدنی پیدا کرنا

خاکہ 3.2 میں مقررہ نقدی کی اجرت اور متغیر اجرت کے مفروضے کے لئے تیار کی جانے والی دو مجموعی فراہمی کی منحنیوں کی شکل دکھائی گئی ہے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:26 PM

مجموعی فراہمی کی خط منحنی



خاکہ 3.2

خط منحنی Z اس وقت سیدھی ہوگی جب اجرت کی رقم مقررہ (fixed) ہو۔

خط منحنی Z_1 سیدھی نہیں ہوگی، کیوں کہ اجرت کی شرح روزگاری کے ساتھ بڑھتی ہے۔ جب مکمل روزگار کی سطح کو N_f کو پہنچتی ہے تو زیادہ مزدور سے پیداوار کو بڑھانا ناممکن ہے۔اس لئے مجموعی طلب کی منحنی غیر لچکدار ہوتی ہے۔(یعنی عمودی خط مستقیم)

مجموعی فراہمی کے منحنی خطوط کا انحصار روزگار اور پیداوار کے درمیان تعلقات پر ہے۔سرمایہ کا ذخیرہ اکثر مقررہ ہوتا ہے اور اسی وجہ سے قانون تقلیل حاشیائی حاصل (law of diminishing marginal returns) معمولی منافع کو کم کرنے کا قانون ہوتا ہے۔ کیونکہ زیادہ سے زیادہ ملازمین کام کرتے ہیں۔اس تعلق کی بنیاد پر، فراہمی کے مجموعی منحنی خطوط اوپر کی طرف توقع کئے جاسکتے ہیں۔ حقیقت میں مجموعی فراہمی کی منحنی خاکہ 3.2 میں Z1 کی طرح ہوگی۔ چنانچہ مجموعی فراہمی قیمت اور اجرت کے درمیان تعلق پر منحصر ہے۔اگر قیمتیں زیادہ ہیں اور اجرت کم ہے تو تیار کرنے والا مزدوروں کو ملازمت دینے کی کوشش کریں گے۔اگر قیمتیں کم ہیں اور اجرتیں زیادہ ہیں تو سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ پیداوار کم ہوگا اور پیداواری گنجائش (productive capacity) میں کمی ہوگی۔ اس طرح معاشیاتی سرگرمی کی سطح کو تعین کرنے کے لئے مجموعی فراہمی ایک اہم عنصر ہے۔

3.6.3 ADF اور ASF کے درمیان توازن
(Equilibrium between ADF and ASF)

کینس (Keynes) کے نظریہ روزگار کے تحت، گھریلو شعبے اور کاروباری شعبے پر مشتمل ایک دوعام شعبہ کے مابین توازن کو ASF اور ADF معیشت کو سمجھنے کے لئے لیا گیا ہے۔صَرف (استعمال) کے اخراجات سے متعلق تمام فیصلے انفرادی گھریلو شعبے سے لئے جاتے ہیں۔جب کہ کاروباری فرم سرمایہ کاری سے متعلق فیصلے لیتے ہیں۔یہ بھی فرض کیا جاتا ہے کہ صَرف (استعمال) کا تفاعل خطی ہے اور منصوبہ بند سرمایہ کاری خودمختار ہے۔



شکل 3.3

کینس کے (Keynesian) نظریہ میں متوازن سطح کی آمدنی کے عزم کے لئے دونقطہ نظر ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

1۔ مجموعی طلب: مجموعی فراہمی کا نقطہ نظر
(Aggregate demand - Aggregate supply approach)

2۔ بچت : سرمایہ کاری کا نقطہ نظر
(Savings-Investment approach)

اس باب میں، ان دونوں میں سے صرف مجموعی مانگ اور مجموعی فراہمی ہی کو لیا گیا ہے۔تاکہ آمدنی اور روزگار کے متوازن سطح کو معلوم کیا جاسکے اور اسے سمجھا جاسکے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:27 PM

مؤثر مانگ کے تصور کو خاکہ 3.3 میں زیادہ واضح طور پر دکھایا گیا ہے۔

خاکہ میں، نقطہ E پر فراہمی نقطہ مجموعی مانگ اور مجموعی فراہمی پر توازن کو پہنچتی ہے۔ نقطہ No پر روزگار کی سطح ہے۔

ON1 پر روزگاری کی مجموعی فراہمی N1 R1 ہے، مگر وہ M1N1 کو پیدا کرنے کے قابل ہے۔ متوقع منافع کی سطح M1R1 ہے۔ منافع کی اس سطح کو حاصل کرنے کے لئے تاجر زیادہ سے زیادہ مزدور ملازمت کے لئے رکھیں گے۔ ایک بار جب وہ نقطہ E پر پہنچ جائے گا تو زیادہ ملازمت رکھنے کا رجحان ختم ہو جائے گا۔

مجموعی فراہمی کی منحنی، مجموعی مانگ کی منحنی ONo سے نیچے ہے۔ یہ اس بات کا اشارہ کرتی ہے کہ پیدا کرنے والوں کو نقصان ہوگا۔ لہٰذا وہ ONo سے زیادہ مزدور ملازمت کے لئے نہیں رکھیں گے۔

لہٰذا کینس نظام کے موثر مانگ کا نظریہ (efflective demand concept) سرمایہ دارانہ معیشت یا آزاد مارکٹ کی معیشت میں پیداوار کی توازن کی سطح کا تعین کرنے کا ایک اہم نقطہ بن جاتا ہے۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ شکل 3.3 میں روزگار کی متوازن سطح سے مراد مکمل روزگار (N_1) کی ضرورت نہیں ہے۔ خاکہ سے یہ سمجھا جاسکتا ہے کہ N0- Nf کے درمیان فرق بے روزگاری کی سطح ہے۔ اس طرح روزگار کے توازن کی وضاحت کرنے میں موثر مانگ کا تصور اہم ہو جاتا ہے۔

3.7 کلاسیکی (روایتی) نظام اور کینس کے نظام کا موازنہ
Comparison of Classicisim and Keynosianism

Sl.No	کلاسکی (روایتی) نظام (Classicism)	کینس کا نظام (Keynesianism)
1.	طویل مدتی توازن	کم مدتی توازن
2.	بچت ایک برائی یا عیب ہے۔	بچت ایک معاشرتی خوبی ہے
3.	نقدی کا کام تبادلہ کے واسطے کے طور پر کام کرنا ہے	نقدی کا کام ایک طرف تبادلہ کرنے کا ایک ذریعہ ہے اور دوسری طرف قیمت کا ذخیرہ ہے۔
4.	کلی مسائل کے لئے جزوی یا خوردی بنیاد	قومی مسائل کے لئے کلی طریقہ کار
5.	عدم مداخلت (Laissez-fair) کی پالیسی کے حمایتی	ریاستی مداخلت کی اجازت دی جاتی ہے۔
6.	صرف ملازمت کی مکمل صورت حال کے لئے	تمام حالات کے لئے موزوں۔ مکمل ملازمت اور مکمل ملازمت سے کم بھی۔
7.	سرمایہ داری مفید اور اچھی ہے۔	سرمایہ داری موروثی اور متضاد ہے۔
8.	متوازن بجٹ	بجٹ کو معیشت کی ضروریات کے مطابق بنانا چاہئے۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:27 PM

9.	سود کی شرح میں تبدیلی کے ذریعہ بچت اور سرمایہ کاری کے مابین مساوات حاصل کی جاتی ہے۔	آمدنی میں تبدیلی کے ذریعہ بچت اور سرمایہ کاری کے مابین مساوات ترقی یافتہ ہے۔
10.	شرح سود کا تقاضا نقدی کی طلب اور فراہمی سے ہوتا ہے۔	شرح سود کا استعمال بچت اور سرمایہ کاری سے کیا جاتا ہے۔
11.	شرح سود ایک ذخیرہ (Stock) ہے۔	شرح سود ایک بہاؤ (روانی) (Flow) ہے۔
12.	فراہمی اپنی مانگ خود پیدا کرتی ہے۔	مانگ اپنی فراہمی خود پیدا کرتی ہے۔
13.	شرح سود بچت کے لئے ایک صلہ یا انعام (reward) ہے۔	شرح سود، سیال اثاثے (liquidity) کے ساتھ الگ ہونے کا صلہ یا انعام ہے۔

روزگار اور آمدنی کے نظریات کے بارے میں اتنا سیکھنے کے بعد یہ دیکھنا مناسب ہے کہ روزگار کو بڑھانے والا کون ہے۔

خلاصہ (Summary)

کینس نے کلاسیکی (روایاتی) معاشی نظریہ کو بازار میں ریاستی مداخلت کی خوبیوں کے بارے میں اعتراض کیا اور دوسری جنگ عظیم کے بعد کے دور میں دنیا بھر میں معاشی نظریہ اور حکومتی پالیسیوں دونوں میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کا باعث بنی۔

فرہنگ: Glossary

❖ **مکمل روزگار (Full employment)**

وہ افراد جو کام کرنے کے لئے راضی ہیں اور کام کرنے کے قابل ہیں۔ ان کے پاس ملازمت یا نوکری ہونی چاہئے۔

❖ **بے روزگاری (Unemployment)**

جب ایسے لوگ ہوں جو کام کرنے کے لئے راضی ہوں اور کام کرنے کے قابل ہوں، لیکن مناسب ملازمتیں نہیں مل پائیں۔

❖ **مخفی بے روزگاری: Disguised Unemployment**

مخفی بے روزگاری اس جگہ پائی جاتی ہے جہاں واقعی ضرورت سے زیادہ لوگ کام کر رہے ہوں۔

❖ **جزوی ملازمت: Under Employment**

وسائل جیسے (مزدور) پیداوار میں پوری طرح استعمال نہیں ہوتے ہیں۔

❖ **موثر مانگ Effective demand**

پیداوار کے اشیاء کے ذریعہ تاجروں کو کتنی نقدی ملنے کی امید ہے۔

حاشیائی ❖ **مجموعی مانگ (Aggregate demand)**

گھریلو، تجارتی ادارہ، حکومتیں اور غیر ملکی خریداری، گھریلو پیداوار پر خرچ ہونے والی رقم ہے۔

❖ **مجموعی فراہمی Aggregate Supply**

ایک سال میں معیشت میں پیدا ہونے والی اشیاء اور خدمات کی مجموعی پیداوار کی قیمت ہے۔

❖ **استعمال کرنے کا حاشیائی رجحان**

Marginal propensity to Consume

اضافی صرف (استعمال) آمدنی کے اضافہ اکائی (unit) کی وجہ سے ہوتی ہے۔

❖ **سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی**

Marginal Efficiency of capital

ایک نئی سرمایہ کردہ شئے پر متوقع شرح منافع

❖ **نقدی کی فراہمی money supply**

معیشت میں گردش کرنے والی نقدی کا کل ذخیرہ۔

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:28 PM

PART A

I۔ کثیر انتخابی سوالات

1۔ ہر قابل فرد جو مقررہ اجرت کی شرح پر ملازمت کے لئے آمادہ ہو تو اس کو ..... روزگار کہتے ہیں۔

(a) مکمل روزگار
(b) جزوی روزگار
(c) بے روزگار
(d) روزگار کے مواقع

2۔ ساختی بے روزگاری کی خصوصیت ..... میں ہے۔

(a) سکونی سماج
(b) اشتراکی سماج
(c) متحرک سماج
(d) مخلوط سماج

3۔ مخفی بے روزگاری میں مزدور کی حاشیائی پیداوار .....

(a) صفر (b) ایک
(c) دو (d) مثبت

4۔ روایتی (Classical) معاشی نظریہ کا اہم مرکز .....

(a) جزوی روزگار
(b) معیشت ہمیشہ توازن کی حالت میں ہوتی ہے
(c) مانگ اپنی فراہمی کو پیدا کرتی ہے
(d) نامکمل مقابلہ

5۔ جے۔بی۔سے (J.B.Say) ایک ..... تھے۔

(a) جدید روایت ماہر اقتصادیات (معاشیات)
(b) روایتی ماہر معاشیات
(c) جدید ماہر معاشیات
(d) حالیہ ماہر معاشیات

6۔ کینس Keynes کے تحت ایک سرمایہ داری معیشت میں کس قسم کی بے روزگاری پائی جاتی ہے۔

(a) مکمل روزگار
(b) ارادی بے روزگاری
(c) غیر ارادی بے روزگاری
(d) جزوی روزگاری

7۔ روزگار کے روایتی نظریہ کا اہم مقصد

(a) تقلیل حاصل قانون (Law of Diminishing)
(b) مانگ کا قانون
(c) بازاروں کا قانون
(d) صَرف (استعمال) کا قانون

8۔ کینس (Keynes) کے تحت بے روزگاری کے معنی.....

(a) مؤثر فراہمی میں کمی
(b) مؤثر مانگ میں کمی
(c) دونوں میں کمی
(d) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ بچت اور سرمایہ کے درمیان مساوات لانے والی..... کی لچک داری ہے۔

(a) طلب
(b) فراہمی
(c) سرمایہ
(d) شرح سود

10۔ جدید معاشیاتی نظریہ کی ترقی کا نقطہ موڑ.....کا نظریہ ہے۔

Keynes (a) Say (b)
classical قدیم (c) روزگار (d)

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:28 PM

11۔ کینس (keynes) کے روزگار اور آمدنی کے نظریہ کا بنیادی مقصد ..... ہے۔

(a) مجموعی مانگ

(b) مجموعی فراہمی

(c) مؤثر طلب

(d) استعمال کرنے کا کفایتی رجحان

12۔ مجموعی مانگ کے اجزاء ..... ہیں۔

(a) ذاتی مانگ

(b) حکومت کا خرچ

(c) صرف برآمد

(d) صرف درآمد

13۔ مجموعی فراہمی ..... کے مساوی ہے۔

(a) C+I+G

(b) C+S+G+(X–M)

(c) C+S+T+C(X–M)

(d) $C+S+T+R_f$

14۔ عدم مداخلت کی پالیسی کے بدلہ میں کینس (Keynes) کا نظریہ ..... کی مسابقت کرتا ہے۔

(a) حکومت کی مداخلت نہیں

(b) زیادہ مداخلت

(c) چند حالات میں حکومت کی مداخلت

(d) نجی شعبہ کی مداخلت

15۔ کینس (Keynes) کے نظریہ روزگار اور آمدنی میں اقتصادی بحران کا بنیادی سبب ..... ہے۔

(a) کم پیداواری

(b) زیادہ مانگ

(c) غیر لچکدار فراہمی

(d) پیداوار کی گنجائش کی نسبت سے کم مجموعی مانگ

16۔ روایتی نظریہ ..... کی حمایت کرتا ہے۔

(a) متوازن بجٹ

(b) غیر متوازن بجٹ

(c) فاضل بجٹ

(d) خسارہ والا بجٹ

17۔ کینس کا نظریہ ..... توازن کی حمایت کرتا ہے۔

(a) بہت قلیل مدت

(b) قلیل مدت

(c) بہت طویل مدت

(d) طویل مدت

18۔ روایتی نظریہ کے تحت شرح سود ..... کے لئے ایک صلہ یا انعام ہے۔

(a) سرمایہ کاری

(b) مانگ

(c) سرمایہ

(d) بچت

19۔ کینس (keynes) کے نظریہ میں نقدی کی طلب اور فراہمی کو ..... تعین کرتا ہے۔

(a) شرح سود

(b) مؤثر مانگ

(c) مجموعی طلب

(d) مجموعی فراہمی

20۔ معیشت میں ..... کارروائی کو Say کا قانون زور دیتا ہے۔

(a) ترغیبی قیمت ترکیب (Induced price mechanism)

(b) خودکار قیمت کی ترکیب (Automatic price mechanism)

(c) ترغیبی مانگ (Induced demand)

(d) ترغیبی سرمایہ (Induced investment)

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:28 PM

جوابات:

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
a	c	a	b	b	d	c	b	d	a
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
c	b	d	c	d	a	b	d	a	b

Part - B

مندرجۂ ذیل سوالات کے جواب ایک یا دو سطر میں دیجئے۔

21۔ مکمل روزگار کی تعریف کیجئے۔

22۔ دیہی بے روزگاری کی اہم خصوصیت کیا ہے؟

23۔ غیر منقولہ (عارضی) بے روزگاری پر مختصر نوٹ لکھئے۔

24۔ موجودہ ماحول میں مزدوروں کو برطرف (Labour retrenchment) کرنے کے اسباب بتائیے۔

25۔ Say کے مفروضات بیان کیجئے۔

26۔ مؤثر طلب کیا ہے؟

27 ۔ مجموعی فراہمی کے اجزاء کیا ہیں؟

PART – C

درج ذیل سوالوں کے جواب ایک پیریگراف میں دیجئے۔

28۔ ان کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) موسمی بے روزگاری

(ii) غیر منقولہ (عارضی) بے روزگاری

(iii) تعلیم یافتہ بے روزگاری

29۔ Say کے قانون کے مقصد کو مختصر طور پر بیان کیجئے۔

30۔ Keynes' theory کو گزر نقشہ (Flow Chart) کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔

31۔ مجموعی طلب سے تم کیا مراد لیتے ہو؟ اس کے اجزاء کا ذکر کیجئے۔

32۔ مجموعی طلب کو خاکہ کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔

33۔ کلاسکی (روایتی) نظام اور کینس کے نظام کے درمیان کوئی پانچ فرق لکھئے۔

100 95 75 25 5 0
12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:29 PM

PART - D

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک صفحہ میں لکھئے۔

34۔ بے روزگاری کے اقسام کی وضاحت کیجئے

35۔Say کے بازاری قانون (Say's Law of market) کو تنقیدی نظر سے وضاحت کیجئے۔

36۔ADF اور ASF کے درمیان کے توازن کو خاکہ کے ذریعہ بیان کیجئے۔

37۔ کلاسکی (روایتی) نظریہ اور کینس کے نظریہ کے درمیان فرق کی وضاحت کیجئے

کارروائی

اپنے گاؤں یا حلقہ کے کتنے افراد مکمل بے روزگار، جزوی بے روزگار اور برسر روزگار ہیں، ان کی فہرست بنائیے۔

References

1. Jhingan. M. L. ' Macroeconomic Theory', Vrinda Publication LTD.
2. Keshava. S.R. 'Economics' , New Age International Publishers, 2010.
3. Maria John Kennedy. M. 'Macroeconomic Theory' PHI Learning Private Limited, New Delhi, 2011.
4. Mithani.D. M, 'Macroeconomics' Himalaya Publishing House.
5. Seth. M. L, 'Macroeconomics' , Lakshmi Narai Agarwal, Agra, 2012.
6. www.articlelibrary.com
7. www.economicdiscussion.com

12th eco CH 3 theories of employment and income urdu
Saturday, April 10, 2021 3:41:29 PM

باب
4

صَرف (استعمال) اور سرمایہ کاری کے افعال

Consumption And Investment Functions

The theory of multiplier and the theory of accelerator are the two sides of the theory of fluctuations just as the theory of demand and the theory of supply are the two sides of the theory of value. The full theory must be that which shows both sides in operation.

– J.R.Hicks.

سیکھنے کے مقاصد

1. صَرف (استعمال) اور سرمایہ کاری کے تفاعل میں بنیادی تصورات کا مطالعہ کرنا۔
2. ضارب (multiplier)، رفتار بڑھانے والا (accelerator) اور اعلیٰ ضارب (super multiplier) کے کاموں پر علم عطا کرنا۔

4.1 تعارف Introduction

دوسرے باب میں ہم نے قومی آمدنی کا تصور، اس کی پیمائش، اہمیت اور مسائل کا مطالعہ کیا تھا۔ اس باب میں ہم صَرف (استعمال) کا تفاعل اور سرمایہ کاری کے تفاعل سے متعلق جانکاری حاصل کریں گے جو قومی آمدنی کو متاثر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

قومی آمدنی میں نشو ونما کی رفتار کا ہونا ہی کل معاشیات کا بنیادی مقصد ہے۔ ہم نے پہلے ہی دیکھا ہے کہ قومی آمدنی میں کھپت کی اشیاء (c) اور سرمایہ کاری کی اشیاء (I) شامل ہیں۔ سرمایہ کاری اور قومی آمدنی کے درمیان قریبی تعلق ہے۔

ضارب (multiplier) سے مراد آمدنی میں اضافے اور سرمایہ کاری کے منافع کا درمیانی فرق ہے۔ ضارب کی قدر و قیمت، استعمال (صَرف) کے تفاعل اور استعمال کرنے کا حاشیائی رجحان (Marginal Propensity to consume) پر منحصر کرتی ہے۔ کھپت کے اخراجات اور قومی آمدنی کے درمیان کا تعلق صَرف (استعمال) کا تفاعل (consumption function) ہے۔ قومی آمدنی کے غیر استعمال والے حصے کو بچت کہتے ہیں، جو سرمایہ (investmnt) بنتا ہے اور اس سے سرمایہ (Capital) بنتا ہے۔ استعمال (کھپت) کے اخراجات اور سرمایہ کے اخراجات کے مابین تعلقات کو تیز رفتار کے اصول (principle of

100 95 75 25 5 0

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:24 PM

accelerator) کے ذریعہ بیان کیا گیا ہے۔ یہ تمام متغیرات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔

اس باب میں کھپت کے تفاعل، کھپت کی نفسیاتی قانون، سرمایہ کاری کا تفاعل، ضرب، تیز رفتار اور سپر ضرب سیکھ سکتے ہیں۔

4.2 صرف (استعمال) کے تفاعل (Consumption Function)

4.2.1 استعمال (کھپت) (صرف) کے تفاعل کے معنی:



استعمال کے تفاعل
CONSUMPTION FUNCTION

آمدنی اور کھپت کے تعلق کھپت کا تفاعل یا صرف (استعمال) کا رجحان (propensity to consume) سے مراد ہے۔ یہ دو مجموعوں کے درمیان تفاعلی تعلقات ہے۔ یعنی کل استعمال اور مجموعی قومی آمدنی علامتی طور پر تعلقات کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

$$C = f(Y)$$

جہاں

C = کھپت Consumption

Y = آمدنی Income

f = تفاعل Functions

اس طرح استعمال کا تفاعل C اور Y کے درمیان ایک تفاعل تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے۔ جہاں C منحصر متغیر ہے اور Y آزاد متغیر ہے۔ C کا تعین Y کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

یہ تعلق Ceteris paribus (دوسری چیزیں ایک جیسی ہے) کے مصروفیات پر مبنی ہے، کیونکہ صرف آمدنی - استعمال کا تعلق سمجھا جاتا ہے اور استعمال پر ہر ممکن اثرات کو مستقل رکھا جاتا ہے۔

درحقیقت، استعمال (کھپت) کا تفاعل، یعنی آمدنی کی مختلف سطحوں کے مطابق استعمال کے اخراجات کی مختلف مقداروں کا ایک جدول ہے۔ فرضی استعمال کو جدول-1 میں دیا گیا ہے۔

جدول 1 آمدنی - استعمال کا جدول (₹ کروڑ)

Table:1 Income - consumption Schedule (Crores)

آمدنی Income Y	کھپت (استعمال) Consumption C	بچت Savings S
0	20	-20
60	70	-10
120	120	0
180	170	10
240	220	20
300	270	30
360	320	40

اگر ہم $C = 100 + 0.8Y$ لیں تو $MPC = 0.8$ حاصل ہوتا ہے۔

یہاں

اگر $Y = 0, C = 100$ اگر $Y = 100, C = 180$

اگر $Y = 200, C = 260$

اگر $Y = 300, C = 340$

یہاں $\Delta c = 340 - 260 = 80$

$\Delta y = 300 - 200 = 100$

$$MPC = \frac{\Delta c}{\Delta y} = \frac{80}{100} = 0.8$$

ریاضی کے لحاظ سے $c = a + by$ or $c = 20 + 0.8y$

جہاں $b > 1$ اور $a > 0$

C = کھپت (استعمال) Consumption

a = مستقل یا مقطوعہ

a = 20 (Constant or intercept)

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:24 PM

Y = آمدنی Income

BMPC= استعمال کا حاشیائی (کفایتی) رجحان $\Delta c/\Delta y = 0.8$

دئے گئے جدول سے پتہ چلتا ہے کہ استعمال (کھپت) آمدنی کا بڑھتا ہوا تفاعل ہے کیونکہ آمدنی میں اضافہ کے ساتھ کھپت کے اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہاں یہ دکھایا گیا ہے کہ جب آمدنی صفر (Zero) ہے تو، لوگ اپنی ماضی بچت میں سے استعمال پر خرچ کرتے ہیں کیونکہ انہیں زندہ رہنے کے لئے کھانا چاہئے۔

(خودمختار کھپت) (Autonomous consumption)



Figure.4.1

یہاں، جب کہ C =120, Y=120 (خاکہ میں نقطہ B)

جب کہ Y= 180,C=170,S=10 (خاکہ میں نقطہ S)

اگر Y کو 360 تک بڑھایا جائے تو C=320, S=40

اس خاکہ میں آمدنی کو افقی طور پر پیائش کی جاتی ہے اور استعمال کو عمودی طور پیائش کی جاتی ہے۔ 45° خط پر تمام سطحوں میں، آمدنی اور کھپت مساوی ہیں۔ یہ ایک خطی استعمال کا تفاعل (Linear consumption function) ہے جو اس مفروضہ پر مبنی ہے کہ جتنی تبدیلی کھپت (استعمال) میں آتی ہے اتنی ہی آمدنی میں بھی آتی ہے۔

اس طرح کھپت کا تفاعل نہ صرف کھپت پر خرچ کی گئی رقم، بلکہ اس کی بچت کی گئی مقدار کی بھی پیائش کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بچت کا رجحان (Propensity to save) ہے نہ کہ صرف نہ کرنے کا رجحان (Propensity to consume) ہے۔ لہذا 45° خطوں کو صفر-بچت کی خط کے طور پر سمجھا جاسکتا ہے اور C منحنی کا مقام استعمال اور بچت کے درمیان آمدنی کی تقسیم کو ظاہر کرتا ہے۔

4.2.2 کھپت کے تفاعل کی ٹکنیکی خصوصیات (Technical Attributes of the Consumption Function)



(i) The Average Propensity to Consume= $\frac{c}{y}$ اوسط صرف کا رجحان

(ii) The Marginal Propensity to Consume = $\frac{\Delta c}{\Delta y}$ حاشیائی صرف کا رجحان

(iii) The Average Propensity to Save= $\frac{s}{y}$ اوسط بچت کا رجحان

(iv) The Marginal Propensity to Save = $\frac{\Delta s}{\Delta y}$ حاشیائی بچت کا رجحان

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:25 PM

(1) اوسط صرف کا رجحان

APC

اوسط صرف کا رجحان کسی خاص سطح پر آمدنی کے اخراجات کا تناسب ہے۔ الجبرا کی رو سے یہ اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے۔

$$APC = \frac{C}{Y}$$

جس میں

C= کھپت (استعمال)

Y= آمدنی

(2) صرف کا حاشیائی رجحان MPC

حاشیائی صرف کا رجحان (MPC) یہ وضاحت کرتا ہے کہ آمد میں ہونے والی تبدیلی کا تناسب کھپت (استعمال) میں تبدیلی ہے۔ الجبرا کی رو سے یہ اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے۔

$$MPC = \frac{\Delta C}{\Delta Y}$$

جس میں

استعمال میں تبدیلی

ΔC= Change in Consumption

آمدنی میں تبدیلی ΔY = Change in Income

MPC مثبت ہے لیکن اکائی سے بھی کم ہے۔

MPC is positive but less than unity

$$0 < \frac{\Delta C}{\Delta Y} < 1$$

(3) اوسط بچت کا رجحان : APS

(Average propensity to save)

آمدنی اور بچت کے تناسب کو اوسط بچت کا رجحان کہتے ہیں۔

کل بچت کو کل آمدنی کے حساب سے تقسیم کر کے APS حاصل کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، یہ کل آمدنی اور بچت کا تناسب ہے۔ اس کے تحت مساوات کی شکل میں الجبرا کی رو سے یہ اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے۔

$$APS = \frac{S}{Y}$$

جس میں

S= بچت (Saving)

Y= آمدنی (income)

(4) بچت کا حاشیائی رجحان :MPS

(Marginal propensity to save)

حاشیائی بچت کا میلان یہ ہے کہ آمدنی میں ہونے والی تبدیلی سے بچت میں تبدیلی کا تناسب ہے۔

بچت کی تبدیلی کو آمدنی کی تبدیلی سے تقسیم کر کے MPS حاصل کیا جاتا ہے۔ الجبرے کی رو سے اظہار کیا جاتا ہے۔

$$MPS = \frac{\Delta S}{\Delta Y}$$

بچت میں تبدیلی

ΔS = Change in Saving

آمدنی میں تبدیلی

ΔY= Change in Income

چونکہ MPC+MPS=1

MPS=1-MPC and MPC = 1 - MPS

عام طور پر اوسط یعنی APC کو فی صد میں اور MPC کو کسر میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:25 PM

جدول 2 : APS, MPC, APC محسوب کرنا :

آمدنی Y	کھپت (استعمال) C	APC % C/Y	APS % S/Y	MPC ΔC/ΔY	MPS ΔS/ΔY
120	120	(120/120)100 = 100	(0/120)0	-	-
180	170	(170/180)100 = 94	(10/180)100	50/60 = 0.83	0.17

4.2.3 کینس کی کھپت (استعمال) کا نفسیاتی قانون:

(Keynes' psychological law of Consumption)

کینس نے کھپت (استعمال) کے نفسیاتی قانون کو فروغ دیا ہے جس میں کھپت (استعمال) کے تفاعل کی بنیاد بنتی ہے۔ ''نفسیاتی بنیادی قانون، قدرتی طور پر انسانی فطرت کے بارے میں ہمارے علم سے پہلے اور تجربے کے تفصیلی حقائق سے متعلق انحصار کرنے کا حق رکھتا ہے۔ انسان کی اوسط کھپت (استعمال) میں اتنا اضافہ ہوتا ہے جتنا کہ ان کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے، مگر ان کی آمدنی میں اتنا اضافہ نہیں ہوتا ہے''۔ اس قانون سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں کا یہ مقصد ہے کہ وہ آمدنی کے مکمل اضافہ سے کم استعمال یعنی خرچ کریں۔



مفروضات (Assumptions)

کینس کا قانون درجہ ذیل مفروضوں پر مبنی ہے۔

1۔ Ceteris paribus (مساوی بیرونی متغیرات)

دوسرے متغیر جیسے آمدنی کی تقسیم، ذائقہ، عادات، سماجی رواج، قیمت کی نقل وحرکت، آبادی میں اضافہ، وغیرہ تبدیل نہیں ہوتے اور کھپت (استعمال) صرف آمدنی پر منحصر ہے۔

2۔ عام حالات کی موجودگی :

(Existence of Normal conditions)

عام حالات کے لئے یہ قانون بہتر ہے۔ اگر معیشت کو غیر معمولی اور ناگہانی حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جیسے جنگ، انقلاب یا شدید افراط زر (hyper inflation) کے دوران قانون عمل میں نہیں آئے گا۔ لوگ اپنی پوری آمدنی کو استعمال یعنی خرچ کر سکتے ہیں۔

3۔ سرمایہ دارانہ معیشت میں عدم مداخلت کی موجودگی

(Existence of Laissez-faire capitalist economy)

یہ قانون ایک امیر سرمایہ دارانہ معیشت میں عمل کرے گا، جہاں حکومت کی مداخلت نہیں ہے۔ لوگوں کو زیادہ آمدنی خرچ کرنے کے لئے آزادی دی جانی چاہئے۔ حکومت کی طرف سے نجی کاروبار کو قابو کرنے کی صورت میں، کھپت (استعمال) (صَرف) کے اخراجات کے معاملہ میں قانون ٹوٹ جاتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:25 PM

قانون کی تجویز (Propositions of the Law)

اس قانون میں تین تجویزات ہیں :

1۔ جب آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے تو کھپت (استعمال) کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا ہے لیکن تھوڑی مقدار سے:

اس کی وجہ یہ ہے کہ جیسے جیسے آمدنی بڑھتی ہے، ہماری خواہشات بھی ساتھ ساتھ مطمئن ہوجاتی ہیں، تاکہ صارفین کی اشیاء پر زیادہ خرچ کرنے کی ضرورت کم ہوجاتی ہے۔ لہذا آمدنی میں اضافہ کے ساتھ کھپت کے اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے لیکن تناسب سے کم ہوتا ہے۔

2۔ بڑھتی ہوئی آمدنی کو کھپت کے اخراجات اور بچت کے درمیان کی تناسب میں تقسیم کیا جائے گا

یہ پہلی تجویز کا تسلسل ہے۔ کیونکہ جب پوری بڑھتی ہوئی آمدنی کھپت پر خرچ نہیں کی جاتی ہے تو باقی بچت کی جاتی ہے۔ اس طرح کھپت (استعمال) اور بچت ایک ساتھ چلتے ہیں۔

3۔ آمدنی میں اضافہ ہمیشہ کھپت (استعمال) اور بچت دونوں میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ بڑھتی ہوئی آمدنی، کھپت میں یا بچت میں ہے۔ اس طرح بڑھتی ہوئی آمدنی کے ساتھ کھپت (استعمال) اور بچت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

جدول:3 قانون کے تین تجویزات:

Table 3. The three propositions of the law

آمدنی Income Y	کھپت Consumption C	بچت Savings S = Y - C
120	120	0
180	170	10
240	220	20

تجویز : (1) Proposition

آمدنی میں ₹ 60 کروڑ کا اضافہ ہوتا ہے اور کھپت (استعمال) میں ₹ 50 کروڑ کا اضافہ ہوتا ہے۔

تجویز : (2) Proposition

ہر معاملہ میں بڑھتی ہوئی آمدنی ₹ 60 کروڑ کچھ حصہ کے درمیان یعنی کھپت اور بچت میں بالترتیب تقسیم کیا جاتا ہے (یعنی ₹ 50 کروڑ اور ₹ 10 کروڑ)

تجویز: (3) Proposition

آمدنی میں اضافہ ہونے پر کھپت اور بچت میں اضافہ ہوتا ہے۔ نہ کھپت اور نہ ہی بچت میں کمی واقع ہوتی ہے۔

خاکہ کے طور پر تینوں تجویزات کو خاکہ 4.2 میں پیش کیا گیا ہے۔ یہاں آمدنی کو افقی طور پر پیمائش کی جاتی ہے اور کھپت اور بچت کو عمودی محور پر پیمائش کی جاتی ہے۔ C کھپت کے تفاعل کا خط ہے اور 45° والی خط آمدنی کھپت (استعمال) کے مساوات کی نمائندگی کرتی ہے۔



تجویز(1) (Proposition (1))

جب آمدنی میں 120 سے 180 کا اضافہ ہوتا ہے تو کھپت میں بھی 120 سے 170 کا اضافہ ہوتا ہے لیکن کھپت (استعمال) میں اضافہ اور آمدنی میں اضافہ کے مقابلہ میں کم ہے، یعنی 10 بچت کیا جاتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:26 PM

تجویز (2) (Proposition (2)

جب آمدنی میں 180 سے 240 کا اضافہ ہوتا ہے تو اسے 170 سے 220 تک کی کھپت کے درمیان کچھ تناسب میں تقسیم کیا جاتا ہے اور بالترتیب 10 سے 20 کی بچت ہوتی ہے۔

تجویز (3) (proposition (3)

آمدنی میں 180 سے 240 کا اضافہ ہونے سے کھپت میں 170 سے 220 کا اضافہ ہوتا ہے۔ پہلے کے مقابلے میں 20 سے 10 کا بچت میں اضافہ ہوتا ہے۔ C منحنی کے نیچے کے چوڑے حصے سے یہ واضح ہے اور 45° خط اور C منحنی کے درمیان بچت کا حصہ ہے۔

4.2.4 استعمال (کھپت) کے تفاعل کے تعینات:

موضوعی عوامل اور حقیقی عوامل:
(Subjective and objective factors)

جے۔ایم۔کینس نے استعمال (کھپت) کے تفاعل کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ موضوعی عوامل اور حقیقی عوامل

(A) موضوعی عوامل (Subjective factors)

موضوعی عوامل نفسیاتی احساس سے متعلق داخلی عوامل ہیں۔ کھپت (استعمال) کے تفاعل کو متاثر کرنے والے اہم موضوعی عوامل، نیچے دئے گئے ہیں۔

کینس نے آٹھ مقاصد کا ذکر کیا ہے جو ایک شخص کو خرچ سے روکتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

1۔ احتیاط کا مقصد: (The motive of Precaution)

ہنگامی ضروریات کے لئے ایک ذخیرہ تعمیر کرنا چاہئے۔ مثال کے طور پر حادثات، بیماری، وغیرہ۔

2۔ دوراندیشی کا مقصد : The motive of Foresight

مستقبل کی ضروریات کے لئے ذخیرہ کرنے کی خواہش۔ مثال کے طور پر بڑھاپا۔

3۔ حسابی مقصد: The motive of Calculation

سود اور قیمتوں میں اضافہ (appreciation) کا حساب کر کے اس سے فائدہ اٹھانے کی خواہش۔

4۔ بہتری کا مقصد: The motive of improvement

زندگی کے معیار کو بہتر بنا کر عیش کرنے کی خواہش۔

5۔ مالی آزادی کا مقصد:

(The motive of Financial Independence)

6۔ کاروباری اقدام کا مقصد:

(The motive of enterprise)

تجارت کرنے کی خواہش

(desire to do Forward trading)

7۔ فخر کا مقصد : The motive of Pride

ذاتی املاک سے خوش قسمت بننے کی خواہش

8۔ حرص ولالچ کا مقصد: The motive of avarice

کنجوسی رجحان کا ہونا۔

کینس احتیاط، دوراندیشی، حسابی، بہتری، مالی آزادی، کاروباری اقدام، فخر اور حرص ولالچ کے مقصد کا خلاصہ کرتا ہے۔

مندرجۂ ذیل کے چار مقصد کی وجہ سے حکومتی ادارے، کاروباری کارپوریشن اور فرموں میں بھی بنیادی طور پر صَرف (استعمال) کھپت کرتے ہیں۔

1۔ کاروباری ادارہ کا مقصد: (The motive of enterprise)

قرضوں کے بغیر مزید سرمایہ کاری انجام دینے کے لئے وسائل حاصل کرنے کی خواہش

2۔ سیال اثاثوں کا مقصد: The motive of liquidity

حادثات اور مشکلات کے دوران مائع وسائل کو محفوظ کرنے کا مقصد

3۔ بہتری کا مقصد: (The motive of improvement)

بڑھتی ہوئی آمدنی کو محفوظ بنانے اور کامیاب انتظام کے مظاہرہ کرنے کا مقصد

4۔ مالی دوراندیشی کا مقصد:

(The motive of Financial Prudence)

قرض خارج کرنے، فرسودگی اور کم قدری (depreciation) کے خلاف مناسب مالی فراہمی کو اطمینان بنانے کا مقصد

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:26 PM

کینس کے مطابق موضوعی عوامل قلیل مدت میں تبدیل نہیں ہوتے ہیں۔لہذا صَرف (کھپت) کے تفاعل قلیل مدت میں مستقل رہتے ہیں۔

(B) حقیقی عوامل: (objective Factors)

حقیقی عوامل بیرونی عوامل میں حقیقی اور پیمائش کے قابل ہیں۔ طویل عرصہ میں ان عوامل کو آسانی سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔کھپت کے تفاعل کو متاثر کرنے والے اہم مقصد یہ ہیں۔

1۔ آمدنی کی تقسیم: Income Distribution

اگر امیر اور غریبوں کے درمیان بڑا عدم مساوات موجود ہے تو کھپت (استعمال) کم ہوگی۔کیونکہ امیر لوگوں کو کم کھپت (low propensity to consume) اور اعلیٰ بچت کا رجحان (High propensity to save) ہے۔مساوی آمدنی کی تقسیم کی سماج میں اعلیٰ کھپت کا رجحان (high propensity to consume) ہوگی۔اس منظر کو V.K.R.V.Rao کی طرف سے منظور کیا گیا ہے۔

2۔ قیمت کی سطح: Price level

کھپت کے تفاعل کو تعین کرنے میں قیمت کی سطح ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔جب قیمت گھٹتی ہے تو حقیقی آمدنی بڑھ جاتی ہے،عوام زیادہ سے زیادہ کھپت کرتے ہیں اور سماج میں بچت کی میلان بڑھ جاتی ہے۔

3۔ مزدوری کی سطح : Wage level

کھپت کے تفاعل کو تعین کرنے میں مزدوری کی سطح اہم کردار ادا کرتی ہے۔مزدوری اور کھپت کے درمیان مثبت تعلق ہے۔اجرت میں اضافے کے ساتھ کھپت کے اخراجات بڑھ جاتے ہیں۔غیر متوقع حالات کے دوران اس طرح کا اثر ہوگا۔

4۔ سود کی شرح : Interest Rate

کھپت کے تفاعل کو تعین کرنے میں سود کی شرح اہم کردار ادا کرتی ہے۔سود کی اعلیٰ شرح لوگوں کو زیادہ پیسہ بچت کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گی اور کھپت کم کرے گی۔

5 مالیاتی پالیسی : Fiscal Policy

جب حکومت ٹیکس میں کمی کرتی ہے تو خالص آمدنی (disposable income) بڑھ جاتی ہے اور سماج میں کھپت کے میلان میں اضافہ ہوتا ہے۔ترقیاتی ٹیکس کا نظام غریبوں کے حق میں آمدنی تقسیم کو تبدیل کرکے لوگوں کی کھپت کے میلان کو فروغ دیتا ہے۔

6۔ صارفین کا قرض: Consumer Credit

آسان قسطوں پر صارفین کو قرض کی فراہمی سے گھریلو شعبے صارفین کی اشیاء جیسے موٹر کار،فریج،کمپیوٹر وغیرہ خریدتے ہیں۔یہ کھپت کو آگے بڑھاتے ہیں۔

7. آبادیاتی عوامل: Demographic Factors

دوسرے تغیر تبدیل رہنے پر،خاندان بڑا رہنے پر،کھپت زیادہ ہوگی۔خاندان کی جسامت کے علاوہ،خاندانی زندگی کی دور کے مرحلہ۔ رہائش کی جگہ اور کاروبار سے کھپت (صرف) (استعمال) کا تفاعل متاثر ہوتا ہے۔بنیادی تعلیم کی بہ نسبت اکثر خاندان کالج کی تعلیم پر زیادہ خرچ کرتے ہیں اور شہری خاندان،دیہی خاندانوں کی بہ نسبت زیادہ خرچ کرتے ہیں۔

8۔ ڈیوسن بیری کا مفروضہ: Duesenbery hypothesis

ڈیوسن بیری نے استعمال (صَرف) کو متاثر کرنیوالے عوامل کے دو مشاہدے کئے ہیں۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:27 PM

(a) کھپت کے اخراجات نہ صرف اس


ڈیوسن بیری

کی موجودہ آمدنی پر منحصر ہیں بلکہ ماضی کی آمدنی اور معیاری زندگی پر منحصر ہیں۔ چونکہ یہ افراد ایک خاص معیاری زندگی کے عادی ہیں، وہ موجودہ آمدنی میں کمی کے باوجود بھی کھپت پر اتنی ہی رقم خرچ کرتے رہتے ہیں۔

(b) استعمال (صَرف) دکھاوے کے اثر سے متاثر ہوتا ہے۔ کم آمدنی والے جماعت کے صرف کا معیار، اعلیٰ آمدنی والے جماعت کے صرف کے معیار سے متاثر ہوتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، غریب لوگ امیروں کے کھپت کے طرز کی نقل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کا نتیجہ ان کی آمدنی کی سطح سے زیادہ خرچ کرنے میں ہوتا ہے۔

9۔ غیر متوقع نفع یا نقصان:
(Windfall Gains or losses)

اسٹاک مارکیٹ میں غیر متوقع تبدیلیاں جو نفع یا نقصان کا باعث بنتی ہیں، کھپت کے تفاعل کو اوپر یا نیچے کی طرف منتقل کرتی ہیں۔

4.3 سرمایہ کاری کا تفاعل Investment Function

سرمایہ کاری کے تفاعل سے مراد سرمایہ کاری اور سود کی شرح کا تعلق ہے۔ سود کی شرح اور سرمایہ کاری کے مابین ایک تفاعلی اور معکوس تعلق ہے۔ سرمایہ کاری کے تفاعل کا میلان نیچے کی طرف ہوتا ہے۔

$I = f(r)$

I= Investment (Dependent variable)
سرمایہ کاری (انحصاری متغیر)

r = Rate of interest (Independent variable) سود کی شرح (آزاد متغیر)

4.3.1. سرمایہ کاری کے معنی
(Meaning of Investment)

سرمایہ کاری کا مطلب اسٹاک (Stock)، حصص (Shares)، ادھار پتر (Debentures)، حکومتی بانڈ (equities) کی خریداری ہے۔ کینس کے مطابق، یہ صرف مالی سرمایہ کاری ہے نہ کہ حقیقی سرمایہ کاری۔ اس قسم کی سرمایہ کاری کا نتیجہ قوم کے حقیقی سرمایہ میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔

کینس کے خیال میں، سرمایہ کاری میں راس المال کی سرمایہ کاری (capital investment) پر خرچ شامل ہے۔

4.3.2. سرمایہ کاری کے اقسام
(Types of Investment)

خودمختار سرمایہ کاری (Autonomous Investment)
اور ترغیبی سرمایہ کاری (Induced Investment)

خودمختار سرمایہ کاری
(Autonomous Investment)

- وہ سرمایہ کاری جو قومی آمدنی پر منحصر نہیں ہے۔
- بنیادی طور پر فلاح و بہبود مقصد کے لئے اور منافع کمانے کے لئے نہیں۔
- مثال کے طور پر: سڑک، پل (Bridge)، اسکول، خیراتی مکانات کی تعمیر
- خام اشیاء یا مزدوری کی اجرت میں اضافہ سے متاثر نہیں ہونا چاہئے۔
- قوم کی ترقی کے لئے ضروری ہو اور صنعتی زوال سے باہر ہو۔

(i) خودمختار سرمایہ کاری:

خودمختار سرمایہ کاری، سرمایہ کی تشکیل پر ہونے والا خرچ ہے جو آمدنی، سود کی شرح یا منافع کی شرح میں تبدیلی سے آزاد ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:27 PM

یہ سرمایہ کاری معاشی سرگرمی سے آزاد ہے۔خودمختار سرمایہ کاری آمدنی سے غیر لچک دار ہے۔خودمختار سرمایہ کاری کی جسامت ہر سطح پر ایک جیسی ہے۔

خودمختار سرمایہ کاری کی منحنیاں افقی ہیں۔X محور کے متوازی ہے۔



خاکہ 4.3

اقتصادی زوال (economic depression) کے وقت حکومت خودمختار سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی کوشش کرتی ہے۔اس طرح فلاح و بہبود کی معاشیات میں خودمختار سرمایہ کاری ایک اہم تصور ہے۔

عام طور پر حکومت فلاح و بہبودی کی وجہ سے خودمختار سرمایہ کاری کرتی ہے۔

(ii) ترغیبی سرمایہ کاری (Induced Investment)

ترغیبی سرمایہ کاری مقررہ اثاثوں اور اسٹاک پر خرچ ہوتی ہے جس کی ضرورت تب ہوتی ہے جب کہ معاشیات میں آمدنی اور مانگ کی سطح بڑھ جاتی ہے۔

ترغیبی سرمایہ کاری منافع بخش ہے۔یہ قومی آمدنی کے تبدیلی سے تعلق ہے۔قومی آمدنی اور ترغیبی سرمایہ کاری کے مابین تعلقات مثبت ہیں۔قومی آمدنی میں کمی کی وجہ سے ترغیبی سرمایہ کاری میں کمی آتی ہے اور اس کے برعکس ترغیبی سرمایہ کاری آمدنی کی غیر لچک دار ہے۔اس کا میلان مثبت (positively sloped) ہے جیسا کہ یہاں دکھایا گیا ہے۔



خاکہ 4.4

Sl. No	Induced Investment ترغیبی سرمایہ کاری	Autonomous Investment خودمختار سرمایہ کاری
1	منصوبہ بند	آزاد
2	لچک دار آمدنی	غیر لچک دار آمدنی
3	منافع کا مقصد	فلاح و بہبودی کا مقصد

4.3.3 سرمایہ کاری کے تفاعل کے تعینات (Determinants of Investment Function)

کلاسیکی ماہرین اقتصادیات (Classical Economist) کا خیال تھا کہ سرمایہ کاری کا انحصار سود کی شرح پر ہی ہوتا ہے۔حقیقت میں سرمایہ کاری کا فیصلہ متعدد عوامل پر منحصر ہوتا ہے وہ مندرجۂ ذیل ہیں۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:28 PM

1۔ سود کی شرح

2۔ غیر یقینی صورت حال کی سطح

3۔ سیاسی ماحول

4۔ آبادی کے نشوونما کی شرح

5۔ سرمائی اشیاء کا اسٹاک

6۔ نئی مصنوعات کی ضرورت

7۔ سرمایہ کاروں کے آمدنی کی سطح

8۔ ایجادات اور جدیدیت

9۔ صارفین کی مانگ

10۔ حکومت کی پالیسی

11۔ سرمایہ کی دستیابی

12۔ سرمایہ کاروں کے سیال اثاثے

تاہم، کینس نے دعوٰی کیا کہ کاروبار کی توقعات اور منافع سرمایہ کاری کے فیصلہ میں زیادہ اہم ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ سرمایہ کاری کا انحصار MEC (سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی) اور سود کی شرح ہے۔

i۔ نجی سرمایہ کاری یہ ہے سرمایہ اسٹاک یعنی کارخانہ یا مشین میں اضافہ کرنا۔

ii۔ حاشیائی سرمایہ کی اہلیت (Mec) سرمایہ کاری کے منصوبہ پر منافع کی شرح بتاتی ہے۔ خاص طور پر اس سے مراد سرمایہ کے آخری اضافی اکائی کے ذریعہ حاصل ہونے والی سالانہ فی صد پیداوار ہے۔

iii۔ اگر حاشیائی سرمایہ کی اہلیت 5% ہے اور سود کی شرح 4% ہے تو 5% کی پیداوار میں متوقع اضافہ حاصل رکنے کے لئے 4% پر قرض لینا قابل ہے۔



4.3.4. سود کی شرح اور سرمایہ کاری کے درمیان تعلق (Relationship between rate of interest and investment)

اس کی ایک وضاحت اس طرح کی جاتی ہے کہ سود کی شرح کس طرح معیشت میں سرمایہ کاری کی سطح کو متاثر کرتی ہے۔ عام طور پر اعلیٰ سود کی شرح سرمایہ کاری کو کم کرتی ہے، کیونکہ اعلیٰ شرحوں سے قرض لینے سے لاگت میں اضافہ ہوتا ہے اور اس طرح صرف اعلیٰ پیداوار دینے والی محاصل کی ہی سرمایہ کاری ہوگی۔

سود کی شرح اور سرمایہ کاری



خاکہ 4.5

جیسے جیسے قرض لینے کی اصلی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے، سرمایہ کاری کے منصوبے کم منافع بخش ہوتے ہیں۔ اگر سود کی شرح 5% سے 8% تک بڑھ جاتی ہے تو پھر ہمیں سرمایہ کاری کی مقدار میں 100 ₹ کروڑ سے 80 ₹ کروڑ تک کمی کی جاتی ہے۔ اگر سود کی شرح میں اضافہ کیا جاتا ہے تو پھر اس سے سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ کیونکہ سرمایہ کاری کی لاگت زیادہ ہو جاتی ہے۔

1۔ اعلیٰ شرحوں کے ساتھ، بینک سے رقم لینا زیادہ مہنگا پڑتا ہے۔

2۔ بینک میں رقم کی بچت کے نتیجہ میں اعلیٰ محاصل کی شرح حاصل ہوگی۔

لہذا مالی سرمایہ کاری میں بچت کو استعمال کر کے سے سود کی کم ادائیگی کا موقع ملتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:28 PM

اگر سود کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے تو فرم کو اپنا منافع بڑھانے کی ضرورت ہوگی۔ بچت کا استعمال کرتے ہوئے قرض کی لاگت کو صحیح بنانا ہوگا۔

4.3.5. سرمایہ (راس المال) کی حاشیائی کارکردگی (Marginal Efficiency of Capital)

خودمختار سرمایہ کاری کو تعین کرنے والا ایک اہم کے طور پر (MEC) (سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی) پہلی بار جے. یم. کینس نے 1936 میں متعارف کرایا تھا۔ MEC ایک اضافی سرمائے والے اثاثہ کا متوقع منافع ہے۔ اس کا سرمایہ اثاثہ کی اضافی اکائی سے متوقع لاگت اعلیٰ محاصل کی شرح کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے۔

سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی (MEC) کے معنی

حاشیائی سرمایہ اہلیت کے معنی یہ ہے کہ رعایت (discount) کی شرح جس سے متوقع آمدنی کی موجودہ رعایتی قیمت کو سرمایہ کی لاگت کے برابر کردیا جاتا ہے۔

MEC دو عوامل پر منحصر ہے۔

1۔ سرمایہ کے اثاثہ سے مستقبل (Prospective) پیداوار

2۔ ایک سرمایہ اثاثہ کی فراہمی کی قیمت

MEC کو متاثر کرنے والے عوامل:

کسی بھی سرمایہ کاری کا فیصلہ کرتے وقت وہ تین عوامل جن پر غور کیا جاتا ہے۔

MEC
- سرمایہ کے اثاثہ کی لاگت
- اس کی مدت حیات کے دوران متوقع محاصل کی شرح
- کیٹ کے سود کی شرح

سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی (MEC) مختصر مدت کے ساتھ ساتھ طویل مدت والے عوامل سے بھی متاثر ہوتی ہے۔ ان عوامل پر مختصر گفتگو کی گئی ہے۔

(a) مختصر مدت کے عوامل:

(i) مصنوعات (حاصلات) کی مانگ:

اگر مارکٹ میں کسی خاص اشیاء کی توقع کی جاتی ہے اور اس کے اخراجات کم ہونے کا امکان ہے تو سرمایہ کاری سے ہونے والی محاصل کی شرح اعلیٰ ہوگی۔ اگر تاجر اشیاء کی مانگ میں کمی اور لاگت میں اضافہ کی توقع کرتے ہیں تو سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔

(ii) سیال اثاثے (Liquid assets)

اگر تاجروں کے پاس کاروباری سرمایہ کی بڑی مقدار ہے تو وہاں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں جو ان کے راستے میں آتے ہیں۔ یہاں پر MEC اعلیٰ ہوگی۔

(iii) آمدنی میں اچانک تبدیلیاں :

تاجروں کی آمدنی میں اچانک تبدیلیوں سے بھی MEC متاثر ہوتا ہے۔ اگر کاروباری سماج کو غیر متوقع منافع ملتا ہے یا ٹیکس میں رعایت (Concession) MEC زیادہ ہوگا اور اس وجہ سے ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ آمدنی میں کمی سے MEC گرتی ہے۔

(iv) موجودہ سرمایہ کاری کی شرح :

ایک خاص صنعت کی موجودہ سرمایہ کاری کی شرح MEC کو متاثر کرنے والا ایک عامل ہے۔ اگر کسی خاص صنعت میں بہت زیادہ سرمایہ کاری ہوچکی ہے اور اس صنعت میں پہلے ہی بہت زیادہ سرمایہ کاری ہوچکی ہے اور اس صنعت میں عموماً سرمایہ کاری کی شرح بھی بڑی ہے تو MEC کم ہوگی۔

(v) امید اور ناامیدی کی لہریں:

(Waves of Optimism and Pessimism)

کاروباری دور میں امید اور ناامیدی کی سطح MEC کو متاثر کرتی ہے۔ اگر تاجر مستقبل کے بارے میں امید رکھتا ہے تو MEC اعلیٰ ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ناامیدی کے دوران MEC کا تخمینہ کم ہوگا۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:29 PM

(b) طویل مدت کے عوامل (Long run factors)

سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی کو متاثر کرنے والے طویل مدت کے عوامل مندرجۂ ذیل ہیں۔

(i) آبادی کی نشونما کی شرح:
(Rate of growth of population)

سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی، آبادی کی نشونما کی شرح سے بھی متاثر ہوتی ہے۔ اگر آبادی تیز رفتاری سے بڑھ رہی ہے تو عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مختلف اقسام کے اشیاء کی مانگ میں اضافہ ہوگا۔ لہذا آبادی کی نشونما کی تیزی اضافے سے سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی میں بھی اضافہ ہوگا۔ نشونما کی شرح میں کمی سے سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوگی اور اس طرح سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی میں کمی آئے گی۔

(ii) ٹکنیکی ترقی: (Technological progress)

اگر صنعت میں سرمایہ کاری اور ٹکنیکی ترقی ہوتی ہے تو خالص پیداوار میں اضافہ کے امکانات روشن ہوجاتے ہیں۔ مثال کے طور پر 20 ویں صدی میں آٹو موبائل کی ترقی نے ربڑ (Rubber) کی صنعت، اسٹیل اور تیل کی صنعت وغیرہ کو کافی حد تک حوصلہ افزائی کی ہے۔ لہذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایجادات اور تکنیکی بہتری مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور سرمایہ کی حاشیائی کارکردگی میں اضافہ کرتی ہے۔

(iii) مالیاتی اور مالی پالیسیاں
(Monetaary and fiscal policies)

سستی نقدی کی پالیسی اور آزاد ٹیکس پالیسی زیادہ منافع کا حاشیہ لاتی ہے اور اس لئے MEC کے اعلیٰ ہونے کا امکان ہے۔

(iv) سیاسی ماحول: (Political environment)

سیاسی استحکام، بہترین انتظامیہ، قانون میں نرمی اور امن سے MEC کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

(v) وسائل کی دستیابی: (Resource availability)

قدرتی وسائل کی سستی اور کثیر فراہمی، مؤثر مزدور اور سرمایہ کا اسٹاک MEC کو اضافہ کرتا ہے۔

4.3.6. سرمایہ کاری کی حاشیائی کارکردگی
(Marginal Efficiency of Investment)

ایک مدت کے دوران، اضافی سرمایہ کاری سے متوقع محاصل کی شرح MEI ہے۔ جب قرض لینے کی لاگت زیادہ ہوتی ہے تو کاروبار مختلف رقم کے قرض لینے اور مختلف منصوبہ بندی میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے کم حوصلہ افزائی کرتے ہیں کیونکہ قرض لینے کی زیادہ لاگت سے کاروباری اداروں کے منافع کے حاشیہ میں کمی واقع ہوتی ہے۔

سرمایہ کاری کی حاشیائی کارکردگی (MEI)	سرمایہ (راس المال) کی حاشیائی کارکردگی (MEC)
1) سرمایہ کی مانگ میں تبدیلی کی وجہ سے قیمت میں ترغیبی تبدیلی پر مبنی ہے۔	1) یہ دئے گئے سرمایہ کے فراہمی کی قیمت پر مبنی ہے۔
2) یہ صرف سرمایہ کی ان اکائیوں پر واپسی کی شرح اور موجودہ سرمایہ کے اسٹاک کو ظاہر کرتا ہے۔	2) موجودہ سرمایہ کے علاوہ یہ سرمایہ کی تمام مسلسل اکائیوں کو ظاہر کرتا ہے۔
3) سرمایہ کاری کی مقدار کو ترسیم کے X محور پر لیا جاتا ہے۔	3) سرمایہ کاری کے اسٹاک کو ترسیم کے X محور پر لیا جاتا ہے۔
4) یہ ایک ''بہاؤ'' کا تصور ہے۔	4) یہ ایک ''اسٹاک'' کا تصور ہے۔
5) دئے گئے سرمایہ کاری کے اسٹاک میں ہر سود کی شرح پر معاشیات کی اصلی سرمایہ کاری کو تعین کرتا ہے۔	5) یہ سود کی شرح کے ہر سطح پر ایک معاشیات میں بہترین سرمایہ اسٹاک کو تعین کرتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:29 PM

4.4 ضارب (Multiplier)

ضارب کا تصور سب سے پہلے ملازمت کی بنیاد پر آر. یف. خان (R.F.Khan) نے پیش کیا تھا۔ جسے جے. یم. کینس J.M.Keynes نے سرمایہ کاری کے ضارب (Investment multiplier) کے طور پر نئی اصطلاح دی اور اس کی مزید وضاحت پیش کی۔

سرمایہ کاری میں تبدیلی کی وجہ سے قومی آمدنی میں تبدیلی کا تناسب، ضارب کہلاتا ہے۔۔ اگر ΔI سے مراد سرمایہ کاری میں اضافہ اور ΔY سے مراد آمدنی میں اضافہ ہے تو ضارب یہ ہے۔ K=ΔY/ΔI ۔

چونکہ ΔY سے ΔI حاصل ہوتا ہے، اس ضارب کو سرمایہ کاری کا ضارب کہا جاتا ہے۔

4.4.1 ضارب کا مفروضہ (Assumption of multipliler)

کینس کا نظریہ کچھ مفروضوں کے تحت کام کرتا ہے جو ضارب کے عمل کو محدود کرتا ہے۔ وہ مندرجۂ ذیل ہیں۔

1۔ خودمختار سرمایہ کاری میں تبدیلی ہے۔

2۔ کوئی ترغیبی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

3۔ استعمال کرنے کا حاشیائی رجحان (MPC) مستقل ہے۔

4۔ صَرف (کھپت) (استعمال) موجودہ آمدنی کا تفاعل ہے۔

5۔ ضارب کے عمل میں کوئی وقفہ نہیں ہے۔

6۔ صارفین کے اشیاء مؤثر مانگ کے جواب میں دستیاب ہیں۔

7۔ یہ ایک بند معیشت ہے، جو غیر ملکی اثرات سے متاثر نہیں ہوتا۔

8۔ قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

9۔ معیشت میں روزگار کی مکمل سطح سے کم ہے۔

4.4.2. استعمال کرنے کا حاشیائی رجحان اور ضارب (Marginal propensity to consume and multiplier)

استعمال کرنے کا حاشیائی (کفایتی) میلان سے مراد آمدنی کا وہ حصہ جو صَرف (استعمال) میں خرچ ہوتا ہے۔ MPC سے مراد استعمال (C) میں تبدیلی اور آمدنی (Y) میں تبدیلی کے درمیان تعلق ہے۔

علامتی طور پر $MPC = \Delta C/\Delta Y$

ضارب کی قیمت کا انحصار MPC پر ہے

ضارب $(K) = 1/1\text{-}MPC$

ایک سے MPC کو تفریق کرنے سے حاصل ہونے والی قیمت کا معکوس ضارب کہلاتا ہے۔

چونکہ بچت کا حاشیائی رجحان 1-MPC ہے۔ (MPC+MPS=1)۔ ضارب 1/MPS ہے۔ اس ضارب کو MPS کے معکوس کی طرح بیان کیا گیا ہے۔ ضارب MPS کے ساتھ معکوس کے تناسب میں اور MPC کے ساتھ راست تناسب میں تعلق رکھتا ہے۔

ہندسی طور پر اگر MPC 0.75 ہے تو MPS، 0.25 ہے اور k =4 ہے۔

فارمولہ کے استعمال سے $K = 1/1\text{-}MPC$

$1/1\text{-}0.75 = 1/0.25 = 4$



خاکہ 4.6

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:30 PM

جدول 4

درج ذیل اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم ضارب کے تفاعل کی وضاحت کر سکتے ہیں۔

MPC	MPS	K
0.00	1.00	1
0.10	0.90	1.11
0.50	0.50	2.00
0.75	0.25	4.00
0.90	0.10	10.00
1.00	0.00	α

$C = 100 + 0.8\ y; \qquad I = 100$

$I = 10$

$$Y = C + I$$

$= 100 + 0.8y + 100$

$0.2y = 200$

$Y = 1000$ یہاں پر

$C = 100 + 0.8y = 100 + (1000) = 900;$

$S = 100 = I$

I کو 10 بڑھانے کے بعد اب $I = 110$

$Y = 100 + 0.8y + 110$

$0.2y = 210$

$$Y = \frac{210}{0.2} = 1050$$

یہاں: $C=100=0.8(1050)=940:s=110=I$

خاکہ کی وضاحت:

$y = C + s$ کے خط پر 45°

اس کا مطلب محور میں متغیر ہے اور محور مساوی ہے

اگر MPC کو 0.8 فرض کریں تو

$(C = 100 + 0.8y)$

مجموعی مانگ (C+1) منحنی، نقطہ E پر 45° پر قطع کرتا ہے۔

اصلی قومی آمدنی 500 ہے۔

$(C = 100 + 0.8y = 100 + 0.8(500) = 500)$

جب $I = 100$ ہے، $C = 900, y = 1000$

$S = 100 = I$

نئی مجموعی مانگ کی منحنی

$C+I' = 100 + 0.8y + 100 + 10$

$$Y = \frac{210}{0.2} = 1050$$

$C = 940; S = 110 = I$

4.4.3. ضارب کے کام (Working of Multiplier)

فرض کریں عوامی کاموں کے لئے اجرت اور مواد خریدنے کے لئے حکومت 100 ₹ کروڑ سرمایہ کاری پر خرچ کرتی ہے۔ اس طرح مزدوروں اور مواد کی فراہمی کرنے والوں کو آمدنی میں 100 ₹ کروڑ کا اضافہ ہوتا ہے۔ فرض کریں کہ MPC=0.8 ہے جو 80% ہے۔ 80 ₹ کروڑ روپئے کی مقدار استعمال (صَرف) پر خرچ کی جاتی ہے۔ (ایک 20 ₹ کروڑ بچت کی جاتی ہے)۔ اس کے نتیجہ میں اشیاء کی فراہمی کرنے والوں کو 80 ₹ کروڑ کی آمدنی ہوتی ہے۔ انہوں نے 64 ₹ کروڑ خرچ کیا ہے (80 ₹ کروڑ کا 80%)۔ اس حساب سے استعمال (کھپت) کے اخراجات اور آمدنی میں اضافہ سلسلہ وار چلتا ہے۔

مثبت ضارب اور منفی ضارب کے اثرات:

مثبت ضارب

جب ایک وقت میں (رساؤ کے کم ہونے پر) ابتدائی اضافہ ہوتا ہے تو اصلی GDP کے آخر میں زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔

منفی ضارب

جب ایک وقت میں (رساؤ کے بڑھنے پر) ابتدائی اضافہ ہوتا ہے تو اصلی GDP کے آخر میں زیادہ کمی واقع ہوتی ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:30 PM

بالآخر نتیجہ یہ ہے۔

$\Delta Y=100+100\times4/5+100\times(4/5)^2+100\times(4/5)^3$

یا

X(0.8)3

AY=100+100X0.8+100X(0.8)2+100

= 500 = 100+80=64=51.2 .....

یعنی 100x1/1-4/5

100x1/1/5

کروڑ 100x5= ₹ 500

مثال کے طور پر اگر C=100+0.8y,I=100

پھر Y=100+0.8y=100

0.2y=200

نقطہ B Y=200/0.2=1000

اگر I کو 110 تک اضافہ کیا گیا تو 0=2Y=210

نقطہ D y=210/0.2=1050

I میں 10 ₹ کے اضافہ پر Y میں 50 ₹ کا اضافہ ہوگا

یہ ضارب کے اثر کی وجہ سے ہے۔

نقطہ A پر Y=C=500

C = 100 + 0.8 (500)=100 + 400 = 500; S=0

نقطہ B پر Y = 1000

C = 100 + 0.8 (1000) = 900; S = 100 = I

نقطہ D پر Y = 1050

C = 100 + 0.8 (1050) = 940; S = 110 = I

جب I میں 10 کا اضافہ ہوتا ہو تو Y میں 50 کا اضافہ ہوگا۔

یہ ضارب کا اثر ہے۔ (K=5)

$K = \frac{1}{0.2} = 5$

4.4.4 ضارب کی درجہ بندی

ساکن اور متحرک ضارب: (Static and Dynamic multiplier)

1۔ ساکن ضارب: (Static multiplier)

ساکن ضارب کو بہ الفاظ دیگر ہم وقتی ضارب، بے وقتی ضارب اور منطقی ضارب بھی کہتے ہیں۔ ساکن ضارب کے تحت سرمایہ کاری میں تبدیلی کے نتیجہ میں آمدنی میں تبدیلی ہم وقتی ہے۔ کوئی وقفہ نہیں ہے۔ MPC میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی ہے۔ معاشیات ایک متوازن مقام سے دوسرے مقام پر چلتی ہے۔

ii۔ متحرک ضارب (Dynamic multiplier)

متحرک ضارب کو ''ترتیب وار ضارب'' (Sequence multiplier) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ حقیقی زندگی میں سرمایہ کاری کے ساتھ ہی آمدنی کی سطح میں فوری اضافہ نہیں ہوتا۔ درحقیقت، آمدنی میں اضافہ اور استعمال کے اخراجات کے درمیان ایک وقفہ موجود ہے۔

4.4.5. ضارب کے رساؤ (Leakages of multiplier)

ضارب یہ فرض کرتا ہے کہ آمدنی حاصل کرنے والے افراد اپنی اضافی آمدنی کا ایک حصہ استعمال پر خرچ کرتے ہیں، لیکن عملی طور پر لوگ اپنی اضافی آمدنی دوسری چیزوں پر خرچ کرتے ہیں۔ اس طرح کے اخراجات رساؤ کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

ماضی کے قرضوں کی ادائیگی: (Payment towards past debts)

اگر اضافی آمدنی کا ایک حصہ پرانے قرضوں کی ادائیگی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تو MPC کم ہوجاتا ہے اور اس کے نتیجہ میں ضارب کی قیمت میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔

موجودہ دولت کی خریداری (purchase of existing wealth)

اگر آمدنی کا استعمال موجودہ دولت جیسے زمین، عمارت اور حصص کی رقم خریداری میں ہوتا ہے تو رقم لوگوں میں ہی گردش ہوتی ہے اور کبھی بھی استعمال (کھپت) میں داخل نہیں ہوتی۔ اس کے نتیجہ میں ضارب کی قیمت متاثر ہوتی ہے۔

اشیاء اور خدمات کی درآمد: (Import of goods and services)

اشیاء اور خدمات کی درآمد پر خرچ کرنے سے ملک کی آمدنی باہر بہہ جائے گی اور ملک کی آمدنی میں واپسی کا بہت کم موقع ہوتا ہے۔ اس طرح درآمد ضارب کی قیمت کو کم کرتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:30 PM

صارفین کے اشیاء کی غیر دستیابی:
(Non availability of conumer goods)

ضارب کا نظریہ اس طرح فرض کیا جاتا ہے کہ جیسے ہی مانگ ہوتی ہے، فوری طور پر صارفین کے اشیاء کی فراہمی کی جانی چاہئے۔ لیکن اکثر وقفہ ہوتا ہے۔ اس فرق کے دوران (D>S) افراط زر میں اضافہ ہونے کا امکان رہتا ہے۔ یہ استعمال (کھپت) کے اخراجات کو کم دیتا ہے جس سے ضارب کی قدر (قیمت) میں بھی کمی واقع ہوتی ہے۔

مکمل روزگار کی صورت حال
(Full employment situation)

مکمل روزگار کی صورت حال میں وسائل مکمل طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ چنانچہ مزید سرمایہ کاری، مزید حقیقی آمدنی پیدا کرنے کی بجائے افراطِ زر کا سبب بن سکتی ہے۔

4.4.6. ضارب کے استعمالات
(Uses of multiplier)

1۔ ضارب آمدنی اور روزگار کے نظریہ میں سرمایہ کاری کی اہمیت کی نشاندہی کرتا ہے۔

2۔ یہ عمل تجارتی دور کے مختلف درجہ پر روشنی ڈالتا ہے۔

3۔ یہ S اور I کے درمیان مساوات لانے میں بھی مدد کرتا ہے۔

4۔ اس سے حکومتی پالیسیاں مرتب کرنے میں مدد ملتی ہے۔

5۔ یہ بے روزگاری کو کم کرنے اور مکمل روزگار حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

ضارب کی قسمیں (Kinds of multiplier)

1۔ ٹیکس کا ضارب
2۔ روزگار کا ضارب
3۔ غیر ملکی تجارتی ضارب
4۔ سرمایہ کاری کا ضارب

4.5 رفتار بڑھانے کا اصول
(The accelerator principle)

رفتار بڑھانے کے اصول کی ابتداء افٹالین (aftalion) (1909)، ہوٹری (Howtrey) (1913)، اور بیکر ڈائیک (Bickerdike) (1914)، کی تحریروں میں پائی جاتی ہے۔ تاہم، سادہ رفتار کے نمونہ کی منظّم ترقی کو (J.M.Clark) نے 1917 میں پیش کیا تھا۔ اس کو کاروبار کے دور کے سلسلہ میں ہکس (Hicks)، سیمولسن samuelson اور ہارروڈ Harrod نے مزید فروغ دیا۔

4.5.1. معنی

معیشت میں کھپت کے اشیاء کی مانگ میں اضافہ ہونے سے عام طور پر مشینری (machineries) (سرمایہ کاری کے اشیاء) کی مانگ میں تیزی آتی ہے۔ استعمال (صَرف) (کھپت) میں اضافہ اور اس کے نتیجہ میں سرمایہ کاری میں اضافہ کے مابین تعلقات کی عددی قیمت رفتاری ہے۔

رفتار بڑھانے کے اثرات (Accelerator effects)

- بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے فرم سرمایہ کرتی ہیں۔
- گنجائش کو پورا کرنے کے لئے فرم قریب آتے ہیں
- صارفین کی مانگ میں اضافہ

$$\text{Accelerator } (\beta) = \frac{\Delta I}{\Delta C}$$

ΔI = سرمایہ کاری میں تبدیلی (100 فرض کریں)

ΔC = استعمال (صَرف) کی مانگ میں تبدیلی (50 فرض کریں)

سرمایہ کاری میں تبدیلی اور کھپت (استعمال) میں تبدیلی کے درمیان تناسب کو رفتار بڑھانے والا (Accelerator) ظاہر کرتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:31 PM

4.5.2. تعریف (Definition)

رفتار کا سرعددتر غیبی سرمایہ کاری (induced investment) اور کھپت (استعمال) میں ابتدائی تبدیلی کے درمیان کا تناسب ہے۔

استعمال کی اشیاء پر 50 ₹ کروڑ کے اخراجات کو فرض کرتے ہوئے اگر صنعتیں، سرمایہ کاری کی اشیاء کی صنعتوں پر 100 ₹ کروڑ کی سرمایہ کاری کرتے ہیں تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ رفتار 2 ہے۔

$$\text{رفتار Accelerator} = \frac{100}{50} = 2$$

4.5.3. مفروضات (Assumptions)

1۔ صارفین کے اشیاء کی صنعتوں کی زیادہ گنجائش کی عدم موجودگی۔

2۔ سرمایہ کاری - پیداوار کے تناسب کا مستقل ہونا

3۔ مانگ میں اضافہ کو مستقل سمجھا جانا

4۔ فنڈ (رقم) اور دیگر داخلی اشیاء (input) کے فراہمی لچکدار ہے

5۔ ضرورت کے مطابق سرمایہ اشیاء کو مکمل طور پر تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

4.5.4. تیز رفتاری کے اصول کا عمل (Operation of the Acceleration principle)

ہم ایک سادہ مثال پر غور کریں، تیز رفتاری کے عمل کی وضاحت اس طرح کی جاسکتی ہے۔

ہم فرض کریں کہ 1000 صارفین کے اشیاء کی پیداوار کے لئے 100 مشینوں کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ ایک مشین کی مدت حیات 10 سال ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال 10 مشینوں کو تبدیل کیا جانا چاہئے تا کہ 1000 صارفین کی اشیاء کی مسلسل بہاؤ کو برقرار رکھا جاسکے۔ اسے متبادل مانگ (replacement demand) کہا جاسکتا ہے۔

فرض کریں کہ صارفین کی اشیاء کی مانگ 10 فی صد (مثلاً 1000 سے 1100) بڑھتی ہے۔ اس کے نتیجہ میں 10 مزید مشینوں کی مانگ میں اضافہ ہوتا ہے۔ لہذا اس مشینوں کے لئے مجموعی طور پر مانگ 20 ہے۔ (10 متبادل کے لئے اور 10 میں اضافہ کے لئے) اس بات پر غور کیا جائے کہ صارفین کے اشیاء کی مانگ میں 10 فی صد کے اضافہ سے، مشینوں کی مانگ میں 100 فیصد کا اضافہ ہوتا ہے۔ (یعنی 10 سے 20 تک)۔ لہذا ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ صارفین کی اشیاء کی مانگ میں ایک ہلکی سی تبدیلی بھی سرمایہ کاری میں وسیع تبدیلی کا باعث بنے گی۔

خاکہ کے ذریعہ وضاحت

تیز رفتاری کا عمل



خاکہ 4.7

SS کی منحنی بچت کو ظاہر کرتی ہے۔ II کی منحنی سرمایہ کاری کو ظاہر کرتی ہے۔ نقطہ E1 پر معیشت آمدنی OY1 کے ساتھ توازن میں ہے۔ بچت اور سرمایہ کاری OI2 پر برمساوی ہیں۔ اب سرمایہ کاری کو OI2 سے OI4 تک بڑھایا جاتا ہے۔ اس سے آمدنی میں OY1 سے OY3 کا اضافہ ہوتا ہے۔ توازن کا نقطہ E3 ہے۔ اگر سرمایہ کو I2I4 تک بڑھایا جائے تو یہ خالص بیرونی طور پر بڑھنے والا (exogenous) ہے تو اس سے آمدنی میں Y1Y3 کا اضافہ

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:31 PM

ہوتا ہے۔ یہ ضارب کے اثرات (multiplier effect) کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔لیکن اس خاکہ میں یہ فرض کیا گیا ہے کہ بیرونی طور پر بڑھنے والا سرمایہ صرف I2I3 ہے اور ترغیبی سرمایہ کاری صرف I3I4 ہے۔ چنانچہ آمدنی میں Y1Y2 کا اضافہ ضارب کے اثر (multiplier effect) کی وجہ سے ہے اور آمدنی میں Y2Y3 کا اضافہ رفتاری کے اثر (accelerator effect) کی وجہ سے ہے۔

4.5.5. حد بندیاں (Limitations)

1۔ مستقل سرمایہ- پیداوار تناسب کا مفروضہ غیر حقیقی ہے۔

2۔ مکمل ملازمت سے پہلے ہی وسائل دستیاب ہیں۔

3۔ سرمائی اشیاء کی صنعتوں میں اضافی گنجائش فرض کی جاتی ہے۔

4۔ رفتاری صرف اس صورت میں کام کرے گی، جب بڑھتی ہوئی مانگ مستقل ہو۔

5۔ تیز رفتار صرف اس وقت کام کرے گی جب قرضہ آسانی سے دستیاب ہو۔

6۔ اگر صارف اشیاء کی صنعت میں غیر استعمال شدہ یا ضرورت سے زیادہ صلاحیت موجود ہے تو تیز رفتار اصول کام نہیں کرے گا۔

4.6 اعلیٰ ضارب (k اور β کا باہمی تعامل)

(Super multiplier) (k and β interaction)

اعلیٰ ضارب، سادہ ضارب سے بڑا ہے جس میں صرف خودمختار سرمایہ کاری شامل ہے اور کوئی ترغیبی سرمایہ کاری (induced investment) شامل نہیں ہے، جب کہ اعلیٰ ضارب میں ترغیبی سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔

آمدنی پر ابتدائی سرمایہ کاری کے مجموعی اثر کو پورا کرنے کے لئے ہکس Hicks نے k اور β کو ریاضی کے لحاظ سے جوڑ دیا ہے اور اسے اعلیٰ ضارب کا نام دیا ہے۔ ترغیبی کھپت اور ترغیبی سرمایہ کاری دونوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

4.6.1. قوت کو بڑھانے کا اثر (بیعانہ اثر) (Leverage Effect)

ضارب اور رفتار کے مجموعہ اثر کو قوت بڑھانے کا اثرات بھی کہا جاتا ہے جو معیشت کے آمدنی کے پھیلاؤ کو بہت زیادہ یا کم سطح تک لے جاسکتا ہے۔

علامتی طور پر

$$Y = C + I_A + I_P$$

Y = مجموعی آمدنی

C = استعمال کے اخراجات

IA = خودمختار سرمایہ کاری

IP = حوصلہ افزائی نجی سرمایہ کاری

خلاصہ (Summary)

اس باب میں استعمال (صَرف) (کھپت) کے تفاعل اور سرمایہ کاری تفاعل کو تین سروں کے تحت خلاصہ کیا گیا ہے۔

کھپت کے تفاعل قومی آمدنی اور کھپت کے اخراجات یعنی APC، MPC، اور APS، MPS کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔ موضوعی اور حقیقی عوامل استعمال (کھپت) کے تفاعل کا تعین کرتے ہیں۔

سرمایہ کاری کے تفاعل میں خودمختار سرمایہ کاری اور ترغیبی سرمایہ کاری، سود کی شرح اور سرمایہ کاری کے درمیان باہمی تعلق ہے۔ سود کی شرح اور سرمایہ کاری کو تعین کرنے میں MEC کا کردار شامل ہے۔

ضارب کا براہِ راست تعلق MPC سے ہے اور اس کا معکوس تعلق MPS سے ہے۔ تیز رفتاری کا اصول سرمایہ کاری کی جسامت پر کھپت کے اخراجات میں تبدیلی کے اثر کی وضاحت کرتا ہے۔ ضارب اور تیز رفتاری کے باہمی تعامل کو اعلیٰ ضارب کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 4 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:04:32 PM

اصطلاحات (Glossary)

❖ Consumption function :

استعمال (صَرف) (کھپت) کا تفاعل:

استعمال اور آمدنی کے مابین تعلقات

❖ Autonomous function :

خودمختار استعمال:

استعمال کی وہ کم از کم سطح ہے یا اخراجات ایسے وقت ہوں گے، جب کہ صارف کے پاس کوئی قابل آمدنی نہ ہو۔ کہ بنیادی ضروریات کے لئے خرچ کرنا

❖ Autonomous Investment :

خودمختار سرمایہ کاری

اضافی سرمایہ کاری جو آمدنی سے آزاد ہو۔

❖ (Average propensity to consume)(APC)

استعمال (صَرف) کا اوسط رجحان

آمدنی سے استعمال (صَرف) کے اخراجات کا تناسب C/Y

❖(Marginal propensity to consume)(MPC)

استعمال (صَرف) کا حاشیائی رجحان

استعمال (صَرف) کا کفایتی رجحان

آمدنی میں تبدیلی سے کھپت میں تبدیلی کا تناسب $\Delta C/\Delta Y$

❖(Average propensity to Save)(APS)

بچت کا اوسط رجحان

آمدنی میں بچت کا تناسب S/Y

❖(Marginal propensity to save)(MPS)

بچت کا حاشیائی رجحان

آمدنی میں تبدیلی سے بچت میں تبدیلی کا تناسب $\Delta S/\Delta Y$

❖ Subjective factors

موضوعی عوامل: نفسیاتی احساس سے متعلق داخلی عوامل

❖ Objective factors

حقیقی عوامل: بیرونی عوامل جو حقیقی اور پیمائش ہے۔

❖ Demonstration effect

مظاہرہ کا اثر: اعلیٰ استعمال کے طرز کو نقل کرنے کی خواہش

❖ Induced investment

ترغیبی سرمایہ کاری: اضافی سرمایہ کاری کا مطالبہ جو گھریلو مصنوعات میں اضافہ کا نتیجہ ہے۔ (GDP)

❖Multiplier ضارب:

سرمایہ کاری میں تبدیلی سے آمدنی میں تبدیلی کا تناسب $\Delta Y/\Delta I$

❖ Accelerator : تیز رفتاری

استعمال میں تبدیلی سے ترغیبی تبدیلی کا تناسب یا سرمایہ اسٹاک میں تبدیلی اور پیداوار کی سطح میں تبدیلی کے مابین ٹکنیکی تعلق۔

لین دین حقیقی وقت میں ہوتا ہے۔ لہذا تیزی سے ہوتا ہے۔	مقدار (batches) میں لین دین ہوتا ہے لہذا یہ سست ہے۔
اوقات صبح 9.00 بجے سے شام 4.30 بجے تک (ہفتہ سہ پہر 1.30 بجے تک)	اوقات صبح 8.00 بجے سے شام 6.30 بجے تک (ہفتہ سہ پہر 12.30 بجے تک)
RTGS کی منتقلی کی رقم کم سے کم دو لاکھ ہے۔	کم سے کم کی کوئی حد نہیں۔

RTGS اور NEFT یہ دونوں طریقہ RBI کے زیر انتظام ہیں۔ آدھے گھنٹے کے مقدار (batches) میں کام کرتی ہے۔ اس وقت کام کے ہفتہ کو شمار کر کے تمام کام کے دنوں میں صبح آٹھ بجے سے شام سات بجے تک 23 مقدار ہیں۔ لہذا فائدہ اٹھانے والے امید کر سکتے ہیں کہ اسی دن کام کرنے والے ہفتہ کو شمار کر کے تمام کام کے دنوں میں صبح 8 بجے سے شام 5.30 بجے تک لین دین کیا جا سکتا ہے۔

کاروباری ہفتہ کو شمار کر کے تمام کاروباری دنوں میں 6.30 بجے سے 7.00 بجے کی مقدار (batches) میں طے شدہ رقم یا لین دین یا تو اسی دن یا اگلے کاروباری دن پر فراہم ہوگی۔

6.11.3 ATM خودکار (Teller) مشین (Automated Teller Machine)

ATM نے بینکنگ کے تکنیکی طریقہ (Tech system) کو پہلی بار 1967 میں تبدیلی کر کے تعارف کروایا۔ ATM اگلا انقلاب ہے۔ اس میں بغیر رابطے کے ادائیگیوں کا امکان ہے۔ ایپل پے (Apple Pay)، گوگل والیٹ Google Wallet کی طرح ہی جلد ہی ہم اسمارٹ فون Smart Phone کا استعمال کر کے بغیر رابطہ (Contact) ATM لین دین Transaction انجام دینے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔

چند جدید ATM بیرونی ممالک میں دستیاب ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان میں بائیومیٹرک (حیات پیمائی) تصدیق (biometric authentification) پہلے ہی استعمال ہو رہی ہے اور اس کی شناخت قطر (Qatar) نیشنل بینک کے ATM میں موجود ہے۔ یہ ٹکنالوجی ATM ہیکس (hacks) کے خلاف تحفظ فراہم کر کے بینک کی مجموعی حفاظت میں مدد کر سکتی ہے۔



12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:24 PM

6.11.4 Paytm

یہ ایک ادائیگیوں کا بینک ہے۔ اس نے آ گسٹ 2015 میں Paytm کی ادئیگیوں کا بینک شروع کرنے کے لئے RBI سے اجازت (Licence) حاصل کیا۔paytmادائیگیوں کا بینک ایک علاحدہ ادارہ ہے جس کے بانی وجے شیکھر شرما (Vikay Shekar sharma) ہیں۔ ان کے پاس 51% حصص، One97 communication نامی مواصلاتی ادارہ کے پاس 39% حصص اور 10% حصص One97 اور Sharma کی ملکیت میں ہیں۔

6.11.5 ڈبیٹ کارڈ اور کریڈٹ کارڈ (Debit Card and Credit Card)



ڈیبٹ کارڈ ایک ایسا کارڈ ہے جس میں خریداری کرتے وقت مالک (holder) کو ایسے بینک کھاتے (account) سے الکٹرانک طریقے سے رقم کی منتقلی کی اجازت ہوتی ہے۔



ایک کریڈٹ کارڈ ادائیگی کا ایک کارڈ ہے۔ جو صارفین (کارڈ کے مالک) کو جاری کیا جاتا ہے تاکہ وہ اس کارڈ کو ادائیگی کے قابل بنا سکے۔ جو اس سے ادا کی گئی رقم کے علاوہ دیگر متفقہ معاوضوں کے لئے ادائیگی کرے گا۔ کارڈ جاری کرنے والا عام طور پر ایک بینک حرکت پذیر کھاتہ (revolving account) رکھتا ہے اور کارڈ کے مالک (card holder) کو ایک کریڈٹ لائن دیتا ہے جس سے کارہولڈر کسی تاجر کو ادائیگی کے لئے یا نقدی زرپیشگی کے طور پر رقم لے سکتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، کریڈٹ کارڈ ادائیگی کی خدمات کو کریڈٹ میں توسیع کے ساتھ جوڑ دیتے ہیں۔ کریڈٹ کارڈ انڈسٹری میں پیچیدہ فیس کے ڈھانچے (Complex fee structure)، گاہکوں کی خریداری کرنے کی صلاحیت کو محدود کر سکتے ہیں۔

6.11.6 حالیہ مسائل (Recent Issues)

ایک بار جب قرض لینے والا 90 دن تک سود یا بنیادی ادائیگی کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے تو قرض کو غیر کارکردگی بخش اثاثہ (Non performing Assets)(NPA) سمجھا جاتا ہے۔ مالی اداروں کے لئے NPA پریشانی کا باعث ہیں۔ کیوں کہ ان کی آمدنی کا انحصار سود کی ادائیگی پر ہے۔ ابھی تک NPA کی جسامت کا تخمینہ لگ بھگ دس لاکھ کروڑ ہے۔ اس کے نتیجہ میں بینکوں کے پاس مناسب سرمایہ نہیں ہے۔ لہذا حکومت (ہندوستان) مجبور ہے کہ وہ ٹیکس ادا کرنے والوں کا ناقص ٹیکس استعمال کر کے بینکوں کو سرمایہ فراہم کرے۔ GOI نے بینکنگ نظام میں 68,000 کروڑ روپئے داخل کر لئے ہیں۔ اس طرح بالآخر NPA عام لوگوں کو متاثر کرتی ہے۔

6.11.7 بینکوں کا انضمام (Merger of Banks)

مرکزی کابینہ نے 2017 میں اسٹیٹ بینک گروپ کے باقی پانچ شریک بینکوں کو اسٹیٹ بینک آف انڈیا میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا۔ پارلیمنٹ نے انضمام بل منظور ہونے کے بعد متحد بینکوں کا وجود ختم کر دیا ہے۔

پانچ شریک بینک اور Bharatiya Mahila Bank یکم اپریل 2017 سے شروع ہونے والی اسٹیٹ بینک آف انڈیا (SBI) کا حصہ بن گئے ہیں۔ اس سے اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو دنیا کے 50 اعلیٰ بینکوں میں شمار کیا گیا ہے۔ پانچ شریک بینک جو

State Bank of Bikaner and Jaipur (SBGJ)،

State Bank of Hyderabad (SBH)،

State Bank of Mysore(SBM)،

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:25 PM

State Bank of Patiala (SBP) اور
State Bank of Travancore (SBT) ہیں۔
دوسرے دو شریک بینک State Bank of Indore اور
State Bank of Saurashtra پہلے ہی اسٹیٹ بینک آف انڈیا میں ضم ہو چکے ہیں۔انضمام کے بعد SBI کے کل گاہکوں کی بنیادی تعداد بڑھ کر 37 کروڑ ہوگئی۔جس کے ملک بھر میں تقریباً 24,000 شاخیں اور 60,000 ATM شامل ہیں۔

6.12 نقدی بازار (Money Market)

نقدی بازار ایک ایسا طریقہ کار ہے جس کے ذریعہ قلیل مدتی سرمایہ سے قرض اور ادھار لیا جاتا ہے۔ یہ مالی اعانت کو نامزد کرتا ہے جو مختصر مدت کے کریڈٹ آلات کی خریداری فروخت اور منتقلی کو سنبھالتے ہیں ۔تجارتی بینک، قبولیت گھر(acceptance houses)، غیر بینک کاری مالیاتی ادارے اور سنٹرل بینک ایسے ادارے ہیں جو نقدی بازار میں قلیل مدتی سرمایہ کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

6.13 سرمائی بازار(Capital Market)

سرمایہ بازار، مالیاتی نظام کا ایک حصہ ہے جو حصص ، بانڈز (bonds) اور دیگر طویل مدتی سرمایہ کاریوں میں سودا کر کے سرمایہ میں اضافہ سے متعلق ہے۔
وہ بازار جہاں بمسک (bonds) ایکویٹی (equity) اور رہن کی طرح سرمایہ کاری کے آلات کے لین دین ہوتے ہیں، وہ سرمایہ کے بازار کے نام سے جانا جاتا ہے۔

6.14 استقاط زر (Demonetisation)

استقاطِ زر کا سکہ رائج الوقت کی حیثیت سے کسی سکہ کی اکائی (Currencty Unit) کو اس کی حیثیت ختم کرنے کا نام ہے۔
جب بھی قومی سکہ میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو یہ ہوتا ہے کہ موجودہ شکل یا پیسہ کی شکلیں گردش سے کھینچ لی جاتی ہیں، اس کی جگہ اکثر نئے سکے یا



نوٹ داخل کئے جاتے ہیں۔ 8 رنومبر 2016 کو ہندوستانی وزیر اعظم مسٹر نریندر مودی نے مہاتما گاندھی سلسلہ (Series) کے تمام 500 ` اور 1000 ` کے بینک نوٹ کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا۔ تاہم ان میں 99% سے زیادہ کرنسی دوبارہ RBI کے پاس آئیں۔

استقاط زر کے مقاصد

6.14.1 (Objectives of Demonetisation)

1۔ ملک سے کالے دھن کو ہٹانا۔
(Removing Black from the Country)
2۔ رشوت کو روکنا۔ (Stopping of Corruption)
3۔ دہشت گردی کے رقوم کو روکنا
(Stopping of Terror Funds)
4۔ جعلی نوٹوں کو روکنا (Curbing Fake Notes)

خلاصہ (Summary)

یہ بات اچھی طرح سے معلوم ہے کہ مالیاتی شعبہ کسی ملک کی ترقی کے عمل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مالیاتی شعبے کی تشکیل پانے والے مالیاتی ادارے، آلے اور بازاروں کا خالص محافظ، خالص قرض دہندگان تک وسائل کی منتقلی کی راہ میں کام کرتی ہیں، جو کماتے ہیں، ان سے کم خرچ کرتے ہیں، جو اپنی کمائی سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔اب تک کے مختلف اصلاحی اقدامات کا نتیجہ متاثر کن رہا ہے اور بینکوں نے اپنے عمل کی تنظیم نو اور کارکردگی کے معیار کو بلند کر کے انضباطی اور بڑھتے مسابقتی ماحول کا جواب دیا ہے تاہم 2010 کے دہائیوں میں NPA کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:26 PM

Glossary

❖ تجارتی بینک Commercial Bank

یہ وہ ادارے ہیں جو کاروبار کی قلیل مدتی قرضہ دیتے ہیں اور اس عمل میں پیسہ پیدا کرتے ہیں۔

❖ قرضہ دینے کے لئے نقدی کی پیداوار Credit creation

اس کا مطلب ہے قرضوں اور زر پیشگی کی اضافہ۔ تجارتی بینک عوام سے ذخائر وصول کرتے ہیں اور ان ذخائر کو قرض دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

❖ غیر بینک مالیاتی ادارہ (NBFI)

Non - banking Financial Institution

یہ ایک ایسا مالی ادارہ ہے جس کی مکمل بینک کاری کی اجازت (License) نہیں ہے یا مرکزی بینک اس کی نگرانی کرتا ہے۔

❖ مرکزی بینک Central Bank

یہ ایک ایسا ادارہ ہے جو ریاست کی کرنسی، رقم کی فراہمی اور سود کی شرحوں کا انتظام کرتا ہے۔ مرکزی بینک بھی عام طور پر تجاری بینک کاری نظام کی نگرانی کرتے ہیں۔

❖ بینک کی شرح Bank Rate

یہ وہی شرح ہے جس پر کسی ملک کا مرکزی بینک اول درجے کی ضمانت کو دوبارہ رعایت (re-discount) کے لئے تیار ہوتا ہے۔

❖ قانون سیالیت کا تناسب:

Statutory Liquidy ratio (SCR)

یہ وہ رقم ہے جسے بینک ،سونے یا منظور شدہ ضمانت کی شکل میں برقرار رکھتا ہے۔

❖ نقدی ذخیرہ کا تناسب (CRR)

Cash Reserve Ratio

بینکوں کو اپنے ذخائر کا ایک خاص تناسب RBI کے پاس نقد رقم کی شکل میں رکھنا ہوتا ہے۔ اسے RR کے نام سے جانا جاتا ہے۔

❖ مالیاتی پالیسی: Monetary Policy

یہ مرکزی بینک کی جانب سے رقم کی فراہمی اور سود کی شرح کے انتظام کے ضمن میں رکھی جانے والی کلاں معاشیاتی پالیسی ہے۔

❖ سرمایہ بازار Capital market

یہ ایک مالیاتی منڈی ہے جس میں طویل مدتی قرض یا نصف کی حمایت والی ضمانتی خرید و فروخت کی جاتی ہے۔

❖ استقاط زر Demonetisation

یہ سکہ رائج الوقت کی حیثیت سے کسی کرنسی یونٹ کو اپنی حیثیت سے اتارنے کا کام ہے۔ جب بھی قومی کرنسی میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو یہ ہوتا ہے۔

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:26 PM

Part – A

I کثیر انتخابی سوالات

1۔ بینک ایک ہے۔
(a) مالیاتی ادارہ
(b) کارپوریٹ
(c) کارخانہ
(d) خدماتی ادارہ

2۔ تجارتی بینک ایک ایسا ادارہ ہے جو خدمات انجام دیتا ہے۔
(a) جمع کو قبول کرنا
(b) قرضہ دینا
(c) (a) اور (b) دونوں
(d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ تجارتی بینکوں کے کاگزاریوں کو عام طور پر تقسیم کرتے ہیں۔
(a) ابتدائی افعال
(b) ثانوی افعال
(c) دوسرے افعال
(d) a, b اور c

4۔ بینک قرض (credit) کو ظاہر کرتا ہے۔
(a) بینک کا قرضہ (Bank loan)
(b) زرپیشگی (Advances)
(c) قرض رقم اور زرپیشگی
Bank Loan & advances
(d) قرضہ لینا Borrowing

5۔ قرضہ دینے کے لئے نقدی کی پیداوار (Credit Creation) کے معنی
(a) قرض اور زرپیشگی اضافی
(b) آمدنی (Revenue)
(c) خرچ (Expenditure)
(d) بچت (Debt)

6۔ NBIF کے پاس یہ نہیں ہوتی۔
(a) بینک کاری کا لائسنس (Banking license)
(b) حکومت کی (Government approval)
(c) نقدی بازار کی (Money market approval)
(d) مالیاتی (Finance ministry approval)

7۔ مرکزی بینک کسی بھی ملک میں ..... کا اختیار رکھتا ہے۔
(a) مالیات
(b) مالی معاملات
(c) اجرت
(d) قومی آمدنی

8۔ ہندوستان کی حکومت کے بینکر کی طرح کون کام کرتا ہے؟
(a) SBI
(b) NABARD
(c) ICICI
(d) RBI

9۔ ''قرض فراہم کرنے کا آخری سہارا'' اس کا ایک کام ہے۔
(a) مرکزی بینک
(b) تجارتی بینک
(c) زمینی ترقیاتی بینک
(d) کوآپریٹیو بینک

10۔ بینک کی شرح کے معنی
(a) اول درجہ کی ضمانت کی دوبارہ رعایت
(b) شرح سود
(c) شرح تبادلہ
(d) ترقی کی شرح

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:27 PM

11۔ ریپوریٹ کے معنی .....

(a) تجارتی بینکوں کا RBI کو دینے والے قرض کی شرح ہے

(b) RBI کا تجارتی بینکوں کو دینے والے قرض کی شرح ہے

(c) غیر ملکی بینک کا شرح تبادلہ ہے۔

(d) معیشت کے ترقی کی شرح ہے۔

12۔ اخلاقی ترغیب کے معنی

(a) پیش کارکردگی Optimization

(b) زیادہ سے زیادہ Maximization

(c) ترغیب Persuation

(d) کم سے کم Minimization

13۔ ARDC کی کارگزاریاں اس دن شروع ہوئی۔

(a) 3/جون 1963

(b) 3/جولائی 1963

(c) یکم جون 1963

(d) یکم جولائی 1963

14۔ NABARD اس دن قائم ہوئی۔

(a) جولائی 1962

(b) جولائی 1972

(c) جولائی 1982

(d) جولائی 1992

15۔ EXIM بینک قائم کی گئی

(a) جون 1982

(b) اپریل 1982

(c) مئی 1982

(d) مارچ 1982

16۔ ریاستی مالیاتی کارپوریشن (SFCs) کے قانون کو انہوں نے پاس کیا۔

(a) حکومت ہند

(b) حکومت ٹمل ناڈو

(c) حکومت یونین ٹیریٹری

(d) مقامی حکومت

17۔ مالیاتی پالیسی کو بنانے والے

(a) کوآپریٹو بینک (b) تجارتی بینک

(c) مرکزی بینک (d) غیر ملکی بینک

18۔ آن لائن بینکنگ کو ..... بھی کہتے ہیں۔

(a) E-banking

(b) انٹرنیٹ بینکنگ Internet banking

(c) RTGS

(d) NEFT

19۔ ATM کی توسیع

(a) Automated Teller Machine

(b) Adjusment Teller Machine

(c) Automated Teller mechanism

(d) Any Time Money

20۔ 2016 کے اسقاط زر میں یہ زر نقدی شامل ہے۔

(a) ₹500 اور ₹1000

(b) ₹1000 اور ₹2000

(c) ₹200 اور ₹500

(d) ان سب کو

جوابات

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
a	c	d	c	a	a	a	d	a	a
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
b	c	d	c	d	a	c	b	a	a

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:27 PM

PART - B

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک یا دو سطروں میں لکھئے۔

21۔ تجارتی بینک کی تعریف کیجئے۔

22۔ قرضہ دینے کے لئے نقدی کی پیداوار (کریڈٹ تخلیق) (Credit creation) کیا ہے؟

23۔ مرکزی بینک کی تعریف کیجئے۔

24۔ CRR اور SLR کے درمیان فرق کیجئے۔

25۔ کھلی بازاری کارروائیاں (Open market operations) کے معنی کیا ہیں؟

26۔ قرض کی موافقت rationing of credit کیا ہے؟

27۔ محکمہ زرعی قرض کی خدمات کیا ہیں؟ بیان کیجئے۔

PART - C

ذیل کے سوالات کے جوابات ایک ایک پیریگراف میں لکھئے۔

28۔ تجارتی بینکوں کا قرضہ دینے کے نقدی کی پیداوار (کریڈٹ تخلیق) (Credit creation) کی بناوٹ کو لکھئے۔

29۔ NBFI پر مختصر نوٹ لکھئے۔

30۔ NABARD کی خدمات کیا ہیں؟

31۔ قرضہ کو قابو میں کرنے کے طریقے کیا ہیں؟

32۔ IFCI کے افعال کیا ہیں؟

33۔ نقدی بازار (Money Market) اور سرمائی بازار Capital market کے درمیان فرق بتائیے۔

34۔ استقاط زر (demonetisation) کے مقاصد کو بیان کیجئے۔

PART - D

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک صفحہ میں لکھئے۔

35۔ معاشیات کی ترقی میں تجارتی بینکوں کے کردار کو بیان کیجئے۔

36۔ تجارتی بینکوں کی کارگزاریوں کو واضح کیجئے۔

37۔ ریزرو بینک آف انڈیا کے افعال بیان کیجئے۔

38۔ مالیاتی پالیسی (Objectives of monetary policy) کے مقاصد کیا ہیں؟ واضح کیجئے.

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:27 PM

کارروائی:

1۔ طلباء قریبی تجارتی بینک کو جا کر بینک کی کارگزاریوں کا مشاہدہ کریں، وہ اپنے تجربات کو ایک رپورٹ کی شکل میں پیش کریں۔

2۔ 2016 کے استنقاط زر کی عوام پر ہونے والے اثرات کا ایک جائزہ لے کر ایک رپورٹ درج کیجئے۔

References

1. Jhingan, M.L. (2011), Monetary Economics, Vrinda publications (P) Ltd, Delhi.
2. Paul, R.R. (2011), Monetary Economics, Kalyani publications, New Delhi.
3. Hajela, T.N. (2009), Money, Banking and Public Finance – Ane books Pvt.Ltd, New Delhi.
4. Sankaran, S. (2010), Money, Banking and International Trade, Margham Publication, Chennai.
5. Sundharam, K.P.M. (2000), Money, Banking and International Trade, Sultan Chand & Sons, New Delhi.

Websites / e-books

1. Ken Hoyle (1982), Money and Banking, https://www.elsevier.com/books/money-and-banking/hoyle/978-0-434-98505-0
2. Robert Wright (2012), Money and Banking, https://open.umn.edu/ opentextbooks/ textbooks/money-and-banking

12th eco CH 6 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:25:27 PM

باب 7

بین الاقوامی اقتصادیات (معاشیات)

(International Economics)

''معیشتوں کو اشیاء کی تجارت اور مالیاتی مارکیٹ کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر منسلک کیا جاتا ہے۔''

-Dornbusch, Fischer adn Startz

سیکھنے کے مقاصد

1. بین الاقوامی تجارت کی اہمیت اور بین الاقوامی تجارت کے مختلف نظریات کی وضاحت کرنا۔
2. شرح مبادلہ کا تعین، شرح مبادلہ کی تبدیلی اور توازن کی ادائیگی کے بارے میں تفہیم فراہم کرنا۔
3. FDI اور تجارت کے بارے میں ایک بصیرت فراہم کرنا۔

7.1 تعارف (Introduction)

اصطلاح ''بین الاقوامی معیشت'' جو بین الاقوامی تجارت کے ایک سادہ نظریہ سے ماخوذ ہے ۔ کچھ بنیادی سوالوں کے جوابات کے لئے تیار کی گئی ہے۔اس سبق کی ابتداء دنیا کے ایک خاص حصے، مغربی یوروپ میں غیر ملکی تجارت کی بڑھتی ہوئی اہمیت کی وجہ سے ہوئی تھی۔ کلاسیکی ماہر معاشیات جیسے آدم اسمتھ ، ڈیوڈ ریکارڈو (David Ricardo) ایف.ڈبلیو.توسیگ (F.W.Taussig)، جے.ایس (J.S.Mill) اور بیلا بلاسا (Bela balassa) کی شراکت نے بین الاقوامی معاشیات کے موضوع کو اہم شکل دی۔



ہیبرلر (Haberler)

بین الاقوامی معاشیات، بین لاقوامی معاشی لین دین کا مطالعہ کرتی ہے، بلکہ سرمایہ کا بہاؤ ٹیکنالوجی کی منتقلی، شرح مبادلہ، توازن کی ادائیگی اور محصول سے متعلق مسائل، تحفظ ، آزاد تجارت ، سرمایہ کاری کے بہاؤ، مالیاتی پالیسی اور مالی کردار انفرادی ممالک کے ذریعہ اختیار کیا جاتا ہے۔

7.2 بین الاقوامی معاشیات کے معنی (Meaning of International Economics)

بین الاقوامی معاشیات اقتصادیات کی وہ شاخ ہے جس سے دو یا دو سے زیادہ ممالک کے مابین اشیاء اور خدمات کے تبادلہ کا تعلق ہے۔ لہذا مواد بنیادی طور پر غیر ملکی تجارت سے متعلق ہے۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:54 PM

دوسرے لفظوں میں، بین الاقوامی معاشیات کا ایک مخصوص شعبہ ہے جو ممالک کے مابین معاشی باہمی انحصار سے متعلق ہے اور اس طرح کے باہمی انحصار کے اثرات اور اس کو متاثر کرنے والے عوامل کا مطالعہ کرتا ہے۔

7.3 بین الاقوامی معاشیات کا موضوع
(Subject matter of International Economics)

بین الاقوامی معیشت کے مضامین میں قطعات (اجزاء) (Segments) کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

1۔ خالص تجارتی نظریہ (Pure theory of Trade)

یہ جزو غیر ملکی تجارت، ترکیب، سمت اور تجارت کے جسامت، مبادلہ شرح اور تجارتی شرائط کا تعین، تجارتی توازن ورتوازن ادائیگی سے متعلق مسائل کی وضاحت کرتا ہے۔

2۔ پالیسی کے مسائل: (Policy Issues)

اس حصے کے تحت، آزاد تجارتی خلاف تحفظ، تجارت کو منظّم کرنے کے طریقے، سرمائے اور ٹکنالوجی کے بہاؤ، ٹیکس لگانے کا استعمال امدادی رقم اور ڈمپنگ (dumping)، تبادلہ، قابو اور تغیر پذیر، غیر ملکی امداد، بیرونی قرضے اور براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری، توازن کی ادائیگی میں عدم مساوات وغیرہ کو درست کرنے کے اقدامات کا احاطہ ہے۔

3۔ بین الاقوامی اتحادِ تجار اور تجارتی بلاک (Blocs)
International Cartels and Trade Blocs

یہ حصہ بین الاقوامی اتحاد تجار، کسٹم یونینوں، مالیاتی یونینوں، تجارتی بلاک، معاشی یونینوں اور اس طرح کی شکل میں معاشی انضمام سے متعلق ہے۔ یہ متعدد قومی کارپوریشن (MNCS) انضمام سے متعلق ہے۔ اس میں متعدد قومی کارپوریشن (MNCS) Multi National Corporation کے عمل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

4۔ بین الاقوامی مالیاتی اور تجارتی ضابطہ ادارے:
(International Financial and Trade regulatory Institutions)

مالیاتی ادارے جیسے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IBRD,IMF, WTO وغیرہ جو بین الاقوامی معاشی لین دین اور تعلقات کو متاثر کرتی ہے اور بین الاقوامی معاشیات کا بھی حصہ ہوتے ہیں۔

7.4 تجارت کے معنی (Meaning of Trade)

تجارت، اقتصادی انضمام کی ایک طاقت ور قوت ہے۔ اصطلاح ''تجارت'' کا مطلب لوگوں میں اشیاء، اشیاء یا تجارت کا تبادلہ ہے۔ تجارت دو طرح کی ہوتی ہے۔ وہ یہ ہے :

(a) داخلی تجارت اور

(b) بین الاقوامی تجارت



7.4.1 داخلی تجارت: (Internal Trade)

اس سے مراد کسی قوم کی سیاسی اور جغرافیائی حدود میں اشیاء اور خدمات کا تبادلہ ہوتا ہے۔ یہ ایک ملک کی اندرونی تجارت ہے۔ اسے داخلی تجارت domestic trade یا گھریلو تجارت Home trade یا علاقائی تجارت intra-regional Trade بھی کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:55 PM

7.4.2 بین الاقوامی تجارت (International Trade)

بین الاقوامی تجارت سے مراد دو یا دو سے زیادہ ممالک کے مابین اشیاء اور خدمات کا تبادلہ ہے۔

دوسرے لفظوں میں، یہ مختلف ممالک کے مابین تجارت ہے یا سیاسی سرحدوں میں تجارتی ہے۔ اسے بیرونی تجارت external trade یا غیر ملکی تجارت "Foregin trade " یا بین علاقائی تجارت inter regional trade بھی کہا جاتا ہے۔

7.4.3 داخلی تجارت اور بین الاقوامی تجارت کے مابین اختلافات

(Differences between Internal Trade and International Trade)

Sl.No.	بین الاقوامی تجارت (International Trade)	داخلی تجارت (Internal Trade)
1.	مختلف ممالک میں مختلف افراد اور فرموں کے مابین تجارت ہے۔	ایک ہی ملک کے اندر مختلف افراد اور فرموں کے مابین تجارت ہوتی ہے۔
2.	مزدور اور سرمایہ ایک قسم سے دوسری قسم میں آسانی سے منتقل نہیں ہوتے ہیں۔	مزدور اور سرمایہ آزادانہ طور پر ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں منتقل ہوتا ہے۔
3.	اشیاء اور خدمات آسانی سے ایک ملک سے دوسرے ملک میں منتقل نہیں ہوتے ہیں، کیونکہ یہاں محصول اور کوٹا جیسی متعدد پابندیاں ہیں۔	اشیاء اور خدمات کا مفت بہاؤ ہوگا کیونکہ یہاں کوئی پابندی نہیں ہے۔
4.	مختلف کرنسی ہیں۔	ایک ہی عام کرنسی ہے۔
5.	جغرافیہ اور آب وہوا مختلف ہوتی ہے۔	جغرافیہ اور آب وہوا ایک جیسے ہیں۔
6.	تجارت اور مالیاتی ضابطہ جیسے سود کی شرح، تجارتی قوانین، ممالک کے مابین مختلف ہیں۔	تجارت اور مالی ضابطہ ایک جیسے ہیں۔
7.	سیاسی قانونی عوام کے رسم و رواج اور حکومت کی پالیسیوں میں اختلافات کا اظہار کیا جاتا ہے۔	سیاسی قانونی عوام کے رسم ورواج اور حکومت کی پالیسیوں میں کوئی فرق نہیں۔

7.5 بین الاقوامی تجارت کے نظریات
(Theories of International Trade)

7.5.1 بین الاقوامی تجارت کا کلاسیکی نظریہ
(The Classical Theory of International Trade)

تعارف: (Introduction)

آدم اسمتھ (1776) نے مطلق لاگت سے فائدہ اٹھانے کے نظریہ کو ترقی دیا۔ جس نے ایک واضح اور عین مطابق نظریہ تیار کیا، یعنی تقابلی لاگت سے فائدہ اٹھانے کا نظریہ (Theory of comparative cost advantage)، جسے بعد میں J.S.Mill، Cairnes، Bastable، Taussig اور Haberler کے مطلق لاگت سے فائدہ اٹھانے کے نظریہ کو مزید فروغ دیا۔ ہم سب سے پہلے آدم اسمتھ کے تقابلی لاگت سے فائدہ اٹھانے والے نظریہ پر تبادلہ خیال کریں گے۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:56 PM

کلاسیکی تجارتی نظریات

Mercantilism (16ویں صدی سے پہلے)

- ہم سے اُن (us-versus-them) کا تجارتی تصور ہے۔
- دوسرے ملک کا فائدہ ہمارے ملک کا نقصان ہے۔

مفت تجارتی نظریے Free Trade Theories

- مطلق فائدہ (آدم اسمتھ-1776)
- تقابلی فائدہ (ڈیوڈ ریکارڈو-1817)
- پیداوار کی مہارت اور اشیاء کے آزادانہ بہاؤ سے تجارتی ساتھی کے تمام معیشتوں کو فائدہ ہوتا ہے۔

مفت تجارتی بہتر Free Trade Refined

- (Factor-proporations)
  Heckscher- ohlin,1919
- بین الاقوامی مصنوعات کی دائرہ حیات
  (Ray Vernon-1966)

7.5.2. آدم اسمتھ کا مطلق لاگت سے فائدہ اٹھانے کا نظریہ
(Adam smith's Theory of Absolute cost Advantage)

آدم اسمتھ نے بحث کی ہے کہ جب کہ مطلق لاگت سے فائدہ کے لحاظ سے تجارت اور مہارت حاصل ہو تو تمام ممالک کو فائدہ ہوسکتا ہے۔

نظریہ The Theory

ادم اسمتھ کے مطابق، بین الاقوامی تجارت کی بنیاد مطلق لاگت سے فائدہ (absolute cost advantage) ہے۔ دونوں ممالک کے مابین تجارت باہمی فائدہ مند ہوتی ہے جب کہ ایک ملک دوسرے ممالک کے مقابلے میں مطلق لاگت کے فائدہ پر کوئی اشیاء تیار کرتا ہے جو پہلے ملک کے مقابلے میں مطلق لاگت کے فائدہ پر ایک اور مصنوع تیار کرتا ہے۔

مفروضات (Assumptions)

1۔ دو ممالک اور دو اشیاء (2×2 ماڈل)

2۔ مزدور ہی پیداوار کا واحد عامل ہے۔

3۔ مزدور کی اکائی ایک جیسی ہے۔

4۔ کئی اشیاء کی لاگت یا قیمت اس کی پیداوار کے ضروری مزدور کی مقدار سے پیائش کی جاتی ہیں۔

5۔ نقل وحمل کی کوئی لاگت نہیں ہے۔

وضاحت Illustration

مطلق لاگت سے فائدہ اٹھانے والا نظریہ کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔

Absolute Cost Advantage

ملک Country	ہندوستان India	چین China
	مزدور کی فی اکائی پیداوار	
گیہوں	20	8
کپڑا	6	14



خاکہ 7.1

مثال کے طور پر یہ واضح ہے کہ ہندستان کو چین سے زیادہ گیہوں کی پیداوار میں مطلق فائدہ ہے اور چین کو ہندوستان سے زیادہ کپڑے کی پیداوار میں مطلق فائدہ ہے۔ لہذا، ہندوستان کو گیہوں کی تیاری میں مہارت، اور چین سے کپڑے درآمد کرنی چاہئے۔ چین کو پیداوار میں مہارت حاصل کرنی چاہئے اور ہندوستان سے گیہوں درآمد کرنا چاہئے۔ اس طرح کی تجارت ہندوستان اور چین دونوں کے لئے باہمی فائدہ مند ہوگی۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:56 PM

7.5.3. ریکارڈو کی تقابلی لاگت سے فائدہ اٹھانے کا نظریہ
(Ricardo's theory of compacative cost Advantage)

ریکارڈو برطانوی ماہر معاشیات ہیں ۔ 1817 میں انہوں نے اپنی کتاب، (Principles of political Economy and taxation) سیاسی معیشت اور ٹیکس کے اصولوں پر شائع کی ۔ اس میں وہ تقابلی لاگت کے نظریہ کی وضاحت کرتا ہے۔ بعد میں اس کو جے. ایس. مل، J.S.Mill، مارشل Marshall، توسیگ Taussig اور دیگر نے اس کو بہتر بنایا۔

ریکارڈو نے ظاہر کیا کہ تجارت کی بنیاد، تقابلی لاگت کا فرق ہے۔ دوسرے الفاظ میں، تجارت اس وقت بھی ہوسکتی ہے یہاں تک کہ اگر لاگت کا مطلق فرق غیر حاضر ہے لیکن لاگت کا تقابلی فرق ہے۔

ریکارڈو کے مطابق، جب کوئی ملک کم لاگت پر پیداوار کرتا ہے تو وہ تجارت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہاں تک کہ جب ایک ملک دونوں اشیاء میں مطلق فائدہ حاصل کرتا ہے تو ملک ان اشیاء کی تیاری اور برآمد میں مہارت حاصل کرتا ہے تو ملک ان اشیاء کی تیاری اور برآمد میں مہارت حاصل کرے گا جو زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں ۔ اس طرح، یہاں تک کہ جب کسی ملک کو دونوں اشیاء کی پیداوار میں مطلق نقصان ہوتا ہے تو، اس ملک کی پیداوار اور برآمد میں مہارت حاصل ہوگی جس میں یہ نسبتاً کم نقصان دہ ہوتا ہے۔

مفروضات (Assumptions)

1۔ صرف دو ملک اور دو مصنوعات (2x2) ماڈل

2۔ پیداواری لاگت کا واحد عنصر مزدور ہے۔

3۔ تمام مزدور مساوی قابلیت کے حامل ہیں۔

4۔ مزدور ملک کے اندر بالکل حرکت پذیر لیکن ممالک کے مابین بالکل بے حرکت ہیں۔

5۔ پیداوار مساوی واپسی کے قانون سے مشروط ہے۔

6۔ غیر ملکی تجارت تمام رکاوٹوں سے آزاد (بَری) ہے۔

7۔ ٹکنالوجی میں کوئی تبدیلی نہیں۔

8۔ کوئی نقل وحمل کی لاگت نہیں۔

9۔ مکمل مسابقت

10۔ مکمل ملازمت

11۔ حکومت کی مداخلت نہیں۔

وضاحت (Illustration)

امریکہ اور ہندوستان میں کپڑا اور گیہوں کی پیداواری لاگت کی فرضی مثال کے ساتھ ریکارڈو کے تقابلی لاگت کے نظریہ کی وضاحت کی جاسکتی ہے۔

تقابلی لاگت کا فائدہ:

(Comparative cost Advantage)

(ایک اکائی کی پیداوار کے لئے مزدور کی اکائیوں کی ضرورت)

(Units of Labour required to Produce one unit)

wheat Domestic Exchanage Rate

ملک Country	کپڑا Cloth	گیہوں Wheat	Domestic Exchange Ratios
امریکہ	100	120	1 گیہوں =1.2 کپڑا
ہندوستان	90	80	1 گیہوں = 0.88 کپڑا



Figure 7.2

غور کیجئے : میلان یکساں نہیں ہیں۔

اس مثال سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کپڑے اور گیہوں دونوں کی پیداوار میں ہندوستان کو مطلق فائدہ ہے۔ اس لئے ہندوستان کو گیہوں کی پیداوار پر توجہ دینی چاہئے جس میں وہ تقابلی لاگت سے فائدہ اٹھاتی

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:56 PM

ہے(90/100 > 80/120)۔ امریکہ کے لئے کپڑوں کی پیداوار میں تقابلی لاگت کا نقصان کم ہے۔ لہذا امریکہ کپڑے کی تیاری میں مہارت حاصل کرکے اور اسے گیہوں کے بدلے ہندوستان کو برآمد کرسکتا ہے۔ (گیہوں کی ایک اکائی کے مقابلہ میں 0.88 اکائی اور کپڑے کے 1.2 اکائی کے مابین کوئی تبادلہ تناسب یہ دونوں ممالک کے لئے فائدہ مندی کی نمائندگی کرتا ہے)۔ تجارت کے ساتھ ہندوستان اپنے 160 مزدور اکائیوں کا استعمال کرتے ہوئے 1 اکائی کپڑے اور 1 اکائی گیہوں حاصل کرسکتا ہے۔ تجارت کی عدم موجودگی میں۔ ہندوستان کو یہ فائدہ اٹھانے کے لئے 170 اکائی مزدوروں کو استعمال کرنا پڑے گا۔ امریکہ کو بھی اس تجارت سے فائدہ ہوتا ہے۔ تجارت کے ساتھ، امریکہ اپنی 200 اکائیوں کی مزدور کو استعمال کرتے ہوئے 1 اکائی کپڑا اور 1 اکائی گیہوں حاصل کرسکتا ہے۔ ورنہ امریکہ کو 1 اکائی کپڑا اور 1 اکائی گیہوں حاصل کرنے کے لئے 220 اکائی مزدور کو استعمال کرنا پڑے گا۔

تنقید: Criticisms

1۔ مزدوری لاگت کل لاگت کا ایک چھوٹا حصہ ہے لہذا مزدوری لاگت پر مبنی نظریہ غیر حقیقی ہے۔

2۔ مختلف ممالک میں مزدور کی قابلیت میں مساوی نہیں ہے۔

7.5.4. بین الاقوامی تجارت کا جدید نظریہ
(Modern theory of International Trade)

تعارف Introduction

بین الاقوامی تجارت کا جدید نظریہ سویڈن کے ماہر معاشیات Eli Heckscher اور ان کے طالب علم Bertil ohlin نے 1919 میں پیش کیا تھا۔

یہ نمونہ (Model) بین الاقوامی تجارت کے ریکارڈین نظریہ پر مبنی تھا۔ اس نظریہ کا کہنا ہے کہ بین الاقوامی تجارت کی بنیاد عوامل وقفوں میں فرق ہے۔ اسے دوسری صورت میں ''عوامل عطا کرنے کا نظریہ'' Factor endowment theory کہا جاتا ہے۔

''عوامل عطا کرنے کا نظریہ'' کا نمونہ

- Heckscher اور ohlin نے فروغ دیا۔
- جو ممالک متعلق عوامل کی کثرت رکھتے ہیں وہ
  مزدور ⟵ مہارت ⟵ غیر ہنرمندی مزدوری والے
- ممالک کے ذریعہ تیار کردہ اشیاء اور خدمات کا تبادلہ
- برآمدات متعلق کثرت کی عوامل سے ہے
- درآمدات متعلق قلت کی عوامل سے ہے
- فرض کریں اعلیٰ درجہ پر عوامل کی نقل وحرکت

نظریہ: The Theory

کلاسیکی نظریہ نے یہ بحث کی ہے کہ غیر ملکی تجارت کی بنیاد تقابلی لاگت میں فرق اور اس میں صرف مزدوری کا عوامل سمجھا جاتا ہے لیکن بین الاقوامی تجارت کا جدید نظریہ اس طرح کے تقابلی لاگت میں فرق کے وجوہات کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ نظریہ تقابلی اخراجات میں بین الاقوامی اختلافات کو قرار کرتا ہے۔

(i) ممالک کے مابین پیداوار کے عوامل کی وقف میں فرق اور

(ii) پیداوار میں ضروری عوامل کے تناسب میں فرق

مفروضات (Assumptions)

1۔ دو ممالک، دو اشیاء اور دو عوامل ہیں (2x2x2) ماڈل

2۔ ملک کے وقف عوامل میں مختلف ہیں۔

3۔ اشیاء کو عوامل کی شدت کے لحاظ سے درجہ بندی کیا جاتا ہے۔

4۔ ممالک ایک ہی پیداواری ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہیں۔

5۔ دونوں ممالک کی مانگ ایک جیسی ہے۔

6۔ دونوں ممالک میں مصنوعات اور عوامل مارکیٹوں میں مکمل مسابقت ہے۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:57 PM



وضاحت (Explanation)

Heckscher-Ohlin کے مطابق ''سب سے زیادہ سرمایہ کا وجود والا ملک سرمائے کی اشیاء برآمد کرے گا اور سب سے زیادہ مزدور کا وجود والا ملک مزدور کی اشیاء برآمد کرے گا۔ ایک عوامل کو کثرت سمجھا جاتا ہے یا دوسرے عوامل کی مقدر کے سلسلے میں قلت، کسی ملک کو صرف تب ہی سرمایہ سے مالا مال سمجھا جاسکتا ہے جب دوسرے ممالک سے سرمائے تناسب دوسرے عوامل سے زیادہ ہو۔

مثال کے طور پر Illustration

America امریکہ	India ہندوستان	particulars تفصیلات
24	50	مزدور کی فراہمی
30	40	سرمایہ کی فراہمی
30/24 = 1.25	40/50 = 0.8	سرمایہ-مزدور کا تناسب

اوپر دئے ہوئے مثال کے طور پر، اگرچہ مطلق شرائط میں ہندوستان کے پاس زیادہ سرمایہ ہے، لیکن امریکہ کے سرمایہ کے ساتھ زیادہ مالا مال ہے کیوں کہ ہندوستان میں سرمایہ کاری کا تناسب 0.8 ہے جو امریکہ سے کم ہے۔ جہاں 1.25 ہے۔ مندرجۂ ذیل کے خطوط میں عالمی تجارت کا نمونہ پیش کیا گیا ہے۔



12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:57 PM

limitations: حدود

1۔ وقت کے ساتھ کسی ملک کے وقف عوامل میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

2۔ دونوں ممالک میں ایک ہی عوامل کی (مزدور کہنے کی) قابلیں مختلف ہوسکتی ہے۔مثال کے طور پر،امریکہ مزدوروں کی تعداد کے لحاظ سے مزدوری کی کمی کا باعث ہوسکتا ہے۔لیکن قابلیت کے لحاظ سے کل مزدوری زیادہ ہوسکتی ہے۔

7.5.5 کلاسیکی نظریہ اور جدید نظریہ کا موازنہ (Comparison of Classical theory and modern theory)

S.No	Classical theory of International Trade بین الاقوامی تجارت کا کلاسیکی نظریہ	Modern theory of International Trade بین الاقوامی تجارت کا جدید نظریہ
1.	کلاسیکی نظریہ مزدوری کے نظریہ کی قدر و قیمت کی بنیاد پر بین الاقوامی تجارت کے رجحان کی وضاحت پیش کرتی ہے۔	جدید نظریہ قدر و قیمت کے عام نظریہ کی بنیاد پر بین الاقوامی تجارت کے رجحان کی وضاحت کرتا ہے۔
2.	یہ ایک عوامل (مزدور) ماڈل پیش کرتا ہے۔	یہ ایک کثیر عوامل (مزدور اور سرمایہ) ماڈل پیش کرتا ہے۔
3.	یہ تقابلی لاگت میں فرق کو دونوں ممالک میں مزدوروں کی پیداواری قابلیت میں فرق کو قرار دیتا ہے۔	یہ تقابلی لاگت میں فرق کو دونوں ممالک کے عوامل عطا کرنے (endowment) میں فرق کو قرار دیتا ہے۔

7.6 بین الاقوامی تجارت کے فوائد (Gains of from International Trade)

بین الاقوامی تجارت کسی ملک کو اس سے زائد اشیاء دوسرے ممالک میں برآمد کرنے اور اس کے لئے بہتر مارکٹ کو محفوظ بنانے میں مدد دیتی ہے۔اس طرح، بین الاقوامی تجارت سے ایک ملک کو اشیاء درآمد کرنے میں مدد ملتی ہے جو بالکل پیدا نہیں ہوسکتی ہے یا زیادہ قیمت پر تیار کی جاسکتی ہے۔ بین الاقوامی تجارت سے حاصل ہونے والے فوائد کو چار درجہ کے تحت سے درجہ بندی کیا جاسکتا ہے۔

1۔ موثر پیداوار (Efficient Production)

بین الاقوامی تجارت ہر شریک ملک کو اشیاء کی تیاری میں مہارت حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے،جس سے مطلق یا تقابلی موازنہ ہوتے ہیں۔

بین الاقوامی مہارت مندرجۂ ذیل فوائد پیش کرتے ہیں۔

1۔ وسائل کا بہتر استعمال

2۔ اشیاء کی پیداوار میں توجہ دینا جس سے اس کا تقابلی فائدہ ہوتا ہے۔

3۔ وقت کی بچت

4۔ پیداوار کو بہتر بنانا

5۔ پیداوار کی ٹیکنک میں بہتری

6۔ پیداوار میں اضافہ

7۔ تجارتی ممالک میں اعلیٰ معیار کی زندگی

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:58 PM

II۔ ممالک کے مابین قیمتوں میں مساوات

(Equalization of Prices between countries)

بین الاقوامی تجارت سے تمام تجارتی ممالک میں قیمتوں میں توازن برابر رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

1۔ اشیاء کی قیمتوں کو ممالک کے درمیان مساوی کیا جاتا ہے۔ (حالانکہ، حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا تھا)

2۔ فرق صرف نقل وحمل کی لاگت میں ہے۔

3۔ پیداواری عوامل کی قیمت بھی مساوی ہے (حالانکہ، حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا تھا)

III۔ قلت مواد کی مساوی تقسیم

(Equitable distribution of scarce materials)

بین الاقوامی تجارت سے تجارتی ممالک کو قلت مواد کی مساوی تقسیم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

IV۔ بین الاقوامی تجارت کے عمومی فوائد

(General Advantages of International Trade)

1۔ کھپت (استعمال) کے مختلف قسم کے اشیاء کی دستیابی

2۔ روزگار کے زیادہ مواقع پیدا کرنا۔

3۔ پسماندہ قوموں کی صنعت کاری

4۔ ممالک کے مابین تعلقات میں بہتری

(حالانکہ، حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا تھا)

5۔ مزدوروں کی تقسیم اور مہارت

6۔ نقل وحمل کی سہولیات میں اضافہ

7.7 تجارت کے اصول (Terms of Trade)

بین الاقوامی تجارت کے فوائد کا انحصار تجارت کے اصول پر ہے جس سے مراد برآمدات کی قیمتوں اور درآمدی قیمتوں کا تناسب ہے۔

$$\text{Terms Of Trade (TOT)} = \frac{\text{Index Of Export Prices}}{\text{Index Of Import Prices}} \times 100$$

$$\text{تجارتی اصول} = \frac{\text{برآمدات کی قیمت کا اشاریہ}}{\text{درآمدات کی قیمت کا اشاریہ}} \times 100$$



7.7.1 معنی (Meaning)

یہ وہی شرح ہے، جس پر ایک ملک کے اشیاء کا تبادلہ کے دوسرے ملک کے اشیاء کے لئے کیا جاتا ہے۔ اس کا اظہار برآمدی قیمتوں اور درآمدی قیمتوں کے مابین تعلقات کے طور پر کیا جاتا ہے۔ جب برآمدات کی اوسط قیمت درآمدات کی اوسط قیمت سے زیادہ ہوتی ہے تو تجارت کے اصول بہتر ہوتے ہیں۔

7.7.2 تجارت کے اصول کے اقسام (Types of Terms of Trade)

تجارت کے اصول کے مختلف تصورات کو Genrald M.Meier نے درج ذیل تین اقسام میں درجہ بندی کی تھی۔

اشیاء کے مابین شرح تبادلہ سے متعلق تجارتی اصول



1۔ اصلی بارٹر کے تجارتی اصول (Net Barter Terms of Trade)

اس قسم کو Taussig نے 1927 میں تیار کیا تھا۔ برآمدات اور درآمدات کی قیمتوں کے درمیان تناسب کو ''اصلی بارٹر تجارت کے اصول'' کہا جاتا ہے۔ Viner نے اسے ''اشیاء کی تجارتی اصول'' کے نام سے موسم کیا ہے۔

اس کا اظہار اس طرح ہوتا ہے۔

$$T_n = (P_x / P_m) \times 100$$

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:58 PM

جس میں

Tn = خالص بارٹر کے تجارتی اصول

Px = برآمدی قیمتوں کا اشاریہ

Pm = درآمدی قیمتوں کا اشاریہ

اگر (Tn) 100 سے زیادہ ہے تو یہ موافق تجارتی اصول ہیں یعنی ایک روپیہ برآمد کے لحاظ سے، ایک ملک مزید درآمدات حاصل کرسکتا ہے۔

2۔ مجموعی بارٹر کے تجارتی اصول

(Gross Barter Terms of Trade)

اس کو Taussig نے 1927 میں خالص تجارتی اصول کو بہتر بنانے کے لئے اس کو تشکیل دیا تھا۔ یہ درآمدات کی کل طبیعی مقدار اور برآمدات کی کل طبیعی مقدار کے مابین تعلقات کا ایک اشاریہ ہے۔

$$T_g = (Q_x/Q_m) \times 100$$

جس میں

Qm = درآمدی کا اشاریہ

Qx = برآمدی مقدار کا اشاریہ

اگر برآمد کی ایک خاص مقدار پر، درآمد کی زیادہ مقدار کی ملک کے ذریعہ استعمال کی جاتی ہے تو اس کو یہ کہہ سکتا ہے کہ موافق تجارتی اصول ہے۔

3۔ آمدنی کے تجارتی اصول

(Income Terms of Trade)

آمدنی کے تجارتی اصول 1948 میں G.S.Dorrance نے پیش کیا۔ یہ برآمد کی قدر و قیمت کا ایک اشاریہ ہے، جس کو درآمد کے قیمت اشاریہ کے ذریعہ تقسیم کیا جاتا ہے جو ماہر مقدار اشاریہ سے ضرب کیا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، یہ کسی ملک کے خالص بارٹر تجارتی اصول ہے جس کی برآمدی جسامت اشاریہ سے ضرب کیا جاتا ہے۔

$$T_y = (P_x / P_m)Q_x$$

جس میں

Px = برآمدات کی قیمت اشاریہ

Pm = درآمدات کی قیمت اشاریہ

Qx = برآمدات کی مقدار اشاریہ

7.7.3. پیداوری وسائل کے تبادلہ سے متعلق تجارت کے اصول (Terms of Trade related to the interchange between Productive Resources)

1۔ واحد عوامل کے تجارتی اصول

(The Single Factoral Terms of Trade)

viner نے اشیاء کی تجارتی اصول کو بہتری کے طور پر ایک اور تصور واضح کیا ہے، جس کو واحد عوامل کے تجارتی اصول کہا جاتا ہے۔ اس سے مراد برآمدات کی پیداوار میں ایک ملک کے پیداوار کے عوامل میں ہونے والے تبادلہ کو درست کرتے ہوئے برآمدی قیمتی سرمایہ کے اور درآمدی قیمتی اشاریہ کا تناسب ہے۔ علامتی طور پر، یہ بیان اس طرح کہا جاسکتا ہے۔

$$T_f = (P_x / P_m) F_x$$

جہاں Tf سے مراد واحد عوامل کے تجارتی اصول کے اشاریہ Fx سے مراد برآمدات میں پیداواری ہے (جس کو برآمدات کی فی اکائی استعمال ہونے والے پیداوار کے عوامل کی مقدار کے لحاظ سے لاگت کے اشاریہ کے طور پر پیائش کیا جاتا ہے)۔

2۔ دوگنی عوامل کے تجارتی اصول

(Double Factoral terms of Trade)

Viner نے ایک اور اشاریہ تعمیر کیا جس کا نام ''دوگنی عوامل کا تجارتی اصول'' ہے۔ اس کا اظہار کیا جاتا ہے کہ

$$T_{ff} = (P_x / P_m) \ (F_x / F_m)$$

جو ملک کو درآمدات کی پیداواری کے ساتھ ساتھ غیر ملکی عوامل کی پیداواری کو بھی مدنظر رکھتا ہے۔ یہاں Fm درآمدی اشاریہ کی نمائندگی کرتا ہے (جس کو برآمدات کی فی اکائی مزدور کے استعمال ہونے

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:59 PM

والے پیداوار کے عوامل کی مقدار کے لحاظ سے لاگت کے اشاریہ کے طور پر پیمائش کی جاتی ہے)

7.8 توازن کی تجارت Vs توازن کی درستگی
(Balance of Trade Vs Balance of Payments)

توازن کی تجارت اور توازن کی ادائیگی بین الاقوامی تجارت کے موضوع میں دو مختلف تصورات ہیں۔

7.8.1 تجارت میں توازن (BOT)
(Balance of Trade)

تجارت میں توازن (BOT) سے مراد کسی ملک کے اشیاء کی برآمدات کی کل قدر و قیمت اور اشیاء کی درآمدات کی کل قدر و قیمت ہوتی ہے۔ کسی ملک کی تجارت میں توازن کے بیان میں صرف اشیاء کی برآمدات اور درآمدات شامل ہیں۔

اشیاء کی نقل و حرکت کو آنکھوں سے دیکھا جاسکتا ہے اور ہاتھوں سے محسوس کیا جاسکتا ہے اور کسی ملک کے کسٹم اختیار کے ذریعہ طبیعی طور پر اس کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔



موافق BOT (Favourable BOT)

جب کسی ملک کی اشیاء کی برآمدات کی کل قدر قیمت اس ملک کی اشیاء کی درآمد کی کل قدر و قیمت سے زیادہ ہوتی ہے تو یہ کہا جاتا ہے کہ اس ملک میں ''موافق'' تجارت میں توازن ہے۔

غیر موافق BOT: (Unfavourable BOT)

جب کسی ملک کی اشیاء کی برآمدات کی کل قدر قیمت اس ملک کی اشیاء کی درآمد کی کل قدر و قیمت سے کم ہوتی ہے تو یہ کہا جاتا ہے کہ اس ملک میں ''غیر موافق'' تجارت میں توازن ہے۔

7.8.2 ادائیگیوں میں توازن (BOP)
(Balance of payments)

ایک مدت میں باقی دنیا کے ساتھ کسی ملک کے معاشی اور مالی لین دین کا ایک ریکارڈ کا نظام BOP کہلاتا ہے۔



ادائیگیوں میں توازن

جب کسی بیرونی ملک سے ادائیگی حاصل ہوتی ہے تو یہ ایک کریڈٹ لین دین ہوتا ہے۔ جب کہ کسی بیرونی ملک کو ادائیگی کرنا ہو تو یہ ایک ڈیبٹ لین دین ہوتا ہے۔ کریڈٹ کی طرف دکھائے جانے والے اہم اجزاء یہ ہیں۔ اشیاء اور خدمات کی برآمد، غیر ملکیوں سے، تحفہ وغیرہ کی شکل میں رسیدیں منتقل کرنا، بیرونی ملک سے قرضہ لینا، براہ

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:42:59 PM

راست غیر ملکی سرمایہ کاری اور غیر ملکی ممالک کو سونا سمیت اثاثوں کے ذخائر کی سرکاری فروخت اور بین الاقوامی ایجنسیاں شامل ہیں۔

ڈیبٹ کی طرف شامل اہم اجزاء یہ ہیں۔ اشیاء اور خدمات کی درآمد، غیر ملکیوں کو ادائیگی کی منتقلی، غیر ممالک کو قرض دینا، غیر ممالک میں رہائشوں کی طرف سے کی جانے والی سرمایہ کاری اور ذخیرہ اثاثوں کی سرکاری خریداری یا بیرونی ممالک سے سونا اور بین الاقوامی ایجنسیاں وغیرہ۔

7.8.3. BOPs کے اجزاء (Components of BPOs)

ملک کے BOP کھاتہ (Account) پر کریڈٹ اور ڈیبٹ کے اجزاء عمودی طور پر دکھائے جاتے ہیں، افقی طور پر انہیں تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی

(a) موجودہ اکاؤنٹ (The Current account)

(b) سرمایہ اکاؤنٹ اور (The Capital account)

(c) سرکاری قیام کا اکاؤنٹ یا سرکاری ذخیرہ اثاثوں کا اکاؤنٹ (The official Settlement account or official reserve assets account)

(a) موجودہ اکاؤنٹ (The Current account)

اشیاء اور خدمات کے تمام بین الاقوامی تجارتی لین دین اور خدمات، بین الاقوامی خدمات کے لین دین (یعنی سیر و تفریح، نقل و حمل اور حق ملکی کی رقم (royalty fee) اور بین الاقوامی یک طرفہ تبادلے (یعنی تحفے اور غیر ملکی امداد)۔

(b) سرمایہ اکاؤنٹ (The Capital Account)

مالیاتی لین دین جو براہِ راست سرمایہ کاری اور سود سے متعلق مالیاتی آلات کی خریداری پر مشتمل ہے، غیر سود سے متعلق مطالبہ ذخائر اور سونے سرمایہ اکاؤنٹ کے تحت آتے ہیں۔

(c) سرکاری ذخیرہ اثاثوں کا اکاؤنٹ

(The offficial Reserve Assets Account)

یہ اکاؤنٹ سرکاری ذخائر کے لین دین میں حکومتوں اور سرکاری ایجنسیوں کے ذریعے بین الاقوامی ذخائر کی نقل و حرکت پر مشتمل ہے تاکہ موجودہ اور سرمایہ کے اکاؤنٹ سے پیدا ہونے والے عدم تعاون کو اختیار کیا جا سکے۔

کسی ملک کے سرکاری اثاثوں میں اس کا سونا، تبادلہ کرنے والی غیر ملکی کرنسیوں اور Special drawing Rights (SDRs) اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (International Monetary Fund) IMF میں اس کا اصلی مقام ہے۔

ادائیگی میں توازن کا (BOP) اکاؤنٹ چارٹ

Balance of Payment (BOP) Account Chart

Credit (Receipts) – Debit **(Payments)** = Balance [**Deficit (-) , Surplus (+)**]

Deficit if Debit > Credit



7.8.4. غیر یکساں ادائیگی کا توازن

Balance of PaymentDisequilibrium

BOP اُس وقت متوازن کہا جاتا ہے جب رسیدیں (R) اور ادائیگی (P) صرف ایک جیسے ہوں، یعنی

R / P =1.

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:00 PM

موافق BOP (Favourable BOP)

جب رسیدیں ادائیگیوں سے بڑھ جائیں تو اسے موافق BOP کہا جاتا ہے وہ یہ ہے۔

$$R / P > 1.$$

غیر موافق BOP (Unfavourable BOP)

جب رسیدیں (receipt) ادائیگیوں سے کم ہو جاتی ہے تو اسے غیر موافق BOP کہا جاتا ہے وہ یہ ہے۔

$$R / P < 1.$$

7.8.5. غیر یکساں BOP کے اقسام
(Types of BOP disequilibrium)

غیر یکساں BOP کے تین اہم اقسام ہیں، جس پر ذیل میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے

(a) دَوری بے توازنی (Cyclical disequilibrium)

(b) سیکولر بے توازنی (Secular disequibrium)

(c) ساختی بے توازنی (Structural Diseqilibrium)

(a) دَوری بے توازنی (Cyclical Disequilibrium)

دَوری بے توازنی دو وجوہات کی وجہ سے پایا جاتا ہے۔ سب سے پہلے دو ممالک کاروباری دور کے مختلف مرحلہ سے گزر رہے ہیں۔ دوسرا، مانگ کی لچکدار ممالک کے مابین مختلف ہو سکتے ہیں۔

(b) سیکولر عدم توازن (Secular Disequilibrium)

BOP میں سیکولر یا طویل عرصہ کی بے توازنی ایک معاشیات میں طویل مدتی اور گہری جگہ کی تبدیلیوں کی وجہ سے ہوتا ہے، کیونکہ یہ ترقی کے ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ میں ترقی کرتا ہے۔ ترقی کے ابتدائی مرحلہ میں گھریلو سرمایہ کاری ہلکی بچت سے زیادہ ہے اور درآمدات، برآمدات سے بڑھ جاتا ہے جیسا کہ ہندوستان میں 1951 سے ہوتا ہے۔

(c) ساختی بے توازنی (Structural Disequilibrium)

معیشت میں ساختی تبدیلیوں سے ادائیگی میں بے توازنی کا سبب بن سکتی ہیں۔ اس طرح کی ساختی تبدیلیاں میں فراہمی کے متبادل ذرائع کی ترقی، بہتر متبادل کی ترقی، پیداواری وسائل کی کمزوری یا نقل و حمل کے راستوں اور اخراجات میں تبدیلی شامل ہیں۔

7.8.6. BOP عدم توازن کی وجوہات
(Causes for BOP Disequilibrium)

کسی ملک کی توازن کی ادائیگیوں میں بے توازنی پیدا ہونے کی سب سے بڑی وجوہات درج ذیل ہیں۔

1۔ دَوری اتار چڑھاؤ (Cyclical Fluctuation)

مختلف ممالک میں چکری بے توازنی ان کے چکری اتار چڑھاؤ، ان کے مرحلہ اور وسعت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سرد بازاری (Depression) کے دوران عالمی تجارت گھٹتی ہے، جب کہ خوشحالی کے دوران تجارت ترقی پا رہی ہے۔

2۔ ساختی تبدیلیاں (Structural changes)

ساختی بے توازنی ترقی پذیر معیشتوں میں وسیع ترقی اور سرمایہ کاری کے پروگراموں کے ذریعہ لائے جانے والے ساختی تبدیلیوں کی وجہ سے ہے۔ اس طرح کی معیشتوں میں تیزی صنعتی کاری کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے اعلیٰ حاشیائی کی درآمد ہو سکتی ہے جب کہ برآمد میں اس حد تک اضافہ نہیں کیا جا سکتا۔

3۔ ترقیاتی اخراجات (Development expenditure)

ترقیاتی بے توازنی تیزی سے معاشی ترقی ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے جس کا اثر آمدنی اور قیمت پر پڑتا ہے۔ ترقی کے ابتدائی مرحلہ میں کم ترقی یافتہ ممالک خود کفیل نہیں ہیں۔ آمدنی، بچت اور سرمایہ انتہائی کم ہیں۔ وہ اشیاء، سرمائے اور ٹکنالوجی کی درآمد کے لئے ترقی یافتہ ممالک پر انحصار کرتے ہیں۔ برآمدی صلاحیت کم ہے اور درآمدی شدت زیادہ ہے۔ لہٰذا LDCs مخالفت BOP کا نقصان ہیں۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:01 PM

4۔ صارفیت (Conusmerism)

کھپت میں بے تحاشہ اضافے سے کسی ملک کی ادائیگی کا توازن بری طرح سے متاثر ہوتا ہے۔اس سے درآمدات کی ضرورت پڑ جاتی ہےاور برآمد کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔

5۔ مظاہرے کا اثر (Demonstration Effect)

ترقی پذیر ممالک کی توازن کی ادائیگیوں میں خسارہ مظاہرے کے اثر سے ہوتا ہے جو UDCs کے لوگوں کو مغربی طرز کے اشیاء کی نقل کرنے پر اثر انداز کرتا ہے۔اسے درآمدات میں اضافہ ہوگا ،جس کے نتیجہ میں ادائیگی کا توازن کم ہوگا۔یہ ترقی یافتہ مما لک کے لئے اچھا ہے۔

6۔ اُدھار لینا (Borrowing)

بین الاقوامی ادھاراور سرمایہ کاری ادائیگی کے توازن میں خسارہ کا سبب بن سکتا ہے۔جب بین الاقوامی ادھار بھاری ہوتا ہےتو وہ ملک کی ادائیگی کے توازن میں نقصان دہ ہوگا کیونکہ وہ سود کے ساتھ قرضوں کی ادائیگی کرتا ہے۔قرض کا عمل ایک بہت بڑا بوجھ ہے۔یہی وجہ ہے کہ UDcs زیادہ قرض لینے پر مجبور ہیں۔

7۔ تکنیکی پسماندگی (Technical Backwardness)

تکنیکی پسماندگی کی وجہ سے ،لوگ (ہندوستان) اپنے ساتھ دستیاب توانائی (شمسی توانائی) استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔اس کے نتیجہ میں وہ بیرونی ممالک سے بڑے پیمانے پر پٹرولیم مصنوعات درآمد کرتے ہیں جس سے تجارتی خسارہ بڑھتا ہے۔

8 ۔ عالمی سیاست (Global Politics)

دولت مند (مثال کے طور پر USA) کو اپنی معیشت کو فروغ دینے اور روزگار پیدا کرنے کے لئے اپنے ہتھیار فروخت کرنے کی ضرورت پڑتی ہے ۔اسی طرح، ممالک (جیسے ایران، اور عراق ، پاکستان اور ہندستان) کے مابین جنگوں کا آغاز ہوتا ہے۔جنگوں کو جیتنے کے لئے ،غریب ممالک، امیر ممالک سے ہتھیار خریدنے پر مجبور رہتے ہیں اوران کی برآمدی آمدنی کا استعمال کرتے ہوئے تجارتی خسارے پیدا کر دیتے ہیں ۔اس طرح UDCs سے ہمیشہ کے لئے پھنس جاتی ہے۔

7.8.7. BOP بے توازنی کو اصلاح کرنے کے اقدامات

(Measures to Control BOPDisequilibrium)



توازن کی ادائیگی کو درست کرنے کے لئے بہت سارے اقدامات دستیاب ہیں وہ دو وسیع گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے، یعنی
(i) خودکار اصلاح اور (ii) عمداً اقدامات

I۔ خودکار اصلاح (Automatic correction)

اگر مانگ (طلب) اور فراہمی (رسد) کی مارکیٹ قوتوں کو آزادانہ طور پر اجازت دی جائے تو وقت کے ساتھ توازن خود بخود برقرار ہوجائے گا۔مفت شرح تبادلہ نظام کے تحت، قیمت، سود، آمدنی اور سرمائے کی بہاؤ جیسے تغیرات میں تبدیلی کے ذریعے توازن کی ادائیگی کے خودکار ترتیب ہوسکتی ہے۔

1۔ قیمت ایڈجسمنٹ (Price Adjustments)

ایک خسارہ والا ملک(Deficit country)، سے سرپلس (فاضل) ملک (Surplus) کو غیر ملکی مبادلہ کے اخراج کے نتیجہ سے خسارہ والے ملک میں رقم کی فراہمی میں کمی ہوگی۔ اور سرپلس ملک میں قیمت رقم کی فراہمی میں اضافہ ہوگا جس سے درآمدات کی

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:01 PM

حوصلہ افزائی ہوگی اور برآمدات کی حوصلہ شکن ہوگی۔ خسارے والے ملک میں قیمتوں کی کمی سے برآمدات کی حوصلہ افزائی ہوگی اور درآمدات کی حوصلہ شکنی ہوگی جس کے نتیجہ میں BOP کی توازن کی بحالی ہوگی۔

2۔ سود کی شرح کی مطابقت (Interest Rate Adjustments)

BOP خسارے یا سرپلس کے نتیجہ میں رقم کی فراہمی میں سکیڑ (Contraction) یا توسیع (Expansion) سود کی شرح میں اضافے سے سرمایہ کاریوں کو بیرونی ملک سے اپنے فنڈ واپس لینے اور اپنے ملک میں سرمایہ کاری کرنے کی ترغیب ملے گی۔ سرپلس ملک میں اس کے برعکس ہوتا ہے۔

3۔ آمدنی کی مطابقت (Income Adjustments)

ایک ایسی ملک جس کی ادائیگیوں سے سرپلس ہوگی وہ بڑھتی ہوئی آمدنی کا تجربہ کرے گی، جس سے درآمدات میں اضافہ ہوگا اور اس کے بعد ادائیگی کے توازن میں یکسانیت بحال ہوگا۔



II۔ عمداً اقدامات (Deliberate Measures)

عمداً اقدامات کو بڑے پیمانے پر مجموعہ کیا جاسکتا ہے۔

(a) مالیاتی اقدامات

(b) تجارتی اقدامات اور متفرق اقدامات

4۔ سرمایہ کا بہاؤ (Capital flows)

BOP کی بے توازنی کے نتیجہ میں سود کی شرح میں تبدیلی سرپلس ممالک سے سرمایہ کے بہاؤ خسارے والے ممالک کی طرف حوصلہ افزائی کرے گا جو BOP توازن کی بحالی میں مدد کرے گا۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:02 PM

(a) مالیاتی اقدامات Monetary Measures

1. مالیاتی سکیڑ (Monetary Contraction)

اعلیٰ گھریلو قیمت کی سطح اعلیٰ درآمداور کم برآمدات کا ذمہ دار ہے۔ افراط زر پر قابو پانے کے لئے مرکزی مالیاتی اتھارٹی نے قرضہ کو قابو کرتا ہے، اس کے نتیجہ میں قیمتی کم ہوتی ہیں اور برآمدات میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس سے BOP کو درست کرنے میں مدد ملے گی تا کہ اگر کریڈٹ پر قابو کیا گیا تو سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ پیداوار کم ہوگی، قیمتی بڑھ جائیں گی۔ 2010 میں ہندوستان میں حکومت اور RBI کے درمیان پریشانی کی وجہ یہی ہے۔

2۔ کم قدر و قیمت (Devaluation)

کم قدر و قیمت کا مطلب سرکاری شرح میں جان بوجھ کی کمی ہے جس میں ملکی کرنسی کا تبادلہ کسی دوسری کرنسی کے لئے کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں دوسری کرنسیوں کی شرائط میں کسی کرنسی کی بیرونی قدر و قیمت میں کمی مراد ہے۔ مثال کے طور پر، ایک امریکی ڈالر کے 70 ₹ کے بجائے 80 ₹ امریکی ڈالر بنائیں۔

ہندوستان کرنسی (زرنقدی) کی قدر قیمت میں کمی
(Devaluation of Indian Currency)



1947 سے لے کر اب تک ہندوستانی کرنسی کی تین بار قدر قیمت میں کمی ہوئی ہے۔
1۔ 29 ستمبر 1949
2۔ 6 جون 1966
3۔ یکم جولائی 1991

ادائیگیوں کے توازن میں بنیادی عدم توازن رکھنے والا ملک اپنی کرنسی کی قدر و قیمت میں کمی کرسکتا ہے، تا کہ اس کی برآمدات کو حوصلہ افزائی کیا جاسکے اور درآمد کو حوصلہ شکنی کی جائے تا کہ بے توازنی کو دور کیا جاسکے۔

3۔ تبادلہ پر قابو (Exchange control)

تبادلہ کے قابو کا مطلب فاریکس (Forex) مارکیٹ میں ریاستی مداخلت ہے۔ یہ ایک ایسا مقبول طریقہ ہے جو کسی ملک کی توازن کی ادائیگی کو متاثر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ تبادلہ پر قابو کے تحت، حکومت یا مرکزی بینک ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر اور ملک کے محصول پر مکمل قابو رکھتا ہے۔ برآمد کار کی طرح زرمبادلہ کے وصول کو ملکی کرنسی کے بدلے غیر ملکی زرمبادلہ حکومت / مرکزی بینک کے حوالے کرنا ضروری ہے۔ زرمبادلہ کے استعمال پر اپنے قابو کی بدولت حکومت درآمدات کو قابو کرسکتی ہے۔ کیا یہ ہندوستان میں ہوتا ہے؟ درآمدات کا بہت زیادہ قابو زیادہ سے زیادہ اسمگل شدہ (Smuggled) اشیاء کی دعوت دیتا ہے۔ میڈیا میں آنے والی اطاعات کے مطابق، ہندوستانی ہوائی جہاز پر سونے کی smuggling باقاعدگی سے ہوتی ہے۔

III۔ تجارت کے اقدامات (Trade Measures)

تجارتی اقدامات میں برآمدات کو فروغ دینے اور درآمدات کو کم کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔

1۔ برآمد کو فروغ دینا (Export Promotion)

برآمدات کی حوصلہ افزائی ہوسکتی ہے۔
(i) برآمدات پر محصول (duties) کو کم کرنا یا ختم کرنا۔
(ii) برآمدی امدادی (Subsidy) فراہم کرنا
(iii) مالیاتی مالی، طبیعی اور اداراتی ترغیب (incentives) دے کر برآمدی پیداواری کی حوصلہ افزائی کرنا (تب مقامی فراد اور گھریلو صنعتوں کو نقصان اٹھانا پڑے گا)

2۔ درآمدات پر قابو Import Control

درآمد کے ذریعہ قابو کیا جاسکتا ہے (i) درآمدی محصول کو عائد کرنا یا ان میں اضافہ کرنا (ii) درآمد کو درآمدات کے کوٹہ کے ذریعہ پابندی لگانا (iii) کچھ غیر ضروری اشیاء کی درآمد مکمل طور پر لائسنس (licensing) دینا اور یہاں تک کہ اس پر پابندی لگانا۔ لیکن اس سے (Sumuggling) کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:02 PM

IV۔ متفرق اقدامات (Miscellaneous measures)

اوپر دئے گئے اقدامات کے علاوہ بہت سے اقدامات ہیں جو ادائیگی کی حالت کو متوازن بنانے میں مدد کر سکتے ہیں جیسے (i) غیر ملکی قرضے (ii) ہمارے وطن میں غیر ملکی سرمائے کی حوصلہ افزائی کرنا (iii) غیر ملکی سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے سیاحت کو ترقی کرنا (iv) اندرونی ترسیلات زر کو بڑھانے کے لئے ترغیب فراہم کرنا اور (v) درآمد متبادل

7.9

مبادلہ (تبادلہ) کی شرح (Exchange Rate)

7.9.1 غیر ملکی مبادلہ کے معنی (فاریکس)

Meaning of Foreign Exchange (FOREX)

FOREX غیر ملکی کرنسی سے مراد ہے۔ کرنسی کے مختلف نظام رکھنے والے دو ممالک کے مابین ادائیگی کا طریقہ کار جس طریقہ کار کے ذریعہ ادا ہوتا ہے اسے FOREX سسٹم کہا جاتا ہے۔ اس میں ادائیگی کے طریقہ ادائیگی کے قواعد وضوابط اور ان ادائیگیوں میں سہولت فراہم کرنے والے اداروں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

7.9.2 FOREX کی تعریف:

Definition of FOREX

FOREX ایک قومی کرنسی کو دوسرے میں تبدیل کرنے اور ایک ملک سے دوسرے ملک میں رقم منتقل کرنے کا نظام یا عمل ہے۔

7.9.3 مبادلہ کی شرح Rate of Exchange

مبادلہ مارکیٹ میں لین دین مبادلہ کی شرح پر کیا جاتا ہے۔ یہ ملکی کرنسی کی بیرونی قدر و قیمت ہے۔ لہذا، مبادلہ کی شرح کو ملکی کرنسی میں ادا کی جانے والی قیمت کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے (₹ 75) کہتے ہیں ۔غیر ملکی کرنسی کے ایک اکائی کے لئے (1 امریکی ڈالر کہنا)۔ اس کا حوالہ دو طریقوں سے کیا جاسکتا ہے۔

1۔ ملکی کرنسی (₹ 1) کے بہت سارے اکائیوں کو غیر ملکی پیسہ (1 امریکی ڈالر) کی ایک اکائی یا

2۔ غیر ملکی کرنسی (USD) کے اکائیوں کی ایک مخصوص تعداد گھریلو رقم کے ایک اکائی (₹1) ہے۔

مثال کے طور پر:

1 امریکی ڈالر = ₹ 70 یا

US 1.42 = ₹ 1 سینٹ (Cents)





7.9.4. شرح مبادلہ کے توازن کی تعریف

(Definition of Equilibrium exchange rate)

''توازن مبادلہ کی شرح وہ شرح ہے جو ایک خاص مدت کے ساتھ، توازن میں ادائیگیوں کا توازن برقرار رکھتی ہے''۔

12th eco CH 7 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:43:03 PM

7.9.5. مبادلہ شرح کے توازن کا تعین
(Determination of Equilibrium exchange rate)

مبادلہ کی شرح کا توازن، غیر ملکی مبادلہ مارکیٹ میں عام نظریہ قدر و قیمت کے مطابق طے ہوتا ہے۔یعنی مانگ اور فراہمی (طلب اور رسد) کی قوتوں کے باہمی تعامل ہے۔لہذا، مبادلہ کی شرح اس مقام پر طے ہوتا ہے جہاں غیر ملکی FOREX کی مانگ، غیر ملکی FOREX کی فراہمی کے برابر ہے۔



Figure 7.3

اوپر دئے گئے خاکہ میں، Y محور پر مبادلہ شرح کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یعنی ڈالر کے معاملے میں روپئے کی قدر قیمت۔X محور پر غیر ملکی Forex کی مانگ اور فراہمی کی نمائندگی کرتا ہے۔E توازن کا نقطہ ہے جہاں SS,DD کو قطع کرتا (ملتا) ہے۔ مبادلہ کی شرح P_2 ہے۔

7.9.6. مبادلہ کی شرح کے نظام کا نقصان
(Types of Exchange Rate Systems)

وسیع پیمانے پر، مبادلہ شرح کے دو بڑے نظام ہیں، یعنی

(1) مقررہ یا (Pegged) مبادلہ شرح نظام اور (2) لچکدار (یا تیرتا) (floating) مبادلہ کی شرح کا نظام،

منتظم شدہ تیرتا مبادلہ شرح نظام بھی کچھ ممالک (جیسے ہندوستان) میں عمل پذیر ہے۔

1۔ مقررہ مبادلہ شرح (Fixed Exchange Rate)

مقررہ مبادلہ شرح (مستقل مبادلہ شرح اور پیگ (Pegged) مبادلہ شرح کے نام سے بھی جانا جاتا ہے) کے نظام کی عمل کرنے والے ممالک اپنی کرنسیوں کو حکومت کی طرف سے طے شدہ مقررہ شرح پر رکھنے پر منظور ہیں۔

سونے کے معیار کے تحت، کرنسیوں کی قدر و قیمت سونے کے حساب سے طے کی جاتی ہے۔

2۔ لچک دار مبادلہ کی شرح (Flexible Exchange Rate)

❖ کسٹمس کی انجمن کو ایک قسم کا تجارتی بلاک قرار دیا جاتا ہے، جو ایک آزاد تجارتی علاقے پر مشتمل ہوتا ہے جس میں ممبروں کے درمیان کوئی محصول (tariff) نہیں ہوتا ہے اور (ممبروں میں صفر محصول) عام بیرونی محصول کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسے BENELUX

(بلجیم، نیدرلینڈ اور لکسمبرگ)

❖ مشترکہ مارکیٹ تجارتی معاہدوں کے ذریعہ قائم کی جاتی ہے۔ جغرافیائی علاقے کے ممالک کے ذریعے ایک گروپ تشکیل دیا گیا ہے تاکہ اپنے ممبروں میں محصول کے بغیر تجارت (Duty free

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:38 PM

(trade) اور مزدور اور سرمائے کی آزادانہ نقل وحرکت کو فروغ دے سکے۔ جیسے یورپی عام بازار (ECM)

❖ اقتصادی انجمن، محصول انجمن (Customs union) کے ساتھ ایک مشترکہ بازار (common market) پر مشتمل ہے۔

شریک ممالک کے پاس مصنوعات کے ضابطے، اشیاء کی نقل وحمل، خدمات اور پیداوار کے عوامل اور مشترکہ بیرونی تجارتی پالیسی کے بارے میں دونوں مشترکہ پالیسیاں شامل ہیں۔ مثال : یورپی معاشیاتی انجمن (European Economic Union)

ادارہ Institution	صدر مقام Headquarters	قیام سال Year of Establishment
جنوبی مشرقی ایشیائی، انجمن برائے علاقائی تعاون (SAARC)	کھٹمنڈو	1985
جنوب مشرق ایشیائی ممالک کی انجمن ASEAN	بینگ کاک	1967
BRICS	شنگھائی	2001

8.6 جنوبی ایشیائی انجمن برائے علاقائی تعاون South Asian Association for Regional Cooperation (SAARC)

جنوبی ایشیائی انجمن برائے علاقائی تعاون (SAARC) جنوبی ایشیائی ممالک کی ایک تنظیم ہے، جو 8 ڈسمبر 1985 کو جنوبی ایشیاء کے علاقے میں دوسرے ترقی پذیر ممالک کے ساتھ معاشی اور معاشرتی ترقی، ثقافتی ترقی کے فروغ اور دوستی اور تعاون کے لئے قائم کی گئی تھی۔ SAARC گروہ بنگلہ دیش، بھوٹان، ہندوستان، مالدیپ، نیپال، پاکستان اور سری لنکا پر مشتمل ہے۔ اپریل 2020 میں افغانستان اس کا آٹھواں ممبر بن گیا۔ تنظیم کا بنیادی مقصد مشترکہ کارروائی کے ذریعہ رکن ممالک کی تعاون کے متفق علاقوں میں معاشی اور معاشرتی ترقی کے عمل کو تیز کرتا ہے۔

سارک دفتر متعمد (SAARC Secretariat) کا قیام کھٹمنڈو، (نیپال) میں 16 جنوری 1987 کو کیا گیا تھا۔ سارک کا پہلا سربراہی اجلاس، ڈھاکہ میں سال 1985 میں ہوا تھا۔ سارک کا اجلاس دو سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ حال ہی میں سری لنکا کے ذریعہ 2018 میں سارک اجلاس کی میزبانی کی گئی تھی۔

سارک کے ارکان ممالک



اس کے سات بانی ممبر بنگلہ دیش، بھوٹان، ہندوستان، مالدیپ، نیپال، پاکستان، سری لنکا ہیں۔ افغانستان بعد میں 3 اپریل 2007 کو شامل ہوا۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:38 PM

8.6.1. سارک کے مقاصد
(Objectives of SAARC)

سارک کے چارٹر کے دفعہ اول کے مطابق، انجمن کے مقاصد مندرجۂ ذیل ہیں۔

i۔ جنوبی ایشیاء کے لوگوں کی فلاح و بہبود کا فروغ اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانا۔

ii۔ معاشی ترقی، معاشرتی ترقی اور علاقے میں ثقافتی ترقی کو تیز کرنا۔

iii۔ جنوبی ایشیاء کے ممالک کے مابین اجتماعی خود انحصاری کو فروغ اور تقویت دینا۔

iv۔ باہمی اعتماد، مفاہمت اور قدر دانی کرنا اور ایک دوسرے کے مسائل میں شراکت کرنا۔

v۔ باہمی معاشرتی، ثقافتی، تکنیکی اور سائنسی شعبوں میں رفاقت اور باہمی تعاون کو فروغ دینا۔

vi۔ دوسرے ترقی پذیر ممالک کے ساتھ باہمی تعاون کو مضبوط بنانا۔

vii۔ مشترکہ مفادات کے معاملات پر بین الاقوامی مجلس میں آپس میں تعاون کو مضبوط بنانا۔

viii۔ بین الاقوامی اور علاقائی تنظیموں کے ساتھ اس طرح کے غرض اور مقاصد کے ساتھ تعاون کرنا۔

8.6.2. سارک کے افعال
(Functions of SARC)

سارک کے اہم افعال مندرجۂ ذیل ہیں۔

1۔ علاقے میں باہمی تعاون برقرار رکھنا۔

2۔ ممبر ممالک سے وابستہ مشترکہ مسائل کی روک تھام کرنا۔

3۔ ممبر ممالک کے مابین مضبوط تعلقات کو یقینی بنانا۔

4۔ پروگراموں کے مختلف پیکجوں (Packages) کے ذریعہ غربت کو ختم کرنا۔

5۔ خطہ میں دہشت گردی کی روک تھام کرنا۔

8.6.3. SAARC کے کارنامے
(Achievements of SAARC)

1۔ سارک کا قیام ترجیحی تجارت کا معاہدہ (SAARC preferential Trading Agreement) (SAPTA) اور درآمدات میں محصولات میں کمی اور غیر محصولات کی رکاوٹوں کو دور کرنا۔

2۔ سارک ممالک میں زراعت، مواصلات، تعلیم، صحت اور آبادی، دیہی ترقی، سائنس اور ٹکنالوجی، سیاحت وغیرہ سے متعلق معاشی تعاون کے لئے تکنیکی کمیٹیوں کا قیام۔

3۔ سارک نے غربت میں کمی کے پروگراموں کے بارے میں معلومات کے تبادلہ کے لئے تین درجہ کا میکانزم قائم کیا ہے، جو ممبر ممالک کو دیا جاتا ہے۔

4۔ 1988 میں سارک زرعی اطلاعاتی مرکز (SAIC) (SAARC Agricultural Information Centre) زراعت سے متعلق وسائل، جیسے ماہی گیری، جنگلات وغیرہ کے لئے مرکزی اطلاعاتی ادارہ کے طور پر کام کرتا ہے۔

5۔ ترقیاتی منصوبوں، انسانی وسائل کی ترقی اور بنیادی ڈھانچہ کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے جنوبی ایشیائی ترقیاتی خزینہ (SADF) (South Asian Development Fund) ان تمام تر دعوؤں کے ساتھ، گذشتہ 30 سالوں میں بین الاقوامی سارک تجارت تین فی صد سے آگے نہیں بڑھ سکی ہے۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:39 PM

8.7 جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم

جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم کا قیام 8/ اگست 1967 کو بینگ کاک میں پانچ تخلیقی رکن ممالک ،انڈونیشیا، ملیشیا، فلپائن ،سنگاپور، اور تھائی لینڈ کے ذریعہ کیا گیا تھا۔ بعد میں برونائی دارالسلام ،ویتنام، لاؤس اور میانمار اور کمبوڈیا شامل ہوئے ۔ ASEAN کے دس ممبران کے علاوہ چھ ممالک، مکالمہ کے ساتھی (dialogue partners) بھی موجود ہیں، جو اس کے مباحثہ میں حصہ لے رہے ہیں ۔وہ چین، جاپان ، ہندوستان، جنوبی کوریا، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا ہیں۔ ASEAN ممالک سے FTA سے فائدہ اٹھانے کی توقع کی جارہی ہے کیونکہ اس سے محصول (tariff) اور عدم محصول (non-tariff) میں حائل رکاوٹیں کم ہوجائیں گی۔

مشترکہ تاریخی اور ثقافتی پس منظر نے ممبر ممالک کو تجارتی بلاکس قائم کرکے اپنے اتحاد اور یکجہتی کو برقرار رکھنے کے لئے بنایا۔ عالمگیریت اور حکمرانی کلاں معاشی پالیسیوں (prudent macroeconomic policies) کی وجہ سے ASEAN ممالک کے ساتھ غیر ملکی تجارت لازمہ حیات بن گیا ہے۔ غیر ممالک کے سربراہان حکومتوں کے ASEAN کا اجلاس، ASEAN تعاون کے لئے اعلیٰ مجلس ہے ۔ا س کے اجلاس تین سال میں ایک بار منعقد ہوتے ہیں۔ ASEAN وزرائے خارجہ کا وزارتی اجلاس، اگلا اعلیٰ فیصلہ سازی کا ادارہ ہے۔

ASEAN کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات، 1992 میں اس وقت شروع ہوئے ، جب ہندوستان ASEAN کا علاقائی مکالمہ کا ساتھی (Sectoral dialogue partner) بن گیا۔ ASEAN ممالک کی جغرافیائی قربت، ہندوستان سے تیزی سے برآمدات اور مال لادنے کے اخراجات میں آسانی پیدا کرتی ہے۔

جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم (ASEAN)



8.7.1 ASEAN کے مقاصد (Objectives of ASEAN)

آسیان اعلامیے (ASEAN declaration) میں تنظیم کے مقاصد اور اغراض کی وضاحت کی گئی ہے۔

(i) علاقے میں معاشی نمو، معاشرتی ترقی اور ثقافتی ترقی کو تیز کرنا۔

(ii) علاقائی امن واستحکام اور اقوام متحدہ کے میثاق کے اصولوں پر عمل پیرا ہونا۔

(iii) عوامی شعبہ محاسبی کے شعبہ میں علم اور تجربے کے تبادلہ کے ذریعہ ASEAN کے ممبران کے مابین تعاون کو فروغ دینا۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:40 PM

(iv) ممبروں میں تحقیق، تربیت اور تعلیم کے لئے سازگار ماحول اور سہولت فراہم کرنا۔

(v) معلومات کے مرکز کے طور پر دیگر بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ ASEAN کے رابطہ کے طور پر کام کرنا۔

8.7.2 ASEAN کے افعال

(Functions of ASEAN)

i۔ یہ یوروپی یونین کی طرح ایک بھی علاقائی بازار بنا کر آسیان کے اندر اشیاء، خدمات اور سرمایہ کاری کے آزادانہ نقل وحرکت کو آسان بنانا ہے۔

ii۔ یہ ایک رکن ملک کے خرید وفروخت کرنے والے کو دوسرے تمام ممبر ممالک کی منڈیوں تک مفت رسائی مہیا کرتا ہے۔اس طرح اس علاقے میں ترقی کو فروغ ملتا ہے۔

iii۔ اس سے مختلف ممالک کے کاروبار کے درمیان کاروباری مسابقت کو بہتر بنایا جاتا ہے اور ممبر ممالک کے درمیان ترقیاتی خلیج کو بھی کم کیا جاتا ہے۔

iv۔ یہ ممبر ممالک کے لئے بازار اور سرمایہ کاری کے مواقع کی راہ ہموار کرتا ہے۔

v۔ یہ صنعت اور تجارت کے ساتھ بہت سے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دیتا ہے۔

1997ء میں آسیان (ASEAN) کی تمام معیشتوں نے ایک بہت بڑا معاشی بحران کا سامنا کیا۔

8.8 برکس (BRICS)

(Brazil, Russia, India, China and South Africa)

برکس (BRICS) پانچ بڑی ابھرتی ہوئی معیشتوں کی ایک اسوسی ایشن کا مخفف ہے۔ برازیل، روس، ہندوستان، چین اور جنوبی آفریقہ۔2010 میں جنوبی آفریقہ کو شامل کرنے سے پہلے پہل چاروں کو 'برکس (BRIC) گروپ کے نام سے لیا گیا تھا۔2001 میں برک کی اصطلاح تیار کی گئی تھی۔ برکس ممبران علاقائی عمود پر اپنے اثر ورسوخ کے لئے مشہور ہیں۔2009 کے بعد سے، برکس ممالک کا سالانہ اجلاس باقاعدہ اجلاسوں میں ہوتا رہا۔ جولائی 2015 میں جنوبی آفریقہ نے 10ویں برکس اجلاس کی میزبانی کی تھی۔ برکس سربراہی اجلاس 2018 کے کاروائی نامہ میں مشتمل ترقی، تجارتی امور، عالمی نظم ونسق، مشترکہ خوش حالی۔ بین الاقوامی امن اور سلامتی شامل ہیں۔



اس کا صدر دفتر شنگھائی، چین میں ہے۔ نیا ترقیاتی بینک (New Development Bank)(NDB)، اس سے پہلے برکس ترقیاتی بینک کے نام سے جانا جاتا تھا، برکس مملکت نے قائم کیا تھا۔ برکس کا پہلا سربراہ اجلاس ماسکو میں ہوا تھا اور جنوبی آفریقہ نے جولائی 2018 میں جوہانسبرگ میں دسویں کانفرنس کی میزبانی کی تھی۔ ہندوستان کو بالترتیب 2016 اور 2012 میں چوتھی اور آٹھویں سربراہ کانفرنس کے میزبان کا موقع ملا تھا۔

برکس کے بارے میں کچھ حقائق
Few Facts about the BRICS

- برکس ممالک، عالمی GDP کا 21% بنتے ہیں۔ انہوں نے پچھلے پندرہ سالوں میں GDP میں اپنا حصہ تین گنا بڑھایا ہے۔
- برکس دنیا کی 43% آبادی کا گھر ہے۔
- برکس ممالک نے تقریباً $ 4.4 ٹریلین کے غیر ملکی ذخائر کو اکٹھا کیا ہے۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:40 PM

8.8.1. برکس کے مقاصد
(Objectives of BRICS)

1۔ایک خصوصی تجارتی بلاک بنا کر، تجارتی تعاون کو بڑھانا۔

2۔ امریکی ڈالر کے علاوہ دوسری کرنسی کا استعمال کرنا۔ چونکہ ڈالر ایک غالب کرنسی ہے اور امریکہ ڈالر کے بہاؤ کو کنٹرول کرسکتا ہے۔ اس لئے ڈالر کے علاوہ دوسری کرنسی کو استعمال کرنا۔ اس سلسلہ میں اس نے کتنی دور کامیابی حاصل کی ہے؟ اتنا نہیں۔

3۔ علاقائی تعاون کو بڑھانا۔

4۔ ترقی پذیر ممالک کے تجارتی تعاون کے لئے ایک علاحدہ تجارتی بلاک کی تشکیل دینا۔

8.8.2. برکس کے افعال
(Functions of BRICS)

1۔ یہ شرعی بین الاقوامی نظام کو فروغ دینے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اصلاحات کا حامی ہے۔

2۔ مملکت کا یہ گروہ خاص طور پر جنوب-جنوب کے تعاون کے لئے بنیادی ساخت ہے۔

3۔ یہ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے فاصلے کو مدد کرنے کے لئے ایک نمائندہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ مثال کے طور پر WTO میں برکس ممالک، زرعی پالیسیوں کے حوالے سے منصفانہ حکم کو فروغ دینے پر زور دے رہے ہیں۔

4۔ یہ ترقی پذیر ممالک کو تجارت اور ماحولیاتی تبدیلی کے مذاکرات جیسے شعبوں میں فائدہ اٹھانے میں معاون شراکت کا مظاہرہ کرتا ہے۔

5۔ یہ اقتصادی طاقتوں سے ہٹ کر معلومات اور تبادلہ کے پلیٹ فارم Plat form کو پھیلاتا ہے۔

6۔ یہ عالمی مجلس پر درمیانی طاقتوں کے مفادات کے تحفظ میں ایک محرک عامل (Catalytic) کے طور پر کام کرتا ہے۔

8.8.3 برکس کے کارنامے
(Achievements of BRICS)

برکس کے کچھ اہم کارنامے درجہ ذیل ہیں:

- ہنگامی محفوظ انتظام (Contingent Reserve Arrangement) کے قیام نے اقتصادی اور مالی شعبے میں اپنے ممبروں کی شراکت کو مزید گہرا اور مستحکم کیا۔
- برازیل میں برکس کے چھٹے اجلاس میں ممبر ممالک نے ایشیائی ترقیاتی بینک اور عالمی بینک (نیا ترقیاتی بینک) بنانے کے معاہدے پر دستخط کئے۔
- معاشی صلاحیت اور آبادیاتی ترقی برکس ممالک کو تیزی سے عالمی کارروائی نامہ (Agenda) طے کرنے میں نمایاں حیثیت رکھی ہے۔

یہ یاد رکھنا ہوگا کہ برکس دنیا کی آبادی کا 43% ہے، لیکن GDP میں صرف 21% ہے۔

خلاصہ (Summary)

اس باب میں بین الاقوامی معاشی تنظیموں کی تجارت سے متعلق امور اور قرضوں کی سہولیات کے مسائل کو حل کرنے میں IMF کے کردار کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ IMF کے مالی، تنظیمی اور مشاورتی کام اور اس سے ہندوستان کو ہونے والے فوائد کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ عالمی بینک اور WTO کے مقاصد افعال اور کامیابیوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

نیز WTO کے ذریعہ نافذ کردہ مختلف معاہدوں جیسے TRIPS، TRIMs، GATS، AoA، MFA پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ اس باب کے آخری حصہ میں ASEAN (جنوبی ایشیائی ممالک) (ASEAN) (جنوب مشرقی ایشیاء) اور برکس BRICS اور ان کی کامیابیوں جیسے تجارتی بلاکس کے مابین علاقائی معاشی انضمام سے متعلق ہے۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:41 PM

لغت Glossary

◆ **Structural Adjusment Facility**

ساختی تصفیہ کی سہولت: غریب رکن ممالک کو مستحکم معاشی اور ساختی پروگراموں کے لئے مراعات کی شرائط پر اضافی توازن کی فراہمی۔

◆ **Special drawing Rights** خصوصی حاصلات حقوق:

بین الاقوامی مالیاتی خزینہ (IMF) کے ذریعہ تیار کردہ بین الاقوامی مالیاتی ذخائر کرنسی جو ممبر ممالک کے موجودہ رقم کے ذخائر کی تکمیل کے طور پر کام کرتی ہے۔

◆ **Trade Related Intellectual Property Rights**

تجارت سے متعلق دانشورانہ املاک کے حقوق (TRIPS)

TRIPS میں حق اشاعت، تجارتی نشان، سندی ایجاد، جغرافیائی اشارے، صنعتی خاکہ، جرثومی پودے کی ایجاد شامل ہے۔

◆ **Trade Related Investment Rights**

تجارت سے متعلق سرمایہ کاری کے حقوق (TRIMS)

TRIMS کا تعلق ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے سلسلے میں عائد شرائط یا پابندیوں سے ہے۔

◆ **Multilateral trade agreement**

کثیر جہتی تجارتی ادارہ:

یہ ممالک کے مابین کثیر قومی قانونی ایک تجارتی معاہدے ہیں۔ یہ دو سے زیادہ ممالک کے مابین ایک معاہدہ ہے لیکن بہت سے نہیں۔

◆ **Trade Blocks**

تجارتی بلاکس:

وہ ممالک کا ایک مجموعہ ہیں جو ایک ساتھ بین الاقوامی تجارت میں مشغول ہیں اور عام طور پر آزاد تجارت کے معاہدے یا دیگر اسوسی ایشن کے ذریعہ اس سے متعلق ہیں۔

◆ **Free Trade Area**

آزاد تجارتی علاقہ:

ایسا خطہ جس میں تجارتی بلاکس شامل ہیں جس کے ممبر ممالک نے آزاد تجارت کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ اس طرح کے معاہدوں میں تجارتی رکاوٹوں کو کم از کم دو ممالک کے مابین تعاون شامل ہے۔

◆ **Customs Union**

محصول (کسٹمس) انجمن:

آزاد تجارتی علاقہ کے (ممبروں کے درمیان صفر محصول) (zero tariff among members) ایک عام بیرونی محصول کے ساتھ ہے۔

◆ **Common Market**

مشترک بازار:

جغرافیائی علاقے کے ممالک کے ذریعہ ایک گروپ تشکیل دیا گیا ہے تاکہ اپنے ممبروں میں محصول سے بری تجارت اور مزدوری اور سرمایہ کی آزادانہ نقل وحرکت کو فروغ دے سکے۔

◆ **Economic Union**

اقتصادی انجمن:

یہ محصول انجمن کے ساتھ مشترکہ بازار پر مشتمل ہے۔ شریک ممالک کے پاس مصنوعات کے ضابطے، سامانوں کی نقل وحرکت، خدمات اور پیداوار کے عوامل اور مشترکہ بیرونی تجارتی پالیسی کے بڑے میں دونوں مشترکہ پالیسیاں ہیں۔

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:41 PM

نمونہ کے سوالات

Part – A

صحیح جواب منتخب کیجئے:

1۔ بین الاقوامی مالیاتی خزینہ ..... کا نتیجہ تھا۔

(a) پانڈنگ کانفرنس

(b) ڈنکل مسودہ

(c) بریٹن ووڈس کانفرنس

(d) دوحہ کانفرنس

2۔ بین الاقوامی مالیاتی خزینہ (IMF) کا صدر دفتر یہاں قائم ہے۔

(a) واشنگٹن DC

(b) نیویارک

(c) ویانا

(d) جینوا

3۔ IBRD کو یہ بھی کہا جاتا ہے۔

(a) بین الاقوامی مالیاتی خزینہ (IMF)

(b) عالمی بینک (World Bank)

(c) آسیان (ASEAN)

(d) بین الاقوامی مالیاتی کارپوریشن (IFC)

4۔ خصوصی حاصلات حقوق (Special drawing rights) کا دوسرا نام

(a) کاغذی سونا

(b) حصہ (quota)

(c) رضا کارانہ برآمد پر پابندیاں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

5۔ جو تنظیم طویل مدتی قرض فراہم کرتی ہے۔

(a) عالمی بینک (World Bank)

(b) بین الاقوامی مالیاتی خزینہ (IMF)

(c) عالمی تجارتی تنظیم (WTO)

(d) برکس (BRICS)

6۔ مندرجۂ ذیل میں کون سا ملک سارک کا ممبر نہیں ہے

(a) سری لنکا

(b) جاپان

(c) بنگلہ دیش

(d) افغانستان

7۔ بین الاقوامی ترقی انجمن (International Development Association) اس سے وابستہ ہے۔

(a) IMF

(b) عالمی بینک

(c) سارک (SAARC)

(d) آسیان (ASEAN)

8۔ یہ، سندی ایجاد، حق اشاعت، تجارتی راز وغیرہ سے متعلق ہے۔

(a) TRIPS

(b) TRIMS

(c) GATS

(d) NAMA

9۔ WTO کا پہلا وزارتی اجلاس یہاں ہوا۔

(a) سنگاپور

(b) جینیوا

(c) سیٹل

(d) دوحہ

10۔ آسیان (ASEAN) کا اجلاس ہر ..... سال میں ایک بار ہوتا ہے۔

(a) 2

(b) 3

(c) 4

(d) 5

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:42 PM

11۔ مندرجۂ ذیل میں سے یہ سارک کا ممبر نہیں ہے۔

(a) پاکستان

(b) سری لنکا

(c) بھوٹان

(d) چین

12۔SAARC کی .....سال میں ایک بار ملاقات ہوتی ہے

(a) 2

(b) 3

(c) 4

(d) 5

13۔ آسیان (ASEAN) کا صدر مقام یہاں ہے۔

(a) جکارتہ

(b) نئی دہلی

(c) کولمبو

(d) ٹوکیو

14۔ BRICS کی اصطلاح تشکیل دی گئی تھی۔

(a) 2001

(b) 2005

(c) 2008

(d) 2010

15۔ آسیان (ASEAN) کی تشکیل اس سال ہوئی۔

(a) 1965

(b) 1967

(c) 1972

(d) 1997

16۔BRICS کا دسواں اجلاس 2018 میں یہاں منعقد ہوا۔

(a) بیجنگ

(b) ماسکو

(c) جوہانسبرگ

(d) برازیلیا

17۔ نیا ترقیاتی بینک سے وابستہ ہے۔

(a) BRICS

(b) WTO

(c) سارک (SAARC)

(d) آسیان (ASEAN)

18۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون آسیان کے ''چھ مکالماتی ساتھی'' (Six dialogue partners) کے تحت نہیں آتا ہے۔

(a) چین

(b) جاپان

(c) ہندوستان

(d) شمالی کوریا

19۔ SAARC زرعی اطلاعاتی مرکز (SAIC) کام کرتا ہے، جس کی بنیاد اس سال رکھی گئی۔

(a) 1985

(b) 1988

(c) 1992

(d) 1998

20۔ BENELUX ..... کی ایک شکل ہے۔

(a) آزاد تجارت کا علاقہ (Free trade area)

(b) اقتصادی انجمن (Economic Union)

(c) مشترکہ بازار (Common market)

(d) محصول انجمن (Customs union)

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:42 PM

جوابات:

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
c	a	b	a	a	b	b	a	a	b
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
d	a	a	a	b	c	a	d	b	d

Part B

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے: (2 مارکس)

21۔ خصوصی حاصلات حقوق (Special drawing rights) کے معنی لکھئے۔

22۔ آسیان کے کسی بھی دو مقاصد (objectives of ASEAN) کا ذکر کریں۔

23۔ کسی بھی دو طریقوں کی نشاندہی کریں، جس میں IBRD ممبر ممالک کو قرض دیتا ہے۔

24۔ مشترکہ بازار (Common market) کی وضاحت کریں۔

25۔ آزاد تجارت کا علاقہ (Free trade area) کیا ہے ؟

26۔ سارک کا دفتر متعمد (Secretariat) کب اور کہاں قائم ہوا ؟

27۔ عالمی بینک گروپ (World Bank Group) کے کسی بھی دو وابستہ کی وضاحت کریں۔

Part C

درج ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔ (3 مارکس)

28۔ معاشی انضمام (economic integration) کی مختلف شکلوں کا تذکرہ کریں۔

29۔ تجارتی بلاکس (Trade blocks) کیا ہے ؟

30۔ IMF کے کسی بھی تین قرض دینے والے پروگراموں کا ذکر کریں۔

31۔ کثیر الجہتی معاہدہ (Multilateral Agreement) کیا ہے؟

32۔ برکس (BRICS) اجلاس 2018 کی کارروائی (Agenda) کو لکھیں۔

33۔ سارک کے افعال (Functions of) کو مختصر بیان کریں۔

34۔ آسیان کے کارناموں (Achievements of ASEAN) کی فہرست دیں۔

Part - D

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے: (5 مارکس)

35۔ IMF کے مقاصد کی وضاحت کریں۔

36۔ عالمی بینک کے فرائض کو ظاہر کریں۔

37۔ ہندوستان میں سماجی معاشی ترقی میں WTO کے کردار پر بحث کریں ؟

38۔ مختصر نوٹ لکھئے: (a) سارک (b) برکس

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:42 PM

سرگرمی

1۔ طلباء سے کہا جائے کہ وہ ممالک کے مقام اور اس کے دارالحکومت کو سمجھنے کے لئے پوری دنیا کے نقشہ کا اچھی طرح سے مطالعہ کریں۔

2۔ طلباء بین الاقوامی معاشی تنظیموں اور اس کے واقعات کو سمجھنے کے لئے متعلقہ ویب سائٹوں پر جا سکتے ہیں۔

References

1. Cherunilam, Francis (2010), "International Economics", The McGraw Hill Publications, New Delhi.
2. Jhingan, M.L., (2000), "International Economics" Vrindha Publications Private Limited, New Delhi.
3. Krugman R. Paul (2003), "International Economics: Theory and Policy", Sixth Edition, Pearson Education, New Delhi.
4. Mithani, D M (1982), "International Economics", Himalaya Publishing House, New Delhi.
5. Rao, Subba, (2012), "International Business", Third Edition, Himalaya Publishing House, New Delhi.
6. Robert C. Feensta and Alan M. Taylor, (2008), "International Economics", Worth Publishers, New York.
7. Van Meerhaeghe, M.A.G. (1998), "International Economic Institutions", 7th edition, Kluwer Academic Publishers, Dordrecht.

Website Link

http://www.worldbank.org
http://www.imf.org

12th eco CH 8 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:49:42 PM

باب 9

مالی معاشیات
Fiscal Economics

"Incomings may be scant; but yet, no failures there,
If in expenditure you rightly learn to spare".

- *Thirukkural No.478*

سیکھنے کے مقاصد

1. عوامی مالیات کے موضوع اور معنی کو سمجھنا۔
2. بالواسطہ اور بلاواسطہ ٹیکس کو سمجھنا۔
3. مالیاتی کمیشن کے افعال کو بیان کرنا

9.1 تعارف (Introduction)

مالی معاشیات Fiscal Economics کا لفظ ایک جدید قدیم اور نامور لفظ ہے اس کا موضوع Public Finance عوامی مالیات ہے۔عوامی مالیات کے موضوع کا تعلق ''حکومتی کارروائیاں اور حکومتی تجوری بنانے کے لئے مالیات پر بحث کرنا ہے۔ اصطلاح *Fiscal* یونانی زبان سے ماخوذ ہے جس کے معنی ٹوکری *(basket)* اور اس کی علامت عوامی بٹوہ *(Public purse)* ہے۔لہذا عوامی مالیات کے موضوع پر جدید لفظ ''مالی معاشیات'' Fiscal Economics سے لیا گیا ہے۔

عوامی مالیات کا مطالعہ ریاست کے وسائل کو بلند کرنا اور خرچ کرنا ہے۔ حکومت شہریوں کی جملہ مانگ سے وابستہ ہے۔جدید حکومت ایک فلاحی ریاست ہے۔ریاست کی کارروائیاں بڑے پیمانے پر اور انتہائی تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ان کارروائیاں کو انجام دینے کے لئے ریاست کو فنڈ کی ضرورت ہے۔اس باب میں عوامی محصولات (Public revenue)، عوامی اخراجات (Public expenditure)، عوامی قرضوں (Public debt)، بجٹ، وفاقی مالیات (Federal finance) اور مقامی مالیات (local finance) کے متعلق بحث کی جارہی ہے۔

9.2 عوامی مالیات کے معنی (Meaning of Public Finance)

عوامی مالیات، حکومت کے مالیاتی پہلوؤں کا مطالعہ کرتی ہے۔ اس کا تعلق، عوامی اختیارات کے محصولات اور اخراجات کے ساتھ ایک دوسرے کو ترتیب دینا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:39 PM

9.3 تعریفیں (Definitions)

عوامی مالیات کی وضاحت اس طرح کی جاتی ہے کہ یہ ''معاشیات اور سیاست کے درمیان غلط راہ کی سرحد ہے۔ یہ آمدنی اور اخراجات کے عوامی اختیارات کے ساتھ وابستہ ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ ترتیب وار ہے''۔

۔ہیوگ ڈالٹن۔

''ریاستی محصولات اور اخراجات کے اصولوں کو فطری طور پر عوامی مالیات تحقیقات کرتی ہے''۔

۔ایڈم اسمتھ۔

9.4 موضوع/عوامی مالیات کا منشا (Subject matter / Scope of Public Finance)

جدید دور میں عوامی مالیات کے موضوع پر اہم پانچ زیر طبقہ کئے گئے ہیں۔یعنی یہ عوامی محصولات، عوامی اخراجات، عوامی قرض، مالیاتی انتظامی اور مالیاتی پالیسی پر مشتمل ہیں۔



1۔ عوامی محصولات (Public Revenue)

عوامی محصولات کے مطابق، عوامی محصولات میں اضافہ کرنے کے لئے ان طریقوں کے ساتھ ٹیکس اور غیر ٹیکس، ٹیکس کے اصول، ٹیکس کی شرح، اس کے اثرات اور ٹیکسوں کی تبدیلی اور اس کے نتیجے ہیں۔

2۔ عوامی اخراجات / عوامی مصارف (Public Expenditure)

اس حصے کا مطالعہ، بنیادی اصولوں سے ہوتا ہے کہ حکومت سے حکومتی اخراجات، عوامی اخراجات کے نقائص اور عوامی اخراجات کو قابو میں رکھنے پر ہے۔

3۔ عوامی قرضہ (Public Debt)

عوامی قرضہ کے مطابق، اندرونی، بیرونی ذرائع سے لون میں اضافہ کرنے کے طریقے، اس کا بوجھ، نقص اور عوامی قرض میں جکڑے ہوئے، سب اس کے ماتحت ہیں۔

4۔ مالیاتی انتظام (Financial Administration)

اس حصے کے مطابق عوامی بجٹ کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یہ بجٹ، حکومت کا سالانہ مالیاتی منصوبہ کا ماسٹر ہے۔ مالی بجٹ کے اخراجات کی جانچ کرنا اور ترقی کے لئے عوامی بجٹ کے اخراجات کی منظوری تیار کرنے کے لئے مالیاتی انتظام، مقاصد اور اقدامات عمل میں لائے جاتے ہیں۔

5۔ مالیاتی پالیسی (Fiscal Policy)

ٹیکس، امداد، عوامی قرض اور عوامی اخراجات، یہ تمام مالی پالیسی کے آلات ہیں۔

9.5 عوامی مالیات اور نجی معاملات (Public Finance and Private Finance)

عوامی مالیات کے مطابق حکومت آمدنی، اخراجات، قرضہ اور مالیاتی انتظام کا مطالعہ کرتی ہے۔ نجی مالیات، آمدنی اخراجات،

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:39 PM

قرضہ اور مالیاتی انتظام کا انفرادی یا نجی کمپنیاں کا مطالعہ کرتی ہے۔ عوامی اور نجی مالیات، دونوں بنیادی فطری طور پر ایک ہی ہیں۔ پھر بھی ایک دوسرے سے مختلف پہلوؤں پر بتائے جاتے ہیں۔

عوامی اور نجی مالیات دونوں کے درمیان مشابہت اور غیر مشابہت کے بارے میں تفصیلاً نیچے دئے گئے ہیں۔

9.5.1. مشابہت (Similarities)

1 ۔ عقلیت (Rationality)

عوامی مالیات اور نجی مالیات دونوں عقلیت کے قاعدے پر ہیں۔ دونوں ایک دوسرے کے تحت زیادہ سے زیادہ بہبودی اور کم لاگت کے عنصر پر یکجا ہیں۔

2۔ محدود قرضہ لینا

(Limit to borrowing)

دونوں کو قرض لینے پر پابندی عائد کی جاتی ہے۔ حکومت اپنے ذرائع سے زیادہ چھوڑ نہیں سکتی۔ اس سے حکومت میں مالیات کے خسارہ کی حد بندی ہوتی ہے۔

3۔ افادیاتِ وسائل

(Resources Utilization)

دونوں عوامی اور نجی شعبوں کے اختیارات محدود ہیں۔ لہذا دونوں وسائل کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی کوششیں کرتے ہیں۔

4۔ انتظامات

(Administration)

عوامی اور نجی شعبے دونوں اپنے انتظامی امور کی موثر کارکردگی پر منحصر کرتے ہیں۔ اگر انتظامی مشینری ناکارہ اور خراب ہے تو اس کا نتیجہ ضائع اور نقصانات کا ہوگا۔

9.5.2. غیر مشابہت (Dissimilarities)

1۔ آمدنی اور اخراجات (مصارف) میں مطابقت

(Income and Expenditure adjustment)

حکومت آمدنی کو اخراجات میں ترتیب دیتی ہے جب کہ افراد اپنے اخراجات کو آمدنی میں ترتیب دیتے ہیں۔ نجی مالیات میں کپڑے کے مطابق قمیص کی سلائی کی جاتی، جب کہ عوامی مالیات میں قمیص کی سلائی کی ضرورت کے مطابق کپڑا خریدا جاتا ہے۔

2۔ قرضہ لینا (Borrowing)

حکومت داخلی اور خارجی ذرائع سے قرضہ لے سکتی ہے۔ یہ اقرار نامے Bonds جاری کر کے لوگوں سے قرضہ لے سکتا ہے تاہم انفرادی طور پر خود قرضہ نہیں لے سکتے۔

3۔ کرنسی چھاپنے کا حق

(Right to Print Currency)

حکومت کرنسی چھاپ سکتی ہے۔ اس میں کرنسی تیار کرنا، اس کی تقسیم اور نگرانی شامل ہے۔ نجی شعبہ میں کرنسی نہیں بنائی جاسکتی۔

4۔ موجودہ بمقابلہ مستقبل کے فیصلے

(Present Vs. Future decision)

عوامی مالیت مستقبل کی منصوبہ بندی اور طویل مدت کے فیصلے کرنے میں زیادہ شامل ہے۔ ان سرمایہ کاری میں اسکولوں، ہاسپٹل اور بنیادی سانچے کی تعمیر شامل ہوسکتی ہے۔ نجی مالیات ایک مختصر مدت کے ورثہ کے منصوبوں پر مالی فیصلے کرتا ہے۔

5۔ مقصد (Objective)

عوامی شعبے کا بنیادی مقصد معیشت میں معاشرتی فائدہ فراہم کرنا ہے۔ نجی شعبے کا مقصد زیادہ سے زیادہ ذاتی فائدہ یعنی نفع حاصل کرنا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:40 PM

6۔محصول لینے کیلئے جبر کرنا

(Coercion to get revenue)

نجی فرد کی آمدنی کے ذرائع نسبتاً محدود ہیں جب کہ حکومت وسیع ہے۔ حکومت اپنی طاقت اور اختیار کا استحصال کرسکتی ہے۔

7- بڑی اور جان بوجھ کر تبدیلیاں کرنے کی صلاحیت

(Ability to make huge and deliberate changes)

عوامی مالیت ،آمدنی کے بارے میں بڑے فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔مثال کے طور پر، یہ مؤثر اور جان بوجھ کر محصول میں مطابقت کرسکتی ہے۔ لیکن افراد اس طرح کے بڑے فیصلے نہیں لے سکتے۔

9.6 جدید حکومت کے افعال

(Functions of Modern State)

جدید حکومت نہ صرف پولیسی ریاست ہے بلکہ ایک فلاحی ریاست ہے، ریاست معاشی اور معاشراتی نظام کو بڑھاوا دے کر اندرونی اور بیرونی طور پر استحکام کو یقینی بناتے ہوئے، پائیدار ترقی کے وسائل کا تحفظ اور اس طرح سے زیادہ سے زیادہ کردار ادا کرتی ہے۔

(i) دفاع (Defence)

حکومت کا بنیادی کام لوگوں کو بیرونی جارحیت اور داخلی خرابی سے بچانا ہے، حکومت کو مناسب پالیسی اور فوجی دستوں کو برقرار رکھنا ہوگا اور حفاظتی خدمات انجام دینا ہوگا۔

(ii) عدالتی (Justice)

انصاف کی فراہمی اور تنازعات کا حل حکومت کے ذمہ ہے۔تمام طبقات کے شہریوں کو انصاف فراہم کرنے کے لئے مناسب عدالتی ڈھانچہ مہیا کرنا چاہئے۔

(iii) کاروباری ادارے (Enterprises)

نجی کاروباری اداروں کا ضابطہ اور انتظام ،جدید ریاست کے دائروں میں کیا جاتا ہے۔بعض کاروباری اداروں کی ملکیت اور انہیں کامیابی سے چلانا، حکومت کے ذمہ داریاں ہیں۔



12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:41 PM

(iv) سماجی بہبودی (Social Welfare)

ریاست کا فرض ہے کہ وہ ملک میں لوگوں کی بہتری کے لئے تعلیم، سماجی تحفظ، معاشرتی انشورنس صحت اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کرے۔

(v) بنیادی ڈھانچہ (Infrastructure)

چند جدید ریاستوں کو معاشرتی اور معاشی انفراسٹرکچر بنا کر ملک کے معاشی ترقی کے لئے نظام بنانا چاہئے۔

(vi) کلی معاشی پالیسی

(Macro-economic Policy)

کلی معاشی کو حاصل کرنے کے لئے حکومت کو مالی پالیسی اور زرعی پالیسی کا انتظام کرنا ہوگا۔

(vii) سماجی انصاف (Social Justice)

معیشت کی ترقی کے عمل کے دوران معاشرے کے کچھ طبقات دوسروں کی لاگت پر فائدہ اٹھاتے ہیں۔حکومت کو آمدنی کی تقسیم کرنے کے لئے مالی اقدامات میں مداخلت کرنے کی ضرورت ہے۔

(viii) اجارہ داری پر قابو

(Control of Monopoly)

معاشی طاقت کا ارتکاز ایک اور برائی ہے، جس کو حکومت کرنے کے لئے اقدام اٹھائے۔لہذا حکومت اجارہ داریوں پر قابو پانے اور اقتصادی طاقت کی حراست کو روکنے کے لئے پابند، تجارتی طریقوں کے ذریعہ مداخلت کرتی ہے۔

ممکن ہے کہ ریاست، تین طرح کے کردار ادا کرسکتی ہے۔

i) اشیاء اور خدمات کے تیار کرنے والے کے طور پر۔

ii) عوامی اشیاء اور معاشرتی اشیاء کی فراہمی کے طور پر

iii) نظام کے قابو پانے کے طور پر

9.7 عوامی اخراجات (مصارف)

(Public Expenditure)

9.7.1. معنی (Meaning)

عوامی اخراجات سے مراد، ملک کے مرکزی، ریاست اور مقامی حکومتوں کے ذریعہ ہونے والے سرکاری اخراجات ہیں۔

9.7.2. تعریف (Definition)

عوامی اخراجات کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ، عوامی عہدیداروں جیسے مرکزی، ریاستی اور مقامی حکومتوں کے ذریعہ عوام کے اجتماعی معاشراتی ضروریات کو پورا کرنے والے اخراجات کو عوامی اخراجات (مصارف) کے طور پر جانا جاتا ہے۔

9.7.3. عوامی اخراجات کی درجہ بندی کی پیروی کی جاتی ہے

(Classification of Public expenditue are as follows)

1۔ بنیادی فائدے کی درجہ بندی

(Classification on the Basis of Benefit)

کوہن اور پلین نے عوامی اخراجات پر بنیادی فائدے کی درجہ بندی کو چار جماعتوں میں کی جاتی ہے۔

(a) عوامی اخراجات سے پورے معاشرے کو فائدہ ہوتا ہے۔مثلاً عام انتظامیہ، دفاع، تعلیم، صحت عامہ، نقل وحمل کے اخراجات۔

(b) عوامی اخراجات جو کچھ لوگوں کو ایک خاص فوائد فراہم کرتے ہیں اور اس وقت پوری برادری کو عام فائدہ جیسے انصاف کی انتظامیہ وغیرہ۔

(c) عوامی اخراجات کا فائدہ براہِ راست کے مخصوص گروپ اور بالواسطہ پورے معاشرے کو ہوتا ہے جیسے سماجی تحفظ، عوامی بہبودی، پنشن، بے روزگاری سے نجات ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:41 PM

(d) عوامی اخراجات، جو کچھ افراد پر خصوصی طور پر دیتے ہیں جیسے کسی خاص صنعت کو دی جانے والی سرکاری امداد ہے۔

2۔ بنیادی افعال کی درجہ بندی

(Classification on the Basis of Functions)

آدم اسمتھ نے عوامی اخراجات کو مندرجۂ ذیل مرکزی گروہوں میں حکومت کے فرائض کی بنیاد پر درجہ بندی کی۔

(a) حفاظت کے فرائض (افعال)

(Protection Functions)

اس گروہ میں شہروں کی سلامتی پر عوامی اخراجات، بیرونی حملے اور غیر حفاظتی داخلی، جیسے دفاع، پولیس، عدالتی کارروائی وغیرہ تمام شامل ہیں۔

(b) تجارت کے فرائض (افعال)

(Commercial Functions)

اس گروہ میں عوامی اخراجات شامل ہیں۔ تجارت اور تجارت کی ترقی۔ مثال: نقل وحمل اور مواصلات کے ذرائع کی ترقی وغیرہ۔

(c) ترقی کے فرائض (افعال)

(Development Functions)

اس گروہ میں ترقی کے لئے بنیادی ڈھانچہ اور صنعت کاری کے عوامی اخراجات شامل ہیں۔

9.7.4. سرکاری اخراجات میں اضافے کی وجوہات

(Causes for the Increase in Government Expenditure)

جدید حکومت ایک فلاحی حکومتی نظام ہے۔ فلاحی ریاست میں حکومت کو معاشرتی، معاشی اور سیاسی فرائض انجام دینے ہیں۔ یہ سرگرمیاں عوامی اخراجات میں اضافے کا سبب بنتی ہیں۔

1۔ آبادی کا بڑھنا (Population Growth)

پچھلے 67 سالوں سے منصوبہ بندی کے دوران، ہندوستان کی آبادی 1951 میں 36.1 کروڑ سے بڑھ کر 2011 میں 121 کروڑ ہوگئی ہے۔ آبادی میں اضافے کے ساتھ صحت اور تعلیم، نظم وضبط (Law and order) وغیرہ کے لئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری اور نوجوانوں کی خدمات کی ضرورت ہے، جب کہ عمر رسیدہ آبادی کو منتقلی کی ادائیگی، جیسے عمر رسیدہ کا وظیفہ (پنشن) سماجی تحفظ اور صحت عامہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

2۔ دفاعی اخراجات (Defence Expenditure)

منصوبہ بندی کے دوران میں ہندوستان میں دفاعی اخراجات میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ دفاعی ساز وسامان کی جدید کاری کی وجہ سے دفاعی اخراجات میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ 1990-91 میں حکومت کے دفاعی اخراجات 10,874 ₹ کروڑ تھا۔ 2018-19 میں وہ 2,95,511 ₹ کروڑ ہوگیا۔

3۔ حکومت کی امداد (Government subsidies)

ہندوستان کی حکومت کئی اشیاء جیسے غذا، کیمیائی کھاد، ترجیحی شعبہ کو قرضہ دینے، برآمدات، تعلیم وغیرہ پر امداد (Subsidy) فراہم کرتی ہے۔ بہت زیادہ مقدار میں امداد فراہم کرنے پر عوامی اخراجات (مصارف) میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

1990-91 میں مرکزی حکومت کی طرف سے کی گئی امداد (Subsidy) 9581 کروڑ تھی، جو 2018-19 میں 2,29,715.67 ₹ کروڑ ہوگئی۔ اس کے علاوہ کارپوریٹ شعبہ بھی امداد (incentives) (Subsidies) کی شکل میں پانچ لاکھ کروڑ روپیوں سے زیادہ حاصل کرتا ہے۔

4۔ قرضہ کی خدمات (Debt Servicing)

حکومت، داخلی اور خارجی دونوں ذرائع سے بہت زیادہ قرضہ لے رہی ہے۔ اس کے نتیجہ میں، حکومت کی جانب سے قرضوں کی

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:41 PM

ادائیگی کے لئے بھاری مقدار میں ادائیگی واپس کرنا پڑ رہا ہے۔

مرکزی حکومت کو سود کی ادائیگی میں اضافہ 1990-91 میں ₹ 21,500 سے 2018-19 میں ₹ 5,75,794 کروڑ ہو گیا ہے۔

5۔ ترقیاتی پروجکٹ (Development Projects)

حکومت مختلف ترقیاتی منصوبوں کو شروع کر رہی ہے جیسے آب پاشی، لوہے اور فولاد، بھاری مشینری، بجلی، ٹیلی مواصلات وغیرہ ترقیاتی منصوبوں میں بڑی تعداد میں شامل ہیں۔

6۔ شہرکاری (Urbanisation)

51 - 1950 میں تقریباً 17% آبادی، شہری آبادی پر مشتمل تھی۔ اب شہری آبادی بڑھ کر 43% کے قریب ہوگئی ہے۔ یہاں ایک ملین آبادی سے زیادہ 54% کے قریب ہوگئی ہے۔ یہاں ایک ملین آبادی سے زیادہ 54% شہر میں ہے۔ شہرکاری میں اضافہ نظم وضبط، تعلیم اور شہری سہولیات پر بھاری اخراجات کی ضرورت ہے۔

7۔ صنعت کاری (Industrialisation)

صنعتیں بنیادی اور بھاری صنعتوں کی ترتیب میں ایک بہت بڑا سرمایہ اور طویل عمل کی مدت شامل ہوتی ہے۔ یہ حکومت سے جو منصوبہ بندی معیشت میں ایسی صنعتوں کا آغاز کرتی ہے۔ زیر تعمیر ترقی یافتہ ممالک کو آمد ورفت، مواصلات بجلی کے ایندھن وغیرہ جیسے بنیادی ڈھانچے کی ضرورت ہے۔

8۔ ریاست اور مرکز کے علاقوں کی امدادی عطیہ میں اضافہ (Increase in in grants in - aid to state and union territories)

قدرتی آفات کا سامنا کرنے کے لئے ریاستیں اور وینین کے ریاستوں میں امدادی عطیہ میں زبردست اضافہ ہوا۔

9.8 عوامی محصول (Public Revenue)

عوامی مالیات کے مطالعہ میں عوامی محصول بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ حکومت کو کئی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا پڑتا ہے۔ حکومت لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتی ہے۔ ان میں عوام کے کافی مقدار کے مصارف شامل ہیں۔ عوام کے خرچ کے لئے آمدنی کی مقدار کا انحصار عوام کے ادا کرنے کی صلاحیت (ability to pay) پر ہے۔

9.8.1. معنی (Meaning)

حکومت کی آمدنی تمام وسائل کے ذریعہ عوامی آمدنی یا عوامی محصول (public revenue) کہا جاتا ہے۔

ڈالٹن کے مطابق ''عوامی آمدنی'' دو معنی رکھتے ہیں۔ ایک وسیع اور دوسرا تنگ۔ اس میں وسیع کے معنوں میں تمام آمدنی یا رسیدیں جو ایک عوام کے اختیار (اتھارٹی) میں شامل کئے جاتے ہیں، وہ کسی بھی مدت کے دوران محفوظ ہوسکتی ہیں۔ اس کی تنگ نظری کے معنی میں، اس میں عوام کی آمدنی کے صرف وہی ذرائع ہیں جو اتھارٹی کو عام طور پر جانا جاتا ہے۔ ''محصول کے وسائل'' (Revenue resources) کہلاتے ہیں۔ فرق ظاہر کرنے کے لئے پہلے کو ''عوامی رسیدیں'' (Public receipts) کہا جاتا ہے اور مؤخرالذکر کو ''عوامی محصول'' (Public revenue) کہا جاتا ہے۔

تنگ نظری کے معنوں میں، حکومتوں کی آمدنی کے وہ ذرائع جنہیں ''محصولاتی وسائل'' کے طور پر بیان کیا جاتا ہے، وہ شامل ہے۔ وسیع معنوں حکومت کے ذریعہ قرضہ لینا بھی شامل ہے۔

9.8.2. عوامی محصولات کی جماعت بندی (Classification of Public Revenue)

عوامی محصولات کی جماعت بندی دو قسم سے کی جاتی ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:42 PM



9.9 ٹیکس محصول (آمدنی) (Tax Revenue)

9.9.1. معنی (Meaning)

ٹیکس ایک لازمی ادائیگی ہے، جو شہریوں سے حکومت کو عوامی اخراجات کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ادا کی جاتی ہے۔ حکومت کی جانب سے قانون نافذ کیا گیا ہے کہ عوام حکومت کو ٹیکس ادا کریں اور کسی بھی صورت میں کوئی بھی حکومت کو ٹیکس دینے سے انکار نہیں کرسکتا۔



9.9.2 تعریف (Definition)

''ٹیکس ایک لازمی ادائیگی ہے، جو کسی شخص یا کسی فرم کے ذریعہ حکومت کو کسی بھی فائدہ حاصل کئے بغیر ادا کرتی ہے۔''

۔ اناطل مراد ۔

ٹیکس ایک لازمی ادائیگی ہے، جو عوامی اتھارٹی (اختیار) کے ذریعہ حکومت کو دی جاتی ہے اور اس کے بدلے میں اتنی ہی مقدار کی خدمت حاصل کرنے کی توقع کئے بغیر ادا کی جاتی ہے اور یہ کسی قانونی سزا کے جرمانہ کے طور پر مسلط نہیں کی جاتی۔

ڈالٹن۔

9.9.3. ٹیکس کی خصوصیات (Characteristics of Tax)

1۔ ٹیکس ایک لازمی ادائیگی ہے۔ حکومت کو، وہ لوگ جن پر ٹیکس عائد ہے، ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ ٹیکس ادا کرنے سے انکار کرنے والوں کو قابل سزا جرم ہوگی۔

2۔ عوامی اختیاری اور ٹیکس ادا کرنے والے کے درمیان کوئی ادل بدل معاوضہ (quid pro quo) نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ٹیکس دینے والا اپنی ادائیگی کے بدلے کوئی خاص فائدہ حاصل کرنے کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔

3۔ ہر ٹیکس میں ٹیکس دینے والے کی کچھ نہ کچھ قربانی شامل ہوتی ہے۔

4۔ ٹیکس کو قانون توڑنے پر بطور جرمانہ یا fine کے طور پر عائد نہیں کیا جاتا۔

ٹیکس محصولات کے چند ذرائع یہ ہیں۔

- ❖ آمدنی پر ٹیکس : Income Tax
- ❖ کارپوریشن پر ٹیکس: Corporation Tax
- ❖ فروخت پر ٹیکس : Sales Tax
- ❖ سرچارجس اور : Surcharge
- ❖ سیس (خاتمہ پر) : Cess

9.9.4. غیر ٹیکس کے محصولات (Non-Tax Revenue)

حکومت کو ٹیکس کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی کو غیر ٹیکس محصول (Non-Tax Revenue) بھی کہا جاتا ہے۔ غیر ٹیکس محصول کے ذرائع یہ ہیں۔

1۔ فیس (Fees)

حکومت کے لئے فیس محصول کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ عوامی ادارے شہریوں کو خدمت کے عوض فیس عائد کرتے ہیں۔ ٹیکس کی طرح فیس کے معاملہ میں کوئی زبردستی نہیں کی جاتی۔ حکومت کچھ خدمات مہیا کرتی ہے اور ان کے فیس کے لئے کچھ چارج لگاتی ہے۔ مثال کے طور پر پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس وغیرہ جاری کرنے کے لئے حکومت فیس وصول کرتی ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:43 PM

2۔ جرمانہ (Fine)

جرمانہ وہ ہے جو قانون کے خلاف ورزی کرنیوالے پر عائد کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، ادائیگی مقررہ وقت کے بعد انکم ٹیکس کی ادائیگی وغیرہ۔

3۔عوامی کاروبار سے آمدنی کا حصول
(Earning from Public Entreprises)

عوامی کاروبار سے حکومت کو، ان کی اضافی رقم کے ذریعہ آمدنی حاصل ہوتی ہے۔عوامی شعبہ کے کاروباری ادارے منافع کے طور پر اچھی آمدنی حاصل کرتے ہیں۔ حکومت ان سے منافع یا حصہ داری (dividend) کی شکل میں جو رقم حاصل کرتی ہے، اسے عوامی اخراجات کے لئے استعمال کرتی ہے۔

4۔ افزائشی قدر عائد کرنے کا خصوصی جائزہ
(Special assessment of betterment levy)

یہ ایک قسم کا خاص معاوضہ ہے جو معاشرے کے بعض ممبروں پر عائد کیا جاتا ہے۔ یہ ممبر حکومت کے بعض کارروائیوں سے یا بعض عوامی پراجکٹس سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں مثال کے طور پر کسی عوامی پارک یا سڑک کی تعمیر کی وجہ سے اس علاقہ کے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں جس سے ان کی جائیداد یا زمین کی قیمت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

5۔ تحفے، عطیہ اور امداد
(Gifts, Grants and aids)

- یہ ایک حکومت کی طرف سے دوسرے حکومت کی طرف سے دیا جانے والا ایک عطیہ ہے جو جدید دور میں ایک قسم کا محصول ہے۔ مرکزی حکومت ریاستی حکومتوں کو امداد فراہم کرتی ہے اور ریاستی حکومتیں ان امداد کو مقامی انتظامیہ تک فراہم کرتی ہیں تاکہ کام بہتر سے بہتر انجام پائیں۔
- بیرونی ممالک سے آنے والی امداد Foreign Aid کہلاتی ہے۔ ترقی پذیر ممالک، دیگر ممالک سے غذائی امداد، فوجی امداد اور ٹکنالوجی کی امداد حاصل کرتے ہیں۔

وصیت Escheats

ایسے افراد جن کا کوئی قانونی وارث نہیں ہوتا یا ان کا کوئی وصیت نامہ نہیں ہوتا، اس جائیداد کو حکومت اپنے حصہ میں لے لیتی ہے۔

9.9.5. ٹیکس عائد کرنے کا ضابطہ (Canons of Taxation)

ایک اچھے ٹیکس کی خصوصیات کیسے ہونی چاہئے، اس کی تفصیل ٹیکس عائد کرنے کے ضابطہ میں دی گئی ہے۔ اس بات کو غور کرنا چاہئے کہ یہ ضابطہ (canon) ہر منفرد قسم کے ٹیکس کے لئے ہونا چاہئے نہ کہ ٹیکس کے پورے نظام پر۔ کا ہونا چاہئے۔ کینن کے ٹیکسیشن کی تفصیل یہ دی جاتی ہے کہ ایک اچھے ٹیکس کی تشخیص کرنی چاہئے۔ ایک اچھے ٹیکس کے نظام میں تمام قسم کے ٹیکسوں کو شامل کیا جانا چاہئے جس کے ضابطے (Canons) مختلف ہوں۔

آدم اسمتھ کے مطابق ٹیکس عائد کرنے کے چار ضابطے (canons) یا maxims ہیں۔ وہ اس طرح سے ہیں۔

ٹیکس عائد کرنے کے ضابطے Canons of Taxation



1۔ صلاحیت کا ضابطہ
Cannon of Ability
2۔ یقین کا ضابطہ
Canon of Certainty
3۔ سہولت کا ضابطہ
Canon of Convenience
4۔ معیشت کا ضابطہ
Canon of Economy

1۔ صلاحیت کا ضابطہ (Canon of Ability)

حکومت ٹیکس عائد کرے کہ اس طرح عوام سے عوام کی قیمت ادا کرنا پڑتا ہے۔ ٹیکس ان کی قابلیت کے مطابق، کسی امیر شخص کو زیادہ ٹیکس ادا کرنا چاہئے۔ ایک متوسط طبقے کے فرد یا ایک کے مقابلے میں غریب شخص کو کم ٹیکس عائد کرنا پڑتا ہے۔

2۔ یقین کا ضابطہ: (Canon of Certainty)

حکومت کو یہ یقینی بنا ہوگا کہ ٹیکس کی شرح یا ادائیگی کے وقت کے بارے میں کوئی بات یقینی نہیں ہے۔ اگر حکومت معمولی طور پر ٹیکس

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:43 PM

وصول کرتی ہے تو پھر اس سے لوگوں کی کارکردگی اور ان کے کام کرنے کی صلاحیت بھی اچھی طرح سے متاثر ہوتی ہے۔

3۔ سہولت کا ضابطہ (Canon of Convenience)

سہولت کا طریقہ ٹیکس جمع کرنے کا طریقہ اور ٹیکس کی ادائیگی کا وقت لوگوں کی سہولت کے مطابق ہونa چاہئے۔ حکومت کو چاہئے کہ ایسا انتظام کرے جس سے کسی کو بھی ٹیکس ادا کرنے میں مشکل پیدا نہ ہو۔

4۔ معیشت کا ضابطہ (Canon of Economy)

ٹیکس جمع کرنے کے لئے حکومت کو پیسہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر ان افراد کو تنخواہیں دی جاتی ہیں جو ٹیکس اکٹھا کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ ٹیکس، جہاں اکٹھا کرنے کے اخراجات زیادہ ہوتے ہیں وہ برا ٹیکس سمجھا جاتا ہے۔ لہذا آدم اسمتھ کے مطابق، حکومت کو صرف وہی ٹیکس عائد کرنا چاہئے جن کی جمع کرنے کی لاگت بہت کم اور سستی ہو۔

9.9.6. بالواسطہ ٹیکس اور بلاواسطہ ٹیکس
(Direct Tax and Indirect Tax)

بالواسطہ ٹیکس (Direct Tax)

یہ بالواسطہ ٹیکس، ٹیکس کے طور پر انفرادی شخص کی آمدنی اور دولت پر عائد کیا جاتا ہے۔ حکومت کو براہِ راست ادا کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے ٹیکس کے بوجھ مستقل نہیں ہوتے ہیں، لیکن فطری طور پر ترقی پذیر ہیں۔ اس کی ادائیگی کی صلاحیت کے مطابق شخصی، یعنی ٹیکس زیادہ وصول کیا جاتا ہے۔ امیر و غریب لوگوں سے صلاحیت کی بناء پر زیادہ یا کم کیا جاتا ہے۔

بالواسطہ ٹیکس کے منصوبے اور پالیسیاں سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکس (CBDT) کی سفارش سے جاری ہیں، جو وزارت خزانہ کے ماتحت حکومت ہند سے لی جاتی ہیں۔



12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:44 PM

9.9.7. بالواسطہ ٹیکس کی خوبیاں
(Merits of Direct Taxes)

(a) مساویت (Equity)

بالواسطہ ٹیکس ترقی پذیر یعنی ٹیکس کی شرح ٹیکس کے بنیاد کے مطابق ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر انکم ٹیکس ضابطہ کے مطابق مساوی ہونی چاہئے۔

یقین کی کیفیت (Certainty)

یقین کی کیفیت کا مطلب براہ راست ٹیکسوں کے یقینی طور پر لگایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر انکم ٹیکس ادا کرنا یہ جان لیتا ہے کہ اسے کس شرح پر کب اسے انکم ٹیکس ادا کرنے پڑے گا۔

3۔ لچک پذیری (Elasticity)

بالواسطہ ٹیکس بھی لچک پذیری کے ضابطہ کو پورا کرتے ہیں۔ انکم ٹیکس اپنی فطرت میں لچک پذیر ہے۔ جیسے جیسے آمدنی کی سطح بڑھتی جاتی ہے، حکومت کو ادا کئے جانے والے ٹیکس کی رقم بھی اپنے آپ بڑھتی جاتی ہے۔

4۔ معیشت (Economy)

بالواسطہ ٹیکس کو اکٹھا کرنے کی لاگت نسبتاً کم ہے۔ ٹیکس ادا کرنے والے ٹیکس براہ راست حکومت کو ادا کرتے ہیں۔

9.9.8. بالواسطہ ٹیکس کی خامیاں
(Demerits of Direct Taxes)

1۔ غیر مقبول (Unpopular)

بالواسطہ ٹیکس عام طور پر غیر مقبول وہتے ہیں۔ یہ تکلیف اور کم لچکدار ہے۔

2۔ متاثر پیداور (Productivity affected)

بہت سے ماہرین معاشیات کے مطابق براہ راست ٹیکس پیداوار پر منفی اثر ڈالتی ہے۔ شہری زیادہ کمانے کو تیار نہیں ہیں، کیونکہ اس کی وجہ سے ان کو زیادہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔

3۔ دشواری (Inconvenient)

ٹیکس ادا کرنے والے حساب کتاب رکھنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں۔ اس کے بعد اس کے Returns کو بھیجنے اور ٹیکس کو ایک ساتھ ادا کرنے میں بھی دشواری محسوس کرتے ہیں۔

4۔ ٹیکس کی چوری (Tax Evasion)

ٹیکس کا بوجھ اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ ٹیکس ادا کرنے والے ہمیشہ ٹیکسوں سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس سے بالآخر کالا دھن پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے جو ایک معیشت کے لئے نقصان دہ ہے۔

9.9.9. بلاواسطہ ٹیکس (Indirect tax)

بلاواسطہ ٹیکس کا نفاذ اس شخص پر عائد ہوتا ہے جو اشیاء اور خدمات کی خریداری کرتا ہے اور اسے حکومت کو بلاواسطہ ادا کرتا ہے۔ ٹیکس کا بوجھ آسانی سے دوسرے شخص پر منتقل ہوسکتا ہے۔ یہ تمام افراد پر مساوی طور پر عائد کیا جاتا ہے۔ چاہے وہ امیر ہو یا غریب ہو۔

بلاواسطہ ٹیکس کے کئی اقسام ہیں۔ جیسے:

(There are several types of Indirect Taxes such as)

داخلی محصول (اکسائز ڈیوٹی) (Excise duty)

تیار کرنے والے کے ذریعہ ادائیگی کی جانے والی داخلی محصول جو ٹیکس کا بوجھ خوردہ فروشوں اور کامل فروشوں پر منتقل کرتی ہے۔

فروخت کا ٹیکس (Sales Tax)

فروختی ٹیکس، جو کسی دکان والے یا خوردہ فروش کے ذریعہ ادا کیا جاتا ہے جو اشیاء اور خدمات پر فروختی ٹیکس وصول کر کے صارفین پر ٹیکس کا بوجھ منتقل کرتا ہے۔

کسٹم ڈیوٹی (Custom Duty)

درآمدی محصولات جو بیرونی ملک سے درآمد ہونے والی اشیاء سے وصول کی جاتی ہیں، بالآخر اس کی ادائیگی، صارفین اور خوردہ فروشوں کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

تفریحی ٹیکس (Entertainment Tax)

سنیما گھر کے مالکان، جو ٹیکس کے بوجھ کو سنیما دیکھنے والے پر منتقل کرتے ہیں۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:44 PM

خدمات کے ٹیکس (Services Tax)

خدمات میں ٹیلی فون بل، انشورنس پریمیم، ہوٹلوں میں غذا پر بل وغیرہ کی خدمات کے لئے وصول کیا جانے والا ٹیکس، (سروس) خدمات کا ٹیکس ہے۔

9.9.10. بلاواسطہ ٹیکس کی خوبیاں

(Merits of Indirect Tax)

1۔ وسیع تر گھیراؤ Wider Coverage

تمام صارفین، چاہے وہ امیر ہو یا غریب ہوں ان کو بلاواسطہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بلاواسطہ ٹیکس بالواسطہ ٹیکس سے زیادہ لوگوں کا احاطہ کرتا ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان میں انکم ٹیکس ادا کرنے والے صرف 2 فی صد ہیں، اس کے برخلاف بلاواسطہ ٹیکس ادا کرنے والے بہت زیادہ ہیں۔

2۔ مساویت (Equitable)

بلا واسطہ ٹیکس جب مساوات مالدار لوگوں کے ذریعہ استعمال ہونے والی آسائشوں پر زیادہ ٹیکس عائد ہوتا ہے تو بلاواسطہ ٹیکس مساوات پر کینن کو پورا کرتا ہے۔

3۔ کفایتی (Economical)

ٹیکس کو اکٹھا کرنے کی لاگت بہت کم ہے، کیوں کہ تیار کرنے والے اور خوردہ فروش (retailers) ٹیکس وصول کرتے ہیں اور حکومت کو ادائیگی کرتے ہیں۔ تاجر اعزازی ٹیکس جمع کرنے والے کے طور پر کام کرتے ہیں۔

4۔ نقصان دہ صَرف (استعمال) کا معائنہ کرتا ہے

(Check harmful consumption)

حکومت ان اشیاء پر بالواسطہ ٹیکس عائد کرتی ہے جو صحت کے لئے خطرناک ہیں۔ مثال کے طور پر تمباکو، شراب، وغیرہ۔ ان کو گناہ کے ٹیکس کے طور پر جانا جاتا ہے۔

5۔ آسانی سے ادائیگی (Convenient)

بلاواسطہ ٹیکس اشیاء اور خدمات پر عائد کیا جاتا ہے۔ جب صارف کی خریداری کرتے ہیں تو وہ قیمت کے ساتھ ٹیکس کی ادائیگی بھی کرتے ہیں۔ وہ ٹیکس ادا کرنے پر کچھ بھی تکلیف محسوس نہیں کرتے ہیں۔

9.9.11. بلاواسطہ ٹیکس کی خامیاں

(Demerits of Indirect taxes)

1۔ اکٹھا کرنے کی لاگت زیادہ ہوتی ہے

(Higher Cost of Collection)

بالواسطہ ٹیکس کی بہ نسبت بلاواسطہ ٹیکس میں زائد لاگت ہوتی ہے، حکومت کو بلاواسطہ ٹیکس جمع کرنے میں بھاری رقم خرچ کرنی پڑتی ہے۔

2۔ غیر لچک پذیری (Inelastic)

بالواسطہ ٹیکس کی بہ نسبت بلاواسطہ ٹیکس کم لچک دار ہوتے ہیں۔ بلا واسطہ ٹیکس عام طور پر تناسب میں ہوتے ہیں۔

3۔ رجعت پسندی (Regressive)

بالواسطہ ٹیکس یعنی اوقات غیر منصفانہ ہوتے ہیں اور رجعت پسند ہوتے ہیں، کیوں کہ امیر اور غریب دونوں کو اپنی آمدنی کی سطح کو نظر انداز کرتے ہوئے ٹیکس کا بوجھ یکساں طور پر اٹھانا پڑتا ہے۔

4۔ غیر یقینی کیفیت (Uncertainty)

بلاواسطہ ٹیکسوں میں اضافہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور اشیاء کی مانگ کم ہوجاتی ہے۔ لہذا، حکومت غیر یقینی طور پر متوقع محصول کی وصولی کرتی ہے۔ اس سے متعلق ڈالٹن کا کہنا ہے کہ بلاواسطہ ٹیکس کے تحت 2+2=4 نہیں بلکہ 3 یا اس سے بھی کم ہے۔

5۔ شہریوں میں شعور نہیں (No civic Consciousness)

چونکہ ٹیکس کی قیمت شئے کی قیمت کے ساتھ چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ لہذا صارفین اس سے متعلق کم شعور رکھتے ہیں اور وہ ٹیکس کی ادائیگی سے واقف نہیں ہوتے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:45 PM

9.9.12. موازنہ کا چارٹ (Comparison Chart)

موازنہ کی بنیاد	بالواسطہ ٹیکس	بلاواسطہ ٹیکس
مطلب	بالواسطہ ٹیکس کے معنی اسے ایک شخص کی آمدنی اور دولت پر عائد کیا جاتا ہے اور حکومت کو بالواسطہ ادا کرنا پڑتا ہے۔	بالواسطہ ٹیکس کے معنی اسے ایک شخص کو اشیاء اور خدمات کے استعمال پر عائد کیا جاتا ہے۔ اور حکومت کو بلاواسطہ ادا کرنا پڑتا ہے۔
نوعیت	ترقی پذیر	رجعت پسند
واقعات اور اثر	ایک ہی شخص پر عائد ہوتا ہے	مختلف اشخاص پر عائد ہوتا ہے
ٹیکس کی بنیاد	ٹیکس ادا کرنے والی کے اثاثہ کی آمدنی یا دولت	خریداری/فروخت/تیاری اشیاء اور خدمات کی فراہمی
ٹیکس میں چوری	ٹیکس میں چوری کی جاسکتی ہے۔ ٹیکس کو چھپایا جاسکتا ہے۔	اس میں ٹیکس کو چھپانا مشکل ہے، کیونکہ یہ اشیاء اور خدمات کی قیمتوں کے ساتھ شامل ہے۔
افراطِ زر	بالواسطہ ٹیکس کی مدد سے افراطِ زر کو قابو میں لایا جاتا ہے۔	بلاواسطہ ٹیکس افراطِ زر کو مزید بڑھاتا ہے۔
عائد کرنا اور اکٹھا کرنا	انفرادی شخص، پر کمپنیوں پر، تجارتی ادارہ پر اور HUF غیر منقسم ہندو خاندان پر عائد کر کے ان سے اکٹھا کیا جاتا ہے۔	اشیاء اور خدمات کو استعمال کرنے والے صارفین سے جمع کیا جاتا ہے، مگر assessee کے ذریعہ اسے ادا کر کے جمع کیا جاتا ہے۔
بوجھ	منتقل نہیں ہوسکتا (بدلی)	منتقل ہوسکتے ہیں (بدلی)

9.9.13. GST اشیاء اور خدمات پر ٹیکس (Goods and Service Tax)



GST ایک بلاواسطہ ٹیکس ہے جس نے ہندوستان کے کئی بلاواسطہ ٹیکسوں کی جگہ لے لی ہے۔ ہندوستان میں بہت سارے بلاواسطہ ٹیکس اشیاء اور خدمات ٹیکس ایکٹ کا منظور ہوا۔ 29/مارچ کو پارلیمنٹ میں 2017 میں یہ ایکٹ منظور کیا گیا۔ یکم جولائی 2017 سے یہ عمل میں آیا ہے۔ GST ہندوستان میں ایک جامع (Comprehensive)، کثیر الجہتی (multistage)، منزل پر مبنی ٹیکس (destination based tax) جو قیمت کے ہر ایک اضافہ پر عائد کیا جاتا ہے۔

- آسان الفاظ میں اشیاء اور خدمات کا ٹیکس (GST)، اشیاء اور خدمات کی فراہمی پر عائد کیا ہوا ایک بلاواسطہ ٹیکس ہے۔ یہ قانون ہندوستان میں موجود پہلے جو ٹیکس تھے، ان سب کو بدل دیا ہے۔
- GST سارے ملک کا ایک بلاواسطہ ٹیکس ہے۔
- GST کے تحت، فروخت کے آخری مقام پر یہ ٹیکس عائد کیا جائے گا۔ ریاست کے اندر فروخت کرنے کی صورت میں مرکزی GST اور ریاستی GST وصول کیا جائے گا۔ ریاستوں کے درمیان فروخت کرنے کی صورت میں تکمیلی GST عائد ہوگا۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:45 PM



کثیر محصولات کے بدلے میں ایک ہی قسم کا ٹیکس جو تیار کرنے والے/فراہم کرنے سے صارف تک عائد ہوتا ہے۔

منزل (ریاست) کی بنیاد پر (Destination based)

فرض کیجئے کہ تمل ناڈو میں تیار کردہ اشیاء کو کرناٹک میں موجود صارفین کو فروخت کیا جاتا ہے۔ چونکہ GST کو اس کے آخری مرحلے میں عائد کیا جاتا ہے، ایسی صورت میں ٹیکس کی ساری آمدنی کرناٹک کو جائے گی اور تمل ناڈو کو نہیں۔

GST کے اجزاء (Components of GST)

GST کے جزو 3 قسم کے ہیں۔ وہ یہ ہیں :

CGST ، SGST اور IGST

CGST : اسے مرکزی حکومت، ریاست کے اندر کی فروخت (ریاست یا یونین ریاست کے اندر) سے حاصل کرتی ہے۔

SGST : اسے ریاستی حکومت، ریاست کے اندر کی فروخت (ریاست یا یونین ریاست کے اندر) سے حاصل کرتی ہے۔

IGST : اسے مرکزی حکومت ریاستوں کے درمیان کی فروخت سے حاصل کرتی ہے۔ (مثال : مہاراشٹرا سے تمل ناڈو)

اکثر معاملات میں نئی حکومت کے تحت ٹیکس کا ڈھانچہ اس طرح ہوگا۔

لین دین	نئے طریقے کے تحت	پرانے طریقے کے تحت	
ریاست کے اندر فروخت	CGST + SGST	VAT + مرکزی اکسائز/ خدمات کا ٹیکس	مرکزی اور ریاستی حکومت کے درمیان ٹیکس کو مساوی طور پر حصہ کیا جاتا تھا۔
ریاست کے باہر فروخت	IGST	مرکزی فروخت کا ٹیکس + مرکزی اکسائز/ خدمات کا ٹیکس	ریاستوں کے درمیان ایک ہی قسم کا ٹیکس (مرکزی) عائد کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد مرکز IGST کو اشیاء کے مقام کے مطابق حصہ دے گا۔

فروختی ٹیکس، VAT اور GST کی نوعیت

Nature of Sales tax , VAT and GST

1۔ فروختی ٹیکس، کثیر جگہوں پر اوپر سے نیچے تک اترنے کا اثر رکھتا ہے۔

2۔ VAT کثیر جگہوں پر اوپر سے نیچے تک اترنے کا اثر نہیں رکھتا ہے۔

3۔ GST ایک مقام کا ٹیکس ہے اور اوپر سے نیچے اترنے کا اثر نہیں رکھتا۔

GST کے فوائد (Advantages of GST)

1۔ GST بنیادی طور پر اشیاء اور خدمات کی فروخت پر ہونے والے اوپر کے نیچے اترنے کے اثر (Cascading effect) کو ختم کردیتا ہے۔ Cascading effect کا اثر براہ راست اشیاء کی لاگت پر پڑتا ہے۔ چونکہ ٹیکس پر ٹیکس نہیں لگتا، اشیاء کی لاگت میں کمی واقع ہوتی ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:46 PM

2۔ GST بنیادی طور پر تکنیکی طور پر کارفرما ہے۔تمام سرگرمیاں جیسے رجسٹریشن، Return filing، رقم کی واپسی اور نوٹس کا جواب حاصل کرنے کے لئے GST پورٹل پر آن لائن بھرتی کرنا ہوگا۔ یہ عمل کو تیز کرتا ہے۔

9.10 عوامی قرضہ (Public debt)



18ویں اور 19ویں صدیوں میں حکومت کا کردار کم سے کم تھا۔ جب کہ 20ویں صدی سے حکومت کا کردار بہت وسیع رہا ہے ۔ چونکہ حکومت کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوا ہے، لہٰذا حکومت کے لئے یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر لوگوں سے ملک کے اندرونی اور بیرونی اداروں سے قرضہ لے ۔ روایتی محصول کو پورا کریں۔ زیر ترقی یافتہ ممالک میں ترقیاتی پروگراموں کے لئے بڑی رقم کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس قرضہ کا بوجھ ممالک کے لئے ایک بہت بڑا مسئلہ بن جاتا ہے اور اکثر ممالک اس قرضہ کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔

9.10.1. تعریف Definition

قرضہ سرکاری خزانہ سے ایک وعدہ کے ذریعہ حاصل کردہ ایک زر اصل کی رقم ہے۔ اکثر اوقات اس زر اصل پر سود بھی ادا کیا جاتا ہے۔ موجودہ مالی خسارہ کو پورا کرنے کے لئے استعمال ہونے والی رقم کو قرضہ کی شکل میں حاصل کرکے اس مالی خسارہ کو پورا کیا جاتا ہے۔

Philip E. Taylor -

حکومت کی جانب سے افراد کو یا نجی شعبہ کے تجارتی اداروں کو دی جانے والی مالی امداد کی رسید، تاکہ انسانی قوت اور ذرائع کو خریدا جاسکے یا فلاحی کاموں کی ادائیگی کی جائے یا امداد کی جائے، ان سب کو قرضہ کہتے ہیں۔

Carl S. Shoup -

9.10.2. عوامی قرضہ کے اقسام (Types of Public Debt)

1۔ داخلی عوامی قرضہ (Internal Public debt)

حکومت کی جانب سے اپنے ملک کے اندر شہریوں سے یا مختلف اداروں سے حاصل کیا جانے والا قرضہ اندرونی عوامی قرضہ کہا جاتا ہے۔ داخلی عوامی قرضہ میں صرف دولت کی منتقلی شامل ہے۔

داخلی عوامی قرضہ کے اہم وسائل مندرجۂ ذیل ہیں۔

- افراد، حکومت سے اقرارنامے (Bonds) اور securities خریدتے ہیں۔
- نجی اور سرکاری بینک دونوں حکومت سے bonds (اقرار نامے) خریدتے ہیں۔
- غیر مالیاتی ادارے جیسے GIC, LIC, UTI وغیرہ، وہ بھی حکومت کی طرف سے بانڈز (اقرارنامے) خریدتے ہیں۔
- مرکزی بینک حکومت کو نقدی کی شکل میں قرض دے سکتی ہے۔ مرکزی بینک حکومت کے اخراجات پورے کرنے کے لئے نقدی جاری کرسکتی ہے۔

(ii) بیرونی عوامی قرضہ External Public debt

جب بیرونی ملک یا کسی بین الاقوامی تنظیم سے قرضہ حاصل کیا جاتا ہے تو اسے بیرونی عوام کا قرض کہا جاتا ہے۔ بیرونی عوامی قرضہ کے اہم ذرائع IMF عالمی بینک، IDA، اور ADB وغیرہ ہیں۔ دوسرے ممالک اور حکومتوں سے بھی قرضہ لیا جاسکتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:47 PM

جون 2018 کے مطابق ممالک کا بیرونی قرضہ				
Rank	**Country/Region**	**External debt (USD Millions)**	**Per capita US dollars**	**% of GDP**
1	USA	21,171,000	58,200	98
2	UK	8,475,956	127,000	313
3	France	5,689,745	87,200	213
4	Germany	5,398,267	65,600	141
7	Japan	3,586,817	28,200	74
13	China	1,710,625	1,200	14
21	Russia	537,458	3,700	40
22	India	529,000	380	20

(ذریعہ : عالمی بینک کی رپورٹ، مارچ 2018 کے آخر میں ہندوستان کا بیرونی ممالک سے حاصل کردہ قرضہ - RBI کی رپورٹ، بتاریخ 29-06-2018)

9.10.3. عوامی قرض بڑھنے کے وجوہات

(Causes for the Increase in Public debt)

عوامی قرضوں کا بہت زیادہ بڑھنے کے اسباب کا مطالعہ مندرجۂ ذیل عنوانات کے تحت کیا جاسکتا ہے۔

1۔ جنگ اور جنگ کی تیاری

(War and Preparation of war)

حکومتوں کے ذریعہ قرضہ لینے کی ایک اہم وجہ جنگ کا چھڑ جانا ہے۔ جدید دور میں جنگ اور جوہری دفاعی پروگراموں کی تیاری، حکومت کی آمدنی کا بڑا حصہ چھین لیتی ہے اور اس کی وجہ سے وہ قرضہ لینے کی صورت حال پیدا ہوجاتی ہے۔

2۔ سماجی ذمہ داریاں (Social obligations)

جدید حکومتوں کو ''فلاحی حکومتیں'' (Welfare states) سمجھا جاتا ہے اور انہیں شہریوں کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کے علاوہ بہت ساری معاشرتی ذمہ داریاں جیسے صحت عامہ، صفائی، تعلیم، انشورنس، نقل وحمل اور مواصلات وغیرہ میں نبھانا پڑتا ہے۔ ان کی مالی اعانت کے لئے ریاست کو ایک بھاری عوامی قرض کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔

3۔ معاشیات کی ترقی اور خسارہ

(Economic Development and Deficit)

حکومت کو ملک کی معاشی ترقی کے لئے بہت سے منصوبوں پر کام کرنا ہے۔ ریلوے، بجلی کے منصوبے، آب پاشی کے منصوبے، بھاری صنعتوں وغیرہ کی تعمیر وغیرہ کے لئے وسائل کو متحرک کرنے میں اخراجات عوامی قرضوں کی شکل میں اٹھانا پڑتا ہے ۔ بہت زیادہ عوامی اخراجات کی وجہ سے حکومتوں کو ہمیشہ بجٹ میں خسارہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس خسارہ کو پورا کرنے کے لئے عوامی قرض لینا ہی پڑتا ہے۔

4۔ روزگاری (Empolyment)

جدید دور میں اکثر حکومتوں کو بے روزگاری کے مسئلے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور عوامی اخراجات، خرچ کرکے اس کو حل کرنا اولین فرض بن گیا ہے۔ بے روزگاری کے مسئلے کو حل کرنے اور کساد بازاری سے نمٹنے کے لئے حکومت کو بھاری اخراجات کرنا پڑ رہا ہے ۔ اس کے لئے ریاستوں کو عوامی قرض کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:47 PM

5۔ افراطِ زر کو قابو پانا
(Controlling inflation)

حکومت عوامی قرضوں میں اضافے کے ذریعے کَردش سے زائد رقم واپس لے سکتی ہے اور اس طرح قیمتوں میں اضافے کو روک سکتی ہے۔

6۔ سرد بازاری سے مقابلہ (Fighting depression)

سرد بازاری کے مرحلے کے دوران، نجی سرمایہ کاری کا فقدان ہوجاتا ہے۔حکومت داخلی اور بیرونی ذرائع سے ادھار لے کر معاوضہ ادا کرتی ہے، جو عوامی اخراجات کا سبب بنتا ہے۔

9.10.4. عوامی قرض کے واپس کرنے کے طریقے

(Methods of Redemption of Public Debt)

عوامی قرضہ کے واپس کرنے کے عمل کو قرض چھڑانا (redemption) کہتے ہیں۔حکومت عوام کو securities حصص فروخت کرتی ہے اور مدت مکمل ہوتے وقت (maturity)، جو شخص ان حصص securities کو رکھتا ہے وہ اسے حکومت کے حوالے کر دیتا ہے۔قرضوں کی خلاصی کے لئے ذیل کے طریقے اپنائے گئے ہیں۔

1۔ ڈوبنے والا فنڈ (Sinking Fund)

اس طریقہ کار کے تحت حکومت ''ڈوبنے والے فنڈ'' کے طور پر ایک الگ فنڈ قائم کرتا ہے۔ حکومت ہر سال اس کے لئے ایک مقررہ رقم فنڈ جمع کرتی ہے۔ جب ایک مقررہ مدت مکمل ہوجاتی ہے (matures)، تو اس فنڈ میں اتنی رقم جمع رہتی ہے کہ اس سے اس کا زر اصل اور سود دینے کے قابل ہو جاتا ہے۔ وقت میں قرض پختہ ہوتا ہے۔فنڈ ادا کرنے کے لئے کافی رقم جمع کرتا ہے۔یہ طریقہ سب سے پہلے انگلینڈ کے walpol میں متعارف کرایا گیا تھا۔

2۔ تبدیلی یا تبادلے (Conversion)

قرضوں کا تبادلہ بھی عوامی قرض کی واپسی کا ایک طریقہ ہے کہ ایک پرانا قرضہ بدل کر نیا قرضہ (loan) بن جاتا ہے۔ اس نظام کے تحت عوامی قرض تبدیل ہوکر کم سود والا قرض بن جاتا ہے۔ڈالٹن کے مطابق قرضہ کی تبدیلی سے قرضہ کا بوجھ ہلکا ہوجاتا ہے۔

3۔ بجٹ میں بچت (Budgetary Surplus)

جب حکومت ،فاضل بجٹ (Surplus budget) پیش کرتی ہے تو اس رقم کو عوامی قرض واپس کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بچت اسی وقت ہوگی جب عوامی آمدنی، عوامی اخراجات سے زیادہ ہو۔تاہم یہ طریقہ کبھی کبھار ممکن ہوسکتا ہے۔

4۔ آخری سال کی ادائیگی (Terminal annicity)

اس طریقہ کار میں حکومت آخری سال کی بنیاد پر ادائیگی کرتی ہے ۔ عوامی قرضہ کو مساوی سالانہ قسطوں میں تقسیم کر کے ادائیگی کا ایک آسان ترین طریقہ ہے۔

5۔ انکار کرنا (Repudiation)

لون کی ادائیگی کے بوجھ سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے حکومتوں کے لئے یہ آسان ترین طریقہ ہے۔ حکومت عوام سے قرضہ لے لیتی ہے، مگر اس کے ادا کرتے وقت اپنی ذمہ داری سے مکر جاتی ہے ۔ حقیقت میں یہ قرضہ کو واپس کرنا نہیں، بلکہ اسے ختم کر دینا ہے۔ عام طور پر حکومت ایسا نہیں کرتی، کیوں کہ اس سے عوام میں اس کا اعتبار اٹھ جائے گا۔

6۔ سود کی شرح میں کمی
(Reduction in Rate of interest)

قرض کی تلافی کا دوسرا طریقہ، مالی بحران کے وقت سود کی شرح میں لازمی کمی کرنا ہے۔

7۔ سرمایہ کے اثاثوں پر لیوی (Capaital levy)

جب حکومت کسی فرد یا کسی بھی ادارے کی زیر ملکیت سرمایہ دارانہ اثاثوں پر محصول عائد کرتی ہے تو اسے سرمایہ کا محصول (Capital levy) کہتے ہیں۔ ایک کم سے کم حد کے سرمایہ والے اثاثے پر ترقیاتی شرح پر اس طرح کا محصول عائد کیا جاتا ہے۔ اس سے جو فنڈ

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:48 PM

جمع ہوتا ے، اسے حکومت جنگ کے دوران بڑھنے والے قرضہ کی ادائیگی کے لئے استعمال کرتی ہے۔ یہ قرضہ کی ادائیگی کا سب سے متنازعہ طریقہ ہے۔

9.11 بجٹ (Budget)

اصطلاح بجٹ فرانسیسی لفظ ''Bougett'' سے لی گئی ہے، جس سے مراد چمڑے کی ایک چھوٹی سی تھیلی ہے۔ بجٹ ایک سالانہ مالی بیان ہے، جس میں آئندہ مالی سال کے لئے متوقع آمدنی اور حکومت کے اخراجات کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

9.11.1. تعریف (Definition)

''یہ ایک دستاویز ہے جس میں عوامی آمدنی اور اخرجات کا ابتدائی منظور شدہ منصوبہ ہوتا ہے''

Reney Stourn -

''بجٹ کا مطلب یہ ہے کہ معمول کے مطابق دی گئی مدت کے مالی انتظامات کو منظوری کے لئے لیجس لیچر میں پیش کرنا ہے''۔

Bastabale -

9.11.2. مرکزی بجٹ اور ریاستی بجٹ

(Union Budget and State Budget)

ہندوستانی ایک وفاقی معیشت ہے۔ لہذا عوامی بجٹ حکومت کے دو پرتوں میں منقسم ہے۔ ہندستانِ آئین کے مطابق، مرکزی حکومت کی دفعہ 112 کے تحت سالانہ مالی بیان پیش کرنا، یعنی پارلیمنٹ کے تحت مرکزی بجٹ پیش کرنا ہے او ہر ریاستی حکومت کو دفعہ 202 کے تحت قانون ساز اسمبلی میں ریاست کا بجٹ پیش کرنا ہے۔

9.11.3. بجٹ کے اقسام

(Types oF budget)

محصولات (آمدنی) اور سرمایہ کا بجٹ

(Revenue and Capital budget)

محصولات کا حساب اور دوسرے حسابوں کے اخراجات کی بنیاد پر، بجٹ کو دو طریقوں سے پیش کیا گیا ہے۔

i) محصولات (حکومت کی آمدنی) کا بجٹ (Revenue Budget)

اس میں محصولات کی رسیدیں اور محصولات کے اخراجات ہوتے ہیں۔ مزید برآں محصولات کی رسیدیں ٹیکس محصول اور غیر ٹیکس محصول میں تقسیم کی جاسکتی ہیں۔ محصول آمدنی کو بھی منصوبے کے محصولات اور غیر منصوبہ بندی کے اخراجات میں درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

(ii) سرمائی بجٹ (Capital Budget)

اس میں سرمائی رسیدیں اور سرمائی اخراجات ہوتے ہیں۔ اس صورت میں سرمایہ رسید کے اہم ذرائع لون، اڈوانس وغیرہ ہیں۔ دوسری طرف سرمائی اخراجات کو منصوبے کے سرمائی اخراجات اور غیر منصوبے کے سرکاری خراجات میں درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

(iii) ضمنی بجٹ (Supplementary Budget)

جنگ کی ہنگامی صورت حال اور قدرتی آفات جیسے سونامی، سیلاب وغیرہ کے دوران بجٹ میں مختص کردہ اخراجات کافی نہیں ہوتے ہیں۔ ایسے غیر متوقع حالات سے نمٹنے کے لئے حکومت ایک اضافی (ضمنی) بجٹ پیش کرسکتی ہے۔

(iv) ووٹ پر اکاؤنٹ (Vote-on-Account)

ہندستانی آئین کی دفعہ 116 کے تحت بجٹ کو سال کے وسط میں پیش کیا جانا چاہئے۔ اس کی وجہ شاید سیاسی نوعیت ہو۔ موجودہ حکومت اس سال رواں تک جاری رہ سکتی ہے یا نہیں۔ ہوسکتا ہے انتخابات ہونے والے ہوں، تو ایسی صورت میں حکومت ایک lame duck budget پیش کرسکتی ہے۔ اس کو Vote on account بھی کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:48 PM



اکاؤنٹ کے بجٹ پر ووٹ ایک خصوصی چھوٹ ہے جس سے حکومت پارلیمنٹ سے بجٹ تک کے لئے ضروری اخراجات کی اجازت لیتے ہے، یہاں تک کہ بجٹ کے لئے پارلیمنٹ میں منظوری نہ مل جائے۔ بجٹ کی مدت مکمل ہونے تک ضروری اخراجات کو پورا کرنے اور رقم نکالنے کے لئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے قانونی اجازت لینی پڑتی ہے، یہاں تک کہ بجٹ منظور ہو جائے۔ اسے Vote on budget کہتے ہیں اور اس کی مدت دو مہینوں سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔

5۔ زیرو بیس بجٹ Zero Base Budget

حکومت بھارت نے زیرو بیس بجٹ پیش کیا۔اس میں 1987-8 میں (پہلا ZBB) سرکاری بجٹ میں اخراجات کا نیا محاسبہ شامل ہے اور اسے ایک نئی شئے سمجھ کر جائزہ فراہم کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ جواز یا دوسری صورت میں منصوبے کے لئے معاشرتی واقتصادی کی روشنی میں ایک مکمل مقاصد اور معاشرے کی ترجیحات کے پیش نظر اس طرح کا بجٹ تیار کیا گیا ہے۔

6۔ کارکردگی کا بجٹ Performance Budget

جب کسی بھی سرگرمی کے نتائج کو بجٹ کے بنیاد کے طور پر لیا جاتا ہے۔تو اس طرح کے بجٹ کو performance budget کہا جاتا ہے۔ دنیا میں پہلی مرتبہ اس طرح کا بجٹ، کارکردگی کا بجٹ امریکہ میں بنایا گیا تھا۔ انتظامی ریفارمز کمیشن قائم کیا گیا تھا۔ 1949 میں امریکہ میں سرہو پر کی نگرانی میں یہ کمیشن بنانے کی سفارش کی ۔ امریکہ میں کارکردگی کا بجٹ) پرفارمنس بجٹ بنایا گیا ہے۔ اس میں حکومت کو یہ کہنا پڑتا ہے کہ عوام کے لئے کیا ہوا ہے اور کتنا ہوا ہے ۔ ہندوستان ''پرفارمنس بجٹ'' کو 'نتائج کا بجٹ' (outcome budget) بھی کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:48 PM

7۔ متوازی بجٹ بمقابلہ غیر متوازن بجٹ

Balanced Budget Vs Unbalanced Budget

A۔ متوازن بجٹ: Balanced Budget

متوازن بجٹ ایک صورت حال ہے جس میں اندازے کے مطابق آمدنی (Estimated revenue) سال کے دوران حکومت متوقع اخراجات (anticipated expenditure) کے برابر ہوتی ہے۔

حکومت کا تخمینہ لگائی ہوئی آمدنی = حکومت کا مجوزہ خرچ



B۔ غیر متوازن بجٹ (Unbalanced Budget)

جس بجٹ میں محصول (آمدنی) (Revenue) اور اخراجات (Expenses) ایک دوسرے کے برابر نہیں ہیں اسے غیر متوازن بجٹ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

غیر متوازن بجٹ دو طرح کا ہوتا ہے۔

(a) سرپلس (بچت) بجٹ (2) خسارہ کا بجٹ

1۔ بچت (اضافی) بجٹ (Surplus Budget)

یہ ایک فاصل بجٹ ہے، جب سال کی متوقع آمدنی اخراجات سے زیادہ ہے۔

حکومت کا تخمینہ لگایا ہوا محصول (آمدنی)
>
حکومت کا مجوزہ خرچ

2۔ خسارہ کا بجٹ: (Deficit Budget)

خسارہ کا بجٹ وہ بجٹ ہے جہاں متوقع سرکاری اخراجات متوقع آمدنی سے زیادہ ہے۔

حکومت کا تخمینہ لگایا ہوا محصول (آمدنی)
<
حکومت کے مجوزہ خرچ

9.11.4. بجٹ کا طریقہ (Budgetary procedure)

بجٹ کے طریقہ سے مراد وہ نظام ہوتا ہے جس کے ذریعہ بجٹ کو تیار، نافذ اور عمل میں لایا جاتا ہے۔

A۔ بجٹ کی تیاری (Preparation of the Budget)

ہر سال کا مرکزی بجٹ، وزارت خزانہ تیار کرتی ہے۔ محکمہ خزانہ اس کی ذمہ دار ہے۔ ریاست کا سالانہ بجٹ تیار کرتے ہوئے بجٹ میں درج ذیل عوامل کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

- ایک منصوبہ بند مدت کے اندر کلی معاشی اہداف کو پورا کرنا۔
- بجٹ کی بنیادی حکمت عملی
- مالیاتی ضروریات کے مختلف پروجکٹ
- محصولات کے اخراجات کا تخمینہ

(دفاع اخراجات، سبسڈی، ترقی پر سود کی ادائیگی وغیرہ شامل ہے)

- دارالحکومت کے اخراجات کا تخمینہ (ریلوے کی ترقی، شاہراہیں، آب پاشی وغیرہ شامل ہیں۔)
- ٹیکس اور غیر ٹیکس محصول سے محصول کی وصولی کا تخمینہ

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:49 PM

❖ قرضہ کی وصولی سے سرمایہ کی رسیدوں (وصولیوں) کا تخمینہ، عوامی شعبے کے یونٹوں کی بازآبادکاری، منڈی کے قرضے وغیرہ۔

❖ محصولات کی رسیدوں (آمدنی) (وصولیوں) اور محصولات کے اخراجات کے درمیان فرق کا تخمینہ اور

❖ مالی خسارہ کا تخمینہ، بنیادی خسارہ اور محصولات کا خسارہ۔



(B) بجٹ کی پیش کش

(Presentation of the Budget)

وزیر خزانہ مرکزی حکومت کی جانب سے نئے مالی سال کے موقع پر پارلیمنٹ کے سامنے مرکزی بجٹ پیش کرتے ہیں۔ اسی طرح ریاستی سطح پر متعلقہ ریاستی حکومت کے وزیر خزانہ ریاستی بجٹ کو ریاست متعلقہ کے سامنے رکھتے ہیں۔

ہندوستانی آئین کے مطابق تمام نقدی رسید کو ایوان زیریں میں شروع کرنا ہوگا۔ سارے نقدی کی رسیدوں کو سب سے پہلے لوک سبھا کے سامنے رکھا جاتا ہے۔ پھر مرکز اور اس کے بعد ریاستی سطح پر ودھان سبھا میں رکھا جاتا ہے۔ مختلف ٹیکس کے مطالبات کی تجاویز کو بجٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد مالیاتی رسید کی منظوری ہوتی ہے۔ ایک تخصص ووٹ سے منظور شدہ مطالبات پر قانونی اثر ڈالنے اور بجٹ کے مطابق اخراجات کو مجاز بنانے کے لئے رسید پیش کی جاتی ہے۔ اس طرح سے ہندوستان میں بجٹ نافذ کیا گیا ہے۔

(c) بجٹ کو نافذ کرنا (Execution of the Budget)

بجٹ بنیادی طور پر حکومت کے مختلف محکموں کے ذریعہ سرانجام دیا جاتا ہے۔ مختص فنڈز کے مؤثر استعمال کے لئے بجٹ کو خصوصی طور پر نافذ کیا جاتا ہے۔

بجٹ پر پارلیمانی کنٹرول

(Parliamentary Control over the budget)

ہندوستان میں سرکاری کھاتوں کو تین حصوں میں رکھا جاتا ہے۔

(1) اکھٹا فنڈ

(2) ہنگامی فنڈ

(3) عوامی کھاتہ (حساب کتاب)

پارلیمنٹ کی بھی دو کمیٹیاں ہیں۔

(i) عوامی کھاتے کی کمیٹی اور

(ii) تخمینہ کمیٹی

یہ کمیٹیاں اخراجات پر مستقل نگرانی کرتی ہیں تاکہ کوئی وزارت یا محکمہ اس کی منظور شدہ رقم سے زیادہ نہ ہو۔

9.11.5. بجٹ کی کمی (خسارے)

(Budgetary Deficits)

بجٹ کی کمی (خسارہ) ایسی صورت حال ہے، جہاں بجٹ کے اخراجات سے کم اس کے وصولیات ہوتے ہیں۔ اس صورت حال کو حکومتی خسارہ بھی کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:49 PM

بجٹ کی کمی کے چار بڑے اقسام یہ ہیں :

(a) محصولات کا خسارہ (آمدنی کا خسارہ) (Revenue deficit)

(b) بجٹ کی کمی (خسارہ کا بجٹ) (Budget deficit)

(c) مالی کمی اور (Fiscal deficit)

(d) بنیادی کمی۔یا ابتدائی (Primary deficit)

(a) محصولات کی کمی (آمدنی میں خسارہ) (Revenue Deficit)

اس سے مراد محصول کی وصولیوں (آمدنی) سے زیادہ سرکاری اخراجات ہیں۔اس میں سرمایہ کی رسیدوں (وصولیوں) پر غور نہیں کیا جاتا ہے اور سرمایہ خرچ محصول کی کمی سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت روزانہ کی کارروائیاں کرنے اپنے وسائل سے بنائے جاتے ہیں۔

محصولات کی کمی (RD) = کل محصولیات اخراجات (RE) − کل محصولیاتی رسیدیں (وصولیوں) (RR)

جب کہ RE – RR > 0

(B) بجٹ میں خسارہ (Budget Deficit)

بجٹ کی کمی، کل رسیدیں (وصولیوں) اور کل اخراجات کے درمیان فرق ہے۔(محصولات اور سرمایہ دونوں)

بجٹ کی کمی = کل اخراجات − کل محصولات

(C) مالی خسارہ (Fiscal deficit)

مالی کمی (FD) = بجٹ کی کمی + حکومت کے مارکٹ کا ادھار اور واجبات

(D) ابتدائی خسارہ (Primary Deficit)

ابتدائی کمی، مالی کمی سے مساوی ہے جب کہ سود کی ادائیگی کو تفریق کرنے سے ظاہر ہوتی ہے، حکومت کا اصل بوجھ، سود کے بوجھ میں شامل نہیں ہے۔ ماضی میں لیا ہوا قرض اس طرح ابتدائی قرض کی ضرورت کو ظاہر کرتا ہے یا حکومت کی دلچسپی کے بغیر ادائیگی ہوتی ہے۔

ئیگی

مالی خسارہ (FD) − سود کی ادا (IP) = ابتدائی خسارہ (PD)

9.12 وفاقی مالیات Federal Finance

وفاقی مالیات سے مراد اپنے وسائل کی مؤثر رعایت کے لئے مرکزی حکومت کے ساتھ ساتھ ریاستی حکومتوں کو محصول کے ذریعہ تفویض کرنے کا ایک فعال نظام ہے۔یعنی مرکزی اور ریاستی احکام کے درمیان محصول کے وسائل کو واضح طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔

تفویضی اختیارات (Division of powers)

ہمارے آئین میں، اختیارات کی واضح تقسیم ہے تا کہ کوئی بھی اس کے حدود کی خلاف ورزی نہ کرے اور دوسرے فرائض اور اپنی ذمہ داریوں کے دائرہ کار میں کام کرنے کی کوششیں کرے۔

❖ آئین کے ساتویں شیڈول میں تین فہرستیں گنی گئی ہیں وہ یہ ہیں، یونین کی فہرست، ریاست کی فہرست اور دونوں کی متفقہ فہرست

❖ یونین کی فہرست (Union list)

یہ 100 مضامین پر مشتمل ہے۔قومی اہمیت کے حامل جیسے دفاع، ریلوے، پوسٹ اور ٹیلی گراف وغیرہ۔

❖ ریاست کی فہرست (State list) :

اس میں مقامی مفادات کے 61 مضامین شامل ہیں۔جیسے عوامی صحت، پولیس، وغیرہ

❖ متفقہ فہرست (Concurrent list)

یہ یونین اور ریاست دونوں کے لئے 52 مضامین ہیں جیسے بجلی، تجارتی یونین، معاشی اور سماجی منصوبہ بندی وغیرہ۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:50 PM

مرکزی، ریاستی مالیاتی تعلقات:

Central State Financial Relationship

(1) یونین کے ذرائع: Union Sources

1۔ کارپوریشن کے ٹیکس:

2۔ کرنسی، سکے اور قانونی ٹنڈر، زرمبادلہ

3۔ کسٹم کے فرائض بشمول برآمد کی ڈیوٹی (Excise duty)

4۔ ہندوستان میں تیار کردہ تمباکو اور کچھ سامان پر اکسائز ڈیوٹی

5۔ زرعی زمین کے سوا، اثاثوں پر میں اسٹیٹ ڈیوٹی

(Estate duty)

6۔ معاملات میں کسی کے سلسلے میں فیس، یونین کی فہرست میں ہو، لیکن کسی بھی عدالت میں فیس نہیں لی گئی ہو۔

7۔ غیر ملکی قرضے

8۔ حکومت ہند یا کسی ریاست کی حکومت کے زیر اہتمام لائبریوں کا انعقاد

9۔ پوسٹ آفس کا بچت بینک

10۔ پوسٹ اور ٹیلی گراف، ٹیلی فون، وائرلس، نشریات اور مواصلات اور دیگر اقسام

11۔ یونین کی ملکیت

12۔ یونین کے عوامی قرضے۔

13۔ ریلوے

14۔ اسٹامپ ڈیوٹی کی شرح، بلوں کے سلسلے میں تبادلے، چیک، وعدہ کے نوٹس وغیرہ

15۔ ریزرو بینک آف انڈیا۔

16۔ زرعی آمدنی کے علاوہ آمدنی کے ٹیکس۔

17۔ افراد اور کمپنیوں کے زرعی زمینوں کے سوا، اثاثوں کے سرمائی قیمت پر ٹیکس

18۔ اسٹاک اکس چینج اور مستقبل کے مارکٹ (Stock exchange and future market) میں ہونے والے لین دین کے معاملات میں اسٹامپ ڈیوٹی پر ٹیکس

19۔ اخبارات کی خرید و فروخت پر اور اس میں شائع ہونے والے اشتیارات پر ٹیکس۔

20۔ ریلوے، بحری اور بری ذریعہ لے جانے والے سامان یا مسافروں پر ٹرمینل ٹیکس،

II۔ ریاستی ذرائع (State Sources)

1۔ نقدی (سرمائی) ٹیکس۔

2۔ زرعی اراضی کے جانشین کے سلسلے میں فرائض۔

3۔ ریاست میں پیدا یا تیار کردہ کچھ سامان جیسے الکحل، افیون وغیرہ پر (excise) اکسائز ڈیوٹیس۔

4۔ زرعی اراضی کے سلسلے میں Estate Duty ڈیوٹی۔

5۔ ریاست کی فہرست میں کسی بھی سلسلے میں فیس، لیکن وہ کسی بھی عدالت میں نہ لی گئی ہو۔

6۔ زمینی محصول

7۔ دستاویزات کے سلسلے میں اسٹامپ ڈیوٹی کی شرح جو مخصوص ہیں۔ان کے علاوہ جو یونین کی فہرست میں شامل ہیں۔

8۔ زرعی آمدنی پر ٹیکس۔

9۔ زمین اور عمارتوں پر ٹیکس

10۔ معدنی حقوق پر ٹیکس، معدنی ترقی سے متعلق پارلیمنٹ کی طرف سے جاری کردہ حدود کے مطابق۔

11۔ بجلی کی فروخت اور استعمال پر ٹیکس

12۔ کسی مقامی علاقہ میں اشیاء کے داخلے پر ٹیکس جو استعمال، یا فروخت کے لئے ہو۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:50 PM

13۔ اخبارات کے سوادوسرے سامان کی خریدوفروخت پرٹیکس

14۔ اخباروں میں شائع ہونے والے اشتہاروں کے سوا، دوسرے تمام اشتہاروں پرٹیکس۔

15۔ سڑک کے ذریعہ یا اندرونی ملک کے آبی گزرگاہوں پر لے جائے جانیوالے سامان اور مسافروں پرٹیکس۔

16۔ گاڑیوں پرٹیکس۔

17۔ جانوروں اور کشتیوں پرٹیکس۔

18۔ پیشوں، تجارت، کالنگ اور ملازمتوں پرٹیکس

19۔ مہنگی اشیاء پرٹیکس جس میں سیر وتفریح، وقت گزارے کی جگہوں، شرط لگانے اور جوئے پرٹیکس بھی شامل ہیں۔

20۔ ٹولز Tolls (سڑکوں کے داخلے پر)

III۔ یونین کے ذریعہ ٹیکس عائد اور جمع کیا گیا، لیکن ریاستوں کو تفویض کیا گیا (دفعہ 269)۔

1۔ زرعی اراضی کے سوا کسی بھی جائیداد میں جانشین کے سلسلے میں ڈیوٹی۔

2۔ زرعی اراضی کے سوا دوسری جائیداد کے سلسلے میں فوری ڈیوٹی۔

3۔ ریلوے کے کرایے اور سامان پرٹیکس

4۔ مستقبل میں مارکٹ اور اسٹاک کی مبادلہ جس کا لین دین اسٹامپ ڈیوٹی اور دوسرے ٹیکسوں سے ہے اور مستقبل میں مارکٹوں سے ہے۔

5۔ اخبارات کی فروخت یا خریداری اور اس میں شائع ہونے والے اشتہارات پرٹیکس۔

6۔ سامان یا مسافروں پر ٹریفیک ٹیکس، ریلوے بری اور بحری کے ذریعہ لے جانے والے۔

7۔ اخبارات کے علاوہ کسی اور سامان کی فروخت یا خریداری پرٹیکس جہاں اس طرح فروخت ٹیکس۔ ٹیکس ہونے میں ریاستی، تجارت یا تجارتی۔

IV۔ یونین کے ذریعہ عائد کردہ ٹیکس (ڈیوٹی)، لیکن ریاستوں کے ذریعہ ان کو جمع اور مختص کیا گیا (دفعہ 268)

میڈیکل اور بیت الخلاء کی تیاری کے لئے (جو یونین فہرست میں مذکور ہیں)، ان پر حکومت کے ذریعہ اسٹامپ ڈیوٹی اور اکسائز ڈیوٹی عائد کیا جائے گا اور اس کو جمع کیا جائے گا۔

(i)۔ اس معاملے میں جہاں حکومت ہند کے ذریعہ ڈیوٹی (ٹیکس) کو کسی بھی یونین علاقے کے اندر عائد کیا جائے۔

(ii)۔ دوسرے معاملات میں جہاں حکومت ہند کے ذریعہ کسی بھی ریاست میں اس طرح کی ڈیوٹی (ٹیکس) عائد ہو۔

(iii)۔ ٹیکس کو یونین عائد کرے گا، مگر اسے یونین اور ریاستوں کے درمیان تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ (دفعہ 270 اور 272)

1۔ زرعی آمدنی کے سوا دیگر آمدنی پرٹیکس۔

2۔ ادویات اور بیت الخلاء کی تیاری پر ایکسائز کے اس طرح کے فرائض جو یونین کی فہرست مذکور ہیں اور حکومت ہند نے جمع کی ہیں۔

''آمدنی پرٹیکس'' اس میں کارپوریشن ٹیکس شامل نہیں ہے یا یونین اور ریاست درمیان، انکم ٹیکس کی تقسیم کو مالیاتی کمیشن کی سفارشات کے مطابق بنایا گیا ہے۔ ٹیکس کی رقم کی سفارشات پر مالیاتی کمیشن بنایا گیا۔

9.12.1. وفاقی مالیات کے اصول

(Principles of Federal Finance)

مالیات کے وفاقی نظام میں مندرجۂ ذیل اہم اصولوں کو اپنانا ہوگا۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:51 PM

1۔ آزادی کا اصول

2۔ مساوات کا اصول

3۔ یکسانیت کا اصول

4۔ قابلیت کا اصول یا اہلیت کا اصول

5۔ وفاقی اعانت کا اصل اصول

6۔ انضمام اور ہم آہنگی کا اصول

7۔ کارکردگی کا اصول

8۔ انتظامی معیشت کا اصول

9۔ احتساب کا اصول

1۔ آزادی کا اصول (Principle of independence)

وفاقی مالیات کے نظام کے تحت حکومت کو داخلی مالی معاملات سے متعلق خود مختار اور آزاد رہنا چاہئے ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ حکومت کے پاس محصول کے الگ الگ ذرائع ہوں، ٹیکس عائد کرنے اور قرضہ لے کر اخراجات کو پورا کرنے کا اختیار ہو۔حکومت کو عام طور پر وفاقی معاملوں میں خود مختار ہونا چاہئے۔

2۔ مساوات کا اصول (Principle of equity)

مساوات کے نقطہ نظر سے وسائل کو مختلف ریاستوں کے درمیان تقسیم کیا جانا چاہئے تا کہ ہر ریاست آمدنی کا ایک بہتر حصہ حاصل کر سکے۔

3۔ یکسانیت کا اصول (Principle of equity)

ایک وفاقی نظام میں، ہر ریاست کو وفاقی مالیات کے لئے مساوی ٹیکس کے ادائیگی کرنی چاہئے۔ لیکن عملی طور پر اس اصول پر عمل نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ ہر ریاست کی ٹیکس دینے کی استطاعت ایک جیسی نہیں ہے۔

4۔ قابلیت یا اہلیت کا اصول

(Principle of Adequacy)

قابلیت یا اہلیت کے اصول کا مطلب یہ ہے کہ ہر حکومت کے وسائل یعنی مرکزی اور ریاستی کو اپنے کاموں کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لئے موزوں ہونا چاہئے ۔اس کی اہلیت کا فیصلہ موجودہ اور مستقبل دونوں کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر کیا جانا چاہئے ۔اس کے علاوہ، وسائل لچکدار ہونا چاہئے تا کہ ناگزیر ضروریات جیسے جنگ، سیلاب اور غیر متوقع اخراجات کو پورا کیا جا سکے۔

5۔ مالی اعانت کا اصول

(Principle of fiscal Access)

وفاقی نظام میں مرکزی اور ریاستی حکومت کو اپنے مقرر کردہ شعبوں میں محصول کے لئے نئے وسائل پیدا کرنے کا امکان ہونا چاہئے۔ بڑھتی ہوئی مالی ضرورت کو پورا کرنے اور سرکار کے ذمہ داری میں اضافی بوجھ کم کرنے کے لئے وسائل کو بڑھانا چاہئے۔

6۔ کامل اور ہم آہنگی کا اصول

(Principle of Integration and coordination)

مجموعی طور پر مالیاتی نظام اچھی طرح سے مربوط ہونا چاہئے۔ ملک کے مالیاتی نظام کی مختلف سطحوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی ہونی چاہئے، تبھی وفاقی نظام زندہ رہے گا۔ یہ اس طرح سے کیا جانا چاہئے تا کہ ملک کی مجموعہ معاشی ترقی کو فروغ ملے۔

7۔ استعداد کا اصول

(Principle of Efficiency)

مالیاتی نظام منظّم اور مؤثر طریقے سے ہونا چاہئے۔ اس میں چوری اور دھوکہ کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہئے۔ سال میں ایک مرتبہ سے زیادہ کسی کو ٹیکس نہیں لگانا چاہئے۔ ڈبل ٹیکس لگانے سے گریز کرنا چاہئے۔

8۔ انتظامی معیشت کا اصول

(Principle of Administrative Economy)

کسی بھی وفاقی نظام کے لئے معیشت ایک اہم معیار ہے۔ٹیکس کو جمع کرنے کی لاگت کم سے کم سطح پر اور اس کا بڑا حصہ حکومت کی دیگر اخراجات کے لئے استعمال کیا جانا چاہئے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:51 PM

9۔ احتساب کا اصول
(Principle of Accountability)

ہر حکومت کو اپنے مالی فیصلوں کے لئے اپنے ہی لیجس لیچر کے سامنے جواب دہ ہونا چاہئے، یعنی مرکزی حکومت پارلیمنٹ کو اور ریاستی حکومت اسمبلی کو۔

9.13 مالیاتی کمیشن کی تاریخ
(History of Finance Commission)

مالیاتی کمیشن، ہندوستان کے دستور کی دفعہ 280 کے تحت نیم عدلیہ سے قائم ہوئی۔ یہ 1951ء میں مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان وفاقی تعلقات کے ساخت کی وضاحت کے لئے قائم کیا گیا۔

❖ مالیاتی کمیشن کا مقصد مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان وفاقی بے توازنی کو کم کرنے (عمودی بے توازنی) اور ریاستوں کی آپسی بے توازنی (افقی بے توازنی) کو کم کرنا ہے۔ یہ جامعیت کو فروغ دیتا ہے۔

❖ ہر پانچ سال میں ایک بار، مالیاتی کمیشن قائم کیا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر مدت ختم ہونے سے دو سال پہلے تشکیل دی جاتی ہے۔ یہ ایک عارضی ادارہ ہے۔

❖ 14/واں مالیاتی کمیشن 2013 میں قائم کیا گیا تھا۔ اس کی سفارشات یکم اپریل 2015 سے 31/مارچ 2020 تک کے لئے بنائی گئی تھیں۔

❖ 15/واں مالیاتی کمیشن نومبر 2017 میں تشکیل دیا گیا ہے، جس کی سفارشات یکم اپریل 2020 سے شروع ہو جائیں گی۔

Finance Commission	Year of establishment	Chairman	Operational duration
First	1951	K. C. Neogy	1952–57
Second	1956	K. Santhanam	1957–62
Third	1960	A. K. Chanda	1962–66
Fourth	1964	P. V. Rajamannar	1966–69
Fifth	1968	MahaveerTyagi	1969–74
Sixth	1972	K. Brahmananda Reddy	1974–79
Seventh	1977	J. M. Shelat	1979–84
Eighth	1983	Y. B. Chavan	1984–89
Ninth	1987	N. K. P. Salve	1989–95
Tenth	1992	K. C. Pant	1995–2000
Eleventh	1998	A. M. Khusro	2000–05
Twelfth	2002	C. Rangarajan	2005–10
Thirteenth	2007	Dr. Vijay L. Kelkar	2010–15
Fourteenth	2013	Dr. Y. V Reddy	2015–20
Fifteenth	2017	N. K. Singh	2020–25

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:51 PM

9.13.1. ہندوستان کی مالیاتی کمیشن کے افعال
Functions of Finance Commission in India

دفعہ (3) 280، مالیات کے بارے میں بحث کرتا ہے۔ دفعہ میں کہا گیا ہے کہ کمیشن کا فرض ہوگا کہ وہ صدر کو سفارشات پیش کرے۔

1۔ ٹیکسوں کی اصل آمدنی کو یونین اور ریاستوں کے مابین تقسیم کرنا چاہئے۔ ریاستوں کے درمیان بھی بالترتیب تقسیم کی جائے۔

2۔ دفعہ(1) 275 کے تحت گرانٹ کی مقدار(امداد) کو مرکز، اپنی ریاستوں کو عطا کرے اور اس گرانٹ کی مدد کو ریاست کی اہلیت کے مطابق دی جانی چاہئے۔

ٹیکس کس طرح بانٹے جاتے ہیں **HOW TAXES ARE SPLIT**



- دستور کی دفعہ 280 مالیاتی کمیشن کو یہ سفارش پیش کرتی ہے کہ وہ ہر پانچ سال میں مرکز اور ریاستوں کے درمیان اصل ٹیکسوں کے بانٹنے کے طریقے کو معین کرے۔
- 15 واں مالیاتی کمیشن یہ سفارش کرتا ہے کہ اپریل 2020 سے مرکز اور ریاستوں کے درمیان ٹیکس کی تقسیم کو بڑھانا چاہئے۔

3. بہتر مالیات کا کوئی بھی معاملہ جو صدر کے ذریعہ کمیشن کو بھیجا جائے، جیسے قرضہ، راحت کاری، ریاستوں کے لئے آفت کے دوران راحت کاری، اضافی اکسائز ڈیوٹی، وغیرہ تو کمیشن ایک Clause بنا کر اس پر عمل پیرا ہوگا۔

9.14 مقامی مالیات (Local Finance)

مقامی مالیات سے مراد ہندوستان میں بلدیاتی اداروں کی مالی معاونت ہوتی ہے۔ ہندوستان میں بلدیاتی اداروں کی ایک بڑی قسم ہے۔ ہمارے پاس مندرجۂ ذیل اہم چار بلدیاتی ادارے ہیں جو آج ہمارے ملک میں کام کر رہے ہیں۔

Types of local Bodies
مقامی بلدیاتی (انجمنوں کے اقسام)

1۔ دیہی پنچایتیں۔
2۔ ضلعی بورڈ یا Zila parishads
3۔ بلدیات
4۔ میونسپل کارپوریشن

1۔ دیہی پنچایتیں۔



قیام Establishment

پنچایت کا دائرہ اختیار عام طور پر محصول والے گاؤں تک ہی محدود ہوتا ہے۔ کچھ معاملات میں اگر چہ دو یا دو سے زیادہ چھوٹے دیہات کو ایک پنچایت بنا دیا جاتا ہے۔ پنچایت راج کا قیام ہندوستان کی بیشتر ریاستوں کی واحد پالیسی ہے۔

افعال Functions

a۔ پنچایتوں کے افعال وسیع طور پر پھیلے ہوئے ہیں، جس میں تعمیری معاشی وغیرہ ہیں۔ اس طرح پنچایتوں میں پیش آنے والے چھوٹے تنازعات کا موقع پر ہی حل کیا جاتا ہے۔

b۔ سڑکوں، پرائمری اسکولوں، گاؤں کے دواخانوں وغیرہ کا انتظام پنچایتوں کے ذمہ ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:52 PM

c۔ پینے اور آب پاشی دونوں کے لئے پانی کی فراہمی ان کی ذمہ داری میں آتی ہے اور بعض معاملات میں کاشتکاری، مارکیٹنگ، ذخیرہ اندوزی وغیرہ ان کے سپرد کردی جاتی ہے۔

دیہاتی پنچایتوں کے محصولات کے ذرائع:

Sources of revenue of Village Panchayat

دیہاتی پنچایتوں کے محصولات کے ذرائع مندرجۂ ذیل ہیں۔

i۔ عام جائیداد پر ٹیکس

ii۔ زمین پر ٹیکس

iii۔ پیشہ ٹیکس اور

iv۔ جانوروں اور گاڑیوں پر ٹیکس

دوسرے ٹیکسوں میں سروس ٹیکس، لاٹری، تھیٹر ٹیکس، یاتری ٹیکس، شادی پر ٹیکس، پیدائش اور اموات پر ٹیکس اور لیبر ٹیکس شامل ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ پنچایتوں کے ذریعہ لگایا جانے والا ٹیکس صرف ریاستی حکومت کی منظوری کے ساتھ لگایا جاتا ہے اور ٹیکس کی شرحوں کے سلسلے میں کچھ حدود ہیں، جن کا مشاہدہ کرنا پڑتا ہے۔

2۔ ضلعی بورڈ یا ضلع پریشد

(District Boards or Zila Parishads)



❖ قیام Estabhishment

دیہی علاقوں میں ضلعی سطح پر ضلعی بورڈ یا ضلعی کونسلیں قائم ہیں۔ ایک ضلعی بورڈ کی حد بندی عام طور پر ایک محصولی ضلع یا تحصیل کہلاتی ہے۔

❖ افعال (Functions)

تامل ناڈو میں، ضلع پریشد ایک مربوط ادارہ ہے جو پنچایت سمیتیوں کے کاموں پر عمومی نگرانی کرتی ہے اور انہیں ترقیاتی اسکیموں پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیتی ہے۔

ضلعی بورڈ کے محصولات کے ذرائع

(Sources of Revenue of District Board)

i۔ ریاستی حکومت کی طرف سے امداد۔

ii۔ زمین کا cess

iii۔ ٹول، فیس وغیرہ

iv۔ اثاثے اور ان سے ریاستی حکومتوں کے قرضوں سے آمدنی

v۔ مرکزی سرپرستی کے لئے گرانٹ، ترقیاتی کاموں سے متعلق اسکیمیں۔

vi۔ میلوں اور نمائشوں سے حاصل ہونے والی آمدنی۔

vii۔ جائیداد پر ٹیکس اور دیگر ٹیکس جو ریاستی حکومتیں ضلعی بورڈ کو اختیار دیتی ہیں۔

3۔ منسپالٹیاں (Municipalities)



قیام اور افعال (Establishment and Functions)

منسپالٹیاں وہ ادارے ہیں جو شہری علاقوں میں مقامی امور کی دیکھ بھال کے لئے قائم کی گئی ہیں، جیسے صفائی، صحت عامہ، مقامی سڑکیں، لائیٹنگ، پانی کی فراہمی، گلیوں کی صفائی، پارکوں اور باغوں کی بحالی، ہسپتالوں، دواخانوں اور جانوروں کے ہسپتالوں کی بحالی، نکاسی آب کی فراہمی، پرائمری اسکول کی فراہمی۔ میلوں

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:53 PM

نمائشوں کا اہتمام وغیرہ۔ یہ سب کام ریاستی حکومت کی ماتحتی میں انجام پاتے ہیں۔

منسپالٹیوں کے محصولاتی (آمدنی کے) ذرائع

(Sources of revenue of Municipalites)

i۔ جائیداد پر ٹیکس

ii۔ سامان پر ٹیکس، خاص طور پر چنگی (چوکی) اور ٹرمینل ٹیکس
(Octroi and terminal tax)

iii۔ ذاتی ٹیکس، پیشے تجارت اور ملازمت پر ٹیکس

iv۔ گاڑیوں اور جانوروں پر ٹیکس

v۔ تھیٹر یا نمائش کا ٹیکس اور

vi۔ ریاستی حکومت کی طرف سے امداد۔

4۔ منسپل کارپوریشن (Municipal Corporations)



چنئی کارپوریشن

منسپالٹی کارپوریشنوں کے پاس وسیع اختیارات ہیں اور میونسپلٹیوں کے مقابلے میں زیادہ آزادی رکھتے ہیں ۔ میونسپل کارپوریشنوں کو عام طور پر ان کاموں کی ذمہ داری سونپی جاتی ہے، جیسے پانی کی فراہمی اور نکاسی آب، لائٹنگ ،سڑکیں ،کچی آبادی کی منظوری، رہائش اور قصبہ کی منصوبہ بندی،شہروں کی منصوبہ بندی وغیرہ، شہروں کی آبادی میں تیزی سے اضافہ نے میونسپل کارپوریشنوں کے کاموں میں یقینی طور پر اضافہ کیا ہے۔

کارپوریشنوں کے محصولات کے ذرائع

Sources of revence of corporation

i۔ جائیداد کے ٹیکس

ii۔ گاڑیوں اور جانوروں پر ٹیکس

iii۔ تجارت، کالنگ اور ملازمت پر ٹیکس

iv۔ تھیٹر اور نمائش کا ٹیکس

v۔ شہروں میں فروخت ہونے والے سامان پر ٹیکس۔

vi۔ اشتہاروں پر ٹیکس

vii۔ چنگی (چوکی) اور ٹرمینل پر ٹیکس وغیرہ۔

(Octroi and terminal tax)

کارپوریشنوں کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ قانون کی حد بندی ک (کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کی شرح) کے اندر ان ٹیکسوں کو اپنے مطابق تبدیل کرسکیں۔

BLN5EB

9.15 مالی پالیسی (Fiscal Policy)

کلی معاشی پالیسی (Macro economic policy) کے ایک آلہ کار کے طور پر، جدید حکومتوں میں مالی پالیسی بہت مشہور رہی ہے۔ مالیاتی پالیسی کی بڑھتی ہوئی اہمیت عظیم اقتصادی زوال اور کینس کے ذریعہ ترتیب دی گئی نئی معاشیت کی وجہ سے ہے۔

9.15.1. مالی پالیسی کا مطلب

(Meaning of fiscal policy)

مشترکہ مالی پالیسی میں اس کا مطلب ہے ۔ بجٹ سے حساب کتاب سے کل معاشی متغیرات جیسے روزگار، بچت، سرمایہ کاری وغیرہ پر اس کا اثر پڑتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:54 PM

9.15.2. تعریفیں (Definitions)

''مالی پالیسی کی اصطلاح سے مراد ایسی پالیسی ہے جس کے تحت حکومت اپنے اخراجات اور محصولات کے پروگراموں کو مطلوبہ اثرات پیدا کرنے اور قومی آمدنی، پیداوار اور روزگار رناپسندیدہ اثرات سے بچنے کے لئے استعمال کرتی ہے''۔

Arthur Smithies -

مالی پالیسی کا مطلب عوامی مال یا اخراجات، ٹیکس، قرضہ لینا اور مالی انتظامیہ کو قومی معاشیاتی مقاصد کے لئے استعمال کرنا ہے۔

Buchler -

9.15.3. مالی وسائل یا مالی آلات (Fiscal Instruments)

مالیاتی پالیسی, مالی وسائل کے ذریعہ نافذ کی جاتی ہے جیسے ''مالی آلات''(Fiscal tools) یا مالی لیور(Fiscal levers) بھی کہا جاتا ہے۔ سرکاری اخراجات، ٹیکس لگانا اور قرض لینا وغیرہ مالی آلات ہیں۔

1۔ ٹیکس لگانا (Taxation)

ٹیکس سے لوگوں سے آمدنی حکومت کی طرف منتقل ہوتی ہے۔ ٹیکس بالواسطہ یا بلاواسطہ ہیں۔ ٹیکس میں اضافہ سے ڈسپوزابیل آمدنی (اخراجاتی آمدنی)(Disposable income) کم ہوجاتی ہے۔ لہذا مہنگائی پر قابو پانے کے لئے ٹیکس میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ سرد بازاری (depression) کے دوران، ٹیکسوں کو کم کردیا جانا چاہئے۔

2۔ عوامی اخراجات (Public Expenditure)

عوامی اخراجات سے ملازمین کی اجرت اور تنخواہوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر اشیاء اور خدمات کا مطالبہ ہوتا ہے۔، لہذا عوامی اخراجات میں اضافہ سے افراط زر پر قابو پایا جاتا ہے، تاکہ کساد بازاری (recession) کے خلاف لڑا جائے۔

3۔ عوامی قرضہ (Public debt)

جب حکومت قرضہ فراہم کرکے عوام سے فنڈ حاصل کرتی ہے، اس وقت فنڈ عوام سے حکومت کے پاس منتقل ہوجاتا ہے۔ سود کے رقم کی ادائیگی اور عوامی قرضہ کی واپسی کے وقت فنڈ حکومت سے عوام میں منتقل کردیا جاتا ہے۔



12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:55 PM

9.15.4. مالی پالیسی کے مقاصد
(Objectives of Fiscal Policy)



مندرجۂ ذیل مقاصد کے حصول کے لئے مالی پالیسی کارآمد ہے۔

1۔ مکمل روزگاری (Full Employment)

ترقی یافتہ اور ترقی پذیر دونوں ممالک میں مکمل روزگاری، مالی پالیسی کا مشترکہ مقصد ہیں۔ معاشرتی سطح پر عوامی اخراجات روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں ۔ ہندوستان میں MGNREGS جیسے دیہی روزگار کے پروگراموں پر عوامی اخراجات کا مقصد روزگار پیدا کرنا ہے۔

2۔ قیمتوں میں استحکامیت (Price Stability)

مجموعی مانگ اور مجموعی فراہمی یا رسد کے درمیان مطابقت نہیں رہنے کی وجہ سے قیمتوں میں عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔۔ سامان کی ضرورت سے زیادہ طلب کی وجہ سے افراط زر پیدا ہوتا ہے۔ اگر حکومتی اخراجات سے حقیقی پیداوار سے زیادہ افزود مانگ بڑھائی جائے تو یہ عوامی اخراجات کو کم کرنے کا سب سے مؤثر اقدام ہوگا۔ آمدنی پر ٹیکس لگانا ہی بہترین اقدام ہے، اگر زیادہ مانگ نجی اخراجات کی وجہ سے ہے۔ ٹیکس لگانے سے ڈسپوزایبل آمدنی (اخراجات) کم ہوتے ہیں اور اس سے مجموعی مانگ بھی کم ہو جاتی ہے۔

سرد بازاری کے خلاف جنگ کرنے کے لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ اخراجات کو بڑھائے اور ٹیکسوں کو کم کرے۔

3۔ معاشی نمو (ترقی) (Economic Growth)

مالی پالیسی معیشت میں پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ ٹیکس کو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک آلہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹیکس کی چھٹیاں اور نئی صنعتوں کے لئے ٹیکس کی چھوٹ سے سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوتا ہے۔ نجی سرمایہ کے خلا کو پر کرنے کے لئے عوامی شعبہ کی سرمایہ کاری کو بڑھایا جانا چاہئے۔ جب ٹیکس کے اقدامات کے ذریعہ وسائل کو حرکت کرنا ناکافی ہوتا ہے تو مالی نشوونما کے پراجکٹوں کے لئے حکومت کو اندرونی اور بیرونی قرضوں کا لینا پڑتا ہے۔

4۔ مساویانہ تقسیم (Equitable distribution)

ٹیکس میں ترقی پسند شرح، امیروں اور غریبوں کے درمیان فرق کو کم کرنے میں معاون ہے ۔ اسی طرح عوامی اخراجات میں ترقیاتی شرحیں، جیسے فلاحی منصوبوں جیسے مفت تعلیم، اسکول کے بچوں کے لئے دوپہر کا کھانا اور رسبسڈی مالی امداد غریب لوگوں کے معیار زندگی کو بڑھاتا ہے۔

5۔ تبادلہ یا بیرونی استحکامیت (Exchange stability)

بین الاقوامی تجارت میں ا تار چڑھاؤ تبادلہ کی شرح میں نقل وحرکت کا سبب بنتا ہے۔ ٹیکس مراعات اور برآمدی پر مبنی تجارتی اکائیوں کو برآمدت پر امداد (Subsidy) دینے سے برآمد میں اضافہ ہوتا ہے۔ کسٹم اور غیر ضروری اشیاء کی درآمد پر ڈیوٹی (ٹیکس) لگانے سے درآمدی بل کو کاٹنے میں مدد ملتی ہے۔ خام اشیاء اور مشینوں کی درآمد پر درآمدی محصول کم لگانے سے لاگت میں کمی ہوتی ہے جس سے برآمدات میں مسابقت پیدا ہوتا ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:55 PM

6۔سرمایہ(راس المال) کوذخیرہ کرنا

(Capital Formation)

معاشی ترقی کے لئے سرمائی ذخیرہ کی تشکیل ضروری ہے۔ٹیکس کی چھوٹ سے اخراجات والی آمدنی بڑھ جاتی ہے جس سے بچت ہوتی ہے اور اس سے سرمایہ کی تشکیل میں مدد ملتی ہے۔بجلی اور ٹرانسپورٹ جیسے بنیادی ڈھانچوں کی ترقی پر عوامی اخراجات سے نجی سرمایہ کاری کو حوصلہ افزائی ملتی ہے۔

7۔ علاقائی توازن (Regional balance)

پسماندہ علاقوں میں صنعتوں کے لئے مالی مراعات سے علاقائی عدم توازن کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔عوامی اخراجات سے صنعتی اسٹیٹس(Industrial estates) کو شروع کرنے پر پسماندہ علاقوں میں صنعتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

خلاصہ (Summary)

عوامی مالیات کی سائنس، مرکزی، ریاستی اور مقامی حکومتوں کے درمیان محصول اور اخراجات سے متعلق بحث کرتی ہے۔جدید دور میں اس باب میں پانچ اہم مضامین شامل ہیں۔

عوامی محصول، عوامی اخراجات، عوامی قرض، مالیاتی انتظامیہ اور مالی پالیسی۔اس طرح عوامی مالیات ترقی یافتہ اور کم ترقی یافتہ معیشتوں میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ترقی یافتہ معیشتوں میں معاشی عدم استحکام کی وجہ مانگ میں کمی یا ، مانگ کی زیادتی ہے۔ زیر ترقی ممالک میں فوری معاشی نمو(ترقی) کی وجہ مالی پالیسی ہے۔

عظیم اقتصادی بحران کے بعد مالی پالیسی بہت مقبول ہوئی۔ جے ۔یم۔کینس نے معیشتوں کو سرد بازاری سے باہر نکالنے کے لئے حکومتی مداخلت پر زور دیا تھا۔حکومتوں کے اخراجات، نجی سرمایہ کاری، شرح سود، استعمال اور آمدنی میں اضافہ کے درمیان قریبی تعلق پایا جاتا ہے۔

فرہنگ الفاظ: Glossary

Tax ٹیکس:
شہریوں کی طرف سے حکومت کو بغیر کسی قیمت کے لازمی ادائیگی۔

Quid Pro quo۔ کسی چیز کے بدلے میں میں کوئی فائدہ پہنچانا

Proportional tax تناسب ٹیکس:
وہ ٹیکس جو ٹیکس کی بنیاد سے قطع نظر ایک ہی شرح پر عائد کیا جاتا ہے۔

Progressive tax ترقی پذیر ٹیکس:
آمدنی کی شرح میں اضافہ کے ساتھ ٹیکس کی شرح میں اضافہ

Regressive Tax گھٹاؤ ٹیکس:
غریبوں پر ٹیکس کی اعلیٰ شرح عائد کی جاتی ہے اور امیروں پر ٹیکس کی کم شرح عائد کی جاتی ہے۔

Internal public debt داخلی عوامی قرض:
حکومت کا شہریوں سے یا ملک میں مختلف اداروں سے لیا ہوا قرضہ

External public debt بیرونی عوامی قرض:
بیرون ملک یا کسی بین الاقوامی تنظیم سے لیا ہوا قرض

Fiscalpolicy مالی پالیسی:
حکومت کے محصول اور اخراجات کے عمل سے متعلق پالیسی

Deficit budget بجٹ میں خسارہ:
حکومت کی متوقع آمدنی اور ہدف شدہ اخراجات کے درمیان فرق

Budget بجٹ:
یہ ایک سالانہ مالی بیان ہے جو آمدنی اور اخراجات کو ظاہر کرتا ہے

Federal Finance وفاقی مالیات:
آمدنی کے ذرائع کو مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان تقسیم کرنے کا نظام

Local Finance مقامی مالیات:
ہندوستان میں مقامی حکومتوں کی مالیات، مقامی مالیات کہلاتی ہے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:56 PM

نمونہ کے سوالات

Part – A

کثیر انتخابی سوالات

1۔ جدید ریاست سے مراد یہ ہے۔

(a) دست بردار ریاست (Laissez-faire state)

(b) آمرانہ ریاست (Aristocratic state)

(c) فلاحی ریاست (Welfare state)

(d) پولیس ریاست (Police state)

2۔ مندرجۂ ذیل میں سے ایک نجی مالیات کی خصوصیت نہیں ہے۔

(a) آمدنی اور اخراجات کا توازن

(b) رازداری

(c) آمدنی کا کچھ حصہ بچانا

(d) تشہیر

3۔ ٹیکس میں مندرجۂ ذیل خصوصیات ہیں

(a) لازمی

(b) اس کے بدلے کوئی فائدہ نہیں (No quid pro quo)

(c) ادائیگی نہ کرنا جرم ہے

(d) اوپر کے تمام

4۔ مندرجۂ ذیل ٹیکس کے ضابطے میں سے کونسا ضابطہ آدم اسمتھ کی فہرست میں نہیں ہے۔

(a) مساویت کا ضابطہ

(b) یقینی کیفیت کا ضابطہ

(c) سہولت کا ضابطہ

(d) سادگی کا ضابطہ

5۔ مندرجۂ ذیل بیانات پر غور کریں اور صحیح بیان کی شناخت کریں۔

(i) مرکزی حکومت کے پاس یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ ریاست یا متفقہ فہرست میں نہ پائے جانے والے ٹیکس کو عائد کرے

(ii) ٹیکس کی کچھ محصولات کو یونین کی فہرست سے ریاستوں میں منتقل کرنے کے لئے آئین سہولت فراہم کرتا ہے۔

(a) صرف (i)

(b) صرف (ii)

(c) دونوں

(d) کوئی نہیں

6۔ GST اس کا معادل ہے۔

(a) فروخت پر ٹیکس (Sales Tax)

(b) کارپوریشن ٹیکس

(c) آمدنی پر ٹیکس (Income tax)

(d) مقامی ٹیکس (local tax)

7۔ بالواسطہ ٹیکس میں درج ذیل خوبیاں ہیں سوائے اس کے

(a) مساویانہ

(b) آسانی (سہولت)

(c) یقینی

(d) شہریوں میں شعور

8۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا بالواسطہ ٹیکس ہے۔

(a) ایکسائز ڈیوٹی (Excise duty)

(b) آمدنی پر ٹیکس (Income tax)

(c) کسٹم ڈیوٹی (Custom duty)

(d) خدمات پر ٹیکس (Service tax)

9۔ یونین کی فہرست میں درج ذیل میں سے کونسا ٹیکس شامل نہیں ہے

(a) ذاتی آمدنی کا ٹیکس

(b) کارپوریشن ٹیکس

(c) زراعتی آمدنی پر ٹیکس

(d) اکسائز ڈیوٹی

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:56 PM

10۔ حکومت آمدنی کی کونی رسیدوں کوشامل نہیں کرتی۔

(a) سود

(b) منافع اور تقسیم

(c) یازیابی اور قرض

(d) جائیداد سے کرایہ

11۔محصول کے اخراجات اور محصولات کی رسیدوں کا درمیانی فرق یہ ہے

(a) محصول کی کمی (خسارہ)

(b) مالیاتی خسارہ

(c) بجٹ کا خسارہ

(d) ابتدائی یا بنیادی خسارہ

12۔ کل اخراجات اور کل رسیدوں (وصولیوں) جس میں قرضہ اور دیگر واجبات شامل ہیں، ان کا درمیانی فرق یہ کہلاتا ہے۔

(a) مالیاتی خسارہ (Fiscal deficit)

(b) بجٹ میں خسارہ (Budget deficit)

(c) ابتدائی خسارہ (Primary deficit)

(d) محصول (آمدنی) میں خسارہ (Revenue deficit)

13۔ مالی خسارہ کی کمی کا بنیادی مقصد یہ ہے

(a) معاشی ترقی

(b) معاشی استحکامی

(c) معاشی مساوات

(d) روزگار پیدا کرنا

14۔ بجٹ کے خسارہ کا مطلب یہ ہے

(a) حکومت کے اخراجات سے زیادہ محصول

(b) حکومت کے موجودہ محصول سے زیادہ موجودہ اخراجات

(c) حکومت کے کل محصول سے زیادہ کل اخراجات

(d) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ عوامی قرضہ کی واپسی کے طریقے:

(a) تبدیلی

(b) ڈوبنے والا فنڈ

(c) فنڈ پر قرض

(d) اوپر کے تمام

16۔ عوامی قرضہ میں تبدیلی کا مطلب ان کا تبادلہ ہے۔

(a) پرانے تمسک (bond) کے بدلے نئے تمسک (bonds)

(b) اعلیٰ سودی بانڈوں کے بدلے کم سودی بانڈ (تمسک)

(c) قلیل مدتی بانڈ کے بدلے طویل مدتی بانڈ (تمسک)

(d) اوپر کے تمام

17۔ اصطلاح budget، فرانسیسی لفظ bougette سے لیا گیا ہے جس کا مطلب ہے

(a) ایک چھوٹی سی تھیلی

(b) ایک خالی ڈبہ

(c) کاغذوں والا ایک ڈبہ

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

18۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا خسارہ، قرضہ لینے کو رسید (وصول) نہیں مانتا۔

(a) محصول میں خسارہ (Revenue deficit)

(b) بجٹ میں خسارہ (Budgetary deficit)

(c) مالی خسارہ (Fiscal deficit)

(d) ابتدائی خسارہ (Primary deficit)

19۔ فائنانس کمیشن (مالی کمیشن) طے کرتا ہے

(a) حکومت ہند کی مالی اعانت کرنا

(b) وسائل کو ریاستوں میں منتقل کرنا

(c) وسائل کو مختلف محکموں میں منتقل کرنا

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:56 PM

20۔ مندرجۂ ذیل بیانات پرغور کریں اور صحیح بیان کا انتخاب کریں۔

(i) فائناس کمیشن صدر کے ذریعہ مقرر کیا جاتا ہے

(ii) فائناس کمیشن کی میعاد پانچ سال ہے

(a) صرف (i) (b) صرف (ii) (c) دونوں (d) کوئی نہیں

جوابات:

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
c	d	d	d	b	a	b	b	c	d
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
a	a	a	c	d	b	a	c	b	c

Part - B

دو مارک کے سوالات

21۔ عوامی مالیات کی وضاحت کریں۔

22۔ عوامی محصول (Public revenue) کیا ہے؟

23۔ ٹیکس اور فیس میں فرق کریں

24۔ صفر پر مبنی بجٹ (Zero based budget) پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

25۔ بالواسطہ ٹیکس (direct tax) کے لئے دو مثالیں دیں۔

26۔ GST کے اجزاء کیا ہیں؟

27۔ عوامی قرض (public debt) سے آپ کا کیا مطلب ہے؟

Part - C

تین مارک کے سوالات

28۔ ٹیکس لگانے کے مختلف ضابطوں کو بیان کیجئے۔

29۔ عوامی مالیات (public finance) اور نجی مالیات (private finance) کے درمیان کوئی تین مماثلات کا ذکر کریں۔

30۔ جدید ریاست کے کیا افعال ہیں؟

31۔ ٹیکس کی کوئی تین خصوصیات بیان کریں۔

32۔ بالواسطہ اور بلاواسطہ ٹیکس کے درمیان کوئی تین فرق بتائیے۔

33۔ ابتدائی خسارہ (Primary deficit) کیا ہے؟

34۔ عوام کی قرضوں کی ادائیگی (واپسی) (redemption) کے کوئی تین طریقے بتائیے۔

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:56 PM

Part -D

پانچ (نشان) مارک والے سوالات:

35۔ عوامی مالیات کے دائرہ کار (Scope of public finance) کی وضاحت کریں.

36۔ بالواسطہ ٹیکسوں کی بہ نسبت بلاواسطہ ٹیکس کی خوبیوں کو بیان کریں۔

37۔ قرضوں کی واپسی (redemption) کے طریقوں کی وضاحت کریں۔

38۔ مالی پالیسی کے آلہ کار کو بیان کریں اوران کی وضاحت کریں۔

39۔ وفاقی مالیات (federal finance) کے اصول کو بیان کریں۔

40۔ بجٹ میں خسارہ کے مختلف اقسام کیا ہیں؟

41. عوامی اخراجات میں حالیہ اضافے کی وجوہات کیا ہیں۔

سرگرمی

مختلف اشیاء کی بلوں کو جمع کریں اوران کے GST کی مختلف شرحوں کے فرق کو جدول میں بھرتی کریں۔

References

1. Public Finance – Dr.H.L.Bhatia – Vikas Publishers-2018
2. Public Finance – R.K.lekhi – Joginder Sing – Kalyani Publications-2010
3. Public Finance – AmbarGhose, Chandra Ghosh – PHI Publications -2014
4. Public FinaceTheroy and Practice – Dr. S.K.Sing – S.Chand Publication -2010

Website Link

https://edurev.in/courses/10460_Public-Finance-Notes--Videos.
https://eclass.uoa.gr/modules/document/file.php/ECON123/Lectures/Lecture%2001%20Introduction.pdf

12th eco CH 9 urdu
Saturday, April 10, 2021 4:55:57 PM

باب
10

ماحولیاتی معاشیات
(Environmental Economics)

"Environmental problems are really social problems…They begin with the people as the cause and end with people as victims".
–Sir Edmund Hillary

سیکھنے کے مقاصد

1. معیشت اور ماحول کے درمیان تعلق کو سمجھنے کے لئے
2. ماحولیاتی آلودگی اور ان کے اثرات کی مختلف اقسام کی وضاحت کرنے کے لئے؛ اور
3. پائیدار ترقی کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے

10.1 تعارف (Introduction)

(EE) انسانی معاشی سرگرمی اور قدرتی ماحول کے درمیان تعلق کا مطالعہ ماحولی معاشیات (Environmental Economics) کہلاتا ہے۔ EE ماحولیاتی معاشیات کا وہ موضوع ہے جس کا تعلق موثر مقرر کردہ ماحولیاتی وسائل سے ہے۔ ماحولیاتی سرگرمی کے لئے، خام مال کے ساتھ ساتھ براہ راست قیمت دونوں مہیا کرتا ہے۔ اس طرح ماحولیات اور معیشت ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔

EE قدرتی وسائل کے تحفظ اور اس کی قدر، آلودگی پر قابو پانے، فضلات کا انتظامیہ (waste management) کی بازیابی (recycling) جیسے معاملات کے بارے میں بحث کرتا ہے۔ چونکہ وسائل چاہے انسانی، قدرتی یا مالیاتی لحاظ سے محدود ہوں، یہ عوامی پالیسیاں تب ہی زیادہ موثر ہوتی ہیں جب وہ سب سے موثر طریقہ زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں۔



12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:51 PM

EE کا کلیدی مقصد ان مخصوص ٹولز یا متبادل پالیسیوں کی نشاندہی کرنا ہے جو مارکیٹ کو قدرتی وسائل کی منتقلی کی طرف موثر انداز میں منتقل کردیں گے۔

10.2 ماحولیات کے معنی
(Meaning of environment)

اصطلاح environment فرانسیسی زبان کے ایک لفظ 'Environia' سے ماخوذ ہے۔ ماحولیات کا مطلب تمام حالات، حالات، اور کسی عضویے یا عضویوں کے گروپ کی نشوونما اور اس کے گرد و نواح کو متاثر کرنا ہے۔ "اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ جسمانی، کیمیائی اور حیاتیاتی عوامل کا پیچیدہ عمل جو ایک عضویہ یا ایک ماحولیاتی معاشرہ کے لئے کام کرتا ہے بالآخر اس کی شکل اور بقا کا تعین کرتا ہے۔

ماحولیاتی معاشیات کے معنی
(Meaning of Environmental Economics)

یہ معاشیات کی ایک مختلف شاخ ہے جو ماحولیات اور معاشی سرگرمی، دونوں کی قدر کو پہچانتی ہے اور ان اقدار کی بنیاد پر ان کا انتخاب کرتے ہیں۔ اس کا مقصد معاشی سرگرمی کو توازن رکھنا ہے اور تمام لاگت اور فوائد کو مدنظر رکھتے ہوئے ماحولیاتی اثرات کو توازن میں رکھنا ہے۔ مختصر طور پر ماحولیاتی معاشیات کا ایک ایسا شعبہ ہے جو ماحولیاتی امور اور پالیسیوں کے مالی اثرات کا مطالعہ کرتا ہے۔

ماحولیاتی معاشیات میں دنیا بھر کی قومی یا مقامی ماحولیاتی پالیسیوں کے معاشی اثرات کے نظریاتی اور تجرباتی مطالعات شامل ہیں۔

10.3 ماحولی نظام (Eco System)

کسی دئے ہوئے مقام میں موجود تمام جاندار چیزیں (پودے، جانور اور عضویے) اور غیر جاندار ماحول (موسم، زمین، سورج، مٹی، آب و ہوا اور فضا) کا باہمی تعاون ماحولی نظام کہلاتا ہے۔ حیاتی کرہ کے کی بنیاد ایک ماحولی نظام ہے اور وہ پورے زمین کے نظام کی صحت مندی کا تعین کرتے ہیں۔



10.4 معیشت اور ماحول کے درمیان تعلق
(Linkage between Economy and environment)

انسان کی زندگی کے ساتھ ماحول کے جاندار اور غیر جاندار اشیاء ایک دوسرے کے ساتھ باہمی طور پر جڑے ہوئے ہیں۔ اس کی زندگی معاشرتی، سیاسی، اخلاقی، فلسفیانہ اور اقتصادی نظام کے دیگر پہلوؤں پر بھی منحصر ہے۔ دراصل انسانی زندگی کو اس کے اطراف کا ماحول ایک شکل دیتا ہے۔ معیشت اور ماحول کے درمیان تعلقات کو عام طور پر ''مادّہ کے توازن کا نمونہ'' (Material balance model) کی شکل میں سمجھا جاتا ہے۔ ایلن نیس اور آر.وی.ائرس کے ذریعہ تیار

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:52 PM



خاکہ 10.1

کردہ نمونہ مجموعی معاشی عمل کو داخلی (خام اشیاء)(Input)اور خارجی (پیداوار)(output) کے درمیان ایک طبیعیاتی متوازنی بہاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ داخلی اشیاء یعنی خام اشیاء جس میں توانائی کی طبیعیات خصوصیات شامل ہیں، وہ سب ماحول ہی سے حاصل ہوتی ہیں۔ معاشیات اور ماحول کے باہمی انحصار کو خاکہ 10.1 میں دکھایا گیا ہے۔



اشیاء-توازن کے طریقہ کار کا فلوچارٹ
Flow Diagram for Material Balace Approach

حرحرکیات (Thermodynamics) کا پہلا کلیہ، یعنی مادّہ اور توانائی کی بقا کا کلیہ اس بات پر زور دیتا ہے کہ کسی بھی پیداوار کے نظام میں ''جو داخل ہوتا ہے، اُسے خارج ہونا پڑے گا'' (What goes in must come out)۔ اس اصول کو مادّہ کے توازن کا نقطہ نظر یا مادّہ کے توازن کا اصول بھی کہا جائے گا۔ مادّہ کا فلو چارٹ یہ ظاہر کرتا ہے کہ پیداوار کے ہر عمل کے دوران داخل ہونے والا مادّہ، خارج ہونے والے مادّہ کے مساوی ہونا چاہئے۔ اکثر ماحول سے نکالے گئے ذرائع استعمال کے بعد غیر ضروری فضلہ، آلودگر (pollutant) بن جاتے ہیں۔ کارخانوں کو دئے جانے والے داخلی مادّے، خارج ہوتے وقت ٹھوس، مائع اور گیسی فضلات کی شکل میں نکلتے ہیں۔ اسی طرح گھریلو استعمال کی کارروائیوں سے بھی فضلات خارج ہوتے ہیں۔ مختصر طور پر مادّہ اور توانائی کو ماحول سے حاصل کیا جاتا ہے، جس کو پیداوار اور صَرف (استعمال) کی کارروائیوں میں استعمال کیا جاتا ہے اور ماحول کو فضلات کی شکل میں واپس دیا جاتا ہے۔ مختصر طور پر مادّہ کے توازن کے نطقہ نظر کو ایک مساوات کی شکل میں اس طرح ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:53 PM

$$M = G-(R_C- R_P) + (R^r_P + R^r_c) = R^d_p + R^d_c$$

قدرتی دنیا سے حاصل ہونے والے مادّہ اور توانائی (M)	=	اشیاء اور خدمات کی معاشی سرگرمیاں (G) - پیداوار اور صَرف (استعمال) کی کارروائیوں سے خارج ہونے والی اشیاء (Rc+Rp) + پیداوار اور استعمال (صَرف) کے دوران بازیابی $(R^r p) + R^r c))$	=	پیداواری اور استعمال (صَرف) کی کارروائیوں سے آخر میں خارج ہو کر قدرتی دنیا میں واپس کِک جانے والا مادّہ $(R^4 c) + R^4 c))$

معیشت - ماحولی اندرونی تعلقات ، مادّہ کے توازن کا نمونہ*







ماحول R (خام اشیاء)

پیداواری شعبہ
R=F+W1

گھریلو شعبہ
F=W2

$R=W_1+W_2$
(داخلی شئے = خارجی شئے)

پیداواری اور گھریلو شعبہ سے نکلنے والے فضلات =W1 اور W2

بالآخر نکلنے والا حاصل = F

کیا یہ ٹھیک ہے؟ ماحولیات قابل تجدید اور نا قابل تجدید، اور اس جیسے ہر طرح کے وسائل کو فراہم کرنے والا ہے۔ فضلات کو پاک کرنے والا ایک آلہ کار کی طرح بھی کام کرتا ہے۔ گھریلو شعبے اور کارخانے ماحول کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ اندرونی طور پر بھی جڑے ہوئے ہیں۔ گھریلو شعبے اور کارخانے وسائل کی نوعیت پر انحصار کرتے ہیں۔ گھریلو شعبے اور کارخانے دونوں اپنے فضلات کو ماحول میں خارج کرتے ہیں۔ قدرت میں ہر قسم کے فضلات کو جمع کرنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ مگر یہ طاقت ایک شرط پر مبنی ہے۔ ہر چیز کے لئے ایک حد ہے۔ زمین فضلات جمع کرتے کرتے سیر ہو چکی ہے اور بعض قسم کے فضلات کو پاک کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ یاد رکھئے کہ زمین بھی آپ کا تعاون نہیں کر سکتی۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:53 PM

10.5 ماحولیاتی ساز وسامان
(Environmental goods)

ماحولیاتی سامان عام طور پر غیر منڈی والے سامان ہوتے ہیں، بشمول صاف ہوا، صاف پانی، ہری بھری زمین، گرین ٹرانسپورٹ کا جال (پیدل چلنے کے راستے، سائیکل کے راستے، سبز شاہراہیں وغیرہ)، عوامی پارکس، شہری پارکس، ندی، پہاڑ، جنگل اور ساحل۔ ماحولیاتی سامان سے متعلق تشویش اس بات کی ہے کہ ماحولی نظام کا استحصال کس طرح معیشت پر اثر کرتا ہے۔ اس طرح کے ماحول سے انسان اور دیگر جانداروں کی صحت پر کس طرح کا اثر پڑ سکتا ہے؟

10.6 ماحولیاتی معیار
(Environmental quality)

ماحولیاتی معیار ماحول کے بعض مخصوص خواص ہیں جو عام یا مقامی ہیں۔ وہ انسانوں اور دوسرے عضویوں پر مسلط ہیں۔ کسی بھی انسانی ضرورت سے وابستہ ایک یا ایک سے زیادہ انواع کے ساتھ ماحول کی حالت کی جانچ کا ایک پیمانہ ہے۔ سرمایہ کاری کے طرز عمل کی وجہ سے ماحولیاتی معیار میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔

ماحولیات ایک خالص عوامی شئے (ساز وسامان) (Good) ہے جو بیک وقت ہر کوئی اسے استعمال کر سکتا ہے اور اس کے استعمال سے کوئی روک نہیں سکتا۔ ایک خالص عوامی ساز وسامان وہ ہے جس کا صَرف (استعمال) غیر اختتامی ہے اور جس سے صارف کو خارج کرنا ناممکن ہے۔ خالص عوامی ساز و مان کے حد سے زیادہ استعمال میں بہت سے مسائل ہیں، جس کے نتیجے میں، وسائل ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ قومی آمدنی کو محسوب کرنے کے موجودہ نظام میں قدرتی ذرائع کے ختم ہونے کا حساب اور قدرت نے GDP کے لئے جو عطا کیا ہے، اس کا حساب نہیں کیا جاتا۔

بیرونی اثرات اور ماحول
(Externalities and the environment)

تعارف

ماحولیاتی معاشیات میں، مارکیٹ میں سب سے اہم ناکامی اشیاء اور خدمات کی پیداوار اور صَرف (consumption) سے پیدا ہونے والی منفی بیرونی اثرات (negative externalities) کی وجہ سے ہے۔ بیرونی اشیاء اور خدمات کی پیداوار اور صَرف سے پیدا ہونے والے تیسرے فریق کے اثرات ہیں، جس کے لئے مناسب معاوضہ ادا نہیں کیا جاتا ہے۔ بیرونیات مارکیٹ سے باہر واقع ہوتی ہیں۔ یعنی وہ ایسے لوگوں پر اثر انداز ہوتے ہیں، جو اشیاء کی پیداوار اور صَرف (استعمال) میں براہ راست ملوث نہیں ہوتے، انہیں اسپل اَوور اثرات (spill over effects) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

10.6.1 بیرونی اثرات کے معنی
(Meaning of Externalities)

spill over effects کی وجہ سے ہونے والے بیرونی اثرات جس کی وجہ سے تیسرے فریق پر پیداوار یا استعمال (صَرف) کا اثر پڑتا ہے۔ معاشی اکائیوں کے مابین باہمی انحصار کی وجہ سے بیرونیات پیدا ہوتی ہیں۔

تعریفیں

ایک ایسی صورتحال جس میں ایک فرد یا تجارتی ادارہ یک کارروائی کرتا ہے لیکن وہ تمام اخراجات (منفی بیرونی اثرات) برداشت نہیں کرتا ہے یا تیسرے فریق پر پڑنے والے تمام فوائد (مثبت بیرونی اثرات کے اخراجات یا فوائد) حاصل کرتا ہے۔

بیرونی اثرات کی تعریف اس طرح کی جا سکتی ہے "افراد کے صرف اور پیداوار کی سرگرمیوں کی وجہ سے معاشرہ پر پڑنے والی لاگت یا فائدہ، جو اس سرگرمی میں براہ راست ملوث نہیں ہیں، اور اس کے لئے طرف کوئی ادائیگی نہیں کی جاتی ہے۔

بیرونی اثرات جو پیداوار اور صرف سے پیدا ہوتے ہیں، ماحول پر ان کا اثر فائدہ مند ہو سکتا ہے یا منفی اثر بھی پڑ سکتا ہے۔ فائدہ مند بیرونی اثرات کو "مثبت بیرونی اثرات" کہا جاتا ہے اور منفی اثرات کو "منفی بیرونی اثرات" کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:54 PM



صَرف کے مثبت بیرونی اثرات

(Positive consumption externality)

جب محلے کے کچھ رہائشی نجی سیکیورٹی ایجنسی کو گشت کرنے کے لئے رکھتے ہیں ان کے علاقے کے دوسرے رہائشی بغیر قیمت برداشت کیے محفوظ رہتے ہیں اور اس کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

صَرف کے منفی بیرونی اثرات

(Negative consumption externality)

سگریٹ پینے والا شخص ہوسکتا ہے اس شخص کو سکون ملتا ہو، لیکن اس عمل سے غیر تمبا کو نوشی کرنے والوں کو مشکلات (عدم اطمینان) کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جسے غیر فعال تمبا کو نوشی (passive smoking) کہا جاتا ہے۔

پیداوار کے مثبت بیرونی اثرات

(Positive Production externality)

شہد کی مکھیوں کے لئے مثالی جگہ مثال کے طور پر سیب کا باغ (پہلے اگنے والے کھیت) ہے۔ جب شہد کی مکھیاں شہد تیار کرتی ہیں، وہ سیب کے پھولوں کی زیرگی (pollination) میں بھی مدد کرتی ہیں۔ اس کا فائدہ دونوں کو تیار کرنے والوں اور (شہد کے ساتھ ساتھ سیب) حاصل کرنے والے کو بھی ہوتا ہے۔ اس کو 'معکوس غیر تجارتی باہمی انحصار' (reciprocal untraded interdependency) کہا جاتا ہے

فرض کرو کسی کمپنی میں مزدوروں کو تربیت دی جاتی ہے۔ اگر وہ تربیت یافتہ مزدور کسی دوسری کمپنی میں شامل ہونے کے لئے کمپنی چھوڑ دیتے ہیں، تو بعد کی کمپنی کو لاگت کے بغیر ہنرمند کارکنوں کا فائدہ ملتا ہے۔

پیداوار کے منفی بیرونی اثرات

پیداوار کے منفی بیرونی اثرات کی مثالیں

پیداوار کے منفی بیرونی اثرات میں کارخانے سے خارج کردہ آلودگی ہے جو دوسروں کے لئے لاگت یا بوجھ کا سبب بنتا ہے۔

جب پیداوار کے منفی بیرونی اثرات سے متعلق کوئی سوال کا جواب دیا جاتا ہے تو یہ پوچھیں کہ اس کے لئے بیرونی لاگت معنی خیز ہے یا نہیں، اگر ہو تو کیا اس کی پیمائش اور قدر درست طریقے سے کی جاسکتی ہے؟


کارخانوں سے ہوائی آلودگی


کیمیائی کھادوں سے آلودگی


صوتی آلودگی


صنعتی فضلات


مچھلیوں کا مرجانا


میتھین کا اخراج

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:54 PM

کارخانوں کے اخراج، ہوائی اور آبی آلودگی کا سبب ہیں۔ اس سے پانی آلودہ ہوجاتا ہے اور پانی پینے کے قابل نہیں رہتا۔ مثال: چمڑے کے کارخانے۔ اس کی لاگت معصوم عوام بھگتتی ہے جس کا بدلہ کسی بھی طرح سے نہیں دیا جاسکتا۔

10.7 آلودگی (Pollution)

مطلب

قدرتی ماحول میں کسی بھی طرح کی ملاوٹ جس سے منفی تبدیلی آتی ہے، جس سے جاندار عضویوں کی موت واقع ہوتی ہے، ماحول زہریلا ہوجاتا ہے، ماحولی نظام کو نقصان اور ہمارے اطراف و اکناف کی خوبصورتی اور جمال کو ختم کردیتا ہے، آلودگی کہلاتا ہے۔

آلودگی کے اقسام

1۔ فضائی آلودگی
2۔ پانی کی آلودگی
3۔ صوتی آلودگی
4۔ زمین کی آلودگی

10.7.1 ہوائی آلودگی (Air pollution)



تعریف

ماحول میں کسی بھی ٹھوس، مائع، یا گیس دار مادے کی موجودگی ہے، جس سے انسانوں یا دوسرے جاندار یا پودوں یا املاک کو یا ماحول کو نقصان پہنچتا ہو، ہوائی آلودگی کہلاتی ہے۔

ہوائی (آلودگی کی روک تھام اور کنٹرول) دفعہ، 1981

فضائی آلودگی کی اقسام (Types of Air pollution)

اندرونی فضائی آلودگی (Indoor Air pollution)

اس سے مراد زہریلے آلودگر ہیں، جن کا سامنا ہم اپنی روزمرہ کی زندگیوں میں اپنے گھروں اسکولوں اور کام کی جگہوں پر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کھلی جگہوں پر ٹھوس ایندھنوں کو جلا کر کھانا پکانا یا گرم کرنا اور لکڑی کے چولھوں کی وجہ سے ہوا کی آلودگی کی اعلی سطح ہوتی ہے۔

بیرونی فضائی آلودگی (Indoor Air pollution)

اس سے مراد ہوا میں آلودگی کا چھا جانا ہے۔ بیرونی فضائی آلودگی کے عام ذرائع، موٹر گاڑیوں، ٹھوس ایندھن اور صنعتوں سے نکلنے والے فضلات ہیں۔

فضائی آلودگی کی وجوہات (Causes of Air pollution)

1۔ گاڑیوں کے اخراج کا دھواں

موٹر گاڑیوں سے نکلنے والے دھویں میں زیادہ مقدار میں کاربن مونا کسائڈ کے ذرات پائے جاتے ہیں۔ شہروں میں ہر روز لاکھوں گاڑیاں چلتی ہیں جو ماحول پر اپنے کاربن کے اثرات کو پیچھے چھوڑ رہے ہیں۔

2۔ رکازی ایندھنوں پر مبنی بجلی گھر

(Fossil fuel based power plants)

رکازی ایندھن بھی بڑے پیمانے پر مسئلہ پیش کرتے ہیں جب وہ توانئی کے بجلی گھروں میں جلائے جاتے ہیں۔ جلنے کے دوران سلفر ڈائی آکسائیڈ جیسے کیمیائی اشیاء خارج ہوتے ہیں، جو براہ راست فضا میں منتقل ہوتے ہیں۔ اس قسم کے آلودگر پانی کے سالموں کے ساتھ تعامل پا کر ایک شئے بنتی ہے، جسے ترشوی بارش (acid rain) کہتے ہیں۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:55 PM

3۔ صنعتوں اور کارخانوں سے اخراج
(Exhaust from industrial plants and factories)

صنعتوں اور کارخانوں میں موجود بھاری مشینیں کثیر مقدار میں آلودگروں کو ہوا میں خارج کرتے ہیں۔

4۔ تعمیراتی اور زرعی سرگرمیاں
(Construction and agricultural activities)

تعمیراتی ملبے سے پیدا ہونے والے دھول کے ذرات اور تعمیراتی مقامات سے گیس کا اخراج ہوتا ہے۔ ان ذرات کا براہِ راست اثر صحت پر پڑتا ہے۔اسی طرح، زراعت کے لئے امونیا کا استعمال بار بار کرنے سے انتہائی خطرناک گیسوں کا اخراج ہوتا ہے جو فضا میں شامل ہوتی ہیں۔

5۔ قدرتی وجوہات (Natural Causes)

زمین خود آلودگر پیدا کرتی ہے۔ان میں سے آتش فشاں، جنگل کی آگ اور دھول کے طوفان وغیرہ بہت زیادہ ہوا کی آلودگی پھیلاتے ہیں۔ یہ فطرت سے چلنے والے واقعات ہیں جو فضا میں کثیر مقدار میں فضائی آلودگی پھیلاتے ہیں۔

6۔ گھریلو سرگرمیاں (Household activities)

گھریلو سرگرمیاں جیسے کھانا پکانا، حرارت اور روشنی، گھر میں صفائی ستھرائی کے کام، مختلف قسم کے مچھروں بھگانے والے کیڑے مار ادویات، کیمیائی اشیاء اور مصنوعی خوشبو کا استعمال ، یہ سب کچھ ایسے ذرائع ہیں جو فضائی آلودگی پھیلاتے ہیں۔

فضائی آلودگی کے اثرات (Effects of Air pollution)

1۔ سانس اور دل کے مسائل:

یہ کینسر کے ساتھ ساتھ کئی سانس اور دل کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔ ہوا کے آلودگی کا شکار بچے انتہائی کمزور اور عام طور پر نمونیا اور دمہ کا شکار ہوتے ہیں۔

2۔ اشتعال زمین (Global warming):

فضا میں درجہ حرارت میں اضافے کے باعث عالمی درجہ حرارت بڑھتا ہے۔ برفانی تودوں کے پگھلنے سے سطح سمندر میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے رہائشی علاقوں پر اثر ہوتا ہے۔

3۔ ترشوی بارش (Acid rain)

رکازی ایندھنوں کے جلنے کی وجہ سے نائٹروجن کے آکسائڈ اور سلفر کے آکسائڈ وغیرہ فضا میں شامل ہوتے ہیں۔ ترشوی بارش، انسانوں، جانوروں اور فصلوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔

یوٹروفی کیشن (موزوں غذائیت) (Eutrophication):

یوٹروفیکشن (موزوں غذائیت) ایک ایسی حالت ہے جس کی وجہ سے پانی میں نائٹروجن کی زیادہ مقدار موجود ہوتی ہے جو مچھلی، پودوں اور جانوروں کی انواع پر منفی اثر ڈالتی ہے۔

جنگلی جانوروں پر اثر (Effect on wildlife).

ہوا میں موجود زہریلی کیمیائی اشیاء کی وجہ سے جنگلی جانور نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور نئے مسکن تلاش کرتے ہیں۔

6۔ اوزون پرت کا ختم ہونا
(Depletion of Ozone layer)

اوزون کرہ فضا میں اوزون کی پرت موجود ہے، جو کرہ ارض میں موجود انسانوں کو نقصان دہ بالا بنفشی شعاعوں (UltraViolet rays) سے بچانے کے لئے ذمہ دار ہے۔ ماحول میں کلوروفلورو کاربن اور ہائیڈروکلوروفلوروکاربن کی موجودگی کی وجہ سے اوزون کی تہہ کم ہوتی یا ختم ہو رہی ہے۔

7۔ انسانی صحت (Human Health)

عالمی سطح پر بیرونی فضائی آلودگی کی وجہ سے اموات اور بیماریوں کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔اس سے صحت بری طرح اثر ہوتی ہے۔ اسپتالوں میں داخلوں میں اضافہ اور ہنگامی کمرے (emergency rooms) کے داخلوں میں اضافہ ہوا ہے۔قبل از وقت موت کا خطرہ۔آلودگی سے گھری ہوئی ہوا سے ایک اندازے کے مطابق عالمی سطح پر 4.2 ارب قبل از پیدائشی اموات واقع ہوئی ہیں۔

دنیا میں موجود بچوں میں سے 93% بچے جن کی عمر 15 سال سے کم ہے، وہ آلودہ ہوا میں سانس لے رہے ہیں، جس کی وجہ سے ان کی صحت اور نشوونما کو سنگین خطرہ لاحق ہے-WHO

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:56 PM

ہوائی آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات

1۔ شہروں اور شہروں سے دور صنعتوں کا قیام

2۔ زیادہ سے زیادہ پودوں اور درختوں کا لگانا

3۔ غیر روایتی ایندھن جیسے بائیوگیس، سی این جی اور ایل پی جی کا استعمال۔

4۔ ماس ٹرانسٹ سسٹم (عوامی ٹرانسپورٹ) کا استعمال

10.7.2 آبی آلودگی (Water pollution)

تعریف

''سمندری ماحول میں مادّہ یا توانائی کو (براہ راست یا بلا راست) شامل کرنے کے نتیجے میں زندہ وسائل اور انسانوں کی صحت کو درپیش خطرہ اور سمندری سرگرمیوں میں رکاوٹوں کے مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں''۔ - اقوام متحدہ، 1971



آلودگی کی اقسام (Types of water pollution)

i۔ سطحی پانی کی آلودگی (Surface water pollution)

سطحی پانی میں زمین کی سطح پر پایا جانے والا قدرتی پانی شامل ہے، جیسے دریاؤں، جھیلوں، جھیلوں اور سمندروں وغیرہ۔ اس سطحی پانی کے ساتھ رابطے میں آنے والے مضر مادے، پانی میں گھل جانے یا جسمانی طور پر گھل مل جانے کو سطحی آلودگی کہا جاتا ہے۔

ii۔ زمینی آلودگی (Ground water pollution)

زمینی آلودگی اس وقت ہوتی ہے جب انسان کی بنائی ہوئی کیمیائی اشیاء جیسے پٹرول، تیل وغیرہ زمینی پانی میں داخل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، سپٹک ٹینکوں کا ناپاک پانی، کوڑا کرکٹ، زیر زمین اسٹوریج ٹینکوں سے نکلا ہوا زہریلا کیمیائی مادّہ اور زمین کو بھرنے سے اس سے نکل کر رسنے والے زمینی مادّے زمینی پانی کو آلودہ کرتے ہیں۔

iii۔ خوردحیاتی آلودگی (Microbiological pollution)

دنیا بھر میں اکثر لوگ بغیر پاک صاف کئے پانی کو براہ راست تالاب، ندی یا نہروں سے حاصل کر کے اسے پیتے ہیں۔ کبھی کبھی خورد بینی عضویے جیسے وائرس اور بیکٹیریا کی وجہ سے قدرتی طور پر آلودگی ہوتی ہے۔ یہ قدرتی آلودگی آبی عضویوں اور انسانوں، دونوں کے لئے بیماریاں لانے کا باعث ہے۔

iv۔ آکسیجن کی کمی سے آلودگی

(Oxygen depletion Pollution)

جب پانی میں آکسیجن کی سطح ختم ہوجاتی ہے تو، نسبتاً بے ضرر ہوا باش خورد بینی عضویے فوت ہوجاتے ہیں اور غیر ہوا باش عضویے نشوونما پانے لگتے ہیں۔ کچھ غیر ہوا باش عضویے لوگوں، جانوروں اور ماحول کے لئے نقصان دہ ہوتے ہیں کیونکہ وہ امونیا اور سلفائڈ جیسے مضر زہریلے مادے پیدا کرتے ہیں۔

آبی آلودگی کی وجوہات (Causes of water pollution)

پانی کی آلودگی متعدد وجوہات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ پانی کی آلودگی کی کچھ اہم وجوہات یہ ہیں۔

1۔ نکاسی آب اور گندے پانی کو خارج کرنا

(Discharge of sewage and waste water)

گھروں سے خارج ہونے والا گندا پانی، کوڑا کرکٹ اور مائع فضلہ، کھیتوں سے بہنے والا پانی، کارخانوں اور فیکٹریوں سے خارج ہونے والے گندے پانی کو نالوں کو خارج کردیا جاتا ہے۔ ان میں موجود نقصان دہ کیمیائی اور زہریلی اشیاء پانی کو زہر آلود کردیتے ہیں، جن کا براہ راست اثر آبی جانوروں اور پودوں پر ہوتا ہے۔

2۔ ٹھوس فضلات کو پھینکنا

(Dumping of solid wastes)

آبی ذخیروں میں ٹھوس فضلہ اور گندگی کا پھینکنا بہت بڑی پریشانیوں کا باعث بنتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:57 PM

3۔ صنعتی فضلات کو خارج کرنا (Discharge of industrial wastes)

صنعتی فضلات اسبستوس، سیسہ، پارہ، چکنے مدہن اور پیٹرو کیمیائی اشیاء جیسے آلودگر شامل ہیں، جو انسانوں اور ماحول دونوں کے لئے انتہائی نقصان دہ ہیں۔

4۔ تیل کا رساؤ (oil spill)

سمندری نقل وحمل کے دوران جہازوں اور ٹینکروں سے رستا ہوا تیل سمندری پانی کو آلودہ کرتا ہے۔ رسنے والا تیل پانی میں تحلیل نہیں ہوتا اور پانی کو آلودہ کر کے پانی کی سطح پر ایک موٹی کیچڑ نما پرت بنا دیتا ہے۔

5۔ ترشوی بارش (Acid rain)

ہوا کی آلودگی کی وجہ سے بارش کا پانی آلودہ ہو جاتا ہے، جو ترشوی بارش کا سبب بنتا ہے۔ جب فضا میں ہوا کی آلودگی سے پیدا ہونے والے ترشے والے ذرات پانی کے بخارات میں مل جاتے ہیں تو اس کے نتیجے میں ترشوی بارش ہوتی ہے۔

6۔ اشتعال زمین (Global warming)

اشتعال زمین کی وجہ سے، پانی کے درجہ حرارت میں اضافہ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں آبی پودے اور جانور متاثر ہوتے ہیں۔

7۔ موزوں غذائیت (Eutrophication)

آبی جسموں میں غذائی اجزاء کی بڑھتی ہوئی سطح موزوں غذائیت کہلاتی ہے۔ اس کا نتیجہ پانی میں الجی (Algae) پیدا ہوتے ہیں۔ پانی کی سطح پر یہ پھیلنے کی وجہ سے یہ پانی میں موجود آکسیجن کو بھی ختم کر دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مچھلی اور دیگر آبی جانوروں کی آبادی پر منفی اثر پڑتا ہے۔

آبی آلودگی کے اثرات (Effects of water pollution)

انسان، جانوروں اور پودوں کی صحت اور زندگی پر پانی کی آلودگی کا منفی اثر پڑتا ہے۔ آلودہ پانی زراعت کے لئے بھی نقصان دہ ہے کیونکہ اس سے فصلوں پر منفی اثر پڑتا ہے اور مٹی کی زرخیزی بھی ختم ہو جاتی ہے۔ سمندری پانی کے آلودگی سے سمندری عضویوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ آلودگیوں کا اثر اس میں شامل ہونے کیمیائی مادوں کے زہریلے پن پر منحصر ہے۔ اس کے اثرات تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ آبی آلودگی کے اثرات اس پر بھی انحصار کرتے ہیں کہ یہ کس قسم کا مادّہ ہے۔ اکثر شہری علاقوں یا آبادی کے قریب موجود آبی ذخائر میں، کوڑا کرکٹ اور دیگر آلودگر پھینک دئے جاتے ہیں، جس کی وجہ سے آبی ذخیرے بہت زیادہ آلودہ ہو جاتے ہیں۔ صنعتوں، ہسپتالوں اور مارکٹ کے فضلات کو آبی ذخیروں میں قانونی یا غیر قانونی پر پھینک دیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں وہاں موجود لوگوں اور جانوروں دونوں کی صحت پر اثر پڑتا ہے۔

i۔ آبی جانوروں کی موت

آبی آلودگی کی وجہ سے سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ ان عضویوں کو ہلاک کرتا ہے جو ان آبی ذخیرہ گاہوں پر منحصر ہوتے ہیں۔ مردہ مچھلی، کیکڑے، پرندے اور سمندری پرندے، ڈالفن اور بہت سے دوسرے جانور اکثر ساحل پر سمیٹتے ہیں، جو اِن کے رہائش گاہ میں آلودگی پذیروں کے ذریعہ ہلاک ہو جاتے ہیں۔

ii۔ غذائی زنجیر میں خلل (Disruption of food-chain)

آلودگی قدرتی غذائی زنجیر کو بھی متاثر کرتی ہے۔ لیڈ اور کیڈمیم کو چھوٹے چھوٹے عضویے کھاتے ہیں۔ ان چھوٹے جانوروں کو بڑے جانور اور مچھلیاں کھاتی ہیں۔ اور غذائی زنجیر اعلی سطح تک درہم برہم ہو جاتی ہے۔

iii۔ بیماریاں (Diseases)

کارخانوں کے ناپاک پانی اور نیم صاف کئے گئے پانی کے خارج کرنے سے شدید ماحولیاتی بے توازنی ہوتی ہے۔ اندھا دھند انسانی سرگرمیاں جیسے کھلی جگہوں میں پاخانہ کرنا، ٹھوس فضلات کا باہر پھینکنا، موریوں کا پانی وغیرہ آبی ذخیروں میں خارج کرنے سے پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں جیسے، ملیریا، ہیپاٹائٹس، پیچش، یرقان، ڈینگو بخار، وائرسی بخار اور کیڑوں کے انفکشن ہوتے ہیں۔

iv۔ ماحولیاتی نظام کی تباہی

آبی آلودگی سے ماحولیاتی نظام شدید طور پر تباہ ہو سکتا ہے۔ انسانی لاپرواہی کی وجہ سے آلودگی بہت سارے علاقے آلودہ ہو رہے ہیں۔ اور یہ آلودگی انسانوں کو کئی طرح سے واپس تکلیف پہنچانے والی ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:57 PM

آبی آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات

1۔ پینے کے پانی کے انتظام کی جامع منصوبہ بندی
2۔ بارش کا پانی جمع کرنے کے لئے مناسب ٹنکیوں اور نالیوں کا انتظام کرنا۔
3۔ نکاسی نالیوں کی بحالی
4۔ کارخانوں کے گندہ پانی اور موریوں کے گندہ پانی کو صاف کرنے کا انتظام کرنا۔
5۔ پانی اور کوڑے کرکٹ کی باقاعدہ نگرانی
6۔ آبی ذخائر میں کوڑا کرکٹ کے غیر قانونی پھینکنے کے لئے سخت اقدامات۔

10.7.3 صوتی آلودگی (Noise pollution)



تعریف (Definition)

صوتی آلودگی ناپسندیدہ یا ضرورت سے زیادہ آواز ہے، جس سے انسانی صحت اور ماحولیاتی معیار پر نقصان دہ اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ صوتی آلودگی عام طور پر کارخانوں سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ شاہراہوں، ریلوے اور ہوائی جہاز ٹریفک اور بیرونی تعمیراتی سرگرمیوں سے واقع ہوتی ہے۔

Jerry A. Nathanson and Richard E. Berg. 2018

صوتی آلودگی کی اقسام (Types of Noise pollution)

i۔ فضائی شور (Atmospheric Noise)

ماحولیاتی شور یا بجلی کی کڑک اور دیگر قدرتی بجلی میں خلل پیدا ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ii۔ صنعتی شور : (Industrial noise)

صنعتی شور سے مراد وہ شور ہے جو فیکٹریوں میں پیدا ہوتا ہے۔ ناپسندیدہ آواز شور کہلاتی ہے۔ جہاز سازی، لوہے اور فولاد جیسی بھاری صنعتیں طویل عرصے سے شور سے سماعت سے متعلق بیماریاں اور بہرا پن جیسی بیماریاں پیدا کرتی ہیں۔

(Noise Induced Hearing Loss) (NIHL)

iii۔ انسانوں کی وجہ سے شور (Man made noise)

صوتی آلودگی کے اہم ذرائع بحری جہاز ہوائی جہاز، زلزلہ کی تلاش، سمندری تعمیر، سوراخ کرنے اور موٹر کشتیاں ہیں جو انسانوں کی وجہ سے شور پیدا کرتی ہیں۔

شور آلودگی کی وجوہات (Causes of Noise pollution)

ناقص شہری منصوبہ بندی (Poor Urban planning)

نامناسب شہری منصوبہ بندی سے شہر کے مسافروں میں مزید پریشانی کا باعث ہوگی۔

موٹر گاڑیوں سے نکلنے والی آوازیں:

آواز کی موٹر گاڑیاں سماعت کے عارضی نقصان کا سبب بن سکتی ہیں۔

پٹاخے (Crackers)

بعض موقعوں میں پٹاخے استعمال ہوتے ہیں۔ ایسی سرگرمیوں کی وجہ سے بہت بلند شور پیدا ہوتا ہے جو وہاں موجود عوام کو نقصان پہنچاتا ہے۔ بعض اوقات وہ بچوں اور بوڑھوں میں بہرہ پن کا سبب بھی بنتا ہے۔

کارخانوں کی مشینیں (Factory machinery)

ملوں، مشینوں اور سوراخ کرنے والے ہوائی آلوں کے مستقل چلانے کی وجہ سے پیدا ہونے والا صنعتی شور مزدوروں کو ناقابل برداشت پریشانی کا باعث بناتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:58 PM

صوتی آلودگی کے اثرات (Effects of Noise Pollution)

a۔ سماعت کا نقصان (Hearing loss)

شور کی وجہ سے قوت سماعت متاثر ہوسکتا ہے اور بہرہ پن واقوع ہوسکتا ہے۔ بزرگ افراد جو صوتی آلودگی میں کام کرتے ہیں، پیشہ ورانہ شور کی زد میں آتے ہیں اور اس سے سننے کا احساس کم ہوجاتا ہے۔

b۔ نفسیاتی اور جسمانی صحت کو نقصان پہنچنا

(Damage to physiological and psychological health)

ناپسندیدہ شور جسمانی اور نفسیاتی صحت کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، ناراضگی اور جارحیت، ہائی بلڈ پریشر اور تناؤ کی اعلی سطح وغیرہ۔

c۔ قلب اور شریانوں پر اثرات

(Cardio vascular effects)

تیز شور کی سطح، قلبی دشواریوں اور بلڈ پریشر کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

d۔ جانوروں اور آبی زندگی پر مضر اثر

(Detrimental effect on animals and aquatic life)

شور سے جانوروں پر بھی نقصان دہ اثر پڑ سکتا ہے، جس سے ان کی موت کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

جنگلات کی زندگی اور آبی جانوروں پر اثرات

(Effect of wildlife and aquatic life)

یہ ہارمونی عدم توازن، دائمی تناؤ، خوف اور گھبراہٹ اور فرار ہوجانا، اس طرح کی حالت پیدا کردیتے ہیں۔

آبی آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات

(Remedial measures to control noise pollution)

1۔ شور کے لئے رکاوٹوں (noise barriers) کا استعمال
2۔ نقل وحمل کے لئے نئی شاہراہیں
3۔ آمدورفت میں کنٹرول
4۔ بھاری گاڑیوں کے لئے مقررہ اوقات
5۔ کام کی جگہ پر شور کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو نصب کرنا
6۔ لاؤڈ اسپیکروں کا منظم استعمال

10.7.4 زمین کی آلودگی (Land pollution)



تعریف

زمینی آلودگی کی تعریف کی گئی ہے، ''زمین میں کوڑا کرکٹ اور فضلات کو پھینکنے سے زمین کو ہونے والا نقصان''۔ نیز کوئی بھی شئے (ٹھوس، مائع یا گیس) جو خارج ہوتی ہو یا ماحول میں جمع ہوتی ہو، جس سے ماحول میں تبدیلی پیدا ہو، یہ زمینی آلودگی کا سبب بنتا ہے۔

ماحولیات کی کارروائیوں کی حفاظت - دفعہ 1997

زمینی آلودگی کی قسمیں (Types of land pollution)

i۔ ٹھوس فضلہ:

اس میں کاغذ، پلاسٹک کے ڈبے، بوتلیں، کین، غذا، استعمال شدہ کاریں، ٹوٹا ہوا الیکٹرانک سامان، منسپالٹی کا کوڑا کچرا اور اسپتال کا فضلہ اور اس میں ہر طرح کا کوڑا کرکٹ شامل ہے۔

ii۔ کیڑے مار دوا اور کھاد

کاشتکاری کی سرگرمیاں، زیادہ فصل کی پیداوار کے لئے کیمیائی کھادوں اور کیڑے مار دواؤں کا استعمال بھی زمین کو آلودہ کرتا ہے۔

iii۔ جنگلات کی کٹائی

انسان درختوں پر انحصار کرتا ہے جس میں زندگی بھی شامل ہے۔ درخت ہوا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرتے ہیں اور آکسیجن چھوڑ دیتے ہیں، جو زندگی کے لئے ضروری ہے۔ مٹی کے کٹاؤ سے بہہ جانے والی مٹی کی بحالی، جنگل کرتے ہیں۔ جنگلات کی کٹائی کی وجہ سے زمینی آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:57:59 PM

آلودگی کی وجوہات (Causes of land pollution)

i۔ جنگلات کی کٹائی اور مٹی کا کٹاؤ

جنگلات کی کٹائی کی وجہ سے روز بروز خشک زمینوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جو ایک تشویش ناک بات ہے۔ یہ زمینیں آہستہ سے خشک یا بنجر زمینوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ اجتنی بھی کوشش کرو، دوبارہ انہیں کبھی بھی زرخیز نہیں بنایا جا سکتا۔

ii۔ زراعتی سرگرمیاں (Agricultural activities)

بڑھتی ہوئی انسانی اور پالتو جانوروں کی آبادی کے ساتھ، غذا کی مانگ میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ کسان اکثر کیڑے، فنجی اور بیکٹیریا کو اپنی فصلوں سے نجات دلانے کے لئے انتہائی زہریلے کھاد اور کیڑے مار ادویات کا استعمال کرتے ہیں۔ ان کیمیائی اشیاء کا زیادہ استعمال زمین کو آلودہ کرنے اور زہر آلود بنانے کا سبب بنتی ہے۔

iii۔ کانوں کی کھدائی کی سرگرمیاں (Mining activities)

کان کنی کی سرگرمیوں اور کھدائی کی وجہ سے زمین اپنی سطح سے نیچے ہوتی چلی جا رہی ہے۔

iv۔ زمینوں کو بھرنا (Land fills)

لوگوں کی معاشی طرز زندگی بدلنے کی وجہ سے ہر گھر میں ہر سال ٹنوں کچرا اور کوڑا کرکٹ پیدا ہوتا ہے۔ پلاسٹک، کاغذ، کپڑا، لکڑی اور اسپتال کا فضلہ جیسے کوڑا کرکٹ جمع ہو جاتا ہے۔ ایسی اشیا جنہیں کچھ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ وہ زمینوں کو بھرنے کا حصہ بن جاتے ہیں جو زمین کی آلودگی کا سبب بنتا ہے۔

صنعتی کاری (Industrialization)

بڑھتی ہوئی صارفیت (Consumerism) کی وجہ سے مزید صنعتیں تیار ہوئیں جس کی وجہ سے جنگلات کی کٹائی ہوئی۔ تحقیق اور ترقی نے جدید کیمیائی کھادوں کی راہ ہموار کر دی اور وہ کیمیکل جو انتہائی زہریلے تھے، مٹی کی آلودگی کا باعث بنے۔

vi۔ تعمیراتی کارروائیاں (Construction activities)

شہر کاری کی وجہ سے، بڑی تعداد میں تعمیراتی سرگرمیاں ہو رہی ہیں۔ اس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر فضلہ جیسے لکڑی، دھات، اینٹیں، پلاسٹک وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔ یہ شہری علاقوں کے مضافات میں پھینک دیئے جاتے ہیں جو زمینی آلودگی کا باعث بنتے ہیں۔

vii۔ نیوکلیائی فضلہ (Nuclear waste)

تابکار مادّہ سے بچ جانے والے مضر اور زہریلے کیمیکل، انسان کی صحت کو متاثر کرتے ہیں۔ کسی بھی حادثے سے بچنے کے لئے وہ زمین کے نیچے دفن کر دیئے جاتے ہیں۔

زمین کی آلودگی کے اثرات

(Effects of land pollution)

1۔ مٹی کی آلودگی (Soil pollution)

مٹی آلودگی، زمین کی آلودگی کی ایک اور شکل ہے، جس میں مٹی کی اوپری پرت کو نقصان پہنچتا ہے۔ یہ کیمیائی کھاد، اور کیڑے مار ادویات کے زیادہ استعمال کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس سے مٹی کی زرخیزی ختم ہو جاتی ہے۔ کیڑے مار دوائیں، نہ صرف کیڑوں، بلکہ انسانوں اور دیگر جانوروں کو بھی مار ڈالتی ہے۔

2۔ صحت پر اثر (Health impact)

یہ زمین جب زہریلے کیمیائی اشیاء اور کیڑے مار دواؤں سے آلودہ ہوتی ہے تو جلد کے کینسر اور انسانی تنفس کے نظام پر اثر پڑتا ہے۔ زہریلے کیمیائی اشیاء کھانے پینے کی غذائی اشیاء اور سبزیوں کے ذریعہ ہمارے جسم تک پہنچ جاتے ہیں۔

3۔ ہوائی آلودگی کی وجہ (Cause of air pollution)

زمین کو بھرنا اور فضلات کو ٹھکانہ لگانے سے زمین آلودہ ہوتی ہے۔ ماحول میں پھیلا ہوا غیر معمولی زہریلا مادّہ عوام میں سانس کی بیماریاں پھیلاتا ہے۔

4۔ جنگلاتی زندگی پر اثر (Effect on wildlife)

پچھلی دہائیوں میں عالم حیوانات بہت زیادہ متاثر ہوا ہے۔ وہ اپنے مسکن اور قدرتی ماحول کو کھو بیٹھے ہیں۔ انسانوں کی مسلسل کارروائیوں کی وجہ سے جنگلات بھی آلودہ ہو رہے ہیں، جس کی وجہ سے

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:00 PM

یہ جانور بہت دور منتقل ہو رہے ہیں۔ اپنا ماحول نہ ملنے کی وجہ سے بعض جانوروں کی انواع خطرے (endangered) میں ہے اور بعض جانور نیست و نابود (extinction) ہو چکے ہیں۔

زمینی آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات

1۔ لوگوں میں کم استعمال، دوبارہ استعمال اور بازیابی Reduce, Reuse and Recycle کی بیداری پیدا کرنا۔

2۔ حیاتیاتی تحلیل پذیر مصنوعات کو خریدنا۔

3۔ کیڑے مار دوائیوں کے استعمال کو کم کرنا۔

4۔ کاشت کاری کے طریقے میں تبدیلی لانا

5۔ غیر ضروری کوڑا کرکٹ کو مناسب طور پر ٹھکانہ لگانا، یا تو جلا دینا یا زمین میں محفوظ طریقے سے دفن کر دینا۔

6۔ پلاسٹک کا کم سے کم استعمال کرنا۔

10.8 اشتعال کرہ ارض (Global warming)



زمین کی سطح (زمین اور پانی دونوں) اور کرہ فضا، دونوں جگہوں میں تپش کا بڑھ جانا، اشتعال کرہ ارض کہلاتا ہے۔ گذشتہ 100 سالوں میں دنیا بھر کی اوسط درجہ حرارت میں 0.75°C (1.4°F) کا اضافہ ہوا ہے۔ 1975 کے بعد سے تپش میں تقریباً دوتہائی کا اضافہ ہوا ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ، میتھین، کلوروفلورو کاربن، نائٹرس آکسائڈس، وغیرہ سبز مکانی گیسیں (green house gases) ہیں جو زمین کی سطح کو گرم کرتی ہیں۔ لہذا اسے سبز مکانی اثر (Green house effect) بھی کہا جاتا ہے۔ سبز مکانی گیسوں میں CO_2 سب سے اہم ہے جو 50% کرہ اشتعال ارض کا سبب بنتا ہے۔ رکازی ایندھن، اور دیگر حیاتیاتی مادّوں کو جلانے سے CO_2 فضا میں داخل ہوتی ہے۔ ماضی میں جب زمین کی درجہ حرارت میں اضافہ ہوا تو یہ دیکھا گیا کہ وہ فطری وجوہات کا نتیجہ تھا، لیکن آج کل یہ انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

زراعت، باغبانی اور ماحولی نظام کو کرہ اشتعال ارض بری طرح متاثر کرتی ہے۔ بارش کی کمی، زیادہ تپش اور کیڑوں گھاس کی نمو میں اضافہ، کاشت کاری پر برا اثر ڈالتے ہیں۔ کاشتکاری پر اثر ڈالنے والے حامل جیسے مچھر وغیرہ، ملیریا، ڈینگو، بخار، انسی فالیٹس اور زرد بخار پیدا کرتے ہیں۔

عالمی سطح پر ہوا کی اوسط تپش میں اضافہ کی وجہ سے بارش کے نمونے اور دیگر آب و ہوا کے حالات میں خطرناک تبدیلیاں لائیں گی، جس کے نتیجے میں ماحولیاتی نظام میں عدم استحکام پیدا ہوگا۔

10.9 موسمیاتی تبدیلی (Climate change)

آب و ہوا کی تبدیلی سے مراد، کرہ فضا میں آہستہ سے سبز مکانی گیسوں کا جمع ہونا ہے۔ حالیہ مطالعات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ صنعتی انقلاب کے آغاز اور انسانی سرگرمیوں میں اضافہ کے ساتھ ہی موسمیاتی تبدیلیاں ظاہر ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے ارتکاز میں تقریباً 40 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔ صنعتوں کے ابتدا ہونے سے قبل کاربن ڈائی آکسائڈ کا ارتکاز 280 حصہ فی

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:01 PM

ملین (ppm) تھا، جو 2016 میں 402 حصے فی ملین تک پہنچ چکا ہے۔

دنیا کے بعض علاقوں میں سمندر کے ساحلی پانی کی تپش میں اضافہ، اعلیٰ تپش، بارش کے نمونوں میں تبدیلی اور طوفانوں کی شدت اور تعدد وغیرہ محسوس کیا گیا ہے۔ سمندر کی سطح اور تپش دونوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

10.10 ترشوی بارش (Acid rain)

ترشوی بارش، ہوائی آلودگی کا ایک نتیجہ ہے۔ فیکٹریوں سے، کاریں یا گرمالوں (boilers) سے جب گیسوں کا اخراج ہوتا ہے تو ان میں سے نائٹروجن آکسائڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ اور سلفر ٹرائی آکسائیڈ پایا جاتا ہے جو فضائی پانی میں مل کر جب سلفیورک ایسڈ،



نائٹرک ایسڈ اور سلفیورس ایسڈ بن جاتا ہے۔ یہ عمل آتش فشاں پھٹنے کے ذریعے بھی فطرت سے ہوتا ہے۔ اس سے پودوں، آبی جانوروں اور بنیادی ساختوں پر مضر اثرات پڑ سکتے ہیں۔



12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:01 PM

10.11 e- فضلہ (e-wastes)



الیکٹرانک فضلہ جو عام طور پر ہوتا ہے بطور ''ای فضل، جدید ٹکنالوجی کے دور کی نئی پیداوار ہے''۔ یہ ایک طبیعی فضلہ ہے، جو پرانے ضائع شدہ الکٹرانی آلوں کی شکل میں پیدا ہورہا ہے۔اس میں وسیع قسم کے الکٹرانی اشیاء جس میں بڑے گھریلو استعمال کی جیسے فرڈج، ایرکنڈیشنر، موبائل فون، کمپیوٹر اور دیگر الکٹرانی آلات ہیں۔ جب صارف اپنے استعمال کردہ الکٹرانی آلوں اور مشینوں کو پھینک دیتا ہے یا ٹھکانے لگا دیتا ہے یا دوبارہ بازیابی کے لئے بھیجتا ہے۔ اس کی مثال ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، آڈیو آلے، VCR, DVD، ٹیلی فون، فیکس، زیراکس مشین، وائرلیس آلے، ویڈیو گیمس اور دیگر الکٹرانی ساز وسامان ہیں۔

ٹھوس فضلات (Solid wastes)

ٹھوس فضلے بنیادی طور پر انسانی سرگرمی کے نتیجے میں بیکار اور غیر ضروری مادوں کے اخراج کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے اکثر ٹھوس، نیم ٹھوس اور مائع کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ ٹھوس فضلہ گھروں، ہسپتال سے خارج کردہ، مردہ جانور، راکھ، تعمیراتی مقام کا ملبہ، زرعی فضلہ اور صنعتی فضلہ وغیرہ ہیں۔ جب گلیوں اور عوامی مقامات سے کوڑے وقت پر نہ نکالا جائے تو اس سے صحت عامہ اور حفظان صحت کے شدید خطرات لاحق ہوتے ہیں۔

10.12 پائیدار ترقی (Sustainable development)

معنی

پائیدار ترقی کا تعلق نہ صرف موجودہ نسل سے بلکہ مستقبل کی نسل کی فلاح و بہبودی بھی ہے۔اس کا مقصد اعلیٰ طبقے کے دولت منداور امیروں کے عیش وآرام اور خواہشات کو پورا کرنا ہی نہیں، بلکہ غریبوں کی بنیادی ضروریات جیسے غذا، صفائی ستھرائی، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم وغیرہ بھی ہے۔ ماضی کی نسل نے جن وسائل کو ہمارے لئے چھوڑا ہے، ان کو ختم نہیں کرنا چاہئے، بلکہ ہم اسے یوں ہی اپنے بعد کی نسل کے لئے بھی چھوڑنا چاہئے۔ اس کو بین نسل مساویت (Inter generational equity) کہا جاتا ہے۔

وضاحت

ایک ایسی ترقی جو بغیر کسی سمجھوتے کے موجودہ نسل کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور آئندہ نسلوں کی ضروریات کو بھی پورا کرنے کے لئے ماحول فراہم کرتا ہے۔

-ورلڈ کمیشن برائے ماحولیات وترقی، 1987-

پائیدار ترقی کا متبادل نقطہ نظر قدرتی سرمایے کے اثاثوں پر توجہ مرکوز کرنا ہے اور یہ تجویز کرنا ہے کہ ان میں وقت کے ساتھ ساتھ کمی نہیں آنی چاہئے۔''

پیرس، مارکینڈیا اور باربیئر، 1989-

10.12.1 پائیدار ترقی کے اہداف (Sustainable Development (SDGs) Goals)

معاشی نمو، معاشرتی شمولیت اور ماحولیاتی تحفظ جیسے تین بنیادی عناصر کو ہم آہنگ کرنا بہت مشکل ہے۔ دنیا کے مستقبل کے لئے 17 اہداف کا ایک سیٹ 2030 سے پہلے مکمل کیا جانا چاہئے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:03 PM



ان کے تین اصولوں کو اقوام متحدہ نے ثبت کیا ہے، جو عالم گیریت، سالمیت اور تبدیلی (Universality, Integration and transformation) ہے۔

1۔ غربت کو اس کی تمام شکلوں میں ہر جگہ ختم کریں۔

2۔ بھوک کا خاتمہ، غذا کی حفاظت حاصل کریں اور بہتر تغذیہ کو فروغ دینے کے لئے پائیدار زراعت

3۔ صحت مند زندگی کو یقینی بنائیں اور ہر عمر کے لوگوں کی صحت بحال رکھنے کے لئے۔

4۔ جامع اور معیاری تعلیم کو یقینی بنانا سب کے لئے اور تاحیات تعلیم کو فروغ دینا

5۔ صنفی مساوات کو حاصل کرنا خواتین اور لڑکیوں کو خود اختیار بنانا

6۔ تمام کو پاک پانی اور صفائی ستھرائی میسر ہو، اس کو یقینی بنانا۔

7۔ سب کے لئے سستی، قابل اعتماد، سب کے لئے پائیدار اور جدید توانائی فراہم کرنا

8۔ سب کے لئے جامع پائیدار معاشی نشوونما، روزگار اور مہذب کام کو فروغ دینا

9۔ لچکدار بنیادی ڈھانچے کی تعمیر، پائیدار صنعتوں کو فروغ دینا اور جدید کاری کو فروغ دینا۔

10۔ ملک کے اندر اور دوسرے ممالک کے ساتھ نامساوات کو کم کرنا۔

11۔ شہروں کو جامع، محفوظ، لچکدار اور پائیدار بنائیں۔

12۔ پائیدار صَرف اور پیداوار کو یقینی بنائیں۔

13۔ آب وہوا کی تبدیلی اور اس کے اثرات سے نمٹنے کے لئے فوری اقدام کریں۔

14۔ بحور، سمندر اور سمندری وسائل کا تحفظ اور مستحکم استعمال کریں۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:04 PM

15۔ جنگلات کو پائیداری کے ساتھ انتظام کرنا، انہیں ریگستان بننے سے روکنا، زمین کو تباہ ہونے سے روکنا، حیاتی تنوع کے نقصان کو ختم کرنا۔

16۔ صرف پُرامن، انصاف پسند اور جامع معاشروں کو فروغ دینا۔

17۔ پائیدار ترقی کے لئے عالمی شراکت کی ازسرنو تعمیر کرنا۔

10.13 سبزہ زار کے لئے ابتدائی قدم (Green initiative)



آج، دنیا بھر میں تنظیموں، کاروباری اداروں اور لوگوں کی تعداد جو استحکام اور ماحول دوست ماحول کے لئے کوشاں ہیں بڑھتی جارہی ہے۔ وہ زمین کی حفاظت کے لئے پرجوش ہیں ہمارے پاس زندگی کا واحد نظام ہے۔ لہذا، ہمیں سیاسی لابنگ، شہری کارروائی اور صارفین کے دباؤ کے ذریعے تبدیلی لانی چاہئے۔ اور ہمیں اس نازک سیارے کے تحفظ کے لئے پرامن براہ راست اقدام کرنا چاہئے اور سبز اور پرامن مستقبل کی تعمیر کی کوشش کرنی چاہئے۔ چونکہ اشتعال کرہ ارض عالمی سطح کا مسئلہ ہے۔ لہذا آلودگی پر قابو پانے کی کوششوں کو عمل میں لانے کے لئے ترقی یافتہ ممالک کو بھی آگے بڑھنا چاہئے۔

10.14 نامیاتی کاشتکاری (organic farming)

نامیاتی کاشتکاری زرعی پیداوار کا ایسا نظام ہے جو جانوروں کی کھاد، نامیاتی فضلہ، فصل کی گردش، پھلی دار پودوں اور حیاتیاتی کیڑوں پر قابو پانے پر انحصار کرتا ہے۔ یہ مصنوعی کھاد، کیڑے مار دواؤں اور مویشیوں کے اضافے (live stock additives) کے استعمال سے اجتناب کرتا ہے۔ نامیاتی داخلی اشیاء (inputs) کے کچھ فوائد ہوتے ہیں، جیسے خوردبینی عضویوں کی مدد سے مٹی کو زرخیز بنانا۔

پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے کے لئے نامیاتی پیداوار ایک مکمل نظام ہے۔ زرعی ماحولیاتی نظام میں مختلف النوع پودوں کو اگانا جس میں مٹی کے عضویے، پودے، جانور اور انسان بھی شامل ہیں۔ یہ سب ایک معاشرہ کی طرح کام کرتے ہیں۔ نامیاتی پیداوار کا اہم مقصد ایسے اداروں کی ترقی کرنا ہے جو پائیدار اور ماحول دوست ہوں۔ نامیاتی کاشتکاری کے عام اصول یہ ہیں۔

1۔ ماحول کی حفاظت کریں، مٹی کے انحطاط اور کٹاؤ کو کم سے کم کریں، آلودگی کو کم کریں، حیاتیاتی پیداواری صلاحیت کو بڑھائیں اور صحت کی مستحکم حالت کو فروغ دیں۔

2۔ مٹی کے اندر حیاتیاتی سرگرمی کی حالات کو بہتر بناتے ہوئے طویل مدت تک مٹی کی زرخیزی کو برقرار رکھیں۔

3۔ نظام کے اندر حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھیں۔

4۔ اشیاء اور وسائل کو ممکن حد تک ایک ہی حدود میں دوبارہ بازیاب کریں۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:04 PM



سبز کھاد

GREEN LEAF MANURES



کرمی کھاد

VERMI COMPOST



فصلوں کی گردش

CROP ROTATION

نامیاتی کاشت کاری

ORGANIC FARMING



قدرتی کھاد

MANURES



حیاتیاتی انتظامیہ

BIOLOGICAL MANAGEMENT



حیاتیاتی کھاد

BIOFERTILIZERS



مویشی پالن

ANIMAL HUSBANDRY

قلوی کاشتکاری (Alkali farming)

بنجر اور نیم سوکھے علاقوں میں تقریبا 50 فیصد زمین کی سیرابی نمکین پانی سے ہوتی ہے۔ اس سے نمکینیت کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ جڑوں میں اضافی نمک/ترشوں کے جمع ہونے سے جزوی یا مکمل طور پر مٹی کی پیداوار میں کمی آتی ہے۔ اس مسئلہ کی وضاحت ''مٹی کا مسئلہ'(Problem soil) (قلوی، نمکین اور ترشوی مٹی)(alkali, saline and acid) کی طرح کی جاتی ہے۔ زہ بنیادی طور پر سوکھے اور نیم بنجر علاقوں میں موجود ہے۔

قلوی مٹی بنیادی طور پر ہند-گنگائی میدانی علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ یہ ریاست پنجاب، ہریانہ، اتر پردیش بہار کی ریاستوں میں بھی موجود ہے۔ اس کا ایک حصہ چھتیس گڑھ، راجستھان، آندھرا پردیش ، گجرات، مہاراشٹرا، کرناٹک، مدھیہ پردیش اور تمل ناڈو میں بھی پایا جاتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:06 PM

5۔ مویشیوں کی صحت اوران کی ضروریات کو پورا کرنا اوران کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔

6۔ نامیاتی مصنوعات تیار کرنا، ان کو اچھی طرح سے عمل میں لانا (process) تاکہ اس کی نامیاتی خصوصیت باقی ہے اور مصنوعات کا معیار عمل کے لانے کے ہر مرحلے میں برقرار رہے۔

7۔ زرعی نظام کے مقامی تجدیدی ذرائع پر انحصار کریں۔

10.15 درخت لگانا (شجرکاری) (Tree plantation)

درخت آکسیجن مہیا کر کے، ہوا کے معیار کو بہتر بناتے ہیں، آب و ہوا کو بہتر بناتے ہیں، پانی کا تحفظ کرتے ہیں۔ مٹی کا تحفظ اور جنگلاتی زندگی کو بہتر بناتی ہیں۔ شعاعی ترکیب کے عمل کے دوران کاربن ڈائی آکسائیڈ حاصل کر کے آکسیجن پیدا کرنے سے ہم سانس لیتے ہیں۔ درخت زمین کے پھیپھڑے سمجھے جاتے ہیں۔ قدرتی جنگلات اور باغات کے درخت آبی دور (Water cycle) کو بہتر بناتے ہیں، مٹی کے بہاؤ کو روکتے ہیں اور سطح سیرابی (water table) کو برقرار رکھتے ہیں۔

10.16 بیجوں کے گیند (Seed balls)



بیج کے گیندوں کا ڈھیر



بیج کی گیند (یا بیج کا بم) ایک ایسا بیج ہے جو مٹی کے مواد میں لپٹا لیا گیا ہے، عام طور پر اسے مٹی اور کھاد کے مرکب میں لپیٹا جاتا ہے اور پھر خشک کیا جاتا ہے۔ بنیادی طور پر، یہ بیج پہلے سے لگایا گیا ہے اور اسے کہیں بھی بو سکتے ہیں۔ بیج کی گیند کے انواع کہیں بھی موزوں طریقے سے جمع کر کے بوئے جائیں، جب تک مناسب اس میں سے موڑ نہ پیدا ہو جائیں، ان کو محفوظ طریقے سے رکھیں۔ بیج کی گیندیں پودوں کو بونے کا ایک آسان اور پائیدار طریقہ ہے جو ایک مدت تک رکھا جاسکتا ہے۔

خلاصہ : (Summary)

اس باب کا تعارفی حصہ انسانی سرگرمی اور قدرتی ماحول سے متعلق ہے۔ ماحولیاتی معاشیات کا تصور معاشیات کا ایک ذیلی حصہ ہے، جس کا تعلق ماحولیاتی وسائل کی آسانی سے فراہمی ہے۔ اس کے علاوہ، اس میں ایلن نیز اور آر۔ وی۔ ائرس کے تیار کردہ مادّی توانس کے ماڈل کی توازن کے ماڈل کی مدد سے معیشت اور ماحول کے درمیان تعلق پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

دوسرا حصہ مختلف قسم کے آلودگی جیسے ہوا، پانی، صوتی اور زمینی آلودگی اور اس کا سبب، اثرات اور کمی کی مختلف حکمت عملیوں سے متعلق ہے۔ اس میں عالمی حرارت میں اضافے والی آب و ہوا کی تبدیلی، ترشوی بارش، ای فضلہ اور ٹھوس فضلہ کے اہم پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے جو ماحولیاتی نقصان کے ذمہ دار ہیں۔ آخر میں پائیدار ترقی کی اہمیت اور اس کے اہداف جو سبز اقدامات، نامیاتی کھیتی باڑی، شجرکاری، بیجوں کے گیند اور قلوی فارمنگ جیسے بڑے پروگراموں سے متعلق بھی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:09 PM

تاہم، آج صنعتی آلودگی، ماحولیاتی اخراج، مٹی کا کٹاؤ اور زمین کی کٹائی، جنگلات کی کٹائی اور حیاتیاتی تنوع کے ناقابل تلافی نقصان وغیرہ میں امیر لوگوں کی بڑھتی ہوئی حرص شامل ہے۔ ہندوستان جیسے ممالک میں ماحولیاتی بگاڑ کی بنیادی وجہ مارکیٹ اور اداروں کی ناکامی ہے۔ یہ ایک ایسا عنصر ہے، جس کی اصلاحی کارروائیوں پر مناسب توجہ نہیں دی گئی ہے۔ نیز، آلودگی نہ صرف قومی، بلکہ ایک سرحد پار (بین الاقوامی) مسئلہ ہے۔ جب تک تمام ممالک بیک وقت اس مسئلے پر قابو پانے کی کوشش نہیں کریں گے، گلوبل وارمنگ کو روکا نہیں جاسکتا۔ دولت مند ممالک جو گلوبل وارمنگ کا سبب بنے ہیں، ان کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کی ادائیگی کے لئے انہیں ابھارنا چاہئے۔

فرہنگ : Glossary

■ Environment ماحول

گردونواح جس میں ایک تنظیم کام کرتی ہے، بشمول ہوا، پانی، زمین، قدرتی وسائل نباتات، حیوانات، انسان، اور ان کے باہمی تعلقات۔

■ Ecology ماحولیات

جاندار عضویوں اور ان کے اطراف واکناف کے ماحول کے بے جان اشیاء کے درمیانی تعلق کا مطالعہ۔

■ Eco System ماحولی نظام :

حیاتیاتی طبقہ اور اس کے اطراف کے غیر حیاتی طبقہ کے باہمی تعامل کا نظام ماحولی نظام کہلاتا ہے۔

■ Externalities بیرونی اثرات

ایک ایسی صورتحال جس میں ایک فرد یا تجارتی ادارہ یک کارروائی کرتا ہے لیکن وہ تمام اخراجات (منفی بیرونی اثرات) برداشت نہیں کرتا ہے یا تیسرے فریق پر پڑنے والے تمام فوائد (مثبت بیرونی اثرات کے اخراجات یا فوائد) حاصل کرتا ہے۔

■ Pollution آلودگی :

ہوا یا پانی کے قدرتی ماحول میں گندے اور زہریلے اشیاء کا اخراج

■ Air pollution ہوائی آلودگی

ہوا میں موجود آلودگر یا ایسی اشیاء جو ظاہر نہیں ہوتی، بلکہ انسانی صحت یا فلاح و بہبود یا ماحول کو متاثر کرتی ہے۔

■ Water pollution آبی آلودگی

پانی کے معیار کو نقصان پہنچانے کے لئے نقصان دہ یا قابل اعتراض مواد کی موجودگی۔

■ Land pollution زمینی آلودگی

ٹھوس یا مائع فضلہ مواد کا مجموعہ ہے۔ یہ زمین یا زیر زمین داخل ہو کر مٹی اور زمینی پانی کو آلودہ کر سکتے ہیں۔ جس سے صحت عامہ کو خطرہ اور ناگوار حالات اور پریشانیاں لاحق ہوسکتی ہیں۔

■ Global warming اشتعال کرہ ارض

سبز مکانی گیسوں کی وجہ سے زمین کی سطح کے درجہ حرارت میں اضافہ

■ Climate change آب وہوا کی تبدیلی

کئی دہائیوں یا اس سے زیادہ مدت کے دوران درجہ حرارت، بارش یا ہوا کے نمونے میں کسی خاص قسم کی تبدیلی

■ ترشوی بارش (Acid rain)

سلفر ڈائی آکسائیڈ (SO_2) اور نائٹروجن آکسائڈس (NO_x) فضا میں داخل ہو کر بارش کے پانی، دھند یا برف کی طرح زمین پر لوٹ رہا ہے۔ یہ ترشوی بارش ہے۔

■ Solid wastes ٹھوس فضلہ :

غیر مائع، غیر حل پذیر اشیاء، جس میں میونسپلٹی کے کچرے سے لے کر صنعتی فضلہ تک، جس میں پیچیدہ، مضر، مادہ پایا جاتا ہے۔ ٹھوس فضلہ صنعتی کیچڑ، زرعی فضلات، عمارتوں کا ملبہ اور کان کنی کی باقیات۔

■ Sustainable development پائیدار ترقی

ایک ایسی ترقی جو بغیر کسی سمجھوتے کے موجودہ نسل کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور آئندہ نسلوں کی ضروریات کو بھی پورا کرنے کے لئے ماحول فراہم کرتا ہے۔

■ Organic Farming نامیاتی کاشتکاری

زرعی پیداوار کا ایسا نظام ہے جو جانوروں کی کھاد، نامیاتی فضلہ، فصل کی گردش، پھلی دار پودوں اور حیاتیاتی کیڑوں پر قابو پانے پر انحصار کرتا ہے۔ یہ کیمیائی کھاد، کیڑے مار دواؤں کے استعمال سے اجتناب کرتا ہے۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:10 PM

نمونہ کے سوالات

Part – A

کثیر انتخابی سوالات :

1۔ اصطلاح ماحولیات ایک فرانسیسی لفظ ..... سے ماخوذ ہے۔

a۔ Environ

b۔ Environs

c۔ Environia

d۔ Envir

2۔ لفظ(biotic) بائیوٹک کا مطلب یہ ماحول ہے

a۔ جاندار

b۔ غیر جاندار

c۔ جسمانی

d۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

3۔ ماحولی نظام کی سب سے چھوٹی اکائی ہے

a۔ روانی کرہ (Ionosphere)

b۔ کرہ حجر (Lithosphere)

c۔ کرہ حیات (Biosphere)

d۔ میانی کرہ (Mesosphere)

4۔ کس نے مادّہ کے توازن کا نمونہ تیار کیا؟

a۔ تھامس اور پکارڈی

b۔ ایلن نیز اور آر.وی. آئرس

c۔ جان رابنسن اور جے ایم کینس

d۔ جوزف اسٹگلیٹز اور ایڈورڈ چیمبرلن

5۔ ماحولیاتی سازوسامان یہ ہیں۔

a۔ مارکٹ (منڈی) کا سازوسامان

b۔ غیر مارکٹ (منڈی) کا سازوسامان

c۔ دونوں

d۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

6۔ ایک خالص عوامی سازوسامان میں صَرف (consumption) ..... ہے۔

a۔ حریف

b۔ غیر حریف

c۔ دونوں

d۔ مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی نہیں

7۔ مارکیٹ کے نقصان کا اہم سبب یہ ہے۔

a۔ مثبت خارجی

b۔ منفی خارجی

c۔ دونوں

d۔ اس میں سے کوئی بھی نہیں

8۔ بیرونی ہوائی آلودگی کا عام ذریعہ درج ذیل کی وجہ سے ہے۔

a۔ گرم کرنا اور کھانا پکانا

b۔ روایتی چولہے

c۔ موٹر گاڑیاں

d۔ اوپر کے تمام

9۔ کاربن مونو آکسائڈ کا سب سے اہم ذریعہ یہ ہے

a۔ موٹر گاڑیاں (آٹوموبائل)

b۔ صنعتی عمل

c۔ ایندھن کا ساکن استعمال

d۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

10۔ مندرجہ ذیل میں سے اشتعال کرہ ارض کا سبب کون ہے؟

a۔ زمین کی قوت جاذبہ

b۔ آکسیجن

c۔ مرکز مائل قوت

d۔ درجہ حرارت میں اضافہ

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:10 PM

11۔ مندرجہ ذیل میں سے انسانوں کو نقصان پہنچانے والے بالا بنفشی شعاعوں سے بچانے والا کون ہے؟

a۔ A-UV

b۔ C-UV

c۔ اوزون کی تہہ

d۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

12۔ اشتعال کرہ ارض سے مراد یہ ہے۔

a۔ ماحولیاتی تبدیلی

b۔ موسمیاتی تبدیلی

c۔ فضا کی تبدیلی

d۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

13۔ مندرجہ ذیل میں سے اشتعال کرہ ارض کا متوقع اثر کون سا ہے؟

a۔ سمندر کی بڑھتی ہوئی سطح

b۔ بارش کے نمونوں میں تبدیلی

c۔ صحراؤں کا بڑھنا

d۔ اوپر کے تمام

14۔ غذائیت کی افزودگی کے عمل کو یہ کہا جاتا ہے۔

a۔ موزوں غذائیت (یوٹروفیکیشن)

b۔ غذائی اجزاء کو محدود کرنا

c۔ افزودگی (Enrichment)

d۔ شسٹوسومیاسس (Schistosomiasis)

15۔ مٹی کی آلودگی کی بنیادی وجہ یہ ہے۔

a۔ کیڑوں مکوڑوں (حشرات) پر قابو پانے کے اقدامات

b۔ زمین کی بحالی

c۔ زرعی رن آؤٹ (مٹی کا کٹاؤ)

d۔ کیمیائی کھاد

16۔ جنگلات کے کٹاؤ کے لئے مندرجہ ذیل میں سے کون سی اہم وجہ ہے؟

a۔ لکڑی کی کٹائی کی صنعت

b۔ قدرتی جنگل کاری

c۔ مٹی کا استحکام

d۔ آب وہوا میں استحکام

17۔ الیکٹرانک فضلہ کو عام طور پر اس طرح کہا جاتا ہے۔

a۔ ٹھوس فضلہ

b۔ جامع فضلہ

c۔ e-فضلہ

d۔ ہسپتال کا فضلہ

18۔ ..... آلودگی کے نتیجے میں ترشوی بارش ہوتی ہے۔

a۔ ہوائی آلودگی

b۔ پانی کی آلودگی

c۔ زمینی آلودگی

d۔ صوتی آلودگی

19۔ پائیدار ترقیاتی حاصل کرنے کے لئے اہداف کو..... تک مکمل کرنا ہے۔

a۔ 2020

b۔ 2025

c۔ 2030

d۔ 2050

20۔ قلوی مٹی اکثر ..... کے میدانی علاقوں میں پائی جاتی ہے

a۔ ہند-گنگا

b۔ شمالی ہندوستانی

c۔ گنگا کے میدانی علاقے

d۔ اوپر کے تمام

جوابات :

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
c	a	c	b	b	b	b	b	a	d
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
c	d	b	a	d	a	c	a	c	d

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:10 PM

Part - B

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک یا دو جملے میں دیں۔

21۔ ماحول کے معنی بیان کریں۔

22۔ ماحولی نظام (ecosystem) سے آپ کا کیا مطلب ہے؟

23۔ ان ممالک کا ذکر کریں جہاں فی کس کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

24۔ ماحولیاتی ساز وسامان (Environmental goods) کیا ہیں؟ مثالیں دیں۔

25۔ آواز کی آلودگی (صوتی آلودگی) پر قابو پانے کے لئے کیا تدابیر ہیں؟

26۔ اشتعال کرہ ارض (Global warming) کی تعریف کیجئے۔

27۔ بیج کی گیند (seed ball) کے معنی بتائیں۔

Part - C

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک پیریگراف میں دیں۔

28۔ معیشت اور ماحول کے درمیان تعلق کی وضاحت کریں۔

29۔ مادّہ کے توازن کے اصول (Material balance principle) کے معنی بیان کریں۔

30۔ ہوائی آلودگی کی مختلف اقسام کی وضاحت کریں۔

31۔ پانی کے آلودگی کی وجوہات کیا ہیں؟

32۔ e-فضلہ کے معنی بیان کریں۔

33۔ زمینی آلودگی کیا ہے؟ زمینی آلودگی کی وجوہات کا ذکر کریں۔

34۔ درج ذیل پر ایک ایک نوٹ لکھیں a) موسمیاتی تبدیلی اور b) ترشوی بارش

Part - D

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک صفحہ میں دیں۔

35۔ GDP کی نشوونما اور ماحول کے معیار کے درمیان تعلق کو مختصر طور پر وضاحت کریں۔

36۔ بیرونی اثرات کے تصور (conept of externality) اور اس کے درجہ بندی کی وضاحت کریں۔

37۔ پائیدار ترقی (Sustainable development) اور اس کے اہداف کی وضاحت کریں۔

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:11 PM

سرگرمی

ماحول کو نقصان پہنچانے کے موجودہ رجحان کو درست کرنے کے لئے کون زیادہ معاوضہ ادا کرے؟
ترقی یافتہ ممالک یا ترقی پذیر ممالک؟ کیوں؟

مزید استفادہ کے لئے

1. Karpagam M. (1993). Environmental Economics, Sterling Publishers, New Delhi.
2. Sankaran S. (1994). Environmental Economics, Margham, Chennai.
3. Sacratees J. and Karthigarani (2008). Environment Impact Assessment, APH Publishing Corporation, New Delhi.
4. Garge, M.R. (Ed.) (1996). Environmental Pollution and Protection, Deep and Deep Publications, New Delhi.
5. Lodha S.L (Ed.) (1991). Economics of Environment, publishers, New Delhi.
6. The Hindu Survey of Environment: Annual Reports.

12th eco CH 10 Enviroinment urdu
Saturday, April 10, 2021 5:58:11 PM

باب
11

ترقی اور منصوبہ بندی کی معاشیات
(Economics of Development and Planning)

A good plan may fail due to faulty implementation. But a faulty plan cannot succeed through good implementation.

"Plan your work for today and every day, then work your plan."

-Margaret Thatcher

سیکھنے کے مقاصد

1. عمل، خصوصیات اور معاشی ترقی کے عزم کو سمجھنے کے لئے۔ پسماندہ
2. منصوبہ بندی اور کے خلاف کا فردی مطالعہ کرنا اور مختلف قسم کی منصوبہ بندیوں کا موازنہ کرنا۔
3. NITI آیوگ کے افعال کی وضاحت کرنا۔

11.1 ترقی کے معنی اور زیر ترقی (پسماندہ) (Meaning of Development and underdevelopment)

تعارف

تصور "ترقی" سے بہتری کی طرف ساختی تبدیلیوں سے مراد ہے۔ دوسری جنگ عظیم تک موجودہ دور کے مسائل کا مطلب تیسری دنیا کے ممالک کے مسائل ہی تھے۔ دوسری جنگ عظیم یعنی دوسری عالمی جنگ کے بعد ماہرین معاشیات نے اپنی توجہ ترقی پذیر ممالک کے مسائل کا تجزیہ کرنے اور انکے لئے نظریات اور ماڈل تیار کرنا شروع کیا۔

پسماندہ ممالک (UDC's) ایک زمانے میں انگلینڈ اور دوسرے یورپی ممالک کی نوآبادیات تھے۔ آزاد اور خودمختار ہونے کے بعد ان کے اندر معاشی ترقی کی بیداری پیدا ہوئی ۔

معاشی ترقی کے نقطہ نظر
(Approaches to Economic development)

معاشی ترقی کے دو اہم نقطہ نظر ہیں۔

i) روایتی نقطہ نظر اور

ii) نیا فلاح و بہبود پر مبنی نقطہ نظر

12th eco CH 11. economics urdu
Saturday, April 10, 2021 5:40:59 PM

1۔ روایتی نقطہ نظر (Traditional approach)

روایتی نقطہ نظر کا مطلب، سختی سے معاشی ترقی ہی ہے۔ GNP میں اضافہ کے ساتھ پیداوار، روزگار، زراعت کے حصص میں کمی پائی گئی ہے جبکہ کارخانہ اور خدمات کی سیکٹر میں اضافہ ہوا ہے۔ اس سے صنعت کاری کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔ یہ فرض کیا گیا ہے کہ فی کس GNP کا اضافہ لوگوں کو نیچے کی طرف لے جائے گا۔

2۔ نئی فلاح و بہبود پر مبنی نقطہ نظر

(New welfare oriented approach)

1970 کی دہائی کے دوران، معاشی ترقی کی وضاحت کو ایک بڑھتی ہوئی معیشت کے تناظر میں ''غربت میں کمی، عدم مساوات اور بے روزگاری'' کے الفاظ میں کی گئی۔ اس مرحلے میں، ''نشوونما کے ساتھ تقسیم'' (Redistribution with growth) ایک مقبول نعرہ بن گیا۔

مائیکل پی ٹوڈارو کے حوالہ سے معاشی ترقی کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔ ''ترقی کو ایک کثیر جہتی عمل کے طور پر تصور کیا جانا چاہئے جس میں معاشرتی ڈھانچے، مقبول رویوں اور قومی اداروں میں بڑی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ نشوونما میں اضافہ، عدم مساوات میں کمی اور مطلق غربت کے خاتمے کو شامل کیا گیا ہے۔"

زیر ترقی (پسماندہ) (Underdevelopment)

UDC میں بنیادی شعبے، یعنی زراعت، فی کس آمدنی میں کمی، وسیع پیمانے پر غربت، آمدنی اور دولت کی غیر منصفانہ تقسیم، آبادی میں اضافہ، سرمایہ کے تشکیل کی شرح میں کمی، بے روزگاری کی اعلی شرح، تکنیکی پسماندگی، دوغلا پن وغیرہ۔

ایک ترقی یافتہ معیشت کی خصوصیات

تعارف

- اصطلاح ترقی یافتہ ملک تعلق پیدا کرتا ہے۔
- عالمی بینک نے اپنی عالمی ترقیاتی رپورٹ میں متعدد ممالک کو فی کس (GNI) مجموعی قومی پیداوار کی بنیاد پر درجہ بندی۔



پسماندہ کا مطلب (Underdevelopment)

پسماندہ کی اصطلاح سے مراد ایسی معیشت کی حالت ہے جہاں عوام کی فی کس آمدنی کی کمی کی وجہ سے زندگی کا معیار بہت کم ہے۔ اس کی وجہ پیداوار کی سطح کم ہے اور آبادی کی اعلی شرح نشوونما ہے۔

11.2 معاشی نشوونما بمقابلہ معاشی ترقی
(Economic growth Vs Economic development)

1۔ ترقی کی حالت
(State of development)

عام طور پر، معاشی ترقی کا مطلب، ترقی یافتہ ممالک کی معاشی ترقی کی بہ نسبت ترقی پذیر ممالک کے معاشی ترقی ہے۔

12th eco CH 11. economics urdu
Saturday, April 10, 2021 5:41:00 PM

2۔ تبدیلی کی نوعیت اور سطح
(Nature and level of change)

ترقی ایک غیر مسلسل اور فوری تبدیلی ہے، جب کہ نشوونما ایک آہستہ، بتدریج اور مستحکم تبدیلی ہے۔

3۔ تبدیلی کا دائرہ (Scope of change)

نشونما کا مطلب زیادہ سے زیادہ آؤٹ پٹ (output) ہوتا ہے۔لیکن ترقی سے مراد پیداوار میں کارکردگی ہے۔ یعنی فی اکائی کی خام اشیاء(input) سے حاصل کردہ پیداوار (output) ہے۔ یہ دی گئی خام اشیاء کے مقابلے میں پیداوار کی ترکیب میں تبدیلی کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ یہ غربت کے خاتمہ، نا مساوات اور بے روزگاری پر بھی بحث کرتی ہے۔



4۔ بدلاؤ کی حد (Extent of change)

اقتصادی ترقی (معاشی نشوونما سے وسیع نظریہ) کا مطلب ترقی اور ساختی تبدیلی کا مجموعہ ہے۔

معاشی نشوونما اور معاشی ترقی کے درمیان فرق

معاشی نشوونما (Economic growth)	معاشی ترقی (Economic development)
ترقی یافتہ ممالک کے مسائل سے متعلق بحث کرتا ہے۔	UDCs کے مسائل پر بحث کرتا ہے۔
تبدیلی بتدریج اور یکساں ہے۔	تبدیلی غیر مسلسل اور فوری ہے۔
ان کا مطلب زیادہ پیداوار ہے۔	ان کا مطلب نہ صرف زیادہ پیداوار، بلکہ ان کی ترکیب بھی زیادہ ہے۔
مقداری نظریات سے متعلق ہے۔ یعنی فی کس آمدنی میں اضافہ	مقداری اور معیاری دونوں
تنگ نظریہ	وسیع نظریہ

تبدیلی + نشوونما = ترقی

11.3 معاشی ترقی کی پیمائش
(Measure of Economic development)

معاشی ترقی کی پیمائش چار معیاروں سے کی جاتی ہے۔

ایک خصوصیت اسی وقت اپنی فطرت میں معیاری ہوگی، جب اس کے مشاہدات کی وضاحت اور کسی خاص وصف کی موجودگی یا عدم موجودگی کے لحاظ سے نمایاں اعداد میں کی جائے۔ ان معطیات کو برائے نام اور درجہ کے اعداد و شمار کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر صنف، برادری، دیانت داری وغیرہ۔

(i) برائے نام معطیات (Nominal data)

دو یا زیادہ اقسام کی اشیا یا اکائیوں کی درجہ بندی کے نتائج ہیں جو نمونہ یا معیار کی خصوصیت کے مطابق آبادی پر مشتمل ہیں۔ صنف کے حساب سے طلبا کی درجہ بندی (مرد یا عورت)۔ ملازمین کا ان کے مہارت کی حیثیت سے درجہ بندی۔ (ہنرمند، نیم ہنرمند اور غیر ہنر مند) اور ملازمین کی تعلیمی سطح کے مطابق درجہ بندی جیسے (میٹرک، انڈر گریجویٹ، اور پوسٹ گریجویٹس) وغیرہ۔

(ii) درجہ بند معطیات (Rank data)

دوسری طرف تفویض کرنے کے لئے درجہ بندی کو سالم اعداد کے لحاظ سے ترتیب دیں، جیسے 1, 2, 3, ... , n۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:11 PM

ایک ٹسٹ میں کسی کارکردگی کے سطح کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاسکتی ہے جیسے کوئی مقابلہ بازی، انٹرویو، یا ایک شو وغیرہ۔ ایک انٹرویو میں پیش ہونے والے امیدواروں کو، مثال کے طور پر، ان کی بنیاد پر، 1 سے n تک کی پوری تعداد تک مقابلہ میں کارکردگی سے تفویض کی جاسکتی ہے۔

معطیات (ڈیٹا) کو جمع کرنے کے ذرائع

(Sources of collection of data)

اعداد وشمار کے ذرائع کی بنیاد پر، ڈیٹا کو دو قسموں کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے، جیسے، ثانوی معطیات اور ابتدائی معطیات۔ دونوں کی وضاحت اس طرح کی جاسکتی ہے۔

(i) ابتدائی معطیات (Primary data)

وہ معطیات ہیں، جو کسی بھی شکل میں پہلے سے موجود نہیں ہے، اور اسی طرح پہلی بار بنیادی ماخذ اپنی نوعیت کے مطابق (ذرائع) جمع کرنا ہوگا۔ یہ اعداد وشمار تازہ اور پہلی بار جمع کیے جاتے ہیں جس سے پوری آبادی یا اس سے تیار کردہ نمونہ شامل ہوتا ہے۔

(ii) ثانوی معطیات (Secondary data)

وہ معطیات جو پہلے سے کسی شکل میں موجود ہوں۔ کسی قابل شناخت ثانوی ماخذ میں مطبوعہ یا غیر مطبوعہ طور پر۔ یہ عام طور پر شائع شدہ ماخذ (ذرائع) سے دستیاب ہیں، اگرچہ ضروری نہیں کہ اصلی شکل میں درکار ہوں۔ مثال کے طور پر CSO، NSSO، RBI وغیرہ سے معطیات حاصل کرنا۔



معطیات کی درجہ بندی
Classifications Of Data

12.10 حسابی اوسط یا اوسط $(\bar{X})$ (Arithmetic mean or mean) $(\bar{X})$

مرکزی قدر کی پیمائش کو مرکزی رجحان یا اوسط یا مقامات کی پیمائش کہا جاتا ہے۔ پانچ اوسط ہیں۔ ان میں معنی یہ ہے کہ اوسط (average)، وسطانیہ (median) اور طرز (mode) ہیں، جنہیں سادہ اوسطیں (simple averages) کہا جاتا ہے اور دیگر دو اوسطیں ہندسی اوسط (geometric mean) اور ہم آہنگ اوسط (Harmonic mean) کو خصوصی اوسط کہا جاتا ہے۔

اوسط کے معنی (Meaning of average)

- مرکزی رجحان کی پیمائش ہے جو ایک مخصوص قیمت ہے جس کے اطراف دیگر اعداد جمع ہوتے ہیں۔
- ایک اوسط پورے گروپ کی نمائندگی کرتا ہے، جس کا یہ ایک حصہ بنتا ہے۔
- اعداد کے خلاصے کا سب سے وسیع استعمال کردہ عدد جس کی پیمائش اس کے مقام سے کی جاتی ہے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:11 PM

ایک متغیر کے اوسط کی وضاحت اس طرح سے کی جاسکتی ہے۔
مشاہدات کے حاصل جمع کو مشاہدات کی تعداد سے تقسیم کریں۔ اگر وہ متغیر x ، n کی قیمتیں فرض کرتا ہو، جیسا کہ $x_1, x_2, \ldots, x_n$ تو اوسط معلوم کرنے کے لئے x کی تمام قیمتوں کو جمع کر کے x کی تعداد سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

$$\bar{X} = \frac{X_1+X_2+X_3+X_4+\cdots+X_n}{n} = \frac{1}{n}\sum_{i=1}^{n} X_i,$$

یہ ضابطہ غیر گروہی یا خام معطیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

مثال 1 :

دئے گئے معطیات کا اوسط معلوم کیجئے۔ 2,4,6,8,10

براہِ راست طریقہ $\bar{X} = \frac{\Sigma X}{n}$

جس میں ΣX = قیمتوں کا حاصل جمع ہے

N = معطیات کی تعداد ہے

حل : $\bar{X} = \frac{2+4+6+8+10}{5} = \frac{30}{5} = 6$

آسان طریقہ :

اوسط معلوم کرنے کا ضابطہ $\bar{X} = A + \frac{\Sigma d}{n}$

جس میں X کی کسی بھی قیمت کا فرضی اوسط = A

فرضی اوسط سے انحراف کردہ قیمتیں = d

مثال 2 :

5 اسباق میں ایک طالب علم سے حاصل کردہ مارکس یہ ہیں۔
75, 68, 80, 92, 56۔ اس کا اوسط مارک معلوم کیجئے۔

حل :

X	d = X - A
75	7
68 → A	**0**
80	12
92	24
56	-12
Total	**31**

$$\bar{X} = A + \frac{\Sigma d}{n}$$
$$= 68 + \frac{31}{5}$$
$$= 68 + 6.2$$
$$= 74.2$$

12.11 معیاری انحراف (σ)
(Standard deviation)

مرکزی رجحان کی پیمائشیں، پھیلاؤ (distribution) کے مرکز کا پتہ لگانے میں معاون ہیں، لیکن وہ اس بات کا انکشاف نہیں کرتے ہیں کہ کس طرح اشیاء کو مرکز کے دونوں اطراف پھیلایا جاتا ہے۔ تعددی تقسیم کی یہ خصوصیت کو عام طور پر انتشار (dispersion) کہا جاتا ہے۔ تغیر کے درجہ کی جانچ، انتشار کے مختلف پیمائشوں کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ انتشار کی پیمائش کے دو طریقے ہیں۔ یعنی

1۔ انتشار کی مطلق پیمائش
(Absolute measure of dispersion)

2۔ انتشار کی نسبتی پیمائش
(Absolute measure of dispersion)

انتشار کی مطلق پیمائش

مشاہدہ کردہ اکائیوں کی کے قیمتوں کے ایک سیٹ میں موجود تغیر کی مقدار کو ظاہر کرتا ہے۔

انتشار کی نسبتی پیمائش

یہ مشاہدات کی پیمائشی اکائیوں سے آزاد ہے۔ یہ خالص اعداد ہیں۔ ان کو دو یا دو سے زیادہ سیٹ میں موجود تغیر کے موازنہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، جس میں مشاہدہ کے مختلف اکائیوں کی پیمائشیں ہوتی ہیں۔

انتشار کے مطلق پیمائش کے طریقوں میں سے ایک معیاری انحراف (Standard deviation) ہے۔ کارل پیئرسن نے 1893 میں معیاری انحراف کا تصور پیش کیا۔ معیاری انحراف کو Root Mean Square deviation بھی کہا جاتا ہے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:12 PM

وجہ یہ ہے کہ یہ حسابی اوسط کے انحراف کے مربع کا جذرالمربع ہے۔ یہ درست نتیجہ فراہم کرتا ہے۔ مربع معیاری انحراف کے مربع کو متغیر (Variance) کہا جاتا ہے۔

تعریف

اس کی تعریف اس طرح کی جا سکتی ہے کہ یہ ''دئے گئے مشاہدات کے حسابی اوسط کے مربع کا مثبت جذالمربع ہے''۔

کسی بھی (population) کے معیاری انحراف کو یونانی حرف σ (سِگما) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ معیاری انحراف کو حرف σ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

معیاری انحراف کو محسوب کرنا

انفرادی سلسلہ (Individual series)

انفرادی سلسلہ میں معیاری انحراف کو محسوب کرنے کے دو طریقے ہیں۔

a) حقیقی اوسط سے حاصل کردہ انحراف

b) مفروضہ اوسط سے حاصل کردہ انحراف

$$\text{معیاری انحراف} = \sqrt{\left(\frac{\sum(x-\bar{x})^2}{n}\right)}$$

جس میں

تقسیم کی اوسط قیمت = x

مشاہدوں کی تعداد = n

مرحلے :

1۔ دئے گئے معطیات (data) کا حقیقی اوسط (x) معلوم کیجئے۔

2۔ اوسط سے ہر قیمت کا انحراف معلوم کیجئے۔ $(x = X-\bar{X})$

3۔ انحراف کو مربع کیجئے اور مربع کردہ انحراف کو جمع کیجئے۔ Σx^2

4۔ جملہ Σx^2 کو مشاہدات کی تعداد کے ساتھ تقسیم کیجئے۔

$$\left(\frac{\sum x^2}{n}\right)$$

5۔ $\left(\frac{\sum x^2}{n}\right)$ کا جذرالمربع، معیاری انحراف ہے۔

$$\sqrt{\left(\frac{\sum(x-\bar{x})^2}{n}\right)} \quad \text{یا} \quad \sqrt{\left(\frac{\sum x^2}{n}\right)} = \sigma$$

$$\frac{\sum(x-\bar{x})^2}{n} = \text{متغیر} = \frac{\sum x^2}{n}$$

جب نمونہ 30 سے کم ہو تو

$$\text{متغیر} \quad \frac{\sum(x-\bar{x})^2}{n-1};$$

جس میں n ، مشاہدات کی تعداد ہے۔

مثال 1 : حقیقی اوسط کے طریقے سے درج ذیل معطیات کے لئے معیاری انحراف محسوب کیجئے۔

25, 23, 25, 27, 42, 23, 15, 25 اور 20

حل : حقیقی اوسط سے انحراف

شمار عدد	قیمتیں (X)	$X-\bar{X}$	$(X-\bar{X})^2$
1	25	25-25=0	0
2	15	15-25=10	100
3	23	23-25= -2	4
4	42	42-25=17	289
5	27	27-25=2	4
6	25	25-25=0	0
7	23	23-25=-2	4
8	25	25-25=0	0
9	20	20-25=-5	25
N=9	225	0	426

$$\bar{X} = \frac{225}{9} = 25$$

$$\sigma = \sqrt{\left(\frac{\sum(x-\bar{x})^2}{n}\right)} = \sqrt{\frac{426}{9}} = \sqrt{47.33}$$

$\sigma = 6.88$ جواب

مثال 2 :

مفروضہ اوسط کے طریقے سے درج ذیل معطیات (data) کا معیاری انحراف محسوب کیجئے۔

43, 48, 65, 57, 31, 60, 37, 48, 78, 59

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:12 PM

حل : مفروضہ اوسط سے انحراف

Sl. No	(X)	d=X-A (A=57)	d^2
1	43	-14	196
2	48	-9	81
3	65	8	64
4	57	0	0
5	31	-26	676
6	60	3	9
7	37	-20	400
8	48	-9	81
9	78	21	441
10	59	2	4
N=10		$\Sigma d = -44$	$\Sigma d^2=1952$

$$\sigma = \sqrt{\frac{\Sigma d^2}{n} - \left(\frac{\Sigma d}{n}\right)^2} = \sqrt{\frac{1952}{10} - \left(\frac{-44}{10}\right)^2}$$

$$= \sqrt{195.2\text{-}19.36} = \sqrt{175.84} = 13.26,$$

جواب = **13.26**

12.12 ہم رشتگی (ارتباط) (Correlation)

تعارف

ہم رشتگی ایک شماریاتی آلہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ متغیرات کے ساتھ موازنہ اور تجزیہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔ سر فرانسس گالٹن نے سب سے پہلے ہم رشتگی کی شرح قدر (Correlation coefficient) محسوب کیا۔

ہم رشتگی کی اقسام (Types of correlation)


Karl Pearson

ہم رشتگی کو مختلف طریقوں سے درجہ بند کیا گیا ہے۔ درجہ بندی کے تین سب سے اہم طریقے یہ ہیں۔



قسم 1 : متغیرات کی تبدیلی کے سمت کی بنیاد پر (Based on the direction of change of variables)

ہم رشتگی (correlation) کو دو قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔ متغیرات کی تبدیلی کی سمت کی بنیاد پر، مثبت ہم رشتگی اور منفی ہم رشتگی

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:12 PM

مثبت ہم رشتگی (Positive correlation)

اگر دو متغیرات کی اقدار ایک ہی سمت میں چلتی ہیں تو اس کی ہم رشتگی مثبت بتائی جاتی ہے۔

مثال : اگر ایک گھر کی آمدنی اور اخراجا بہ یک وقت بڑھتے یا کم ہوتے ہیں تو یہ کہا جائے گا کہ یہ مثبت ہم رشتگی ہے۔

مثال : $Y = a + bx$

منفی ہم رشتگی (Negative correlation)

اگر دو متغیرات کی اقدار مخالف سمت میں چلتی ہیں تو اس کی ہم رشتگی منفی بتائی جاتی ہے۔

مثال : کسی شئے کی قیمت اور مانگ ایک دوسرے کی مخالف سمت میں چلتے ہیں۔

مثال : $Y = a - bx$

قسم II : متغیرات کے مطالعہ کے تعداد کی بنیاد پر

(Based upon the number of variables studied)

متغیرات کے مطالعہ کے تعداد کی بنیاد پر اس کی تین قسمیں ہیں۔

a) سادہ ہم رشتگی

b) کثیر ہم رشتگی

c) جزوی ہم رشتگی

سادہ ہم رشتگی (simple correlation)

اگر معالعہ کے لئے صرف دو متغیرات کو لیا جاتا ہے تو اسے سادہ ہم رشتگی کہتے ہیں۔

مخلوط ہم رشتگی (simple correlation)

اگر معالعہ کے لئے تین سے زیادہ متغیرات کو ایک ساتھ لیا جاتا ہے تو اسے سادہ ہم رشتگی کہتے ہیں۔

مثال : مانگی گئی مقدار کے تعینات

$$Qd = f(P , Pc , Ps , t , y)$$

جس میں Qd مانگی گئی مقدار اور f تفاعل (افعال) ہے۔

اشیاء کی قیمت P ہے۔

مسابقتی اشیاء کی قیمت Pc ہے۔

متبادلہ اشیاء کی قیمت Ps ہے۔

ذوق اور ترجیح t ہے۔ آمدنی y ہے۔

جزوی ہم رشتگی (Partial correlation)

اگر دو سے زیادہ متغیرات ہوں، مگر صرف دو متغیرات کو جانچ کے لئے لیتے ہیں اور دوسروں کو مستقل رکھ دیتے ہیں تو اس طرح کی ہم رشتگی جزوی ہم رشتگی کہلائے گی۔

قسم III :

متغیرات کے درمیان تبدیلی کی نسبت کے مستقلیت کی بنیاد پر

(Based upon the constancy of the ratio of change between the variables)

متغیرات کے درمیان تبدیلی کی نسبت کے مستقلیت کی بنیاد پر ہم رشتگی کو دو قسموں میں یعنی خطی ہم رشتگی اور غیر خطی ہم رشتگی میں تقسیم کیا گیا ہے۔

خطی ہم رشتگی (linear correlation)

جب ایک متغیر میں تبدیلی کی مقدار، دوسرے کی تبدیلی کی مقدار سے ایک مستقل نسبت میں ہوتی ہے تو اسے خطی ہم رشتگی کہیں گے۔

مثال : $Y = a + bx$

غیر خطی ہم رشتگی (Non-linear correlation)

جب ایک متغیر میں تبدیلی کی مقدار، دوسرے کی تبدیلی کی مقدار سے ایک مستقل نسبت میں نہیں ہوتی ہے تو اسے خطی ہم رشتگی کہیں گے۔

مثال : $Y = a + bx^2$

ہم رشتگی کے مطالعہ کے طریقے

(Methods of studying correlation)

ایک متغیر ہم رشتگی رکھتا ہے یا نہیں، اس کو دیکھنے کے کئی طریقے ہیں۔

1۔ انتشار کے خاکہ کا طریقہ

2۔ ترسیمی طریقہ

3۔ کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر کا طریقہ

4۔ اقل مقدار کا طریقہ (least square method)

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:13 PM

ان میں سے پہلے دو خاکہ اور ترسیم کے علم کی بنیاد پر ہیں جب کہ دیگر حسابی طریقے ہیں۔

1۔ انتشاری خاکہ کا طریقہ (Scatter diagram method)

انتشاری خاکہ، مشاہدہ کردہ مرتسم نقاط کی ایک ترسیم ہے، جس میں ہر نقطہ X اور Y کے محددوں کی قیمتوں کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ دو متغیرات کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

انتشاری خاکہ کے طریقہ کے فائدے

(Advantages of scatter diagram method)

(1) یہ بہت سادہ اور غیر حسابی طریقہ

(2) شئے کی جسامت پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔

(3) دو متغیرات کے درمیان تعلق ظاہر کرنے کا یہ پہلا مرحلہ ہے۔

انتشاری خاکہ کے طریقہ کی خامیاں (Disadvantages of scatter diagram method)

یہ متغیرات کے درمیان ہم رشتگی کا صحیح درجہ قائم نہیں رکھ سکتا۔ مگر یہ ہم رشتگی کی سمت فراہم کر سکتا ہے اور پیش گوئی کر سکتا ہے کہ یہ زیادہ ہے یا کم۔

انتشاری خاکہ



2۔ ترسیمی طریقہ (Graphical method)

اس طریقہ میں دو متغیرات کی انفرادی قیمت کو ترسیمی کاغذ پر مرتسم کیا جاتا ہے اور دونوں متغیرات فرض کیجئے X اور Y پر مخنیاں بنائی جائیں۔ اگر X اور Y دونوں ایک ہی سمت میں اوپر یا نیچے کی طرف حرکت کرتی ہیں، تو اس ہم رشتگی کو مثبت کہیں گے۔ اگر X اور Y کی مخنیاں مخالف سمتوں میں حرکت کرتی ہیں تو یہ کہا جائے گا کہ ہم رشتگی منفی ہے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:13 PM



3۔ کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر کا طریقہ

(Karl Pearson's Coefficient of Correlation)

کارل پیرسن کے طریقہ کو کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر کا طریقہ کہا جاتا ہے۔ اسے علامت r سے تعبیر کیا گیا ہے۔ ہم رشتگی کی شرح قدر r، دو متغیرات X اور Y کے درمیان خطی تعلق کے درجہ کو ظاہر کرتی ہے۔ کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر معلوم کرنے کا ضابطہ یہ ہے۔

$$r = \frac{N\Sigma XY - (\Sigma X)(\Sigma Y)}{\sqrt{N\Sigma X^2 - (\Sigma X)^2}\sqrt{N\Sigma Y^2 - (\Sigma Y)^2}} \quad (1$$

r کو براہ راست طریقہ (Direct method) سے حقیقی اوسط یا مفروضہ سے انحراف معلوم کئے بغیر محسوب کیا جاتا ہے۔

(2 r کو حقیقی اوسط سے انحراف معلوم کر کے محسوب کیا جاتا ہے۔

$$r = \frac{\Sigma xy}{\sqrt{\Sigma x^2\,\Sigma y^2}}$$ جس میں $x = (x-\bar{x}),\ y = (y-\bar{y})$

(3 مفروضہ اوسط کے ذریعہ r محسوب کیا جاتا ہے۔

$$r = \frac{N\Sigma dxdy - (\Sigma dx)(\Sigma dy)}{\sqrt{N\Sigma dx^2 - (\Sigma dx)^2}\sqrt{N\Sigma dy^2 - (\Sigma dy)^2}}$$

جس میں فرضی اوسط A(X–A) کے x سلسلہ کا انحراف dx ہے

جس میں فرضی اوسط θ (Y–B) کے y سلسلہ کا انحراف dy ہے۔

$\Sigma dxdy$ = انحرافات x اور y سلسلہ کے فرضی اوسط کے حاصل ضرب کا حاصل جمع

Σdx^2 = انحرافات x سلسلہ کے فرضی اوسط کے مربعوں کا حاصل جمع

Σdy^2 = انحرافات y سلسلہ کے فرضی اوسط کے مربعوں کا حاصل جمع

Σdx = x کے فرضی اوسط سے x سلسلہ کے انحراف کا حاصل جمع

Σdy = y کے فرضی اوسط سے y سلسلہ کے انحراف کا حاصل جمع

ہم رشتگی کی شرح قدر کے طریقہ کو محسوب کرنے کا طریقہ:

(براہ راست اور حقیقی اوسط سے انحراف کا طریقہ)

❖ مرحلہ 1 : دو سلسلے X اور Y کے حسابی اوسط محسوب کیجئے۔

❖ مرحلہ 2 : دو سلسلے X اور Y سے ان کے اوسطوں سے بالترتیب انحراف محسوب کیجئے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:13 PM

❖ مرحلہ - 3 : X اور Y کے ہرایک انحراف کومربع کریں
اوران مربعوں کا حاصل جمع معلوم کریں۔

❖ مرحلہ - 4 : X کے ہرانحراف کو Y کے ہرانحراف سے ضرب کریں تاکہ حاصل ضرب XY حاصل ہو۔ XY کے حاصل ضرب کا حاصل جمع معلوم کیجئے جو اس طرح ہوگا Σxy

❖ مرحلہ - 5 : قیمت کوضابطہ میں بھرتی کیجئے۔

$$1\ r = \frac{\Sigma xy}{\sqrt{\Sigma x^2\ \Sigma y^2}}$$

$$r = \frac{N\Sigma XY - (\Sigma X)\ (\Sigma Y)}{\sqrt{N\Sigma X^2 - (\Sigma X)^2}\sqrt{N\Sigma Y^2 - (\Sigma Y)^2}}$$

جس میں $x = (x-\bar{x}),\ y = (y-\bar{y})$

2۔ مفروضہ اوسط کے انحراف کا طریقہ

$$r = \frac{N\Sigma dxdy - (\Sigma dx)\ (\Sigma dy)}{\sqrt{N\Sigma dx^2 - (\Sigma dx)^2}\sqrt{N\Sigma dy^2 - (\Sigma dy)^2}}$$

کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر معلوم کرنے کا ضابطہ
غیر گروہی معطیات کے لئے

براہ راست طریقہ	بلاراست طریقہ
متغیرات کو یوں ہی استعمال کرنا	حقیقی اوسط کے انحراف کا طریقہ

2۔ بلاراست طریقہ (Indirect method)

اور

r مبداء سے آزاد ہے۔

r پیمائشی اکائی سے آزاد ہے۔ $-1 \le r \le +1$

براہِ راست طریقہ (Direct Method)

مثال 1 : درج ذیل معطیات کی مدد سے کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح مقدار محسوب کیجئے اوراس کی قیمت کی پیش گوئی کیجئے۔

X: قیمت	10	12	14	15	19
Y: فراہمی	40	41	48	60	50

حل : قیمت کے لئے X اورفراہمی کے لئے Y فرض کریں۔

کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر				
X : قیمت	Y : فراہمی	XY	X^2	Y^2
10	40	400	100	1600
12	41	492	144	1681
14	48	672	196	2304
15	60	900	225	3600
19	50	950	361	2500
$\Sigma x = 70$	$\Sigma y = 239$	$\Sigma xy = 3414$	$\Sigma x^2 = 1026$	$\Sigma y^2 = 11685$

$$r = \frac{N\Sigma XY - (\Sigma X)\ (\Sigma Y)}{\sqrt{N\Sigma X^2 - (\Sigma X)^2}\sqrt{N\Sigma Y^2 - (\Sigma Y)^2}} \qquad r = \frac{(5 \times 3414) - (70 \times 239)}{\sqrt{(5 \times 1026) - (70)^2}\sqrt{5x11685 - (239)^2}}$$

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:14 PM

$$r = \frac{17,070 - 16,730}{\sqrt{230 \times 1304}} \qquad r = \frac{340}{547.65} = +0.621$$

شئے کی قیمت اور شئے کی فراہمی مثبت ہم رشتگی کو ظاہر کرتی ہے۔ جب شئے کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے تو شئے کی فراہمی میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

حقیقی اوسط کا طریقہ (Actual mean method)

مثال 1 : درج ذیل معطیات کی مدد سے حقیقی اوسط کے طریقہ سے ہم رشتگی کی شرح مقدار محسوب کیجئے۔

کاروں کی عمر سالوں میں	3	6	8	9	10	6
سالانہ خرچ کی لاگت (000 ₹ میں)	1	7	4	6	8	4

حل :

$$r = \frac{\Sigma xy}{\sqrt{\Sigma x^2 \ \Sigma y^2}} \quad \text{where } x = x-\bar{x},\ y = y-\bar{y}$$

S.No	x	$x-\bar{x}$ $x - 7 = x$	$(x-\bar{x})^2 = x^2$	Y	$y-\bar{y}$ $Y - 5 = y$	$(y-\bar{y})^2 = y^2$	xy
1	3	-4	16	1	-4	16	16
2	6	-1	1	7	2	4	-2
3	8	+1	1	4	-1	1	-1
4	9	2	4	6	1	1	2
5	10	3	9	8	3	9	9
6	6	-1	1	4	-1	1	+1
	$\bar{x} \frac{42}{6} = 7$	0	32	$\bar{y} \frac{42}{6} = 7$	0	32	25

$$\Sigma x^2 = 32 \qquad \Sigma y^2 = 32 \qquad \Sigma xy = 25$$

ضابطہ استعمال کرنے پر

$$r = \frac{\Sigma xy}{\sqrt{\Sigma x^2 \ \Sigma y^2}} = \frac{25}{\sqrt{32 \times 32}} = \frac{25}{32} = 0.781$$

$r = 0.781$ ہے۔ جیسے جیسے کاروں کی عمر بڑھتی ہے، ان کی مرمت کی قیمتیں بھی بڑھنے لگتی ہیں۔ کاروں کی عمر اور ان کے مرمت کی قیمت مثبت ہم رشتگی رکھتے ہیں۔

مفروضہ اوسط کے انحراف کا طریقہ (Assumed Mean Deviation Method)

مثال 1 : درج ذیل معطیات کی مدد سے X اور Y کے درمیان کارل پیرسن کے ہم رشتگی کی شرح مقدار محسوب کیجئے۔

X:	10	12	13	16	17	20	25
Y:	19	22	26	27	29	33	37

حل :

مفروضہ اوسط کے انحراف کے طریقہ کا ضابطہ

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:14 PM

$$r = \frac{N\sum dxdy - (\sum dx)(\sum dy)}{\sqrt{N\sum dx^2 - (\sum dx)^2}\sqrt{N\sum dy^2 - (\sum dy)^2}}$$

S.No	X	Y	(X-A)=dx	(Y-A)=dy	dx2	dy2	Dxdy
1	10	19	-6	-8	36	64	48
2	12	22	-4	-5	16	25	20
3	13	26	-3	-1	9	1	3
4	16	27	0	0	0	0	0
5	17	29	1	2	1	4	2
6	20	33	4	6	16	36	24
7	25	37	9	10	81	100	90
N=7	ΣX=113	ΣY=193	Σ(X-A)=1	Σ(Y-A)=4	Σdx^2=159	Σdy^2=230	Σdxdy=187

2.13 رجعت (Regression)

رجعت کا ارتقاء


Francis Galton

فرانسس گیلٹن

Regression کی اصطلاح سب سے پہلے 1877 میں فرانسس گالٹن نے تیار کی تھی اور اس کا استعمال فرانسس گیلٹن نے باپ اور بیٹے کی اونچائی کے درمیان تعلقات کا مطالعہ کرتے ہوئے کیا تھا۔ایک مقررہ قد کے والدین میں پیدا ہونے والے بچوں کی اوسط اونچائی مجموعی طور پر آبادی میں اوسط اونچائی کی طرف بڑھنے یا "رجعت پسند" (regress) ہوتی تھی۔ گیلٹن کے عالمی رجعت پسندی کے قانون (Galton's law of universal regression) کی تصدیق اس کے دوست کارل پیئرسن نے کی جس نے ایک ہزار سے زیادہ ریکارڈ اکٹھے کئے تھے۔ خاندانی گروہوں کے ممبروں کی اونچائی کی۔"Regression" کے لفظی معنی "اوسط کی طرف پیچھے ہٹنا" ہے۔

متغیرات کے درمیان فرق کا مطالعہ رجعت کہلاتا ہے۔

اگر Y انحصاری متغیر اور X آزاد متغیر ہے تو متغیر کے مابین خطی تعلق کو Y پر X کی رجعی مساوات کہا جاتا ہے۔

$$\bar{x} = \frac{\Sigma X}{N} = \frac{113}{7} = 16\frac{1}{7}$$

$$\bar{y} = \frac{\Sigma Y}{N} = \frac{193}{7} = 27\frac{4}{7}$$

مفروضہ قیمتیں لیجئے $A = 16$ & $B = 27$

چنانچہ $dx = X - A \Rightarrow X - 16$ and

$dy = Y - A \Rightarrow Y - 27$

$$\therefore r = \frac{N\sum dxdy - (\sum dx)(\sum dy)}{\sqrt{N\sum dx^2 - (\sum dx)^2}\sqrt{N\sum dy^2 - (\sum dy)^2}}$$

$$= \frac{7\times187 - 1\times4}{\sqrt{7\times159 - (1)^2}\sqrt{7\times230 - (4)^2}}$$

$$= \frac{1309 - 4}{\sqrt{1112}\sqrt{1610 - 16}}$$

$$= \frac{1305}{\sqrt{1112}\sqrt{1594}} = \frac{1305}{(33.34)(39.92)}$$

$$= \frac{1305}{1330.9} = 0.9865$$

$$r = 0.986$$

X اور Y کے درمیان اعلیٰ مثبت ہم رشتگی پائی جاتی ہے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:14 PM

رجعی مساوات کو X کی معلوم شدہ قیمت سے Y کی بالترتیب قیمت معلوم کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ وہ خط جو رجعت پسندی یا واپس کرنے کا رجحان رکھتی ہے، گیلٹن نے اسے Regression line ، خطِ رجعی کہا ہے۔

ہم رشتگی اور رجعت کے درمیان فرق (Difference between Correlation and Regression)

شمار عدد	ہم رشتگی (Correlation)	رجعت (Regression)
1	دو یا دو سے زیادہ متغیرات کے درمیان تعلق کو ہم رشتگی کہا جاتا ہے۔	رجعت کا مطلب واپسی ہے۔اور یہ دو متغیرات کے اوسط کی حسابی پیمائش ہے۔
2	X اور Y دونوں الل ٹپ (بے ترتیب)(random) متغیرات ہیں۔	X اور Y دونوں الل ٹپ (بے ترتیب)(random) متغیرات ہو سکتے ہیں۔
3	یہ دو متغیرات کے درمیان تعلقات کے درجہ کو معلوم کرتے ہیں، نہ کہ اس کے سبب اور اثر کا تعلق۔	یہ دو متغیرات کے درمیان سبب اور اثر کے درجہ کو معلوم کرتے ہیں، اور فعلی تعلق رکھتے ہیں۔
4	یہ دو متغیرات کے درمیان جانچ اور تعلق کی تصدیق کرتے ہیں اور کم اطلاعات فراہم کرتے ہیں۔	تصدیق کے ساتھ ساتھ ایک قیمت کے ساتھ دوسرے قیمت کے تعلق کی پیش گوئی بھی کی جا سکتی ہے۔
5	ہم رشتگی کی شرح قدر ایک نسبتی پیمائش ہے۔ تعلق کی حد 1- اور 1+ کے درمیان ہوتی ہے۔	رجعت کے شرح کی قدر بھی ایک نسبتی پیمائش ہے۔اگر ہم آزاد متغیر کی قیمت معلوم کر لیتے ہیں تو ہم انحصار کے متغیر کی قیمت بھی معلوم کر سکتے ہیں۔
6	دو متغیروں کے درمیان ظاہری ہم رشتگی پائی جا سکتی ہے۔	رجعت میں دو متغیروں کے درمیان ظاہری ہم رشتگی نہیں پائی جاتی۔
7	اس کے استعمالات بہت ہی محدود ہیں، کیوں کہ یہ متغیرات کے درمیان صرف خطی تعلق رکھتا ہے۔	اس کے استعمالات بہت زیادہ ہیں۔ کیوں کہ یہ متغیرات کے درمیان خطی اور غیر خطی دونوں طرح کے تعلقات رکھتا ہے۔
8	یہ مزید حسابی اعمال کے لئے اتنا فائدہ مند نہیں ہے	یہ مزید حسابی اعمال کے لئے وسیع طور پر استعمال ہوتا ہے۔

رجعت کے دو خطوط (Two Regression Lines)

X پر Y => X = a + by

Y پر X => Y = a + bx

رجعتی خط وہ خط ہے، جو ایک متغیر کا بہترین اندازہ فراہم کرتی ہے کسی بھی دوسرے متغیر کی قیمت سے۔ یہ خط دو متغیروں کے درمیان اوسط تعلق کو حسابی شکل میں ظاہر کرتی ہے۔ خطِ رجعت وہ خط ہے جو ایک متغیر کے لئے دوسرے متغیر کے مخصوص قیمت کے ساتھ بہترین اندازہ پیش کرتی ہے۔

رجعتی مساوات X پر Y اور Y پر X کے لئے درج ذیل مثالیں دئے گئے ہیں۔

مثال 1 : درج ذیل معطیات کے لئے دو رجعی مساوات X پر Y اور Y پر X کے لئے ثبت کریں۔

$r = 0.85$ اور $X = 12, Y = 10, \sigma y = 0.2, \sigma x = 0.1$

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:15 PM

حل : Y پر X کے لئے خط رجعی کی مساوات یہ ہے۔

$$(X-\bar{X}) = r \times \frac{\sigma x}{\sigma y} \times (Y-\bar{Y})$$

دیا گیا ہے $\bar{X} = 12, \bar{Y} = 10$

$r = 0.85, \sigma x = 0.1$ and $\sigma y = 0.2$

ضابطہ میں قیمتوں کو درج کرنے پر

$$(X-12) = 0.85 \times (0.1/0.2) \times (Y-10)$$
$$(X-12) = 0.85 \times (0.5) \times (Y-10)$$
$$X = 0.425 \times (Y-10) + 12$$
$$X = 0.425Y - 4.25 + 12$$
$$X = 0.425Y + 7.75$$

X پر Y

جواب : **X = 0.425Y + 7.75**

X پر Y کے لئے خط رجعی کی مساوات یہ ہے۔

$$(Y-\bar{Y}) = r \times \frac{\sigma y}{\sigma x} \times (X-\bar{X})$$

دیا گیا ہے $\bar{X} = 12, \bar{Y} = 10$

$r = 0.85, \sigma x = 0.1$ and $\sigma y = 0.2$

ضابطہ میں قیمتوں کو درج کرنے پر

$$(Y-10) = 0.85 \times (0.2/0.1) \times (X-12)$$
$$(Y-10) = 0.85 \times (2) \times (X-12)$$
$$Y = 1.7 \times (X-12) + 10$$
$$Y = 1.7X - 20.4 + 10$$
$$Y = 1.7X - 10.4$$

Y پر X

جواب : **Y = 1.7X–10.4**

12.14 معاش پیمائی (اکونومیٹرکس) کا تعارف (Introduction to Econometrics)

اکونومیٹرکس کی ابتداء

ماہرین اقتصادیات نے قدیم زمانے ہی سے اعداد و شمار کے ساتھ حقائق اور خیالات کو جمع کرنے کی کوشش کی۔ اروِنگ فشر پہلا شخص تھا، جس نے معطیات کی مدد سے نقدی کے مقداری نظریہ کو حسابی مساوات میں پیش کیا۔ ناروے کے ایک ماہر معاشیات اور ماہر شماریات ریگنر فرائش نے 1926 میں تین مضامین ریاضی، شماریاتی طریقے اور معاشیات (اقتصادیات) کو ملا کر اکونومٹرکس کی اصطلاح بنائی۔



ریگنر انٹون کٹل فرائش
یادگار نوبل انعام 1969

ایکونومیٹرکس کی اصطلاح دو یونانی الفاظ 'oukovouia' جس کا مطلب معیشت اور 'uetpov' جس کا مطلب پیمائش ہے، ان دونوں الفاظ کو ملا کر بنائی گئی ہے۔ معاشیات کے مضمون کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے اکونومٹرکس ایک آزاد مضمون کی طرح وجود میں آیا۔

معاشیات، شماریات اور ریاضی کے انظمام سے لفظ اکنومٹرکس وجود میں آیا۔

اکونومٹرکس، تین مضامین سے بنا ہے، جس کو آسانی سے ساتھ اس وِن نقشے اور تصویری اظہار سے سمجھ سکتے ہیں۔

Economics + Mathematics= Mathematical Economics

Mathematical Economics+ Statistical Data & Its Technique = Econometrics

{Economics + Statistics + Mathematics}+Empirical Data = Econometrics

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:15 PM

وضاحت :

آرتھر لیس۔گولڈ برگر کے الفاظ میں اکنومٹرکس کی وضاحت : یہ ایک سماجی سائنس ہے،جس میں معاشیاتی نظریہ،حساب اور شماریات کے آلوں کی مداخلت پائی گئی ہے اور اسے معاشیات کے اصول کے تجزیہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

گرہارڈٹن برگن نے اس طرح نشان دہی کی ہے : یہ معاشیات کے کردار کے بعض دور اندیشوں کا نتیجہ ہے،جس میں حسابی شماریات کو معاشی معطیات کے ساتھ عددی نتائج حاصل کرنے، حسابی معاشیات کے نمونے بنانے کے لئے ایک سہارا کی طرح استعمال کیا گیا ہے۔

H. تھیل کے مطابق معاشیاتی قوانین کو تعین کرنے کے لئے اکونومٹرکس کی تشکیل کی گئی ہے۔

ریگنر فرائش کے مطابق مقداری اکنومٹرک نظریہ اور شماریاتی مشاہدات کا آپسی دخول ہی اکنومٹرک کی روح رواں ہے۔

معاش پیمائی (اکنومٹرکس) کا مطلب معاشیاتی پیمائش ہے۔ اکنومٹرکس، معاشی تعلقات کی پیمائش سے متعلق بحث کرتا ہے۔



معاش پیمائی کے مقاصد (Objectives of Econometrics)

اکنومٹرکس کا اہم مقصد معاشیات کے نظریہ کو تجرباتی یا مشاہداتی مواد فراہم کرنا ہے۔

1۔ یہ معاشیاتی اثر کو ظاہر کرنے کے لئے یا پیش گوئی کی وضاحت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

2۔ یہ متغیرات یا متغیرات کے درمیان پرانے اور قائم شدہ تعلقات کو ثابت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

3۔ یہ نئے نظریات اور نئے تعلقات کے قیام میں مفید اور کارآمد ہے۔

4۔ یہ مفروضات کی جانچ اور کسی مقدار کا اندازہ لگانے میں مفید ہے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:16 PM



اوپر کے ان تین مضامین کا ادغام معاش پیمائی اکنومٹرکس (Econometrics) کہلاتا ہے۔

اکنومیٹرکس کا طریقہ کار
(Methodology of Econometrics)

وسیع پیمانے پر اگر کہا جائے تو روایتی یا کلاسیکی طریقہ کار میں درج ذیل مرحلے پائے جاتے ہیں۔

1) نظریہ یا مفروضہ کو بیان کرنا۔
2) نظریہ کے حسابی نمونہ کو مخصوص کرنا
3) نظریہ کے معاشی نمونہ کو مخصوص کرنا
4) معطیات کو حاصل کرنا
5) اکنومٹرک نمونہ کی مقداروں کا اندازہ لگانا
6) مفروضوں کی جانچ کرنا
7) پیش گوئی
8) نمونہ کو کنٹرول یا پالیسی کے مقصد کے لئے استعمال کرنا

اکنومٹرکس کا طریقہ کار
(Methodology of Econometrics)

اکنومٹرک نمونہ سازی کی تشریح

معاشیاتی نظریہ

نظریہ کا حسابی نمونہ

نظریہ کا معاشیاتی نمونہ

معطیات

معاشیاتی نمونہ کا اندازہ لگانا

مفروضہ کی جانچ کرنا

Forecasting or prediction

نمونہ کو کنٹرول یا پالیسی کے مقصد کے لئے استعمال کرنا

اکنومٹرک نمونہ کے ساتھ حسابی نمونہ اور شماریاتی نمونوں کے درمیان فرق

1۔ حسابیاتی معاشیات کے نمونے معاشیاتی نظریوں کی بنیاد پر ہوتے ہیں، جب کہ اکنومٹرک نمونے معاشیاتی نظریوں کی بنیاد پر ہوتے ہیں، تاکہ معاشیاتی نظریوں اور حقیقی معطیات کے اصلیت کو پرکھا جاسکے۔

2۔ شماریات میں رجعت کا تجزیہ غلطیوں کی طرف زیادہ توجہ نہیں دیتا، جب کہ اکنومٹرک نمونہ میں غلطیوں پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔

شماریاتی رجعت پسندی (Statistics Regressioin)

$$Yi = \beta_0 + \beta_1 X_i$$

اکنومٹرک رجعت پسندی

$$Yi = \beta_0 + \beta_1 X_i + U_i$$

(دو سے زیادہ متغیرات کے ساتھ) یا

$$Y = \beta_0 + \beta_1 X_1 + \beta_2 X_2 + \beta_3 X_3 + U_i$$

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:17 PM

ایک رجعت میں نظامی حصہ : $\beta_0 + \beta_1 X_i$ یا واضح حصہ اور بے ترتیب حصہ U_i ، غیر واضح حصہ۔

خطی رجعت کے نمونے کے مفروضے

(Assumptions of the Linear Regression Model)

خطی رجعت کا نمونہ بعض مفروضوں کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔

1۔ بعض اسے بے ترتیب متغیر کی تقسیم یا پھیلاؤ کہتے ہیں۔

2۔ بعض اسے U_i اور واضح کردہ متغیرات کے ساتھ تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔ (اوپر کی مثال میں x_1, x_2, x_3 کے طور پر دیا گیا ہے)۔

3۔ بعض اسے U_i اور واضح کردہ متغیرات کے ساتھ اپنے آپ تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔

قیمتوں کی تقسیم یا پھیلاؤ کو سادہ اقل مربعوں کا تخمینی مفروضہ (Stochastic assumptions) کہتے ہیں۔ Ui اور واضح متغیرات کے درمیان کا تعلق اور واضح متغیرات کے درمیان خود کا تعلق کو دیگر مفروضے کہتے ہیں۔

مفروضے : (Assumptions)

1۔ U ایک بے ترتیب حقیقی متغیر ہے۔ یعنی U، مثبت، یا منفی یا صفر کی قیمت لے سکتا ہے۔ لہٰذا U کا اوسط صفر ہوگا۔

2۔ U کا اختلاف (Variance) ، U کی تمام قیمتوں کے لئے مستقل ہے۔

3۔ U کی تقسیم یا پھیلاؤ عام ہے۔

4۔ کسی بھی Ui کے ساتھ کسی اور Uj کا باہمی اختلاف صفر کے مساوی ہوگا۔

5۔ وضاحت والے متغیر (s) سے U آزاد ہے۔

6۔ وضاحت والے متغیروں کو غلطی کے بغیر پیمائش کی جاتی ہے۔

7۔ وضاحت والے متغیر، مکمل اور خطی طور پر ہم رشتگی نہیں ہوتے ہیں۔

8۔ متغیرات کو درست طور پر جمع کیا گیا ہے۔

9۔ تعلق کو ٹھیک طور پر شناخت کی گئی اور واضح کی گئی ہے۔

10۔ مقداریں خطی ہیں۔

12.15 سرکاری شماریات (Official Statistics)

سرکاری شماریات وہ اطلاعات یا معطیات ہیں ، جسے حکومتی ادارے یا دیگر عوامی ادارے یا بین الاقوامی تنظیمیں شائع کرتے ہیں۔ وہ عوام کی زندگی کے تمام پہلوؤں سے مطابق مقداری اور معیاری اطلاعات فراہم کرتے ہیں۔ سرکاری شماریات معاشیاتی اور سماجی ترقی کو عوام تک پہنچاتے ہیں، تاکہ حکومتی پالیسیوں کی جانچ کی جاسکے تاکہ حکومت کی جواب دہی مزید موثر ہو۔

Ministry Of Statistics and Programme Implementation (MOSPI) کی وزارت ایک آزاد وزارت کی صورت میں 1999 میں قائم ہوئی۔ Department of Statistics اور Department of Programme Implementation کے دو شعبوں کو ملا کر ایک وزارت قائم کی گئی۔

وزارت کی دو شاخیں ہیں، شماریات اور پروگرام کا نفاذ کرنا۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:18 PM



شماریات کی شاخ قومی شماریاتی دفتر (NSO) کہلاتی ہے، جس میں مرکزی شماریاتی دفتر (CSO) ، کمپیوٹر سنٹر اور National Sample survey Office (NSSO) شامل ہیں۔

مرکزی شماریاتی دفتر

(Central Statistical Office) (CSO)

National Statistical Organisation (NSO) کی دو شاخوں میں سے ایک شاخ Central Statistical Office ہے۔ یہ شاخ ملک کے تمام شماریاتی کارروائیوں اور شماریاتی معیار حاصل کرنے کے لئے تعاون کرتا ہے۔اس کی کارروائیوں میں قومی اکاؤنٹ، صنعتوں اور معاشیاتی سنسس کا سالانہ جائزہ لینا، صنعتی پیداوار کے انڈیکس تیار کرنا، اسی کے ساتھ صارفین کے قیمتوں کے انڈیکس اعداد تیار کرنا۔ یہ مختلف سماجی شماریات، ٹریننگ، بیرون الاقوامی تعاون، صنعتی درجہ بندی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے۔

CSO کا سربراہ ایک ڈائرکٹر جنرل ہوتا ہے، جس کے ماتحت پانچ اڈیشنل ڈائرکٹر جنرل ہوتے ہیں، جو نیشنل اکاؤنٹس ڈویژن، سوشیل اسٹیٹسٹکس ڈویژن، اکنامک اسٹیٹسٹکس ڈویژن، ٹریننگ ڈویژن اور تعاون اور ان کو شائع کرنے کی نگرانی کرتے ہیں۔

CSO کا دفتر سردار پٹیل بھون، پارلیمنٹ اسٹریٹ، نئی دہلی میں واقع ہے۔ CSO کی انڈسٹریل اسٹیٹسٹکس کی شاخ کولکتہ میں موجود ہے۔ کمپیوٹر سنٹر بھی CSO ہی کی نگرانی میں ہے، جو آر کے پورم، نئی دہلی میں ہے۔

نیشنل سیمپل سروے آرگنائزیشن (NSSO)

(National Sample Survey Organisation)

نیشنل سیمپل سروے آرگنائزیشن، جسے نیشنل سیمپل سروے آفس بھی کہتے ہیں، یہ وزارت شماریات، حکومت ہند کی ایک تنظیم ہے۔ یہ ہندوستان کی سب سے بڑی تنظیم ہے، جو مسلسل سماجی-معاشی سروے کرتا ہے۔ اس کا قیام 1950 میں ہوا تھا۔ NSSO کے چار حصے ہیں۔

1. Survey Design and Research Division (SDRD)
2. Field Operations Division (FOD)
3. Data processing Division (DPD)
4. Co-ordination and Publication Division (CPD)

پروگرام کے نفاذ کی شاخ کے تین حصے ہیں۔

وہ اس طرح سے ہیں۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:18 PM

(i) 20 نکاتی پروگرام

(ii) ساختی نگرانی اور پراجکٹ کی نگرانی

(iii) ممبر آف پارلیمنٹ کے مقامی علاقے کی ترقیاتی اسکیم

ان تین حصوں کے علاوہ ایک اور National Statistical Commission ہے، جس کو حکومت ہند کی ایک قرارداد کے ساتھ MOPSI کے ذریعہ منظور کیا گیا ہے۔ یہ ایک خود مختار ادارہ ہے۔ جسے Indian Statistical Institute کہا جاتا ہے، یہ بھی قومی اہمیت کا حامل ایک ادارہ ہے، جسے پارلیمنٹ کی ایک قرارداد کے ذریعہ بنایا گیا ہے۔

خلاصہ (Summary)

اس سبق کا پہلا حصہ شماریات کے معنی، نوعیت، قسمیں اور اہمیت کے متعلق ہے۔ معطیات، معطیات کے ذرائع اور اس کی قسموں سے متعلق مختصر وضاحت دوسرے حصے میں کی گئی ہے۔ سبق کا تیسرا حصہ ہم رشتگی r سے متعلق بحث کرتا ہے جو دو مقداری متغیرات x اور y کے خطی تعلق اور سمت کی پیمائش کرتا ہے۔ چوتھا حصہ رجعت سے متعلق ہے۔ سبق کا آخری حصہ اکنومٹرکس کا تعارف کراتا ہے۔ اس کے بعد ہندوستانی شماریاتی نظام کی تنظیمی ساخت کے بارے میں ایک مختصر تعارف پیش کرتا ہے۔

O6TZD

نمونہ کے سوالات

Part – A

کثیر انتخابی سوالات

1۔ لفظ statistics ..... کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

a) واحد

b) جمع

c) واحد اور جمع دونوں

d) اوپر سے کوئی نہیں۔

2۔ ''شماریات تخمینے اور امکانات کی سائنس ہے۔'' یہ جملہ کس نے کہا

a) Horace Secrist

b) R.A فشر

c) یا-لن-چو

d) بوڈنگ ٹن

3۔ ثانوی معطیات کے ذرائع یہ ہیں۔

a) مطبوعہ ذرائع

b) غیر مطبوعہ ذرائع

c) نہ مطبوعہ اور نہ ہی غیر مطبوعہ ذرائع

d) (a) اور (b) دونوں

4۔ سوالناموں کے ذریعہ جمع کردہ معطیات یہ ہیں۔

a) بنیادی معطیات

b) ثانوی معطیات

c) شائع شدہ ڈیٹا (مطبوعہ معطیات)

d) گروپ ڈیٹا

5۔ خطی تعلق جو دو متغیرات کے درمیان پایا جاتا ہے، اس کی پیمائش یہ کہلاتی ہے۔

a) ڈھلوان (میلان)

b) مقطوعہ

c) ہم رشتگی کی شرح قدر

d) رجعت کی مساوات

6۔ اگر X اور Y دونوں متغیرات بیک وقت بڑھتے یا کم ہوجاتے ہیں تو پھر ہم رشتگی کی شرح قدر اس طرح ہوگی۔

a) مثبت

b) منفی

c) صفر

d) ایک

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:19 PM

7۔ اگر انتشار کے خاکہ کے نقاط سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایک متغیر میں اضافہ ہوتا ہے تو دوسرے متغیر کی قیمت کم ہو جاتی ہے تو r کی قیمت اس طرح ہوگی۔

a) کامل مثبت

b) کامل منفی

c) منفی

d) صفر

8۔ ہم رشتگی کی شرح قدر r کی قیمت اس کے درمیان پائی جاتی ہے۔

a) 0 اور 1

b) −1 اور 0

c) −1 اور +1

d) −0.5 اور +0.5

9۔ رجعت کی اصطلاح انہوں نے استعمال کیا۔

a) نیوٹن

b) پیئرسن

c) اسپیئرمین

d) گیلٹن

10۔ سادہ خطی رجعت کے تجزیہ کا مقصد یہ ہے

a) ایک متغیر سے دوسرے متغیر کی پیشن گوئی کرنا

b) ایک خط مستقیم کے ذریعہ انتشاری خاکہ میں نقاط کو بدلنا

c) اس درجہ کی پیمائش کرنا جس میں دو متغیرات خطی طور پر جڑے ہوئے ہوں۔

d) دئے گئے آزاد متغیر کی قیمت کے لئے آزاد بے ترتیب متغیر کی متوقع قیمت حاصل کرنا

11۔ وہ طریقہ جس میں ہم ایک یا ایک سے زیادہ آزاد متغیرات کی بنیاد پر انحصار کردہ متغیر کی قیمت کا اندازہ لگاتے ہیں۔

a) ہم رشتگی

b) رجعت

c) باقی

d) میلان

12۔ اگر $Y = 2 - 0.2\ X$ ہو تو Y مقطوعہ کی قیمت اس کے برابر ہوگی۔

a) −0.2

b) 2

c) 0.2X

d) اوپر کے تمام

13۔ رجعتی مساوات $Y = \beta_0 + \beta_i X$ ہو تو Y یہ کہلاتا ہے

a) آزاد متغیر

b) منحصر متغیر

c) مسلسل متغیر

d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

14۔ رجعتی مساوات $Y = \beta_0 + \beta_i X$ ہو تو X یہ کہلاتا ہے

a) آزاد متغیر

b) منحصر متغیر

c) مسلسل متغیر

d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

15۔ اکونومٹرکس ان اسباق کا انضمام ہے

a) معاشیات اور شماریات

b) معاشیات اور ریاضی

c) معاشیات، ریاضی اور شماریات

d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

16۔ لفظ اکونومٹرک کو مرتب کرنے والے

a) فرانسس گیلٹن

b) ریگنر فرئش

c) کارل پیرسن

d) سپیئرمین

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:19 PM

17۔ ایکونومیٹرکس کی خام اشیاء یہ ہیں۔

a) معطیات (ڈیٹا)

b) سازوسامان

c) شماریات

d) ریاضی

18۔ اصطلاح Uiin رجعتی مساوات یہ ہے۔

a) باقیات

b) معیاری غلطی

c) تخمینی غلطی کی رقم

d) کوئی نہیں

19۔ اصطلاح Ui کو ..... کی نمائندگی کے لئے داخل کیا گیا۔

a) منسوخ کردہ متغیر

b) معیاری غلطی

c) اثرانداز ہونا

d) نمایاں متغیر

20۔ اکونومٹرکس (معاش پیمائی)، ان کا مجموعہ ہے۔

a) 3 مضامین

b) 4 مضامین

c) 2 مضامین

c) 5 مضامین

Answers

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
c	d	d	a	c	a	c	c	d	a
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
b	b	b	a	c	b	a	c	a	a

Part - B

ذیل کے سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں دیجئے۔

21۔ شماریات کیا ہے ؟

22۔ شماریات کی قسمیں کیا ہیں؟

23۔ استخراجی شماریات (Inferential statistics) سے آپ کا کیا مطلب ہے؟

24۔ معطیات (Data) کی قسمیں کیا ہیں؟

25۔ ہم رشتگی (correlation) کی وضاحت کریں۔

26۔ رجعت (regression) کی وضاحت کریں۔

27۔ اکونومٹرکس (معاش پیمائی) کیا ہے؟

Part - C

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک پیرگراف میں دیں۔

28۔ شماریات کے افعال کیا ہیں؟

29۔ درج ذیل معطیات کے لئے معیاری انحراف معلوم کیجئے۔

11،12،17،20،15،9،22،14 (جواب:=4.18)

30۔ مختلف قسم کے ہم رشتگی کو بیان کریں اور ان کی وضاحت کریں۔

31۔ رجعت کے تجزیہ کے استعمالات بیان کریں۔

32۔ اکونومٹرکس کے مقاصد کی وضاحت کریں۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:19 PM

33۔ معاشی نمونہ اور اکونومٹرک (معاش پیمائی) نمونہ میں فرق کریں۔

34۔ ہندوستان میں موجود اہم شماریاتی تنظیموں (دفاتر) پر تبادلہ خیال کریں۔

Part-D

ذیل کے سوالات کے جوابات دیں.

35۔ شماریات کی نوعیت اور دائرہ کار سے متعلق تفصیلی بحث کریں۔

36۔ مندرجہ ذیل معطیات کے لئے کارل پیئرسن کے ہم رشتگی کی شرح قدر محسوب کیجئے۔

مصنوع X کی مانگ	23	27	28	29	30	31	33	35	36	39
مصنوع Y کی فروخت	18	22	23	24	25	26	28	29	30	32

جواب (r = 0.9955)

37۔ درج ذیل معطیات کے لئے رجعی مساوات Y پر X کے لئے اور X پر Y کے لئے معلوم کیجئے۔

Y:	45	48	50	55	65	70	75	72	80	85
X:	25	30	35	30	40	50	45	55	60	65

جواب **(Answer: Y = 0.787X + 7.26, and X =0.87Y + 26.65)**

38۔ معاشیات میں اکنومٹرکس (معاش پیمائی) کے استعمالات کی وضاحت کیجئے۔

سرگرمی

1۔ اپنے اسباق کی کتابوں معاشیات، کامرس، تاریخ، اردو اور انگریزی کتابوں میں صفحات کی تعداد شمار کرکے ان سے متعلق معطیات (Data) تیار کیجئے۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:19 PM

References

1. *Agarwal.D.R (2003)Statistics for Economists Vrinda Publications (P) Ltd New Delhi,*
2. *Christopher Dougherty (2007), Introduction to Econometrics, Oxford University Press, 3rd edition, Indian Edition.*
3. *Greene W.H., (2003) Econometric analysis , 5ed., Prentice Hall,*
4. *Gujarati.N and Sangeetha (2012) Basic Econometrics, McGraw Hill, Indian Reprint*
5. *Gupta.S.P, Gupta.M.P (1998) Business Statisti Sultan Chand & Sons. 16th revised) enlarge edition.*
6. *Gupta.S.P(2012), Statistical method Sultan Chand, New Delhi.*
7. *Jan Kmenta (2008), Elements of Econometrics, Indian Reprint, Khosla Publishing House, 2nd edition.*
8. *Kapur.J.N&Saxena,H.C (2001) Mathematical statistics Sultan chand and Company Ltd., New Delhi.*
9. *Koutsoyiannis.A, Theory of Econometrics , Indian Reprint, Replika Press Pvt. LtdKundli*
10. *Maddala G.S. 1992 , Introduction to econometrics , 2ed., Macmillan*
11. *Mehta.B.C&KrantiKapoor(2005), Fundamental of Econometrics, Second Revised Edition, Himalaya Publishing House.*
12. *Phillips,C(2002)Statistics I Economics, management, Finance and the social science Published by University of London Press, University of London.*
13. *Vittal P.R (1986), Business mathematics and statistics Marghan Publications Madras.*

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:20 PM

اصطلاحات

TERMINOLOGY

Accelerator	تیزی لانا
Balance of trade	تجارت میں توازن
Balance of payments	ادائیگی میں توازن
Budget	بجٹ
Budgetary deficit	خسارہ والا بجٹ
Commercial Banks	تجارتی بنک
Central Bank	مرکزی بینک
Credit creation	قرضہ کے لئے رقم تیار کرنا
Cash Reserve Ratio	نقدی کے ذخیرہ کی نسبت
Capitalism	سرمایہ دارانہ نظام
Capital formation	سرمایہ کی تشکیل
Capital	سرمایہ یا راس المال
Consumption function	صَرف (استعمال) کے افعال
Comparative cost advantage	لاگت کے فائدہ کا موازنہ
Customs union	کسٹم یونین
Common market	مشترک منڈی (مشترک مارکٹ)
Capital accumulation	سرمایہ کو جمع کرنا
Casino capitalism	جوئے سے سرمایہ کاری
Crony capitalism	دوستوں اور یاروں سے سرمایہ کاری
Credit control	قرضہ پر قابو
Credit Rationing	قرضہ کی فراہمی (تقسیم)
Correlation co-efficient	رابطہ کا سرعدد
Development	ترقی
Disposable income	خرچ کی جانے والی آمدنی
Deflation	تقلیل زر
Disinflation	غیر افراطِ زر
Demonetization	اسقاطِ زر
Devaluation	بے قدری
Developing countries	پسماندہ ممالک
Developed countries	ترقی پذید ممالک
Demand deposit	مانگ کر جمع کرنا
Economics	معاشیات (اقتصادیات)
Exchange rate	شرح تبادلہ
Exchange control	تبادلہ پر قابو

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:20 PM

معاشی یونین	Economic union
ماحولی نظام	Eco system
معاش پیمائی اکونومٹرکس	Econometrics
چہرہ کی قیمت	Face value
بدیسی ممالک	Foreign country
مالی پالیسی	Fiscal policy
مالیاتی کمیشن	Finance commission
مالی خسارہ	Fiscal deficit
آزادتجارت کا علاقہ	Free Trade Area
تجارتی ادارہ	Firm
نشوونما	Growth
ٹیکس اور تجارت کے متعلق عام معاہدہ	General agreement on tariffs and trade
اشیاءاور خدمات کا ٹیکس	Goods and services Tax
صنعت	Industry
سرمایہ کاری	Investment
اصلی قدر و قیمت	Intrinsic value
افراطِ زر	Inflation
ترغیبی سرمایہ کاری	Induced investment
بین الاقوامی معاشیات	International economics
بین الاقوامی مالیاتی فنڈ	International monetary fund
نشان دہی کرنے والی منصوبہ بندی	Indicative planning
مسلط کی جانے والی منصوبہ بندی	Imperative planning
ٹیکس کا بوجھ	Incidence of Taxation
ہندوستانی صنعتی ترقیاتی بینک	IDBI
سرمایہ دارانہ معیشت	Laissez – Faire capitalist economy
سیالیت یا نقدی کی شکل میں رکھنا	Liquidity
کلی معاشیات	Macro economics
مخلوط معاشیات	Mixed economy
صَرف کا حاشیائی رجحان/صرف کا حاشیائی میلان	Marginal propensity to consume
بچت کا حاشیائی رجحان	Marginal propensity to save
ضارب	Multiplier
کثیر تجارتی معاہدہ	Multilateral Trade Agreement
مالیاتی پالیسی	Monetary policy
اخلاقی اثر اندازی/ دباؤ ڈالنا	Moral suasion
مرکزی رجحان کی پیمائش	Measure of central Tendency
انتشار کی پیمائش	Measure of dispersion
قومی آمدنی	National Income
منفی بیرونیات	Negative externalities

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:20 PM

قومی بینک برائے زرعی اور دیہاتی ترقی	NABARD
منسوخ شدہ متغیر	Omitted variable
ذاتی آمدنی	Personal income
فی کس آمدنی	Per capita income
تناسبی ٹیکس	Proportional Tax
بڑھتا ہوا ٹیکس	Progressive Tax
عوامی قرضہ	Public Debt
مثبت بیرونی عوامل	Positive externalities
موروثی سرمایہ دارانہ نظام	Patrimonial capitalism
منصوبہ بندی کا کمیشن	Planning commission
ابتدائی معطیات	Primary data
علاقائی دیہی بینک	RRB
رجعت کی شرح قدر	Regression Co-efficients
موضوعی عوامل	Subjective factors
جمود	Stagflation
سٹہ بازی	Speculation
خصوصی حاصل کرنے کے حقوق	Special Drawing Rights
پائیدار ترقی	Sustainable development
سماجی عدل وانصاف	Social justice
قانونی سیالی نسبت	Statutory liquidity Ratio
شماریات	Statistics
ثانوی معطیات	Secondary data
تجارت کا معاہدہ	Terms of Trade
تجارت کے گروہ	Trade Blocs
ٹیکس میں چوری	Tax evasion
ٹیکس سے بچنا	Tax avoidance
وقتی جمع	Time deposit
پسماندہ ممالک	Underdeveloped Countries
غیر ترقی یافتہ ممالک	Undeveloped Countries
غربت کا بدنما دائرہ	Vicious circle of poverty
عالمی بینک	World Bank
عالمی تجارت کا مرکز	World Trade Centre
عالمی تجارتی تنظیم	World Trade Organisation

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:20 PM

Economics – XII - Urdu Medium
List of Authors and Reviewer

معاشیات برائے بارھویں جماعت

Translators :

H. Parveen Fathima
P.G. Asst. (Rtd)., Islamiah Girls' Hr. Sec. School,
Melvisharam, Ranipet District

Aqthar Unnisa M.A.
P.G. Asst., Islamiah Girls' Hr. Sec. School,
Melvisharam, Ranipet District

Asma Banu
P.G. Asst., Islamiah Girls' Hr. Sec. School,
Melvisharam, Ranipet District

Reviewer

Mohamed Jaweed Akram
P.G. Asst., Islamiah Boys' Hr. Sec. School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Academic Head and Co-ordinator:

Dr. Mrs. S. Shameem,
Deputy Director, SCERT, Chennai.

Co-ordinators :

Dr. R. Anbazhagan
Principal, DIET, Ranipet District.

M. Suresh Kumar
Lecturer, DIET Ranipet

A. Sivakumar
Lecturer, DIET Ranipet

Mohamed Jaweed Akram
P.G. Asst. , Islamiah Boys' Hr. Sec. School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Urdu DTP and Layout
TAJ Printers, Vaniyambadi

This book has been printed on 80 GSM
Elegant Maplitho paper

Printed by offset at:

مترجمین :

ڈاکٹر پروین فاطمہ
پی.جی.اسسٹنٹ (وظیفہ یاب)، اسلامیہ گرلز ہائرسکنڈری اسکول،
میل وشارم، ضلع رانی پیٹ۔

یم.اے.اختر النساء
پی.جی.اسسٹنٹ، اسلامیہ گرلز ہائرسکنڈری اسکول،
میل وشارم، ضلع رانی پیٹ۔

اسماء بانو
پی.جی.اسسٹنٹ، اسلامیہ گرلز ہائرسکنڈری اسکول،
میل وشارم، ضلع رانی پیٹ۔

نظر ثانی

محمد جاوید اکرم
پی.جی.اسسٹنٹ، اسلامیہ بائز ہائرسکنڈری اسکول،
وانم باڑی، ضلع ترپاتور۔

ڈاکٹر۔ابرار الحق
بی.ٹی.اسسٹنٹ، اسلامیہ بائز ہائرسکنڈری اسکول،
وانم باڑی، ضلع ترپاتور۔

تعلیمی سربراہ اور معاون

ڈاکٹر مسز لیس۔شمیم
ڈپٹی ڈائرکٹر، یس.سی.ای.آر.ٹی، چنئی۔

معاونین

ڈاکٹر آر.انبو گن
پرنسپال، DIET، رانی پیٹ

یم.سریش کمار
اسسٹنٹ پروفیسر، DIET، رانی پیٹ

اے۔ سوا کمار
اسسٹنٹ پروفیسر، DIET، رانی پیٹ

محمد جاوید اکرم،
پی.جی.اسسٹنٹ، اسلامیہ بائز ہائرسکنڈری اسکول،
وانم باڑی، ضلع ترپاتور

ترتیب وتزئین

تاج پرنٹرس، وانم باڑی۔

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:21 PM

NOTES

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:21 PM

NOTES

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:21 PM

NOTES

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:21 PM

NOTES

12th eco CH 12 introduction urdu
Saturday, April 10, 2021 6:23:21 PM